

# قرۃ الابصار

اردو ترجمہ

## دقائق الاخبار


تصنیفِ لطیف

حجۃ الاسلام ابو الحامد امام محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

عبدِ مصطفےٰ غلام رضا محمد محبت علی قادری



مکتبہ قادریہ سکندریہ

حزب الاحناف گنج بخش روڈ لاہور

# قرۃ الابصار

اردو ترجمہ

# دقائق الاخبار

تصنیفِ لطیف

حجۃ الاسلام ابو حامد امام محمد بن محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

عبدِ مصطفیٰ غلام رضا محمد محبت علی قادری

فیضانِ نظر

حجۃ المحدثین سند المفسرین محدث اعظم نائب اعلیٰ حضرت محمد عبداللہ قادری رضوی برکاتی محدث قصوری رحمۃ القدیر

ناشر

مکتبہ قادریہ سکندریہ حزب الاحناف

گنج بخش روڈ لاہور

marfat.com

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ

وعلی الک واصحابک یا حبیب اللہ

﴿جملہ حقوق محفوظ ہیں﴾

نام.................. قُرَّۃُ الْاَبْصَار اردو ترجمہ دقائق الاخبار

مصنف:.................. امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم.................. محمد محبت علی قادری ابن محمد علی کھرل

المتوطن گہنہ گڑھی ضلع شیخوپورہ تحصیل ننکانہ نزد سید والا

صفحات.................. ۲۷۸

اشاعت.................. جمادی الاول ۱۴۲۴ھ جولائی ۲۰۰۳ء

ناشر..................: مکتبہ قادریہ سکندریہ دارالعلوم حزب الاحناف لاہور

تعداد..................

قیمت..................

کمپوزنگ: اختر علی (تگ وتاز) لاہور 0320-4843097

زیرسرپرستی: صاحبزادہ والاشان سید مصطفیٰ اشرف رضوی ناظم اعلیٰ دارالعلوم حزب الاحناف لاہور

## ملنے کا پتہ

(۱) مکتبہ قادریہ سکندریہ دارالعلوم حزب الاحناف لاہور نیز گنج بخش روڈ اور دربار مارکیٹ کے تمام کتب خانوں پر دستیاب ہے۔

(۲) مکتبہ اشرفیہ برکاتیہ مرکزی دارالعلوم جامعہ حنفیہ قصور

(۳) جامعہ حنفیہ غوثیہ شیرا کوٹ بند روڈ لاہور

marfat.com

# انتساب

قدوۃ السالیکن امام العارفین سند المحد ثین امیر اہلسنت شارح بخاری حضرت علامہ الحاج ابوالخیرات سید محمود احمد رضوی قادری اشرفی مشہدی فضل الرحمانی رحمۃ اللہ علیہ امیر مرکزی دارلعلوم حزب الاحناف لاہور کے نام جس کی دینی و مسلکی خدمات اہل دین و مسلک حقہ اہلسنت و جماعت کے لئے نا قابل فراموش ہیں بالخصوص آپ نے اپنے دور کی اہم تحریکوں میں ہر دستہ اول کا کردار کر کے سنیوں کی صحیح معنوں میں رہنمائی فرمائی۔ اللہ تعالیٰ اس پر انہیں اجر عظیم عطا فرمائے آمین۔

فقیر محمد محبت علی قادری عفی عنہ

اور قدوۃ العارفین سند الواصلین پیشوائے سالکین دلیل الکاملین فخر السادات سیدنا علی مرتضی و سیدہ فاطمۃ الزہرا کے سدا بھلتے پھولتے باغ کے مہکتے پھول نسل پاک امام حسن و حسین اولاد غوث الوری جگر گوشہ سید بہاول حق قلندر پاک نور نظر سید محمد مقیم سکون دل و جاں سید مدد یٰسین قرۃ العین سید عارف علی شاہ راحت قلب سید امداد علی سرکار شہزادہ سید آغا نثار علی شاہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین پیر طریقت راز دار حقیقت سید اعجاز علی شاہ گیلانی زیب سجادہ آستانہ عالیہ حجرہ شاہ مقیم کے نام جن کی عنایتوں اور بندہ نوازیوں نے اس ناچیز کی دستگیری فرمائی، اللہ تعالیٰ اس سایہ قدس کو ہمارے سروں پر قائم رکھے آمین ثم آمین یارب العلمین بحرمۃ رسولک الکریم۔

# تقریظ سعید

## استاذ العلماء شیخ الحدیث حضرت علامہ شرف اہلسنت عبد الحکیم شرف قادری صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دقائق الاخبار، حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ کی تصنیف لطیف ہے جس میں سرکار دو عالم ﷺ کی نورانیت احوال ملائکہ اور احوال آخرت کا تذکرہ ہے۔ امام غزالی کا نام علمی دنیا میں سند کی حیثیت رکھتا ہے ان کے بارے میں کچھ کہنا سورج کو چراغ دکھانے کے مترادف ہے۔ اس سے پہلے اس کتاب کا فارسی میں ترجمہ ہو چکا ہے لیکن آج کا قاری اردو میں پڑھنا چاہتا ہے۔ مولانا علامہ محبت علی صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے نہ صرف اس کا اردو ترجمہ کیا ہے بلکہ کمپوز کروا کر شائع کرنا چاہتے ہیں۔ بلاشبہ ان کی مساعی لائق صد تحسین ہیں۔ مولائے کریم قبول فرمائے اور اس ترجمہ کو نافع خلائق بنائے آمین۔

محمد عبد الحکیم شرف قادری

جامعہ اسلامیہ لاہور

ناظم تعلیم و تربیت جماعت اہل سنت پاکستان

۱۵ صفر ۱۴۲۴ھ

marfat.com

# تقریظ سعید

## استاذ العلماء شیخ الحدیث الحافظ القاری حضرت علامہ عبد الرشید سیالوی قادری بانی وناظم اعلیٰ دارالعلوم جامعہ حنفیہ غوثیہ شیرا کوٹ نزد بکر منڈی بند روڈ لاہور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حضرت علامہ مولانا صوفی محبت علی قادری، زید مجدہ کا اردو ترجمہ دقائق الاخبار جو کہ تصنیف لطیف ہے۔ حجۃ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی چیدہ چیدہ جگہوں سے نظروں میں گزرا مولانا موصوف نے ترجمہ میں سلاسیت کو خوب مدنظر رکھا اور بعض بعض مقام پر امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی عبارت مضمون کے دقیق ہونے کی بنا پر مشکل تھی مولانا نے خوب پیرایہ میں ترجمہ کی حسن وخوبی سے حل فرمایا کہ عام قاری کو سمجھنے میں کوئی مشکل پیش نہیں آئے گی مترجم میں ایسی ہی صلاحیت ہونی چاہیے مسئلہ نور محمدی ﷺ نہایت ہی لطیف مسئلہ ہے اس پر ہر مصنف کی بساط علمی پرکھی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا موصوف کی سعی جمیلہ کو عوام الناس کے لئے نافع بنائے آمین ثم آمین بجاہ سید المرسلین

ابو الضیاء، حافظ عبد الرشید سیالوی قادری عفی عنہ

خادم الحدیث جامعہ شیرا کوٹ لاہور۔

# تقریظ سعید

## جانشین مفتی اعظم قبلہ محدث قصوری رحمتہ اللہ علیہ پیر طریقت ابو العلی مفتی سعادت علی قادری شیخ الحدیث و ناظم مرکزی دار العلوم جامعہ حنفیہ قصور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسولہ الکریم ، اما بعد، حجۃ الاسلام شیخ الاسلام حضور سیدنا امام غزالی رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب دقائق الاخبار نہایت جامع کتاب ہے موجودہ دور میں قاری کو ایسا مواد پڑھانے کی ضرورت ہے جس کے پڑھنے سے اللہ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کی محبت نصیب ہو جائے اور خالق و مالک کی طرف متوجہ ہو کر فکر آخرت میں انہماک حاصل ہو۔ موجودہ دور میں عربی یا فارسی کی بجائے اردو ترجمہ کی ضرورت شدت اختیار کر گئی ہے ایسے حالات میں فاضل جلیل استاذ العلماء حضرت علامہ مولانا محمد محبت علی قادری صاحب مدظلہ مدرس دار العلوم جامعہ حنفیہ قصور نے نہایت محبت سے ترجمہ کی ذمہ داری قبول فرما کر احسن انداز میں فریضہ کو سرانجام دیا ہے۔ مولانا محبت علی قادری صاحب مدظلہ نہایت فاضل شخصیت ہیں۔ پیر طریقت نائب اعلیٰ حضرت مظہر غوث الاعظم ابو العلا مفتی محمد عبداللہ قادری اشرفی محدث قصور رحمتہ اللہ علیہ کے مایہ ناز شاگردوں میں سے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مولانا محمد محبت علی قادری صاحب مدظلہ کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت عطا فرمائے آمین آمین آمین۔

فقیر ابو العلی محمد سعادت علی قادری

خادم الحدیث والافتاء و ناظم اعلیٰ دار العلوم جامعہ حنفیہ رجسٹرڈ قصور

20-5-2003

# تقریظ سعید

## استاذ العلماء وقراء الحافظ القاری حضرت علامہ مولانا مفتی غلام حسن قادری صاحب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حجۃ الاسلام امام محمد غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف لطیف دقائق الاخبار کے چند صفحات پروف ریڈنگ کے لئے کتاب مستطاب کے مترجم محبی فی اللہ حضرت مولانا محبت علی قادری دامت فیوضہ نے عطا فرمائے۔ میں نے اس کتاب کو عوام الناس اور علماء کرام کے لئے یکساں مفید پایا بالخصوص خطباء اور مقررین کے لئے تو اس میں بہت سارا مواد اکٹھا کیا گیا ہے موجودہ دور (جو کہ بے راہ روی کا دور ہے) میں اس کتاب کے ترجمہ کی اشد ضرورت تھی میں سمجھتا ہوں کہ مترجم کا ہم پہ احسان ہے کہ انہوں نے اس ضرورت دینیہ کو پورا فرمایا اب یہ ہمارے اوپر ہے کہ ہم کہاں تک اسے استفادہ وافادہ کی ذمہ داری نبھاتے ہیں۔ نہایت سلیس اور عام فہم اردو زبان میں ترجمہ کیا گیا ہے کہ پڑھنے والے کو پڑھنے کے ساتھ ہی جہاں مصنف علیہ الرحمۃ کا مقصد سمجھنے میں کوئی دقت نہیں ہوئی وہاں علم وحکمت کے دروازے بھی کھلتے چلے جاتے ہیں اے اللہ اس کتاب کو خیر برکت کا باعث اور مصنف ومترجم کے لئے ذریعہ نجات اور قارئین کے لئے ہدایت وراہنمائی کا سامان بنائے۔

فاغفر لنا شدها واغفر لقارئها
سالنک الخیر یاذا الجود والکرم

دعا گو وطالب دعا

غلام حسن قادری: حزب الاحناف لاہور

# اسمائے گرامی علماء کرام مصححین

اہلسنت والجماعت کے عظیم۔کالرز اور ترجمان بزرگ عالم دین

۱ حضرت علامہ محمد اقبال فاروقی سرپرست مکتبہ نبویہ

۲ استاذ العلماء شیخ فقہ حضرت علامہ مولانا غلام یسین علائی قادری صدر مدرس مرکزی دارالعلوم جامعہ حنفیہ قصور

۳ فخر اہلسنت رئیس العلماء و زبدۃ الصلحاء حضرت علامہ مولانا الحاج محمد حسین صاحب رضوی خطیب اعظم موڑ کھنڈا

۴ استاذ العلماء حضرت علامہ مولانا حافظ عبدالغفور خطیب جامعہ مسجد حنفیہ چوہان روڈ لاہور

۵ فخر اسلام مناظر اہل سنت حضرت علامہ مولانا محمد عبدالستار قادری ایم اے عربی، اسلامیات، فاضل درس نظامی، خطیب اعظم دفتوہ قصور

۶ محترم المقام حضرت مولانا الحاج محمد عمر فاروق صاحب بی ایس سی سرپرست مسلم کتابوی دربار مارکیٹ لاہور

۷ خطیب العصر ضیاء اہل سنت صاحبزادہ پیر ضیاء المصطفیٰ حقانی ایم اے، ناظم تعلیمات جامعہ حنفیہ غوثیہ شیرا کوٹ ابن استاذ الاساتذہ جامع المعقول والمعقول حضرۃ العلام قاری عبدالرشید سیالوی

۸ استاذ الحفاظ حضرت علامہ مولانا الحافظ القاری محمد جمال الخیری صاحب مدرس شعبہ حفظ جامعہ حزب الاحناف لاہور

۹ محترم جناب حافظ سید منور حسین شاہ قادری فاضل درس نظامی ایم اے اسلامیات ٹھٹہ قلندر شاہ ضلع شیخوپورہ

۱۰ خطیب اہلسنت جناب مولانا نور حسن صاحب خطیب اعظم جامع مسجد چک ۲۰ قصور

۱۱ جناب محترم رائے محمد شریف صاحب کھرل بی اے برادر اصغر فقیر مصنف

# سخن ہائے فقیر بطور تقدیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اس اصول کے تحت کہ کلام الامام امام الکلام اس کتاب کا مرتبہ وحیثیت واضح وعیاں ہے کہ اسے آیات قرانیہ احادیث نبویہ اور آثار صحابہ واقوال تابعین وتبع تابعین وسلف صالحین رضوان اللہ علیہم سے مزین ومرتب کیا گیا ہے اور خود مصنف کتاب ابو حامد محمد بن محمد غزالی رحمتہ اللہ تعالی کا نام علمی دنیا میں سند کی حیثیت رکھتا ہے ۔زیر نظر کتاب دقائق الاخبار کو مصنف علیہ الرحمہ نے فصیح عربی میں تصنیف فرمایا اس میں تقریباً 45 ابواب ہیں باب اول میں حضور سرور کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نورانیت واصل کائنات ہونے کا بیان باب دوم میں آدم علیہ اسلام کی تخلیق وپیدائش کا تذکرہ پھر دیگر ابوب احوال ملائکہ اور ذکر موت احوال برزخ اور اچھے برے اعمال کے نتائج وانجام اور احوال آخرت اور جنت ودوزخ کے بیان پر مشتمل ہیں۔قبل ازیں اس کا فارسی ترجمہ شائع ہوا۔مگر فی زمانہ فارسی سے استفادہ کرنے والے حضرات بھی اقل القلیل ہیں لہذا ضرورت تھی کہ عامتہ الناس کے استفادہ کے لئے اس کا ترجمہ عام فہم اردو میں کیا جائے اس کے پیش نظر فقیر غفر اللہ لہ نے پوری کوشش سے کہ اسے آسان سلیس کیا جائے اردو ترجمہ کیا ہے۔ساتھ عربی بھی کمپوز کرادی ہے قارئین سے گزارش ہے کہ اس میں جو بھی کمی وکوتاہی دیکھیں بطور اصلاح وخیر خواہی آگاہ کریں تنقید وعیب جوئی سے برائے کرم اجتناب فرمائیں اللہ تعالی بطفیل محبوب کریم ﷺ بندہ مسکین کی اس مساعی قلیل کو قبول فرما کر اس پر اجر عظیم عطا فرمائے اور اسے مفید عام وخاص کرے۔آمین یارب العلمین بحرمتہ رسولک الکریم الامین صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وصحبہ وبارک وسلم اجمعین

(فقیر محمد محبت علی قادری) صفر 1424 ہجری

# فہرست


| نمبر شمار | مضامین | صفحہ نمبر |
| --- | --- | --- |
| 1 | حضرت محمد ﷺ کے نور کی پیدائش کے بیان میں | 15 |
| 2 | حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بیان میں | 23 |
| 3 | ملائکہ کی پیدائش کے بیان میں | 30 |
| 4 | اسرافیل علیہ السلام کا جہنم کے خوف سے پگھلنا | 32 |
| 5 | موت کی تخلیق میں | 34 |
| 6 | موت کا آسمان اور زمین میں ندا کرنا | 36 |
| 7 | مرنے والے کو ہر طرف سے موت کا نظر آنا | 37 |
| 8 | دنیا بوڑھی عورت کی صورت میں | 38 |
| 9 | بدکاروں کا دوبارہ دنیا میں آنے کی آرزو کرنا | 39 |
| 10 | ملک الموت کے روح نکالنے میں | 40 |
| 11 | ملک الموت کی جسامت کی وسعت | 40 |
| 12 | ملک الموت کو کسی کی موت کے وقت کا علم ہونا | 46 |
| 13 | اللہ کا ذکر چوپایوں کے زندہ رہنے کا باعث ہے | 51 |
| 14 | روح کے جواب کے بیان میں | 52 |
| 15 | اعضاء کے جواب میں | 53 |
| 16 | اس بیان میں کہ شیطان ایمان کیسے چھینتا ہے | 58 |


marfat.com

| | | |
|---|---|---|
| 17 | ایمان سلب ہونے کے اسباب | 58 |
| 18 | موت کے وقت ایمان چھیننے کے لئے شیطان کے حیلے | 60 |
| 19 | مرنے کے بعد آدمی کا حال پانچ طرح کا ہے | 62 |
| 20 | روح کے بیان میں | 63 |
| 21 | زمین اور قبر کے ندا کرنے میں | 66 |
| 22 | روح کے نکلنے کے بعد کی ندا کے بیان میں | 68 |
| 23 | حضرت ابوقلابہ کا خواب میں مقبرہ دیکھنا | 74 |
| 24 | ملک الموت کو دیکھ کر کپکپی طاری ہونا | 77 |
| 25 | مصیبت کے وقت اور میت پر رونے کے بیان میں | 78 |
| 26 | مصیبت کے وقت سینہ کوبی اور نوحہ کرنا عذاب کا باعث ہے | 78 |
| 27 | ملک الموت کا میت پر رونے والوں سے سوال | 79 |
| 28 | مصیبت کے وقت صبر کرنے میں | 82 |
| 29 | صبر کا فائدہ | 83 |
| 30 | روح کا بدن سے نکلنے کے بیان میں | 85 |
| 31 | قیامت کو چار شخص نوری منبروں پر ہونگے | 99 |
| 32 | منکر ونکیر کے سوال وجواب | 103 |
| 33 | جو مسلمانوں کی جماعت کی مخالفت پر مرا وہ جنت کی خوشبو نہیں پائے گا۔ | 110 |

| | | |
|---|---|---|
| 34 | باجماعت نماز پڑھنے والے کی بخشش ہو جاتی ہے | 113 |
| 35 | پنجگانہ نماز کا اہتمام سے ادا کرنے پر پندراں انعام | 113 |
| 36 | نمازوں میں سستی کا وبال | 115 |
| 37 | نماز کے اجر عظیم کا بیان | 116 |
| 38 | کتے کی پسندیدہ عادتیں | 117 |
| 39 | اس بیان میں کہ روح نکلنے کے بعد میت کی قبر اور گھر کی طرف کیسے آتی ہے | 119 |
| 40 | روح میت کے گھر والوں کی خبر گیری کرتی ہے | 122 |
| 41 | روح اترنے کی مراد کا بیان | 123 |
| 42 | جسم میں روح کے محل میں اختلاف | 125 |
| 43 | بدن سے نکلنے کے بعد روح کہاں رہتی ہے | 129 |
| 44 | میت جوتوں کی آہت کو سنتا ہے | 130 |
| 45 | اللہ کی طرف سے روح کی اضافت خلقی یا تکریمی ہے | 134 |
| 46 | صور پھونکنے اور مرنے کے بعد اٹھنے اور حشر کے بیان میں | 134 |
| 47 | جب صور پھونکا جائے گا تو مخلوق کی کیا کیفیت ہوگی | 138 |
| 48 | صور پھونکنے اور گھبراہٹ کے بیان میں | 138 |
| 49 | اللہ سو میں ایک رحمت دنیا میں کرتا ہے باقی آخرت میں کریگا | 141 |
| 50 | مخلوق کے فناء کے ذکر میں | 145 |


maktaf.com

| | | |
|---|---|---|
| 51 | مخلوق کی موت کے بعد حشر کے بیان میں | 146 |
| 52 | روز قیامت حضور علیہ السلام کو اپنی امت کی فکر | 150 |
| 53 | براق کے بیان میں | 151 |
| 54 | اللہ محبوب کی رضا چاہتا ہے | 153 |
| 55 | حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مدبرانہ سوال | 154 |
| 56 | صور پھونکنے اور اٹھنے کے بیان میں | 155 |
| 57 | مخلوق کے اپنی قبروں سے نکلنے کے بیان میں | 165 |
| 58 | قیامت کو حضور کے نمازی امتیوں کی پہچان | 165 |
| 59 | وہ لوگ جن سے ملائکہ قیامت کو مصافحہ کریں گے | 168 |
| 60 | مخلوق کے حشر کی طرف چلنے کے بیان میں | 173 |
| 61 | خلائق کے حشر کے بیان میں | 175 |
| 62 | سات شخص قیامت کو عرش کے سایہ میں ہونگے | 176 |
| 63 | لوائے حمد کی صفت | 179 |
| 64 | دس جنتی حیوان | 183 |
| 65 | عالم دین کا مقام | 184 |
| 66 | اللہ کے ولی سے محبت اور دشمن سے عداوت اصل ایمان ہے | 186 |
| 67 | جنت قریب ہونے کے بیان میں | 188 |
| 68 | روح نکلتے وقت دنیا میں بندہ پر مشکل گھڑی کے بیان میں | 190 |

| | | |
|---|---|---|
| 69 | عملنامہ کھلنے میں قیامت کے دن | 192 |
| 70 | میزان قائم ہونے اوراس کے وصف کے بیان میں | 201 |
| 71 | دوزخ کے بیان میں | 211 |
| 72 | جہنم کے دروازوں کے بیان میں | 216 |
| 73 | لوگوں کے جہنم کی طرف جانے کے بیان میں | 220 |
| 74 | عذاب کے فرشتے کے بیان میں | 225 |
| 75 | بسم اللہ شریف کی برکت | 225 |
| 76 | اہل دوزخ اوران کے کھانے پینے کے بیان میں | 228 |
| 77 | بقدر اعمال عذاب کی اقسام کے بیان میں | 233 |
| 78 | شرابی کے عذاب کے بیان میں | 234 |
| 79 | دوزخ سے نکلنے کے بیان میں | 240 |
| 80 | جنت کے بیان میں | 250 |
| 81 | جنت کے دروازوں کے بیان میں | 252 |
| 82 | ماہ رمضان کے روزہ کی فضیلت | 263 |
| 83 | اہل جنت کے بیان میں | 264 |


maktabah.org

بسم الله الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ط وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بَاب" فِیْ تَخْلِیْقِ نُوْرِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ قَدْ جَآءَ فِی الْخَبَرِ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی خَلَقَ شَجَرَۃً وَّلَھَا اَرْبَعَۃُ اَغْصَانٍ فَسَمَّاھَا شَجَرَۃَ الْیَقِیْنِ ثُمَّ خَلَقَ نُوْرَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فِیْ حِجَابٍ مِّنْ دُرَّۃٍ بَیْضَآءَ مَثَلُہٗ کَمَثَلِ الطَّاؤُسِ وَوَضَعَہٗ عَلٰی تِلْکَ الشَّجَرَۃِ فَسَبَّحَ عَلَیْھَا مِقْدَارَ سَبْعِیْنَ اَلْفَ سَنَۃٍ ثُمَّ خَلَقَ مِرْاٰۃَ الْحَیَاءِ وَوَضَعَھَا بِاسْتِقْبَالِہٖ فَلَمَّا نَظَرَ الطَّاؤُسُ فِیْھَا رَاٰی صُوْرَتَہٗ اَحْسَنَ صُوْرَۃٍ وَّاَزْیَنَ ھَیْئَۃٍ فَاسْتَحْیَا مِنَ اللّٰہِ فَسَجَدَ خَمْسَ مَرَّاتٍ فَصَارَتْ عَلَیْنَا تِلْکَ السَّجَدٰتُ فَرْضًا مُّوَقَّتًا فَاَمَرَ اللّٰہُ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا ہے سب خوبیاں اللہ کو جو مالک ہے سارے جہان والوں کا۔

اور درود ہو اس کے رسول حضرت محمد ﷺ اور آپ کی سب آل اور اصحاب پر۔

## باب نمبر ا حضرت محمد ﷺ کے نور کی پیدائش کے بیان میں

حدیث میں آیا ہے کہ بے شک اللہ تعالی نے ایک درخت کو پیدا کیا اور اس کی چار شاخیں تھیں۔

تو اس کا نام شجرۃ الیقین رکھا پھر اللہ تعالیٰ نے محمد ﷺ کے نور کو سفید مروارید کے پردے میں پیدا کیا جو کہ مور کی مانند تھا۔ پھر اسے اس درخت پر رکھا پس وہ نور بشکل مور اس درخت پر ستر ہزار سال اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرتا رہا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے آئینہ حیاء کو پیدا کیا تو اسے اس مور کے سامنے رکھا جب مور نے اس آئینہ میں دیکھا تو اپنی صورت وشکل کو بہت خوب اور مزین پایا۔ تو اللہ تعالیٰ سے حیاء کرنے لگا پھر اس نے اللہ کے حضور پانچ سجدے کیلئے تو وہ سجدے اوقات معینہ میں ہم پر فرض ہو گئے پس اللہ تعالیٰ نے حکم کیا۔

تَعَالٰی بِخَمْسِ صَلَوَاتٍ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَاُمَّتِهٖ وَاللّٰهُ تَعَالٰی نَظَرَ اِلٰی ذٰلِکَ النُّوْرِ فَعَرَّقَ حَیَآءً مِّنَ اللّٰهِ تَعَالٰی فَمِنْ عَرَقِ رَاْسِهٖ خَلَقَ الْمَلٰٓئِکَةَ وَمِنْ عَرَقِ وَجْهِهٖ خَلَقَ الْعَرْشَ وَالْکُرْسِیَّ وَ اللَّوْحَ وَالْقَلَمَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالْحِجَابَ وَالْکَوَاکِبَ وَمَا کَانَ فِی السَّمَآءِ وَمِنْ عَرَقِ صَدْرِهٖ خَلَقَ الْاَنْبِیَآءَ وَالرُّسُلَ وَالْعُلَمَآءَ وَ الشُّهَدَآءَ وَالصّٰلِحِیْنَ وَمِنْ عَرَقِ حَاجِبَیْهِ خَلَقَ اُمَّةً مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَمِنْ عَرَقِ اُذُنَیْهِ خَلَقَ اَرْوَاحَ الْیَهُوْدِ وَالنَّصٰرٰی وَالْمَجُوْسَ وَمَآ اَشْبَهَ ذٰلِکَ وَمِنْ عَرَقِ رِجْلَیْهِ خَلَقَ الْاَرْضَ مِنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَمَا فِیْهَا ثُمَّ اَمَرَ اللّٰهُ نُوْرَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اُنْظُرْ اِلٰی اَمَامِکَ فَنَظَرَ نُوْرُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَرَاٰی مِنْ اَمَامِهٖ نُوْرًا وَّعَنْ

وَرَآئِـــہٖ نُــوْرًا وَّعَــنْ يَــمِيْــنِـــهٖ نُــوْرًا وَّعَنْ يَسَــارِهٖ نُوْرًا وَّهُــوَ اَبُوْبَكْرٍ وَّعُمَرُ وَعُثْمَانُ

حضور علیہ الصلوۃ والسلام اور آپ کی امت کو پانچ نمازوں کا۔ حضور ﷺ اصل کائنات ہیں اور اللہ تعالیٰ نے نور کی طرف نظر فرمائی تو حضور ﷺ کے نور کو اللہ تعالیٰ سے حیا سے پسینہ آ گیا۔ تو آپ کے سر کے پسینہ سے اللہ نے فرشتوں کو پیدا فرمایا اور آپ کے چہرہ کے پسینہ سے عرش اور کرسی اور لوح وقلم اور سورج چاند اور حجاب اور ستاروں کو اور جو کچھ آسمانوں میں ہے سب کو پیدا فرمایا اور آپ کے سینہ کے پسینہ سے انبیاء ورسل علیہم السلام اور علماء وشہداء اور صلحاء کو پیدا کیا اور آپ کے دونوں ابرو کے پسینے سے اہل ایمان مسلمان مردوں اور عورتوں کو پیدا فرمایا اور آپ کے کانوں کے پسینہ سے یہود ونصاریٰ اور مجوس اور ان کے مشابہ اوروں کی ارواح کو پیدا کیا۔ اور آپ کے پیروں کے پسینہ سے زمین مشرق تا مغرب اور جو کچھ اس میں ہے کو پیدا کیا پھر اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور کو حکم دیا کہ اپنے سامنے نظر کرے پس محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور نے اپنے سامنے دیکھا تو سامنے نور پایا اور پیچھے دیکھا تو نور پایا اور دائیں اور بائیں بھی نور دیکھا اور وہ نور ابوبکر وعمر عثمان وعلی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کا تھا،

وَّعَلِيٌّ" رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ثُمَّ سَبَّحَ سَبْعِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ ثُمَّ خَلَقَ نُوْرَ الْاَنْبِيَآءِ مِنْ نُوْرِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَظَرَ اِلٰى ذٰلِكَ النُّوْرِ خَلَقَ اَرْوَاحَهُمْ فَقَالُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ"

رَسُوْلُ اللّٰهِ ثُمَّ خلَقَ قَنْدِیْلاً مِّنَ الْعَقِیْقِ الْاَحْمَرِیُرٰی ظَاهِرُهٗ مِنْ بَاطِنِهٖ ثُمَّ خَلَقَ صُوْرَةَ مُحَمَّدٍصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ کَصُوْرَتِهٖ فِی الدُّنْیَا ثُمَّ وَضَعَ فِیْ هٰذِهِ الْقَنْدِیْلِ قِیَامَهٗ کَقِیَامِهٖ فِی الصَّلٰوةِ ثُمَّ طَافَتِ الْاَرْوَاحُ حَوْلَ نُوْرِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم فَسَبَّحُوْا وَهَلَّلُوْا مِقْدَارَ مِائَةِ اَلْفِ سَنةٍ ثُمَّ اَمَرَ لِیَنْظُرُوْا اِلَیْهَا کُلُّهُمْ فَیَنْظُرُوْنَ اِلَیْهَا کُلُّهُمْ فَمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی رَاسَهٗ فَصَارَ خَلِیْفَةً وَّسُلْطَاناً م بَیْنَ الْخَلَائِقِ وَمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی وَجْهَهٗ فَصَارَ اَمِیْرًا عَادِلاً وَمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی عَیْنَیْهِ فَصَارَ حَافِظًا لِّکَلَامِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی حَاجِبَیْهِ فَصَارَ مُقْبِلاً وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی اُذُنَیْهِ فَصَارَ مُسْتَمِعاً وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی خَدَّیْهِ فَصَارَ مُحْسِنًا وَّعَاقِلاً وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی اَنْفَهٗ

اس کے بعد وہ نور ستر ہزار برس اللہ کی تسبیح کرتا رہا پھر اللہ تعالیٰ نے اس نور محمد ﷺ سے انبیاء علیہم السلام کے نور کو پیدا کیا پھر اس نور کی طرف نظر فرمائی تو اس سے انبیاء علیہم السلام کی روحوں کو پیدا کیا پس انہوں نے پڑھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پھر اللہ تعالیٰ نے سرخ عقیق سے قندیل کو پیدا کیا۔

کہ اس کے ظاہر سے اس کا باطن دکھائی دیتا تھا پھر اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی صورت مبارکہ کو پیدا کیا جس طرح کہ آپ کی دنیا میں صورت بعد ازیں صورت مبارکہ کو اس قندیل میں قیام کی ہیئت میں رکھا جس طرح کہ آپ کا نماز میں قیام پھر ستر ہزار سال تک تمام روحیں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور مبارک کے ارد

گرد طواف کرتی رہیں پس ایک لاکھ سال تک تسبیح و تہلیل کرتی رہیں پھر اللہ تعالیٰ نے سب ارواح کو حکم دیا کہ وہ حضور ﷺ کی صورت مبارکہ کو دیکھیں تو سب نے اس کی طرف دیکھا ان میں سے جس نے آپ کے سر مبارک کو دیکھا وہ خلیفہ اور سلطان بنا اور جس نے آپ کے چہرہ انور کو دیکھا وہ عادل اور مخلوق میں امیر ہوا اور ان میں سے جس نے آپ کی آنکھوں کو دیکھا وہ کلام اللہ کا حافظ ہوا اور جس نے آپ کی ابروؤں کو دیکھا وہ سعادت مند بنا اور ان میں سے جس نے آپ کے کانوں کو دیکھا وہ حق سننے والا ہوا اور جس نے آپ کے رخساروں کو دیکھا وہ نیک کار عقلمند ہوا اور جس نے آپ کی ناک مبارک کو

فَصَارَ حَکِیْمًا وَّطَبِیْبًا وَّعَطَّارًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی شَفَتَیْهِ فَصَارَ اَحْسَنَ الْوَجْهِ وَوَزِیْرًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی فَمَهٗ فَصَارَ صَآئِمًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی سِنَّهٗ فَصَارَ اَحْسَنَ الْوَجْهِ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی لِسَانَهٗ فَصَارَ رَسُوْلًا بَیْنَ السَّلَاطِیْنِ وَمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی حَلْقَهٗ فَصَارَ وَاعِظًا وَّمُؤَذِّنًا وَّنَاصِحًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی لِحْیَتَهٗ فَصَارَ مُجَاهِدًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی عُنُقَهٗ فَصَارَ تَاجِرًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی عَضُدَیْهِ فَصَارَ رَمَّاحًا وَّسَیَّافًا وَّمِنْهُمْ مَنْ رَاٰی عَضُدَهُ الْیُمْنٰی فَصَارَ حَجَّامًا وَّمِنْهُمْ مَنْ رَّاٰی عَضُدَهُ الْیُسْرٰی فَصَارَ جَلَّادًا وَّجَاهِدًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی کَفَّهُ الْیُمْنٰی فَصَارَ صَرَّافًا وَّطَرَّازًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی کَفَّهُ الْیُسْرٰی فَصَارَ کَیَّالًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی یَدَیْهِ فَصَارَ سَخِیًّا وَّکَیِّسًا

## وَمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی ظَهْرَ كَفِّهٖ

دیکھا وہ حکیم طبیب اور عطار ہوا اور جس نے آپ کے ہونٹوں کو دیکھا وہ حسین وجمیل اور وزیر بنا اور جس نے آپ کے دہن شریف کو دیکھا وہ پابند صوم ہوا اور جس کسی نے آپ کے داندان مبارکہ کو دیکھا وہ انسانوں میں سے خوبصورت ہوا اور جس نے آپ کی زبان کو دیکھا وہ سلاطین کے درمیان سفیر ہوا اور ان میں سے جس نے آپ کے حلق مبارک کو دیکھا وہ واعظ موذن ناصح ہوا اور جس نے آپ کی ریش مبارک کو دیکھا وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والا ہوا اور جس نے آپ ﷺ کی گردن مبارک کو دیکھا وہ تاجر بنا اور جس نے آپ کے بازوؤں کو دیکھا وہ نیزہ زن اور شمشیر زن ہوا اور ان میں سے جس نے آپ کے دائیں بازو کو دیکھا وہ حجام بنا اور جس نے آپ کے بائیں بازو کو دیکھا وہ جلاد اور توانا ہوا اور جس نے آپ کی دائیں ہتھیلی کو دیکھا وہ صراف اور نقش ساز ہوا اور جس نے آپ کی بائیں ہتھیلی کو دیکھا وہ کیال (تولنے) والا ہوا اور جس نے آپ کے ہاتھ مبارک کو دیکھا وہ سخی اور ہوشیار ہوا اور جس کسی نے آپ کی ہتھیلی کی پشت کو دیکھا وہ بخیل اور گھٹیا بنا اور جس نے آپ کی دائیں ہتھیلی کی پشت دیکھی وہ رنگ ساز ہوا اور جس نے آپ کی بائیں ہتھیلی کی پشت دیکھی۔

فَصَارَ بَخِيْلاً وَّلَئِيْمًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَاٰی ظَهْرَ كَفِّهِ الْيُمْنٰى فَصَارَ صَبَّاغًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی ظَهْرَ كَفِّهِ الْيُسْرٰى فَصَارَ حَاطِبًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی اَنَامِلَهٗ فَصَارَ كَاتِبًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی ظُهُوْرَ اَصَابِعِهِ الْيُمْنٰى فَصَارَ خَيَّاطًا

وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاَی ظُهُوْرَ اَصَابِعِهِ الْيُسْرٰی فَصَارَ حَدَّادًا وَّمِنْهُم مَّنْ رَّاٰی صَدْرَهٗ فَصَارَ عَالِمًا وَّشُكُوْرًا وَّمُجْتَهِدًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی ظَهْرَهٗ فَصَارَ مُتَوَاضِعًا وَّمُطِيْعًا بِاَمْرِ الشَّرْعِ وَمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی جَبِيْنَهٗ فَصَارَ غَازِيًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی بَطْنَهٗ فَصَارَ قَانِعًا وَّزَاهِدًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی رُكْبَتَيْهِ فَصَارَ سَاجِدًا وَّرَاكِعًا وَّمِنْهُمْ مَنْ رَّاٰی رِجْلَيْهِ فَصَارَ صَيَّادًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَاٰی تَحْتَ قَدَمَيْهِ فَصَارَ مَاشِيًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ رَّاٰی ظِلَّهٗ فَصَارَ مُغَنِّيًا وَّصَاحِبَ الطُّنْبُوْرِ وَمِنْهُمْ مَنْ لَّمْ يَنْظُرْ اِلَيْهِ فَصَارَ مُدَّعِيًا رُبُوْبِيَّتِهٖ كَالْفَرَاعِنَةِ وَغَيْرِهَا مِنَ الْكُفَّارِ وَمِنْهُمْ مَّنْ نَّظَرَ اِلَيْهِ وَلَمْ يَرَهٗ فَصَارَ يَهُوْدِيًا وَّنَصْرَانِيًا وَّمَجُوْسِيًا وَّغَيْرُهُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ اِعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی خَلَقَ الصَّلٰوتَ عَلٰی صُوْرَةِ اِسْمِ اَحْمَدَ صَلَّی اللّٰه تَعَالٰی

وہ لکڑہارا ہوا اور جس نے آپ کی انگلیوں کے پوروں کو دیکھا وہ کاتب بنا اور جس نے آپ کے دائیں ہاتھ کی انگلیوں کی پشتوں کو دیکھا درزی بنا اور جس کسی نے آپ کے بائیں ہاتھ کی پشت کو ملاحظہ کیا وہ آہن گر بنا اور جس نے آپ کے سینہ مبارک کی زیارت کی وہ عالم اور شکر گزار اور مجتہد ہوا اور جس نے حضور ﷺ کی پشت مبارکہ کی زیارت کی وہ متواضع اور اور احکام شرعیہ کا مطیع ہو اور جس کسی نے آپ کی پیشانی کی زیارت کی وہ غازی کا بنا اور جس نے حضور ﷺ کے نورانی شکم اقدس کو دیکھا وہ قانع اور زاہد ہوا اور جس نے آپ کے زانوں کو دیکھا وہ رکوع وسجود کرنے والا بنا اور جس

نے آپ کے قدموں کو دیکھا وہ شکاری تھا اور جس نے آپ کے قدموں کے باطن کو دیکھا وہ پیادہ چلنے والا ہوا اور جس نے آپ کے سایہ کو دیکھا وہ گونگا اور صاحب قبور ہوا اور جس نے آپ ﷺ کی طرف نہ دیکھا وہ مدعی الوہیت ہوا جیسا کہ فرعون وغیرہ کفار اور جس نے انسانوں میں سے آپ کی طرف نظر کی مگر دیکھ نہ پایا وہ یہودی اور نصرانی اور مجوسی وغیرہ کفار سے ہوا۔ جاننا چاہیے کہ نماز میں نمازی کی صورت اسم احمد کے مشابہ ہو جاتی ہے بے شک اللہ تعالیٰ نے نماز کو اس ہیئت پر پڑھنے کا حکم دیا جو کہ اسم احمد۔

(واضح رہے کہ اس جگہ جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعض اعضاء مبارکہ کو دیکھنے سے بعض کا حقیر پیشہ یا بری کیفیت اختیار کرنے کا ذکر ہوا اس سے آپ کے وجود باسعود پر کوئی اعتراض نہیں ہو سکتا کیونکہ آپ کو تو اللہ تعالیٰ نے ہر عیب و نقص سے مبرّہ و پاک پیدا کیا رہا یہ کہ ان حقیر پیشہ یا بری کیفیت کے اظہار کا کیا سبب ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ بارش اللہ کی رحمت ہے مگر زمین اپنی خاصیت کے مطابق ہی چیزیں اگاتی ہے اچھی زمین اچھی چیزیں اور بری زمین بری گھٹیا و بیکار چیزیں۔ ایسے ہی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وجود مبارکہ کائنات کے لئے رحمت ہے مگر سب نے اپنی خاصیت و قسمت کے مطابق اثر قبول کیا۔

علیه وآله وسلم فالقیام في الصلوة مثل الألف والركوع كالحاء والسجود كالميم والقعدة كالدال وخلق الخلق على ضرورة شخص فالرأس مدوّر كالميم واليدان كالحاء والبطن كالميم

وَالرِّجْلَانِ كَالدَّالِ وَلَا يُحْرَقُ اَحد" مِّنَ الْكُفَّارِ عَلٰى صُوْرَتِهٖ بَلْ تُبَدَّلُ صُوْرَتُهٗ عَلٰى صُوْرَةِ الْخِنْزِيْرِ وَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَعْلَمُ بِهٖ بَاب" فِيْ تَخْلِيْقِ اٰدَمَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى اٰدَمَ مِنْ اَقَالِيْمِ الدُّنْيَا فَرَاْسُهٗ مِنْ تُرَابِ الْكَعْبَةِ وَصَدْرُهٗ مِنْ تُرَابِ الدَّهْنَا وَبَطْنُهٗ وَظَهْرُهٗ مِنْ تُرَابِ الْهِنْدِ وَيَدَيْهِ مِنْ تُرَابِ الْمَشْرِقِ وَرِجْلَيْهِ مِنْ تُرَابِ الْمَغْرِبِ وَقَالَ وَهَبُ ابْنُ مُنَبَّهَ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى اٰدَمَ مِنَ الْاَرْضِ السَّابِعِ فَرَاْسُهٗ مِنَ الْاَوَّلِ وَعُنُقُهٗ مِنَ الثَّانِيَةِ وَصَدْرُهٗ مِنَ الثَّالِثَةِ وَيَدَيْهِ مِنَ الرَّابِعَةِ وَظَهْرُهٗ وَبَطْنُهٗ مِنَ الْخَامِسَةِ وَفَخِذَيْهِ وَعَجُزُهٗ مِنَ السَّادِسَةِ وَسَاقَيْهِ

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی صورت بنتی ہے پس نماز میں قیام الف کی شکل سے مشابہ ہےاور رکوع حا کےاور سجدہ میم کےاور قعدہ دال کے اللہ تعالیٰ نے انسان کا وجود اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مشابہ بنایا اور اللہ تعالیٰ نے انسان کے وجود کو اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شکل پر پیدا کیا پس انسان کا سر میم کی مانند اور دو ہاتھ حا کی طرح اور پیٹ میم کی طرح اور دو پاؤں دال کی مانند اور کفار میں سے کسی کو بھی انسانی صورت پر دوزخ میں نہیں جلایا جائے گا بلکہ اس کی صورت خنزیر کی صورت کی طرح کی جائے گی،

اور اللہ تعالیٰ اسے خوب جانتا ہے۔ باب نمبر 2 (**حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کے بیان میں**) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ

تعالٰی نے آدم علیہ السلام کو دنیا کی کئی جگہوں کی مٹی سے پیدا کیا آپ کے سر کو کعبہ کی مٹی سے آپ کے سینہ کو دھنا مقام کی مٹی سے اور آپ کے بطن مبارک اور پشت مبارکہ کو ملک ہند کی مٹی سے اور آپ کے ہاتھوں کو مشرق کی مٹی سے اور آپ کے پاؤں کو مغرب کی مٹی سے اور وہب بن منبہ رضی اللہ تعالی عنہما نے کہا کہ اللہ تعالٰی نے آدم علیہ السلام کو ساتوں زمینوں کی مٹی سے پیدا فرمایا پس آپ کے سر کو زمین اول اور آپ کی گردن کو ثانیہ سے اور آپ کے سینہ کو تیسری زمین سے اور آپ کے ہاتھوں کو چوتھی اور آپ کی پشت اور بطن کو پانچویں سے آپ کی رانوں کو چھٹی اور سرین کو ساتویں اور آپ کی دونوں پنڈلیوں اور قدموں کو آٹھویں زمین سے پیدا کیا۔

وَقَدَمَيْهِ مِنَ السَّابِعَةِ وَفِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى قَالَ اِبْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى اٰدَمَ رَاْسَهٗ مِنْ تُرَابِ الْبَيْتِ الْمُقَدَّسِ وَوَجْهَهٗ مِنْ تُرَابِ الْجَنَّةِ وَاَسْنَانَهٗ مِنْ تُرَابِ الْكَوْثَرِ وَيَدَهُ الْيُمْنٰى مِنْ تُرَابِ الْكَعْبَةِ وَيَدَهُ الْيُسْرٰى مِنْ تُرَابِ الْفَارِسِ وَرِجْلَيْهِ مِنْ تُرَابِ الْهِنْدِ وَعَظْمَهٗ مِنْ تُرَابِ الْجَبَلِ وَعَوْرَتَهٗ مِنْ تُرَابِ الْبَابِلِ وَظَهْرَهٗ مِنْ تُرَابِ الْعِرَاقِ وَقَلْبَهٗ مِنْ تُرَابِ الْفِرْدَوْسِ وَلِسَانَهٗ مِنْ تُرَابِ الطَّآئِفِ وَعَيْنَيْهِ مِنْ تُرَابِ حَوْضِ الْكَوْثَرِ فَلَمَّا كَانَ رَاْسُهٗ مِنْ تُرَابِ بَيْتِ الْمُقَدَّسِ لَاجَرَمَ صَارَ مَوْضِعَ الْعَقْلِ وَالْفِطْنَةِ وَالنُّطْقِ وَلَمَّا كَانَ وَجْهُهٗ مِنْ تُرَابِ الْجَنَّةِ صَارَ مَوْضِعَ الْمَلَاحَةِ وَلَمَّا كَانَتْ اَسْنَانُهٗ مِنْ تُرَابِ الْكَوْثَرِ فَصَارَتْ مَوْضِعَ

اور دوسری روایت میں آیا ہے کہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کے سر کو بیت مقدس کی مٹی سے بنایا اور آپ کے چہرہ کو جنت کی مٹی سے آپ کے دانتوں کو حوض کوثر کی مٹی سے اور آپ کا دائیاں ہاتھ کعبہ کی مٹی سے اور بائیاں ہاتھ فارس کی مٹی سے اور آپ کے دونوں پاؤں ہند کی مٹی سے اور آپ کی ہڈیاں پہاڑ کی مٹی سے اور آپ کی شرمگاہ بابل شہر کی مٹی سے اور آپ کی پشت عراق کی مٹی سے اور آپ کا دل جنۃ الفردوس کی مٹی سے اور آپ کی زبان طائف کی مٹی سے اور آنکھیں حوض کوثر کی مٹی سے۔ پس جب آپ کا سر بیت المقدس کی مٹی سے بنا تھا۔ البتہ وہ محل عقل وفراست اور نطق ہوا اور آپ کا چہرہ جنت کی مٹی سے بنا تھا لہٰذا وہ مقام ملاحت حسن و جمال ہوا اور آپ کے دندان حوض کوثر کی مٹی سے تھے لہٰذا وہ محل مٹھاس ہوا اور آپ کا دائیاں ہاتھ کعبہ کی مٹی سے تھا البتہ وہ آلہ مدد ہوا اور آپ کی پشت عراقی مٹی سے تھی اس لئے وہ قوۃ بنی اور آپ کی شرمگاہ بابل کی مٹی سے تھی اس لئے وہ جائے شہوت ہوئی۔ (تطبیق) ابن عباس وابن منبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی ان رواتیوں میں مطابقت یوں ہے کہ دونوں رواتیوں میں ایک طرف اختصار ہے اور دوسری طرف سے تفصیل ابن عباس کی روایت میں اختصار یہ ہے کہ اس میں صرف زمین اول سے مٹی لینے کا ذکر ہے باقی زمینوں کا نہیں جب کہ زمین اول سے مختلف مقام سے مٹی لینے کی تفصیل ہے ابن منبہ کی روایت کا اختصار و تفصیل اس کے برعکس ہے۔

اَلْحِلَاوَۃِ وَلَمَّا کَانَتْ یَدُہُ الْیُمْنٰی مِنْ تُرَابِ الْکَعْبَۃِ فَصَارَتْ مَوْضِعَ

الْمَعُوْنَةِ وَلَمَّا كَانَتْ ظَهَرُه' مِنْ تُرَابِ الْعِرَاقِ فَصَارَتْ مَوْضِعَ الْقُوَّةِ وَلَمَّا كَانَتْ عَوْرَتُه' مِنْ تُرَابِ الْبَابِلِ فَصَارَتْ مَوْضِعَ الشَّهْوَةِ وَلَمَّا كَانَتْ عَظْمُه' مِنْ تُرَابِ الْجَبَلِ فَصَارَتْ مَوْضِعَ الصَّلَابَةِ وَلَمَّا كَانَتْ قَلْبُه' مِنْ تُرَابِ الْفِرْدُوْسِ فَصَارَ مَوْضِعَ الايْمَانِ وَلَمَّا كَانَ لِسَانُه' مِنْ تُرَابِ الطَّآئِفِ فَصَارَ مَوْضِعَ الشَّهَادَةِ وَجَعَلَ فِيْهِ تِسْعَةَ اَبْوَابٍ سَبْعَةً فِيْ رَاْسِهٖ وَهِيَ عَيْنَاهُ وَاُذُنَاهُ وَمَنْخَرَاهُ وَفَمُهُ وَاثْنَيْنِ فِيْ بَدَنِهٖ وَهِيَ قُبُلُه' وَدُبُرُه'' وَجَمَعَ اللّٰهُ تَعَالٰى الْحَوَاسَ فِے ادَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ الْبَصَرَ فِي الْعَيْنَيْنِ وَالسَّمْعَ فِي الْاُذُنَيْنِ وَالشَّمُّ فِي الْمَنْخَرَيْنِ وَالذَّوْقَ فِي اللِّسَانِ وَاللُّمَسَ فِي الْيَدَيْنِ وَالْمَشْيَ فِي الرِّجْلَيْنِ وَيُقَالُ لَمَّآ اَرَادَاللّٰهُ اَنْ يَّنْفُخَ الرُّوْحَ فِيْ ادَمَ اَمَرَالرُّوْحَ اَنْ يَّدْخُلَ مِنْ فَمِهٖ وَيُقَالُ مِنْ دِمَاغِهٖ وَهُوَ الْاَصَحُّ فَاسْتَدَارَتْ فِيْهِ مِقْدَارَمَاْتَيْ عَامٍ ثُمَّ نَزَلَتْ مِنَ الرَّاْسِ اِلٰى عَيْنَيْهِ فَنَظَرَ ادَمُ اِلٰى نَفْسِهٖ فَرَاٰى كُلَّه' طِيْنًا فَلَمَّا بَلَغَتْ اِلٰى اذُنَيْهِ سَمِعَ تَسْبِيْحَ الْمَلٰئِكَةِ ثُمَّ نَزَلَتْ اِلَى خَيْشُوْمِهٖ فَعَطَسَ قَبْلَ اَنْ يَّفْرُغَ مِنْ عَطْسِهٖ نَزَلَتِ الرُّوْحُ اِلٰى فَمِهٖ وَلِسَانِهٖ فَلَقَّنَهُ الْحَمْدَ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاَجَابَهٗ رَبُّهٗ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ يَآدَمُ ثُمَّ نَزَلَتْ اِلٰى صَدْرِهٖ فَعَجَّلَ

اور آپ کی ہڈیاں پہاڑ کی مٹی سے بنیں لہٰذا وہ سخت ہوئیں اور آپ کا دل جنۃ الفردوس کی مٹی سے تھا لہٰذا وہ مقام ایمان ہوا اور آپ کی زبان طائف کی مٹی سے

تھی البتہ وہ محل شہادت ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام میں نو دروازے بنائے اور ان میں سے سات آپ کے سر میں اور دو آنکھیں اور دو کان ہیں اور دو ان میں سوراخ اور ایک آپ کا منہ اور دو باقی بدن میں ذکر اور دبر (شرمگاہ) اور اللہ تعالیٰ نے مختلف حواس کو آدم علیہ السلام میں جمع کر دیا دیکھنے کی قوت کو آنکھوں میں رکھ دیا اور سننے کی قوت کو کانوں میں اور سونگنے کی حس کو ناک کے دو سوراخوں میں اور ذائقہ کو زبان میں اور کسی چیز کو چھو کر محسوس کرنے والی حس کو پورے بدن میں اور پکڑنے کی قوت کو ہاتھوں میں اور چلنے کی قوت کو پاؤں میں اور بیان کیا گیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے چاہا کہ آدم علیہ السلام میں روح ڈالے تو روح کو حکم دیا کہ آدم علیہ السلام کے منہ میں داخل ہو اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ آدم کے دماغ میں داخل ہونے کا حکم کیا اور یہی صحیح ہے تو روح دو سو سال کی مدت میں دماغ میں داخل ہوئی پھر سر سے آنکھوں کی طرف آئی پس آدم علیہ السلام نے اپنے وجود کو دیکھا تو سب جسم کو مٹی پایا پھر جب روح دونوں کانوں کو پہنچی تو آپ نے فرشتوں کی تسبیح سنی پھر روح ناک کے سوراخوں کو پہنچی تو آپ نے چھینک لی ابھی چھینکنے سے فارغ نہیں ہوئے تھے کہ روح نے آپ کے منہ اور زبان پر تصرف کیا تب آپ کو حمد باری تعالیٰ کا القاء ہوا آپ نے پڑھا الحمد للہ تو اللہ تعالیٰ نے جواب میں فرمایا یرحمک اللہ یا آدم۔ اے آدم تجھ پر اللہ کی رحمت ہو پھر جب روح آپ کے سینہ تک آئی تو آپ جلدی سے کھڑے ہونے لگے مگر کھڑے نہ ہو سکے۔

الْقِيَامَ فَلَمْ يُمْكِنْهُ وَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا وَلَمَّا

وَصَلَتْ اِلٰی جَوْفِهٖ اِشْتَهٰی الطَّعَامَ ثُمَّ اَنْتَشَرَتِ الرُّوْحُ فِیْ جَسَدِهٖ کُلِّهٖ فَصَارَلَحْمًا وَّدَمًا وَّعُرُوْقًا وعَصَبًا ثُمَّ اَلْبَسَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی لِبَاسًا مِّنْ ظُفُرٍ تَزِیْدُ کُلَّ یَوْمٍ حُسْنًا فَلَمَّا قَارَبَ الذَّنْبَ بَدَّلَ اللّٰهُ هٰذَا الظُّفُرَ بِالْجِلْدِ وَبَقِیَتْ مِنْهُ بَقِیَّةٌ" فِی الْاَ نَامِلِ لِیَذْکُرَ اَوَّلَ حَالِهٖ فَلَمَّا اَتَمَّ اللّٰهُ تَعَالٰی خَلْقَهُ وَنَفَخَ فِیْهِ الرُّوْحَ وَاَلْبَسَهُ لِبَاسًا مِّنْ لِّبَاسِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَنُوْرُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ یَلْمَعُ فِیْ جَبْهَتِهٖ کَالْقَمَرِ لَیْلَةَ الْبَدْرِ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهٗ فَحَمَلَتْهُ الْمَلٰئِکَةُ عَلٰی اَعْنَاقِهِمْ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی لَهُمْ طُوْفُوْابِهٖ فِی السَّمٰوٰتِ لِیَرٰی عَجَآئِبَهَا مِمَّا فِیْهَا فَیَزْدَادَیَقِیْنًا فَقَالَتِ الْمَلٰٓئِکَةُ رَبَّنَا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا فَحَمَلَتْهُ الْمَلٰئِکَةُ عَلٰی اَعْنَاقِهِمْ وَطَافُوْا فِی السَّمٰوٰتِ مَقْدَارَ مِاَتَیْ عَامٍ ثُمَّ خُلِقَ لَهٗ فَرَسٌ" مِنَ الْمِسْکِ الْاَذْفَرِ یُقَالُ لَهَا مَیْمُوْنَةَ وَلَهَا جَنَاحَانِ مِنَ الدُّرِّوَالْمَرْجَانِ فَرَکِبَ اٰدَمُ وَاَخَذَ جِبْرَائِیْلُ بِلِجَامِهَا وَمِیْکَائِیْلُ عَنْ یَّمِیْنِهٖ وَاِسْرَافِیْلُ عَنْ یَسَارِهٖ وَطَافُوْابِهٖ فِی السَّمٰوٰتِ

انسان کی اسی جلد بازی کو اللہ تعالیٰ نے یوں بیان کیا۔ وکان الانسان عجولا :اور انسان جلد باز ہے۔ اور جب روح آدم علیہ السلام کے پیٹ کو پہنچی تو آپ نے کھانے کی تمنا کی پھر روح آپ کے تمام جسم میں پھیل گئی تو جسم گوشت خون رگیں پٹھے بن گئے تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو ناخن کا لباس پہنایا آپ ہر دن حسن میں بڑھتے رہے یہاں تک کہ آپ سے بھول سرزد ہوئی تو اللہ تعالیٰ نے ناخن کے لباس کو کھال

سے بدل دیا اور ناخن کے لباس سے کچھ انگلیوں کے پوروں پر باقی رکھا تا کہ ان کو اپنی پہلی حالت یاد رہے۔ پھر جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کی تخلیق کو پورا کر کے اس میں روح پھونک دی اور آپ کو جنتی لباس عطا کر دیا تو آپ کی پیشانی میں حضرت محمد ﷺ کا نور مبارک رکھ دیا وہ چودھویں رات کے چاند کی مانند درخشاں تھا۔ پھر آدم علیہ السلام نے اپنے سر کو اٹھایا تو فرشتوں نے اسے اپنی گردنوں پر اٹھا لیا۔ پس اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو فرمایا کہ اسے تمام آسمانوں کی سیر کراؤ تا کہ ان عجائب کو دیکھے جو ان میں ہیں تا کہ اس کا یقین بڑھے پس فرشتوں نے عرض کی اے ہمارے پروردگار ہم نے سنا اور مانا فرشتے آدم علیہ السلام کو دو سال تک آسمانوں کی سیر کرتے رہے پھر ملائکہ نے انہیں اپنی گردنوں پر اٹھا لیا اور دو سو سال تک آسمانوں کی سیر کراتے رہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے تیز خوشبو کستوری سے اس کے لئے گھوڑا پیدا کیا جسے میمونہ کہا جاتا ہے۔ اس گھوڑے کے دو پر مروارید اور مرجان سے تھے جب آدم علیہ السلام اس پر سوار ہوئے تو جبرائیل علیہ السلام نے اس کی باگیں تھامیں میکائیل اس کی دائیں جانب ہو لئے اور اسرافیل اس کی بائیں جانب اور اسے تمام آسمانوں کی سیر کرائی۔

كُلِّهَا وَهُوَ يُسَلِّمُ عَلَى الْمَلٰئِكَةِ فَيَقُوْلُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَاٰدَمُ هٰذِهٖ تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ ذُرِّيَّتِكَ فِيْمَا بَيْنَهُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ باب'' فِيْ تَخْلِيْقِ الْمَلٰئِكَةِ اِعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى خَلَقَ الْمَلٰئِكَةَ اَحَدُهُمْ مِيْكَآئِيْلُ وَثَانِيْهِمْ اِسْرَافِيْلُ وَ ثَالِثُهُمْ جِبْرَآئِيْلُ وَرَابِعُهُمْ عِزْرَائِيْلُ عَلَيْهِمْ

السَّلامُ وَجَعَلَهُمْ سَبَبَ اُمُوْرِ الْخَلاَئِقِ وَتَدْبِيْرَ الْعَالَمِ فَجَعَلَ جِبْرَآئِيْلَ صَاحِبَ الْوَحْيِ وَالرِّسَالَةِ وَمِيْكَآئِيْلَ صَاحِبَ الْاَمْطَارِ وَالْاَرْزَاقِ وَعِزْرَآئِيْلَ قَابِضَ الْاَرْوَاحِ وَاسْرَافِيْلَ صَاحِبَ الْقُرْآنِ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍؓ اِنَّ اِسْرَافِيْلَ سَاَلَ اللّٰهَ اَنْ يُّعْطِيَه' قُوَّةَ سَبْعِ سَمٰوٰتٍ فَاَعْطَاهُ وَقُوَّةَ سَبْعِ اَرْضِيْنَ فَاَعْطَاهُ وَقُوَّةَ الْجِبَالِ فَاَعْطَاهُ وَقُوَّةَ السِّبَاعِ فَاَعْطَاهُ وَقُوَّةَ الثَّقَلَيْنِ فَاَعْطَاهُ وَلَه' اَجْنِحَةٌ'' وَّمِنْ لَّدُنْ قَدَمَيْهِ اِلٰى رَاْسِهٖ شُعُوْرٌ'' مِّنَ الزَّعْفَرَانِ وَفِيْ كُلِّ شَعْرَةٍ اَلْفُ اَلْفِ وَجْهٍ وَّفِيْ كُلِّ وَجْهٍ اَلْفُ اَلْفِ فَمٍ وَّعَلٰى كُلِّ فَمٍ اَلْفُ اَلْفِ لِسَانٍ وَالْاَفْوَاهُ وَالْاَلْسِنَةُ كُلُّهَا

اور آدم علیہ السلام جب ملائکہ کے پاس سے گزرے تو کہتے السلام علیکم اور اس کے جواب میں وہ کہتے کہ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ پس اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے آدم یہ آپ اور آپ کی اولاد کے تمام مومنین کا قیامت تک آپس میں سلام رہے گا۔ باب نمبر 3 (ملائکہ کی پیدائش کے بیان میں) جان لو کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو پیدا فرمایا ایک ان میں میکائیل دوسرے اسرافیل تیسرے جبرائیل اور چوتھے عزرائیل علیہم السلام اور ان چاروں کو مخلوق کے امور اور عالم کی تدبیر کا سبب کیا۔ پس جبرائیل کو صاحب وحی و پیغام کیا اور میکائیل کے ذمہ بارش اور رزق کیا اور عزائیل کو ارواح قبض کرنے پر مامور کیا۔ اسرافیل کے ذمہ قیامت کو صور پھونکنا کیا

پھونکنا کیا اسرافیل کی قوت کا بیان حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ اسرافیل علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے ساتوں آسمانوں کا زور مانگا تو اسے عطا کیا گیا ساتوں زمینوں کا زور مانگا تو اسے عطا کیا گیا۔ اور پہاڑوں کی قوت مانگی تو اسے دی گئی اور اس نے سب درندوں کی قوت مانگی تو اسے دی گی، اور اس نے جن وانس کے برابر زور مانگا تو اسے عطا کیا گیا اور اس کے بازو ہیں اور قدموں سے سر تک زعفران کے بال ہیں اور ایک بال میں ہزار ہزار (دس لاکھ) چہرے ہیں اور ہر چہرے میں ہزار ہزار (دس لاکھ) منہ ہیں اور ہر منہ میں ہزار ہزار (دس لاکھ) زبانیں ہیں اور سب منہ اور سب زبانیں بالوں میں پوشیدہ ہیں۔

مُغطَّاۃٌ بِالْاَجْنِحَةِ يُسَبِّحُ اللّٰهَ تَعَالٰى بِكُلِّ لِسَانٍ بِاَلْفِ اَلْفِ لُغَةٍ وَّيَخْلُقُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْ كُلِّ نَفَسٍ مَّلَكًا يُسَبِّحُوْنَ اللّٰهَ تَعَالٰى اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمُ الْمَلٰئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ وَحَمَلَةُ الْعَرْشِ وَكِرَامُ الْكَاتِبِيْنَ وَهُمْ عَلٰى صُوْرَةِ اِسْرَافِيْلَ وَيَنْظُرُ اِسْرَافِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ اِلٰى جَهَنَّمَ فَيَذُوْبُ جِسْمُهٗ وَيَصِيْرُ كَوَتَرِ الْقَوْسِ وَيَبْكِيْ وَيَتَضَرَّعُ وَلَوْ لَآ اَنَّ اللّٰهَ مَنَعَ بُكَاۗءَهٗ وَدُمُوْعَهٗ لَاَمْتَلَاَتِ الْاَرْضُ بِدُمُوْعِهٖ وَيَصِيْرُ الدُّنْيَا كَطُوْفَانِ نُوْحٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَلَوْ اَنَّ دُمُوْعَهٗ اُرْسِلَتْ عَلٰى اَهْلِ الدُّنْيَا لَغَرِقَتْ اَهْلُ الدُّنْيَا كَمَا غَرِقُوْا فِي الطُّوْفَانِ وَمِنْ عَظَمَتِهٖ اَنَّهٗ لَوْ صُبَّ مَآءُ جَمِيْعِ الْبُحُوْرِ وَالْاَنْهَارِ عَلٰى رَاْسِهٖ مَاوَقَعَتْ قَطْرَةٌ عَلَى الْاَرْضِ وَاَمَّا مِيْكَآئِيْلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَخَلَقَهُ اللّٰهُ

تَعَالٰی بَعْدَ اِسْرَافِیْلَ بِخَمْسَمِائَةِ عَامٍ وَّمِنْ رَّاْسِهٖ اِلٰی قَدَمِهٖ شُعُوْرٌ" مِّنَ الزَّعْفَرَانِ وَاَجْنِحَةٌ" مِّنَ الزَّبَرْجَدِ وَعَلٰی کُلِّ شَعْرٍ اَلْفِ اَلْفُ وَجْهٍ وَّفِیْ کُلِّ وَجْهٍ اَلْفُ اَلْفِ عَیْنٍ وَّفَمٍ وَفِیْ کُلِّ فَمٍ اَلْفُ اَلْفِ لِسَانٍ وَّعَلٰی کُلِّ لِسَانٍ اَلْفُ اَلْفِ لُغَةٍ وَّ

وہ ہر زبان سے ہزار ہزار لغات میں اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ اسرافیل کے ہر سانس سے فرشتہ پیدا فرماتا ہے وہ فرشتے قیامت تک اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتے رہیں گے اور وہ مقرب ملائکہ عرش اٹھانے والے اور کرام الکاتبین ہیں اور وہ سب اسرافیل کی صورت پر ہیں (**اسرافیل علیہ السلام کا جہنم کے خوف سے پگھلنا**) اور اسرافیل علیہ السلام ہر دن تین بار جہنم کی جانب دیکھتا ہے۔ جس کے سبب اس کا جسم پگھلتا ہے اور کمان کی تانت کے مانند ہو جاتا ہے اور وہ روتا اور زاری کرتا ہے اور اگر اللہ تعالیٰ اس کے رونے اور آنسوؤں کو نہ روکے تو روئے زمین اس کے آنسوؤں سے بھر جائے اور دنیا پر نوح علیہ السلام کے طوفان جیسا طوفان آ جائے اور اگر آنسو دنیا پر چھوڑے جائیں تو اہل دنیا اس میں غرق ہو جائیں جس طرح نوح علیہ السلام کے طوفان میں غرق ہوئے تھے اور اسرافیل علیہ السلام کا جسم اس قدر بڑا ہے کہ اگر سب دریاؤں اور نہروں کا پانی اس کے سر پر ڈالا جائے تو ایک قطرہ بھی زمین پر نہ گرے اور اسرافیل کے بعد پانچ سو برس اللہ تعالیٰ نے میکائیل کو پیدا فرمایا اور اس کے سر سے قدموں تک زعفران کے بال ہیں اور اس کے پر زبر

جد کے ہیں اور ہر بال پر ہزار ہزار چہرے ہیں اور ہر چہرہ میں ہزار ہزار آنکھیں اور منہ ہیں اور ہر چہرہ میں ہزار ہزار زبانیں ہیں اور ہر زبان سے ہزار ہزار لغات بول سکتا ہے۔

بِكُلِّ عَيْنٍ يَّبْكِيْ رَحْمَةً عَلَى الْمُذْنِبِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَبِكُلِّ لِسَانٍ يَّسْتَغْفِرُ اللّٰهَ تَعَالٰى وَيَقْطُرُ مِنْ كُلِّ عَيْنٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ قَطْرَةٍ فَيَخْلُقُ اللّٰهُ مِنْ كُلِّ قَطْرَةٍ مَّلَكًا عَلٰى صُوْرَةِ مِيْكَآئِيْلَ يُسَبِّحُوْنَ اللّٰهَ تَعَالٰى اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَاَسْمَاؤُ هُمْ رُوْحَانِيُّوْنَ وَاَمَّا صُوْرَةُ مَلَكِ الْمَوْتِ فَمِثْلُ صُوْرَةِ اِسْرَافِيْلَ فِيْ الْوُجُوْهِ وَالْاَلْسِنَةِ وَالْاَجْنِحَةِ بَاب" فِيْ تَخْلِيْقِ الْمَوْتِ قَدْ جَآءَ فِي الْخَبَرِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالَى الْمَوْةَ حَجَبَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنَ الْخَلَآئِقِ بِاَلْفِ اَلْفِ حِجَابٍ وَّعَظْمَتُهٗ اَكْبَرُ مِنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِيْنَ وَلَقَدْ شُدَّ بِسَبْعِيْنَ اَلْفَ سِلْسِلَةٍ طُوْلُ كُلِّ سِلْسِلَةٍ مَّيْسَرَةُ اَلْفَ عَامٍ لَا يُقَرِّبُوْنَهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَلَا يَعْلَمُوْنَ مَكَانَهٗ وَيَسْمَعُوْنَ صَوْتَهٗ مِنْ كُلِّ حَوْلٍ وَّلَا يَدْرُوْنَ مَاهُوَ اِلٰى وَقْتِ اٰدم فَلَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى اٰدَمَ وَسَلَّطَ مَلَكَ الْمَوْتِ عَلَيْهِ فَقَالَ مَلَكُ الْمَوْتِ يَارَبِّ مَاالْمَوْتُ فَاَمَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى الْحُجُبَ اَنْ تَنْكَشِفَ فَانْكَشَفَتْ حَتّٰى رَاٰهُ مَلَكُ الْمَوْةِ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى

اور وہ ہر آنکھ سے گنہگار مومنین پر رحمت کے سبب روتا ہے اور ہر زبان کے

ساتھ وہ ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے استغفار کرتا ہے اور ہر آنکھ سے ستر ہزار آنسوؤں کے قطرے بہاتا ہے اللہ تعالیٰ ہر قطرہ سے ایک فرشتہ میکائیل کی صورت پر پیدا فرماتا ہے۔ وہ سب فرشتے قیامت تک اللہ تعالیٰ کی تسبیح بیان کرتے رہیں گے۔ اور ان کے نام روحانیوں ہے اور بہر حال ملک الموت کی صورت چہروں اور زبانون اور پروں کے اعتبار سے اسرافیل جیسی ہے۔ **باب نمبر 4 (موت کی تخلیق میں)** حدیث مرفوع میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے جب موت کو پیدا فرمایا تو اسے ہزار ہزار (دس لاکھ) پردوں میں مخلوق سے پوشیدہ رکھا اور ہر پردے کی موٹائی سب آسمانوں اور زمینوں سے بڑی تھی اور موت کو ستر ہزار زنجیروں سے باندھ رکھا ہر زنجیر کی لمبائی ایک ہزار سال چلنے کی مسافت تھی۔ ملائکہ اس کے قریب نہ جاسکتے اور نہ اس کی جگہ جانتے اور اس کی آواز ہر طرف سے سنتے تھے اور یہ نہیں جانتے تھے کہ وہ کیا چیز ہے آدم علیہ السلام کی پیدائش تک یوں ہی رہا پھر جب اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور ملک الموت کے ذمہ اس کی موت کی تو ملک الموت نے عرض کیا اے پروردگار موت کیا ہے؟ **(اللہ تعالیٰ کا موت سے پردوں کو ہٹانا)** پس اللہ تعالیٰ نے پردوں کو موت سے کھلنے کا حکم دیا پردے کھل گئے یہاں تک کہ ملک الموت نے موت کو دیکھ لیا۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرشتوں کو فرمایا کہ کھڑے ہو جاؤ اور موت کی طرف دیکھو تو سب کے سب فرشتوں نے کھڑے ہو کر موت کو دیکھا۔

لِلْمَلٰئِكَةِ قِفُوْا وَانْظُرُوْا اِلَى الْمَوْتِ فَوَقَفَتِ الْمَلٰئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ وَقَالَ لِلْمَوْتِ طِرْ عَلَيْهِمْ بِالْاَجْنِحَةِ كُلِّهَا وَافْتَحْ اَعْيُنَكَ كُلَّهَا فَلَمَّا

طَارَالْمَوْتُ وَ نَظَرَتِ الْمَلٰئِكَةُ فَخَرَّتْ كُلُّهُمْ مُغْشِيًّا عَلَيْهِ اَلْفَىْ عَامٍ فَلَمَّا اَفَاقُوْا قَالُوْا رَبَّنَا اَخَلَقْتَ اَعْظَمَ مِنْ هٰذَا خَلْقًا فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنَا خَلَقْتُه' وَ اَنَا اَعْظَمُ مِنْهُ وَقَدْيَذُوْقُ مِنْهُ كُلُّ خَلْقٍ وَّقَالَ سُبْحَانَه' وَتَعَالٰى يَاعَزْرَائِيْلُ قَدْ سَلَّطْتُكَ عَلَيْهِ فَقَالَ يَااِلٰهِىْ بِاَىِّ قُوَّةٍ اٰخُذُه' فَاِنَّه' عَظِيْم " فَاَعْطَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى قُوَّةً ثُمَّ اَخَذَه' مَلَكُ الْمَوْتِ فَسَكَنَ الْمَوْتُ فَقَالَ الْمَوْتُ يَارَبِّ ائْذَنْ لِّىْ حَتّٰى اُنَادِىَ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ مَرَّةً ثُمَّ اَذَّنَ لَه' فَنَادَى الْمَوْتُ بِاَعْلٰى صَوْتٍ اَنَا الْمَوْتُ الَّذِىْ اُفَرِّقُ بَيْنَ كُلِّ حَبِيْبٍ اَنَا الْمَوْتُ الَّذِىْ اُفَرِّقُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجَتِهٖ اَنَا الْمَوْتُ الَّذِىْ اُفَرِّقُ بَيْنَ الْبَنَاتِ وَالْاُمَّهَاتِ اَنَا الْمَوْتُ الَّذِىْ اُفَرِّقُ بَيْنَ الْاَبْنَآءِ وَالْاٰبَآءِ اَنَاالْمَوْتُ الَّذِىْ اُفَرِّقُ بَيْنَ الْقَوِىِّ وَالضَّعِيْفِ مِنْ بَنِىْ آدَمَ اَنَا الْمَوْتُ الَّذِىْ اُفَرِّقُ بَيْنَ الْاَخَوَاتِ وَالْاِخْوَانِ اَنَا الْمَوْتُ الَّذِىْ اُخَرِّبُ الدُّوْرَ وَالْقُصُوْرَ اَنَا الْمَوْتُ

اور اللہ نے موت کو حکم دیا کہ ان فرشتوں پر اپنے تمام پروں کے ساتھ اڑ اور آنکھوں کو پوری طرح کھول پس جب موت نے پوری قوت کے ساتھ پرواز کی اور ملائکہ نے اسے دیکھا تو سب بے ہوش ہو کر گر پڑے دو ہزار برس تک ان پر غشی طاری رہی پھر جب انہیں افاقہ ہوا تو عرض کی اے ہمارے پروردگار کیا تو نے کوئی چیز اس موت سے بڑی بھی پیدا کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میں نے اسے پیدا کیا اور میں اس سے بہت بڑا ہوں اور مخلوق سے ہر ایک نے اس موت کا ذائقہ چکھنا ہے اور اللہ سبحانہ تعالیٰ نے

فرمایا اے عزرائیل میں نے تجھے اس موت پر قدرت دی تب اس نے عرض کی یا الٰہی کس قوت سے میں اس پر قابو پاؤں گا پس بے شک وہ تو بہت ہی بڑی ہے پھر جب اللہ تعالیٰ نے اسے قوت عطا کی اور ملک الموت نے موت پر قابو پالیا تو ساکن ہوگئی تب موت نے عرض کی اے پروردگار مجھے اذن دے تاکہ میں آسمان اور زمین میں ایک بار نداء کرلوں پھر اللہ تعالیٰ نے اسے اذن دیا **(موت کا آسمان اور زمین میں ندا کرنا)** تو موت نے باواز بلند ندا دی کہ میں وہ موت ہوں کہ پیاروں کے درمیان جدائی کر دیتی ہوں اور میں وہ موت ہوں کہ شوہر اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی کر دیتی ہوں اور میں وہ موت ہوں جو بیٹیوں اور ماؤں کے درمیان جدائی کر دیتی ہوں اور میں وہ موت ہوں جو بیٹوں اور باپوں کے درمیان جدائی کر دیتی ہوں اور میں وہ موت ہوں جو بنی آدم کے قوی اور ضعیف کسی سے نہیں ٹلتی ہوں اور میں وہ موت ہوں کہ بنی آدم کے بھائیوں کے بھائی چارے توڑ دیتی ہوں اور میں گھروں اور شہروں کو ویران کر دیتی ہوں۔

**اَلَّذِیْ اُهْلِكُكُمْ وَلَوْ كُنْتُمْ فِیْ بُرُوْجٍ مُّشَیَّدَةٍ ط وَلَمْ یَبْقَ مَخْلُوْق '' اِلَّا یَذُوْقُ مِنِّیْ فَاِذَا نَزَلَ الْمَوْتُ عَلٰی اَحَدٍ قَامَ بَیْنَ یَدَیْهِ عَلٰی صُوْرَتِهٖ ثُمَّ تَقُوْلُ النَّفْسُ مَنْ اَنْتَ وَمَا تُرِیْدُ قَالَ اَنَا الْمَوْتُ الَّذِیْ اُخْرِجُكَ مِنَ الدُّنْیَا وَاَجْعَلُ اَوْلَادَكَ یَتِیْمًا وَّ زَوْجَتَكَ اَرْمَلَةً وَّمَا لَكَ مَوْرُوْثًا بَیْنَ وَرَثَتِكَ الَّتِیْ لَا تُحِبُّهُمْ وَلَا یُحِبُّوْنَكَ فِیْ حَالِ حَیٰوتِكَ فَاِنْ تَقَدَّمَ لِنَفْسِكَ خَیْرًا اَلْیَوْمَ جَآءَتْ اِلَیْكَ وَلَمْ یَنْفَعْكَ الْخَیْرُ**

بَعْدَکَ فَاِنْ سَمِعَتِ النَّفْسُ مِنَ الْمَوْتِ حَوَّلَ وَجْهَهٗ اِلَی الْحَائِطِ فَتَرٰی الْمَوْتَ قَآئِمًا بَیْنَ یَدَیْهَا فَتُحَوِّلُ وَجْهَهَا اِلَی الْجَانِبِ الْاُخْرٰی فَتَرَی الْمَوْتَ قَآئِمًا بَیْنَ یَدَیْهَا فَقَالَ الْمَوْتُ اَلَمْ تَعْرِفُنِیْ اَنَا الْمَوْتُ الَّذِیْ قَبَضْتُ رُوْحَ وَالِدَیْکَ وَاَنْتَ تَنْظُرُ اِلَیْهِمَا وَلَمْ تَنْفَعُهُمَا اَلْیَوْمَ اٰخُذُ رُوْحَکَ حَتّٰی یَنْظُرَ اَوْلَادُکَ اِلَیْکَ وَلَمْ یَنْفَعُوْنَکَ وَاَنَا الْمَوْتُ الَّذِیْ قَدْ اَفْنَیْتُ الْقُرُوْنَ الْمَاضِیَةَ قَدْ کَانَتْ اَکْثَرُ قُوَّةً مِّنْکَ ثُمَّ یَقُوْلُ لَهُ الْمَوْتُ وَکَیْفَ رَاَیْتَهَا الدُّنْیَا فَیَقُوْلُ رَاَیْتُهَا غَدَّارَةً مَّکَّارَةً ثُمَّ یَخْلُقُ اللّٰهُ تَعَالٰی الدُّنْیَا

اور میں وہ موت ہوں کہ تمہیں ہلاک کر دیتی ہوں اگر چہ تم مضبوط قلعوں میں ہو اور مخلوق میں سے کوئی بھی میرا ذائقہ چکھنے سے نہیں بچتا (**مرنے والے کو ہر طرف سے موت کا نظر آنا**) پس جب کسی کی موت کا وقت ہو تو اپنی صورت میں اس کے سامنے کھڑی ہو جاتی ہے پھر وہ جان پوچھتی ہے تو کون ہے اور کیا چاہتی ہے تب وہ کہتی ہے میں وہ موت ہوں کہ تجھے دنیا سے نکال لوں گی اور تیری اولاد کو یتیم کر دوں گی اور تیری بیوی کو بیوہ کر دوں گی اور تیرا مال تیرے ورثا کے درمیان میراث کر دوں گی۔ جن کو تو دنیا کی زندگی میں پسند نہیں کرتا تھا اور نہ وہ تجھے پسند کرتے تھے پس اگر تو نے اپنے لئے کچھ آگے بھیجا تو آج تجھے پہنچے گا اور پیچھے چھوڑا ہوا تیرے بعد تجھے فائدہ نہ دے گا پس جب قریب المرگ جان موت کا کلام سنتی ہے تو اپنا چہرہ اس سے موڑ کر دیوار کی طرف کر لیتی ہے تو موت کو اس جانب اپنے سامنے پاتی ہے اور اپنا رخ

دوسری جانب کرتی ہے پس موت کو اس طرف اپنے سامنے کھڑی دیکھتی ہے پھر موت اسے کہتی ہے کیا تو مجھے پہچانتا نہیں میں وہی موت ہوں جس نے تیرے والدین کی روح تیری آنکھوں کے سامنے قبض کی اور تو انہیں بچا نہ سکا آج میں تیری روح قبض کرتی ہوں دریں حال کہ تیری اولاد تجھے دیکھتی ہوگی اور تجھے کچھ فائدہ نہ دیگی اور میں وہ موت ہوں جس نے گذشتہ زمانے کے لوگوں کو نہ چھوڑا حالانکہ وہ تجھ سے قوی تھے پھر موت اس سے پوچھتی ہے تو نے دنیا کو کیسا پایا وہ شخص کہتا ہے میں نے اسے غدارہ اور مکارہ پایا ہے (**دنیا بوڑھی عورت کی صورت میں**) **پھر اللہ تعالیٰ دنیا کو بوڑھی** عورت کی صورت میں اس مرنے والے کے سامنے پیش کرتا ہے۔

**عَلٰی صُوْرَةِ عَجُوزَةٍ فَتَقُوْلُ الدُّنْیَا یَاعَاصِیُ اَمَا تَسْتَحْیِیْ اَنْتَ اَذْنَبْتَ فِیَّ وَ لَمْ تَمْنَعْ عَنِ الْمَعَاصِیْ اِنَّکَ طَلَبْتَنِیْ وَاَنَا مَا طَلَبْتُکَ حَتّٰی اِنَّکَ لَاتُفَرِّقُ الْحَلَالَ مِنَ الْحَرَامِ ظَنَنْتَ اِنَّکَ لَا تُفَارِقُ الدُّنْیَا فَاَنَا بَرِیْیٌ ءٌ مِّنْکَ وَمِنْ عَمَلِکَ وَیَرٰی مَالَهٗ قَدْ وَقَعَ فِیْ یَدِغَیْرِهٖ فَیَقُوْلُ الْمَالُ یَاعَاصِیُ اِنَّکَ قَدْ کَسَبْتَنِیْ بِغَیْرِ حَقٍّ وَّلَا تَصَدَّقْتَنِیْ عَلَی الْفُقَرَاءِ وَالْمَسٰکِیْنَ الْیَوْمَ وَقَعْتُ فِیْ یَدِ غَیْرِکَ وَهُوَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی یَوْمَ لَا یَنْفَعُ مَالٌ'' وَّلَا بَنُوْنَ اِلَّا مَنْ اَتَی اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِیْمٍ ط فَیَقُوْلُ یَارَبِّ ارْجِعْنِیْ لَعَلِّیْ اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَکْتُ فَیَقُوْلُ تَعَالٰی اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا یَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّلَا یَسْتَقْدِمُوْنَ وَلَنْ یُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ اَجَلُهَا ثُمَّ اَخَذَ رُوْحَهٗ اِنْ کَانَ مُؤْمِنًا فَعَلَی السَّعَادَةِ**

maktabah.org

وَاِنْ كَانَ مُنَافِقًا فَعَلَى الشَّقَاوَةِ وَهُوَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی كَلَّا اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِىْ عِلِّيِّيْنَ كَلَّا اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِىْ سِجِّيْنٍ بَابٌ ''۵ فِىْ ذِكْرِ مَلَكِ الْمَوْتِ اِنَّهٗ كَيْفَ يَاْخُذُ الْاَرْوَاحَ ذُكِرَ فِىْ كِتٰبِ السَّلْوٰى عَنْ مُقَاتِلِ ابْنِ

اور وہ اسے کہتی ہے اے عاصی تو شرم نہیں کرتا تھا تو میری طلب میں گناہ میں مبتلا ہو جاتا تھا اور گناہوں سے باز نہیں رہتا تھا تو نے مجھے طلب کیا میں نے تجھے طلب نہ کیا یہاں تک کہ تو حلال و حرام میں تمیز نہ کرتا تیرا گمان تھا کہ تو دنیا سے جدا نہ ہوگا پس اب میں تجھ سے اور تیرے عمل سے بیزار ہوں اور وہ اپنے مال کو دوسروں کے ہاتھوں جاتا دیکھتا ہے تب اس کا مال اسے کہتا ہے اے گناہ میں مبتلا ہونے والے تو نے مجھے ناجائز طریقہ سے حاصل کیا اور فقیروں مسکینوں پر خرچ نہ کیا آج میں تیرے غیر کے ہاتھ جا رہا ہوں اس پر اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد شاہد ہے۔ يوم لا ينفع مال ولا بنون الا من اتى الله بقلب سليم ۔آج کے دن نہ نفع دے گا مال اور نہ اولاد مگر وہ جو کہ (بدعقیدگی اور گناہ سے) محفوظ دل کے ساتھ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوا بدکاروں کا دوبارہ دنیا میں آنے کی آرزو کرنا پھر وہ شخص کہے گا اے میرے پروردگار مجھے دنیا میں ایک بار پھر لوٹا شاید میں اچھے کام کرلوں جو پہلے نہ کر سکا۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جب انسانوں کی موت کا وقت آتا ہے تو وہ ایک گھڑی بھی اس کو پیچھے یا آگے نہیں کر سکتے اور اللہ ہرگز کسی جان کو مہلت نہیں دیتا جب اس کی موت کا معینہ وقت آ جائے پھر ملک الموت اس کی روح قبض کرتا ہے اگر مرنے والا مومن ہو تو خوشخبری پر مرتا ہے اور اگر

منافق ہوتو بدبختی پر جیسا کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے ۔ كلا ان كتب الابرار لفی علیین ط كلا ان كتب الفجار لفی سجین حق ہے کہ تحقیق نیکوں کا اعمال نامہ میں علیین ہے حق ہے کہ بدکاروں کا اعمالنامہ سجین میں ہے۔ **باب نمبر ۵ ( ملک الموت کے روح نکالنے میں )** مقاتل بن سلیمان رحمتہ اللہ علیہ کی کتاب سلوی میں ہے کہ

**سُلَيْمَانَ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنَّ مَلَكَ الْمَوْةِ كَانَ لَهٗ سَرِيْرٌ فِي السَّمَآءِ السَّابِعَةِ وَيُقَالُ فِي السَّمَآءِ الرَّابِعَةِ خَلَقَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْ نُوْرٍ وَّلَهٗ سَبْعُوْنَ اَلْفَ قَآئِمَةٍ وَلَهٗ اَرْبَعَةُ اَجْنِحَةٍ مَّمْلُوٌّ جَمِيْعُ جَسَدِهٖ بِالْعُيُوْنِ وَالْاَ لْسِنَةِ بِقَدْرِ خَلْقِهٖ مِنَ الْاٰدَمِيِّ وَالطُّيُوْرِ وَالسِّبَاعِ وَلَيْسَ اَحَدٌ مِّنْ هٰذِهِ الْمَخْلُوْقَاتِ مِّنَ الْاٰدَمِيِّ وَالطُّيُوْرِ وَالْوُحُوْشِ وَكُلِّ ذِيْ رُوْحٍ اِلَّا وَلَهٗ فِيْ جَسَدِهٖ وَجْهٌ وَّعَيْنٌ وَّيَدٌ بِعَدَدِهِمْ فَيَاْخُذُ رُوْحَهٗ بِذٰلِكَ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ مَلَكَ الْمَوْةِ لَهٗ سِتَّةُ اَوْجُهٍ وَّجْهٌ بَيْنَ يَدَيْهِ وَوَجْهٌ وَّرَآءَ ظَهْرِهٖ وَوَجْهٌ عَنْ يَمِيْنِهٖ وَوَجْهٌ عَنْ يَّسَارِهٖ وَوَجْهٌ عَلٰى رَاْسِهٖ وَوَجْهٌ تَحْتَ قَدَمَيْهِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَ تِلْكَ الْوُجُوْهُ فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا الْوَجْهُ الَّذِيْ عَنْ يَمِيْنِهٖ فَيَقْبِضُ بِهٖ اَرْوَاحَ اَهْلِ الْمَشْرِقِ وَاَمَّا الْوَجْهُ الَّذِيْ عَنْ يَسَارِهٖ فَيَقْبِضُ بِهٖ اَرْوَاحَ اَهْلِ الْمَشْرِقِ وَاَمَّا الْوَجْهُ الَّذِيْ عَنْ يَّسَارِهٖ فَيَقْبِضُ بِهٖ اَرْوَاحَ اَهْلِ الْمَغْرِبِ وَاَمَّا الْوَجْهُ الَّذِيْ**

maktabah.com

وَرَآءَ ظَهْرِهٖ فَيَقْبِضُ بِهٖ اَرْوَاحَ اَهْلِ الْكَبَآئِرِ وَاَهْلِ النَّارِ وَاَمَّا الْوَجْهُ الَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ فَیَقْبِضُ بِهٖ اَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ مِنْ اُمَّتِیْ وَاَمَّا الْوَجْهُ الَّذِیْ

بے شک ملک الموت کے لئے ساتویں آسمان میں تخت ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ چوتھے آسمان میں ہے جسے اللہ تعالیٰ نے نور سے بنایا ہے جس کے ستر ہزار پائے ہیں اور ملک الموت کے چار پر ہیں اور اس کا تمام جسم پروں سے بھرا ہوا ہے اور اس کی زبانیں بقدر تمام مخلوق آدمیوں اور پرندوں اور درندوں کے ہیں اور نہیں کوئی ایک بھی اس مخلوقات میں سے آدمیوں اور پرندوں اور وحشیوں سے اور تمام ذی روح سے مگر ان سب کے بقدر ملک الموت کے جسم میں چہرے آنکھیں اور ہاتھ ہیں تو ان کی روح ان کے ساتھ قبض کرتا ہے اور نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تحقیق ملک الموت کے چھ چہرے ہیں ایک چہرہ اس کے سامنے ہے اور ایک چہرہ اس کی پیٹھ کی طرف ہے اور ایک چہرہ اس کے سر پر ہے اور ایک چہرہ اس کے قدموں کے نیچے ہے عرض کیا گیا یا رسول اللہ ملک الموت کے اتنے چہرے کس لئے ہیں؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ چہرہ جو دائیں طرف ہے اس سے وہ اہل مشرق کی روح قبض کرنے پر متوجہ ہوتا ہے اور وہ چہرہ جو بائیں جانب ہے اس سے وہ اہل مغرب کی ارواح قبض کرنے کو متوجہ ہوتا ہے اور جو چہرہ اس کی پیٹھ پیچھے ہے اس سے اہل کبائر اور اہل دوزخ کی روحیں نکالنے کو متوجہ ہوتا ہے اور وہ چہرہ جو سامنے کی طرف ہے اس سے وہ میری امت کے مومنین و مومنات کی روحیں نکالنے کو متوجہ ہوتا ہے اور وہ چہرہ

عَلٰی رَاْسِہٖ فَیَقْبِضُ بِہٖ اَرْوَاحَ اَھْلِ السَّمَآءِ وَاَمَّا اَلْوَجْہُ الَّذِیْ تَحْتَ قَدَمَیْہِ فَیَقْبِضُ اَرْوَاحَ الْجِنِّ وَقَالَ فَیَاخُذُ بِتِلْکَ الْیَدِرُوْحَہٗ وَیَنْظُرُ بَالْوَجْہِ الَّذِیْ یُحَاذِیْہِ وَکَذٰلِکَ یَقْبِضُ بِہٖ اَرْوَاحَ الْمَخْلُوْقِیْنَ فِیْ کُلِّ مَکَانٍ فَاِذَا مَاتَتْ نَفْسُ اَحَدٍ فِی الدُّنْیَا ذَھَبَ عَیْنٌ" مِّنْ جَسَدِہٖ وَیُقَالُ اِنَّ لَہٗ اَرْبَعَۃَ اَوْجُہٍ اَلْاَوَّلُ مِنْ قُدَّامِہٖ وَالثَّانِیْ عَلٰی رَاْسِہٖ وَالثَّالِثُ عَلٰی ظَھْرِہٖ وَالرَّابِعُ تَحْتَ قَدَمَیْہِ فَیَاخُذُ اَرْوَاحَ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ مِنَ الْوَجْہِ الَّذِیْ عَلٰی رَاْسِہٖ وَا لْاَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنَ الْوَجْہِ الَّذِیْ مِنْ قُدَّامِہٖ وَاَرْوَاحَ الْکٰفِرِیْنَ مِنَ الْوَجْہِ الَّذِیْ وَرَآءَ ظَھْرِہٖ وَاَرْوَاحَ الشَّیٰطِیْنِ وَالْجِنِّ مِنَ الْوَجْہِ الَّذِیْ تَحْتَ قَدَمَیْہِ وَاِحْدٰی رِجْلَیْہِ عَلٰی جِسْرِ جَھَنَّمَ وَالْاُخْرٰی عَلٰی سَرِیْرِا لْجَنَّۃِ وَیُقَالُ مِنْ عَظْمَتِہٖ لَوْ صُبَّ مَآءُ جَمِیْعِ الْبُحُوْرِ وَالْاَنْھَارِ عَلٰی رَاْسِ مَلَکِ الْمَوْتِ مَا وَقَعَتْ قَطْرَۃٌ" عَلَی الْاَرْضِ وَیُقَالُ اِنَّ الدُّنْیَا بَاَسْرِھَا فِیْ جَنْبِ مَلَکِ الْمَوْتِ کَخِوَانٍ قَدْوُضِعَ عَلَیْہِ کُلُّ شَیْءٍ وَوُضِعَ بَیْنَ یَدَیْ رَجُلٍ لِیَاکُلَہٗ فَیَاکُلُ مَاشَاءَ فَکَذٰلِکَ مَلَکُ الْمَوْتِ فِی الْخَلَائِقِ وَیُقَلِّبُ مَلَکُ الْمَوْتِ الدُّنْیَا

جو اس کے سر پر ہے اس سے وہ آسمان والوں کی روحیں قبض کرنے کو متوجہ ہوتا ہے اور وہ چہرہ جو اس کے قدموں کی طرف ہے اس جنات کی روحیں نکالنے کو رخ کرتا ہے۔ اور حضور علیہ ﷺ نے فرمایا ملک الموت اس ہاتھ سے روح قبض کرتا ہے اور اس چہرے

marfat.com

سے دیکھتا ہے جو روح کے محاذی ہو اور ایسے ہی مخلوق کی ارواح ہر جگہ قبض کرتا ہے تو مخلوق میں سے جب کوئی دنیا سے فوت ہو جائے تو ملک الموت کی بھی ایک آنکھ جسم سے چلی جاتی ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ ملک الموت کے چار چہرے ہیں ایک اس کے سامنے اور دوسرا اس کے سر پر اور تیسرا اس کی پیٹھ کی طرف اور چوتھا اس کے قدموں کے نیچے۔ پس انبیاء علیہم السلام اور ملائکہ کی روحیں قبض کرتے ہوئے اس چہرہ سے متوجہ ہوتا ہے جو اس کے سر پر ہے اور مومنین کی ارواح قبض کرتے ہوئے اس چہرہ سے متوجہ ہوتا ہے جو اس کے سامنے ہے اور جب کفار کی روحیں نکالتا ہے تو اس چہرہ سے دیکھتا ہے جو اس کی پیٹھ کی طرف ہے اور جب شیطانوں اور سرکش جنوں کی روحیں نکالتا ہے تو اس چہرے سے دیکھتا ہے جو اس کے قدموں کے نیچے ہے اور موت کے فرشتے کا ایک پاؤں دوزخ کے پل پر ہے اور دوسرا جنت کے تخت پر (**ملک الموت کی جسامت کی وسعت**) اور ملک الموت کی جسامت اس قدر بڑی ہے کہ اگر تمام دریاؤں اور نہروں کا پانی اس کے سر پر ڈالا جائے تو ایک قطرہ بھی زمین پر نہ گر سکے۔ اور بیان کیا گیا ہے کہ تمام دنیا ملک الموت کے پہلو میں اس دسترخوان کی طرح ہے جس پر ہر قسم کے کھانے رکھے جائیں اور وہ دسترخوان ایک شخص کے آگے رکھا جائے تا کہ وہ اس سے کھائے تو اس نے کھایا جو چاہا پس ایسے ہی ملک الموت کی مثال تمام مخلوق میں ہے اور ملک الموت دنیا کو اپنی ہتھیلی میں ایسے گماتا ہے جیسے کوئی آدمی درہم کو اپنی ہتھیلی میں گھماتا ہے اور کہا گیا ہے کہ ملک الموت

فِیْ رَاحَتِهٖ كَمَا يُقَلِّبُ الرَّجُلُ دِرْهَمًا وَّيُقَالُ لَا يَنْزِلُ مَلَكُ الْمَوْتِ اِلَّا

اِلَی الْاَنْبِیَآءِ وَالرُّسُلِ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ وَلَه' لِقَبْضِ اَرْوَاحِ السِّبَاعِ وَالْبَهَآئِمِ اَعْوَان" "وَّیُقَالُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی اِذَا اَفْنَی الْخَلْقَ کُلَّه' مِنَ النَّاسِ وَغَیْرِهٖ یَطْمِسُ الْعُیُوْنُ الَّتِیْ عَلٰی جَسَدِ مَلَکِ الْمَوْةِ کُلِّهَا وَیُبْقِی ثَمَانِیَة" لِثَمَانِیَةٍ یُقَالُ هِیَ جِبْرَائِیْلُ وَاِسْرَافِیْلُ وَعِزْرَائِیْلُ وَمِیْکَائِیْلُ وَاَرْبَعَةٍ مِنْ حَمَلَةِ الْعَرْشِ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ وَاَمَّا مَعْرِفَةُ اِنْتِهَآءِ الْاٰجَالِ فَیُقَالُ اَنَّ مَلَکَ الْمَوْةِ اِذَارُفِعَ اِلَیْهِ نُسْخَةُ الْمَوْةِ وَالْمَرَضِ یَقُوْلُ اِلٰهِیْ وَسَیِّدِیْ مَتٰی اَقْبِضُ رُوْحَ الْعَبْدِ وَعَلٰی اَیِّ حَالٍ وَهَیْئَةٍ اَرْفَعُ یَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی یَا مَلَکَ الْمَوْةِ هٰذَا عِلْمُ غَیْبِیْ لَا یَطَّلِعُ عَلَیْهِ اَحَد" غَیْرِیْ وَلٰکِنْ اُعَلِّمُکَ اِذَا جَآءَ وَقْتُه' وَاَجْعَلُ لَکَ عَلَامَاتٍ تَقِفُ عَلَیْهِ هِیَ وَاَنَّ الْمَلَکَ الَّذِیْ هُوَ مُوَکَّل "عَلَی الْاَنْفَاسِ یَاتِیْ اِلَیْکَ فَیَقُوْلُ تَمَّتْ اَنْفَاسُ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ وَالْمَلَکُ الَّذِیْ هُوَ مُوَکَّل" عَلَی الْاَرْزَاقِ وَالْاَعْمَالِ یَقُوْلُ تَمَّ رِزْقُه' وَعَمَلُه' فَاِنْ کَانَ مِنَ السُّعَدَآءِ یَتَبَیَّنُ عَلٰی اِسْمِهٖ الَّذِیْ هُوَ مَکْتُوْب"

انبیاء اور رسل علیہم السلام کے سوا کسی کی طرف نہیں اترتا اور درندوں اور چوپائیوں کی ارواح قبض کرنے کو اس کے نائب ہیں اور بیان ہوا ہے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ جب سب مخلوق انسانوں وغیرہ ہم کو فنا کر دیگا تو ملک الموت کے جسم سے تمام آنکھیں محو ہو جائیں گی سوا آٹھ آنکھوں کے جو آٹھ فرشتوں کے لئے ہیں کہا گیا ہے کہ وہ جبرائیل اور اسرافیل وعزرائیل ومیکائیل اور چار فرشتے حاملین عرش ہیں علیہم السلام اور

اجلوں کا وقت پورا ہونے کی پہچان پس کہا گیا ہے کہ تحقیق ملک الموت کی طرف جب موت اور مرض اٹھائی جائے گی تو عرض کرے گا الٰہی وسیدی میں تیرے بندہ کی روح کب اور کس حال اور ہیئت پر قبض کروں ۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا ۔ اے ملک الموت یہ غیبی علم ہے ۔ جس پر میرے بتائے سوا کوئی مطلع نہیں ہوتا لیکن جب اس کا وقت آئے گا تو میں تجھے بتادونگا ۔ اور تیرے لیے نشانیاں کردونگا کہ ان کے ذریعے تو اس پر آگاہ ہو جائے گا اور وہ یہ کہ بے شک آئیگا تیرے پاس وہ فرشتہ جو مقرر ہے سانسوں پر پس وہ کہے گا فلاں بن فلاں کے سانس پورے ہو گئے اور آئے گا وہ فرشتہ جو مقرر ہے رزقوں اور اعمالوں پر کہے گا فلاں بن فلاں کا رزق اور عمل پورا ہو گیا پس اگر نیک بختوں سے ہو گا تو اس کا وہ نام ظاہر کرے گا جو لکھا ہوا ہے ۔

فِیْ صَحِیْفَةِ الَّتِیْ عِنْدَ مَلَکِ الْمَوْةِ خَطٌ" مِّنَ النُّوْرِ حَوْلَ اِسْمِهٖ وَاِنْ کَانَ مِنَ الْاَشْقِیَآءِ تَبَیَّنَ خَطٌ"مِّنَ السَّوَادِ ثُمَّ لَا یَتِمُّ لِمَلَکِ الْمَوْةِعِلْم"بِذٰلِکَ حَتّٰی یَسْقُطَ عَلَیْهِ وَرَقَةٌ"مِّنَ الشَّجَرَةِالَّتِیْ تَحْتَ الْعَرْشِ مَکْتُوْب"عَلَیْهَا اِسْمُه" فَحِیْنَئِذٍ یَّقْبِضُ رُوْحَه' وَرُوِیَ عَنْ کَعْبِ الْاَحْبَارِ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی خَلَقَ شَجَرَةً تَحْتَ الْعَرْشِ عَلَیْهَا اَوْرَاق" بِعَدَدِ کُلِّ الْخَلَآئِقِ فَاِذَا انْقَضٰی اَجَلُ الْعَبْدِ وَبَقِیَ لَه' مِنْ عُمْرِهٖ اَرْبَعُوْنَ یَوْمًا سَقَطَتْ وَرَقَة"فَیَقَعُ عَلٰی حُجْرِ عَزْرَآئِیْلَ فَیَطَّلِعُ بِذٰلِکَ فَاَمَرَ بِقَبْضِ رُوْحِ صَاحِبِهَا وَبَعْدَ ذٰلِکَ یُسَمُّوْنَه'مَیِّتًا فِیْ السَّمَآءِ وَهُوَ حَیّ"عَلٰی وَجْهِ الْاَرْضِ اَرْبَعُوْنَ یَوْمًا وَّیُقَالُ اِنَّ

مَیْکَآئِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَاْتِیْ عَلٰی مَلَکِ الْمَوْۃِ بِصَحِیْفَۃٍ مِّنْ عِنْدَ اللّٰہِ فِیْھَا اِسْمُ مَنْ اُمِرَ بِقَبْضِ رُوْحِہٖ وَالْمَوْضِعُ الَّذِیْ یُقْبَضُ فِیْہِ وَالسَّبَبُ الَّذِیْ یُقْبَضُ رُوْحُہٗ عَلَیْہِ وِذَکَرَ اَبُوْ اللَّیْثِ السَّمَرْ قَنْدِیْ رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہ تَنْزِلُ قَطْرَتَانِ مِنْ تَحْتِ الْعَرْشِ عَلٰی اِسْمِ صَاحِبِہٖ اَحَدُ ھُمَا خَضْرَآءُ وَالْاُ خْرٰی

(ملک الموت کو کسی کی موت کے وقت کا علم ہونا) اس صحیفہ میں جو ملک الموت کے پاس ہے کہ اس اسم کے اردگرد نور کا دائرہ ہے اور اگر وہ آدمی بدبختوں سے ہوگا تو اس کا نام سیاہ دائرہ میں ظاہر ہوگا پھر ملک الموت کے لئے ان علامتوں کے ساتھ علم پورا نہ ہوگا یہاں تک کہ ملک الموت پر اس درخت کا ایک پتہ گرے گا جو عرش کے نیچے ہے اس پر جسے موت آنی ہے اس کا نام لکھا ہوگا پس اس وقت موت کا فرشتہ اس کی روح قبض کرے گا اور حضرت کعب الاحبار رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ بے شک اللہ تعالٰی نے عرش کے نیچے ایک درخت پیدا کیا ہے اس پر تمام مخلوق کی تعداد کے برابر پتے ہیں تو جب کسی کے اجل قریب آتی ہے اور اس کی عمر کے چالیس روز باقی رہ جاتے ہیں تو اس درخت کا ایک پتہ گرتا ہے تو عزرائیل علیہ السلام کے پہلو پر لگتا ہے پس وہ مطلع ہوتا ہے اس کے ساتھ تو اس کے بعد اپنے نائب کو حکم دیتا ہے روح قبض کرنے کا اس کی جس کے نام کا پتہ گرا ہے اسی وقت آسمان پر اس کا نام مردہ شمار ہوتا ہے۔ حالانکہ زمین پر وہ ابھی زندہ ہوتا ہے چالیس دن تک اور یہ بھی بیان ہوا ہے کہ ملک الموت کے پاس میکائیل علیہ السلام اللہ تعالٰی کی طرف سے ایک صحیفہ

maktabah.com

لیکر آتا ہے جس میں اس کا نام شمار ہوتا ہے جس کی روح قبض کرنے کا حکم دیا گیا ہو اور اس جگہ کا نام جس میں اس کی روح قبض ہو اور اس سبب کا ذکر ہوتا ہے جس سے وہ مرے اور ابو اللیث سمرقندی رحمۃ اللہ علیہ نے بیان کیا ہے کہ عرش کے نیچے سے دو قطرے گرتے ہیں ایک قطرہ سبز رنگ کا اور دوسرا سفید۔

بَیْضَآءُ فَاِذَا وَقَعَتِ الْخَضْرَآءُ عَلٰی اَیِّ اِسْمٍ کَانَ عُرِفَ اَنَّهُ شَقِیٌّ" وَّاِذَ وَقَعَتِ الْبَیْضَآءُ عَلٰی اَیِّ اِسْمٍ کَانَ عُرِفَ اَنَّهُ سَعِیْد" وَّاَمَّا مَعْرِفَةُ الْمَوْضِعِ الَّذِیْ یَمُوْتُ فِیْهِ فَیُقَالُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی خَلَقَ مَلَكًا مُّوَكَّلًا بِكُلِّ مَوْلُوْدٍ یُّقَالُ لَهُ مَلَكُ الْاَرْحَامِ فَاِذَا وُلِدَ مَوْلُوْد" اَمَرَ اللّٰهُ اَنْ یُّدْرَجَ فِی النُّطْفَةِ الَّتِیْ فِیْ رِحْمِ اُمِّهٖ مِنْ تُرَابِ الْاَرْضِ الَّتِیْ یَمُوْتُ عَلَیْهَا فَیَدُوْرُ الْعَبْدُ حَیْثُ مَا یَدُوْرُ حَتّٰی یَعُوْدَ اِلٰی مَوْضِعٍ رُفِعَ تُرْبَةُ تِلْكَ النُّطْفَةِ مِنْهُ فَیَمُوْتُ فِیْهَا وَعَلٰی هٰذَا یَدُلُّ قَوْلُهٗ تَعَالٰی قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ وَعَلٰی هٰذَا حُكِیَ اَنَّ مَلَكَ الْمَوْةِ كَانَ یَظْهَرُ فِی الزَّمَنِ الْاَوَّلِ فَدَخَلَ یَوْمًا عَلٰی سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِمَا السَّلَامُ فَاَحَدَ النَّظْرُ فِیْ شَآبٍّ عِنْدَهٗ فَارْتَعَدَ الشَّآبُّ مِنْهُ فَلَمَّا غَابَ مَلَكُ الْمَوْتِ قَالَ الشَّآبُّ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ اُرِیْدُ اَنْ تَاْمُرَ الرِّیْحَ لِتَحْمِلَنِیْ اِلَی الصِّیْنِ فَاَمَرَ سُلَیْمَانُ الرِّیْحَ فَحَمَلَتْهُ اِلَی الصِّیْنِ فَجَاءَ مَلَكُ الْمَوْةِ اِلٰی سُلَیْمَانَ فَسَاَلَهٗ

پس جب کسی کے نام پر سبز قطرہ پڑے تو اس کے بد بخت ہونے کی علامت ہوتا ہے اور جب کسی کے نام پر سفید قطرہ پڑے تو اس کے نیک ہونے کی علامت ہوتا ہے اور بہر حال اس جگہ کی پہچان جس میں کسی کی موت واقع ہوئی ہو پس کہا گیا ہے کہ بیشک اللہ تعالیٰ نے فرشتہ پیدا کیا ہے جو کہ ہر پیدا ہونے والے کے ساتھ موکل ہے اسے ملک الارحام کہا جاتا ہے جب کوئی بچہ پیدا ہوتا ہے فرشتے کو اللہ تعالیٰ حکم دیتا ہے کہ ملایا جائے اس نطفہ میں جو کہ اس کی ماں کے رحم میں ہے اس مٹی سے جس پر اس کی موت آئے گی پھر وہ گھومتا ہے جہاں گھومنا چاہے آخر اسی جگہ لوٹتا ہے جہاں سے نطفہ میں ملانے کو مٹی لی گئی تھی تو اس جگہ وہ مرتا ہے اس پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد دلالت کرتا ہے کہ اے میرے محبوب فرما دیجئے اگر تم اپنے گھروں میں ہو اللہ ضرور ان کو جن کا قتل ہونا لکھا جا چکا ہے ان کی قتل گاہوں کی طرف لیجائے گا۔ اسی طرح جس جگہ سے بندہ کے خمیر کے لئے مٹی لی گئی وہاں اس کی موت آتی ہے حکایت کی گئی ہے کہ تحقیق ملک الموت پہلے زمانے میں نظر آتا تھا تو ایک دن سلیمان بن داؤد علیہما السلام کے دربار میں داخل ہوا وہاں بیٹھے ایک نوجوان کو تیز نظروں سے دیکھنے لگا جس سے نوجوان کانپنے لگا پس جب ملک الموت غائب ہوا تو وہ نوجوان سلیمان سے عرض کرنے لگا کہ اے اللہ کے نبی میں چاہتا ہوں کہ آپ ہوا کو حکم کریں کہ وہ مجھے چین لے جائے سلیمان علیہ السلام نے ہوا کو حکم دیا وہ اسے اٹھا کر چین لے گی پھر ملک الموت سلیمان علیہ السلام کے پاس آیا تو سلیمان علیہ السلام نے اس سے پوچھا کہ

عَنْ سَبَبِ نَظْرِهٖ اِلَی الشَّابِّ فَقَالَ اِنِّیْ اُمِرْتُ اَنْ اَقْبِضَ رُوْحَهٗ فِیْ

ذٰلِکَ الْیَوْمِ بِالصِّیْنِ فَرَاَیْتُہٗ عِنْدَکَ فَعَجِبْتُ مِنْ ذٰلِکَ فَاَخْبَرَہٗ سُلَیْمَانُ بِقِصَّتِہٖ کَیْفَ سَاَلَنِیْ اَنْ اٰمُرَ الرِّیْحَ لِتَحْمِلَہٗ اِلَی الصِّیْنِ فَقَالَ مَلَکُ الْمَوْتِ اَنَا قَدْ قَبَضْتُ رُوْحَہٗ فِیْ ذٰلِکَ الْیَوْمِ بِالصِّیْنِ وَفِیْ خَبَرٍ آخَرَ یُقَالُ اِنَّ لِمَلَکِ الْمَوْتِ اَعْوَانًا یَقُوْمُوْنَ بِقَبْضِ الْاَرْوَاحِ اَلَا تَرٰی اَنَّہٗ رُوِیَ اَنَّ رَجُلًا اُلْقِیَ عَلٰی لِسَانِہٖ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَالْمَلَکِ الشَّمْسِ فَاسْتَاْذَنَ ھٰذَا الْمَلَکُ رَبَّہٗ فِیْ زِیَارَتِہٖ فَلَمَّا نَزَلَ عَلَیْہِ قَالَ لَہٗ اِنَّکَ تُکْثِرُ الدُّعَآءَ لِیْ فَمَا حَاجَتُکَ قَالَ حَاجَتِیْ اِلَیْکَ اَنْ تَحْمِلَنِیْ اِلٰی مَکَانِکَ وَتَسْاَلُ عَنْ مَّلَکِ الْمَوْتِ اَنْ یُّخْبِرَنِیْ بِاقْتِرَابِ اَجَلِیْ فَحَمَلَہٗ وَاَقْعَدَہٗ فِیْ مَقْعَدِہٖ مِنَ الشَّمْسِ ثُمَّ صَعِدَ اِلٰی مَلَکِ الْمَوْتِ وَذَکَرَ لَہٗ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ بَنِیْ آدَمَ اُلْقِیَ عَلٰی لِسَانِہٖ اَنْ یَّقُوْلَ کُلَّمَا صَلّٰی اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِمَلَکِ الشَّمْسِ وَقَدْ طَلَبَ مِنِّیْ اَنْ اَطْلُبَ مِنْکَ اَنْ تُعْلِمَہٗ اَجَلَہٗ قَرُبَ لِیَسْتَعِدَّ لَہٗ فَنَظَرَ مَلَکُ

نوجوان کو ہیبت کی نظر دیکھنے کا کیا سبب تھا اس نے کہا کہ مجھے اس دن اس کی چین سے روح قبض کرنے کا حکم تھا جب میں نے اسے آپ کے پاس دیکھا تو مجھے اس سے تعجب ہوا پھر سلیمان علیہ السلام نے اس کا واقعہ بیان کیا کہ اس نے مجھ سے کس طرح سوال کیا کہ میں ہوا کو حکم دوں تاکہ اسے اٹھا کر چین لے جائے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ تحقیق ملک الموت کے کچھ معاون ہیں جن میں ہر ایک ارواح قبض کرنے پر تیار

رہتا ہے کیا تو نے نہیں دیکھا جو کہ روایت میں آیا کہ بے شک ایک شخص کی زبان پر جاری ہوا اے اللہ مجھے بخش دے اور اس فرشتے کو جو سورج پر مامور ہے۔ تو اس فرشتے نے اپنے رب سے اس شخص کو ملنے کا اذن چاہا پس جب اس پر اترا تو اسے کہا تو نے میرے لئے بہت دعا کی اب بتا تیری کیا چاہت ہے اس نے کہا میری حاجت تجھ سے یہ ہے کہ تو مجھے اپنی جگہ اٹھا کے لیجا اور ملک الموت سے کہے کہ مجھے میری موت کے قریب ہونے کا وقت بتائے پس اس نے اسے اٹھالیا اور اسے وہاں جا بیٹھایا جو سورج سے اس کے بیٹھنے کی جگہ ہے پھر وہ اوپر کو ملک الموت کے پاس گیا اور اسے بتایا کہ بنی آدم سے ایک شخص جس کی زبان پر جاری ہوتا ہے جب کہ وہ نماز پڑھتا ہے مجھے اور سورج کے فرشتے کو بخش دے مجھ سے سوال کیا کہ میں تجھ سے پوچھوں اس کی موت کا وقت کب ہے تا کہ وہ اس کی تیاری کرے تو ملک الموت نے اپنی کتاب کو دیکھا۔

الْـمَوْةِ فِيْ كِتَابِهِ فَقَالَ هَيْهَاتَ اِنَّ لِصَاحِبِكَ شَاناً عَظِيْماً وَهُوَ اَنَّهُ لَا يَـمُـوْتُ حَتّٰـى يَـجْـلِسَ مَجْلَسَكَ مِنَ الشَّمْسِ فَقَالَ قَدْ جَلَسَ مَـجْـلِسِيْ مِنْهَا فَقَالَ مَلَكُ الْمَوْةِ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا عَلٰى ذٰلِكَ وَهُمْ لَا يُفَـرِّطُـوْنَ وَاَمَّـا انْتِهَآءُ اٰجَالِ الْبَهَآئِمِ وَالطُّيُوْرِ فَفِي الْخَبَرِ عَنِ النَّبِيِّ صَـلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اٰجَالُ الْبَهَآئِمِ كُلِّهَا فِيْ ذِكْرِ اللّٰهِ تَـعَـالٰـى فَـاِذَا تَـرَكُـوْا ذِكْـرَ الـلّٰـهِ تَعَالٰى قَبَضَ اللّٰهُ اَرْوَاحَهُمْ وَلَيْسَ لِـمَلَكِ الْـمَوْةِ مِنْ ذٰلِكَ شَيْءٌ'' وَقَدْ قِيْلَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى هُوَ قَابِضُ الْاَرْوَاحِ وَاِنَّـمَـا اُضِيْفَ اِلٰـى مَـلَكِ الْـمَـوْةِ كَمَا اُضِيْفَ الْقَتْلُ اِلَى

maarfat.com

الْقَاتِلِ وَالْمَوْتُ اِلَى الْاَمْرَاضِ وَعَلٰى هٰذَا يَدُلُّ قَوْلُهٗ تَعَالٰى اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰى اِلٰى اَجَلٍ مُّسَمًّى اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ط بَابٌ فِيْ ذِكْرِ جَوَابِ الرُّوْحِ وَفِي الْخَبَرِ اَنَّ مَلَكَ الْمَوْتِ اِذَا اَرَادَ قَبْضَ الرُّوْحِ يَقُوْلُ الرُّوْحُ لَا اُطِيْعُكَ مَا لَمْ

پھر کہا بے شک تیرے صاحب کی بڑی شان ہے وہ نہیں مریگا جب تک وہ اس جگہ نہ بیٹھے جو سورج سے تیرے بیٹھنے کی جگہ ہے۔ پس اس نے کہا تحقیق وہ میری جگہ بیٹھا ہے پھر ملک الموت نے کہا پس یہی اس کی موت کا وقت ہے ہمارے بھیجے ہوئے اسی جگہ اسے موت دینگے اور وہ اپنے کام میں کوتاہی نہیں کرتے اور بہرحال چوپائیوں اور پرندوں کی اجلوں کا پورا ہونا پس نبی کریم ﷺ سے (اللہ کا ذکر چوپائیوں کے زندہ رہنے کا باعث ہے) مرفوع حدیث مبارکہ میں آیا ہے کہ آپ نے فرمایا چوپائیوں کی آجال اللہ تعالیٰ کے ذکر پر موقوف ہیں جب وہ اللہ کا ذکر چھوڑ دینگے اللہ تعالیٰ ان کی روحوں کو قبض کر لیگا۔ ملک الموت کو ان کی ارواح سے کچھ سروکار نہیں اور تحقیق کہا گیا ہے کہ بے شک اللہ تعالیٰ ارواح کو قبض کرنے والا ہے اور ملک الموت کی طرف قبض ارواح کی صرف اس طرح نسبت کی جاتی ہے جس طرح قتل کی نسبت قاتل کی طرف اور موت کی نسبت امراض کی طرف، اور اس پر ہی اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد دلالت کرتا ہے

اللہ جانوں کو وفات دیتا ہے ان کی موت کے وقت اور جو نہ مریں انہیں ان کے سونے میں پھر جس پر موت کا حکم فرما دیا اسے روک رکھتا ہے اور دوسری معیاد مقرر تک چھوڑ دیتا ہے بیشک اس میں ضرور نشانیاں ہیں۔ سوچنے والوں کے لئے **باب نمبر 6 (روح کے جواب کے بیان میں)** حدیث میں آیا ہے کہ تحقیق ملک الموت جب روح قبض کرنے کا ارادہ کرتا ہے تو روح کہتی ہے میں تیری نہیں مانوں گی جب تک مجھے اللہ حکم نہیں دیتا تو ملک الموت کہتا ہے۔

**یَاْ مَرُ اللّٰہُ تَعَالٰی بِذٰلِکَ فَیَقُوْلُ مَلَکُ الْمَوْۃِ اَمَرَ نِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی بَذٰلِکَ فَیَطْلُبُ الرُّوْحُ مِنْہُ الْعَلَا مَۃَ وَالْبُرْ ھَانَ فَیَقُوْلُ الرُّوْحُ اِنَّ رَبِّیْ خَلَقَنِیْ وَ اَدْخَلَنِیْ فِیْ جَسَدِیْ وَلَمْ تَکُنْ عِنْدَ ذٰلِکَ فَا لَآ نَ تُرِ یْدُ اَنْ تَاْ خُذَ نِیْ فَیَرْ جِعُ مَلَکُ الْمَوْۃِ اِلَی اللّٰہِ تَعَالٰی وَیَقُوْلُ اِنَّ عَبْدَ کَ یَقُوْلُ کَذَا وَکَذَا وَیَطْلُبُ الْبُرْ ھَانَ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی صَدَقَ رُوْحُ عَبْدِیْ یَا مَلَکَ الْمَوْۃِ اِذْھَبْ اِلَی الْجَنَّۃِ وَ خُذْتُفَاحَۃَ وَعَلَیْھَا اِسْمِیْ مَکْتُوْب'' وَاَرِھَا رُوْحَ عَبْدِیْ فَیَذْھَبُ مَلَکُ الْمَوْتِ فَیَاخُذُ ھَاوَ عَلَیْھَا مَکْتُوْب'' بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَیُرِیْہِ فَاِ ذَا اَرَاہُ رُوْحِ الْعَبْدِ یَخْرُجُ مَعَ النِّشَاطِ باب'' فِیْ ذِکْرِ جَوَابِ الْاَعْضَاءِ وَفِیْ الْخَبْرِ اِذَا اَرَادَ اللّٰہُ تَعَالٰی قَبْضَ رُوْحِ عَبْدِہٖ یَجِیْ ءُ مَلَکُ الْمَوْتِ مِنْ قِبَلِ الْفَمِ لِیَقْبِضَ رُوْحَہٗ مِنْہُ فَیَخْرُجُ الذِّکْرُ مِنْ فَمِہٖ وَیَقُوْلُ لَا**

سَبِیْلَ لَکَ فِی هٰذِهِ الْجِهَةِ وَاِنَّمَا فِیْهِ ذِکْرُ رَبِّیْ فَیَرْجِعُ مَلَکُ الْمَوْتِ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی.

مجھے اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا ہے پھر روح اس سے علامت اور دلیل مانگتی ہے روح کہتی ہے کہ بے شک میرے رب نے مجھے پیدا کیا اور جسم میں مجھے داخل کیا اور تو اس وقت موجود نہ تھا تو اب تو مجھے نکالنا چاہتا ہے پس ملک الموت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں لوٹ جاتا ہے اور عرض کرتا ہے کہ بے شک تیرا بندہ ایسا ایسا کہتا ہے اور دلیل مانگتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے ملک الموت میرے بندے کی روح نے سچ کہا اب جنت کی طرف جا اور ایک سیب لیکر آ جس پر میرا نام لکھا ہے اور وہ سیب میرے بندے کی روح کو دیکھا پھر ملک الموت جاتا ہے پس سیب لاتا ہے اور اس پر لکھا ہوتا ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: ملک الموت روح کو دکھاتا ہے جب بندے کی روح وہ سیب دیکھتی ہے تو بخوشی نکلنے پر آمادہ ہو جاتی ہے۔ **باب نمبر 7 (اعضاء کے جواب میں)** حدیث میں آیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ بندے کی روح نکالنا چاہتا ہے تو ملک الموت منہ کی طرف سے آتا ہے تاکہ روح کو اس سے قبض کرے پس اس کے منہ سے ذکر آتا ہے اور ملک الموت سے کہتا ہے اس طرف سے روح نکالنے پر تجھے قابو نہیں اس میں تو میرے رب کا ذکر جاری ہے پھر ملک الموت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں لوٹ جاتا ہے۔

وَیَقُوْلُ یَا رَبِّ اِنَّ عَبْدَکَ یَقُوْلُ وَکَیْتَ وَکَیْتَ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی

اِقْبِضْ رُوْحَهُ مِنْ جِهَةٍ اُخْرَى فَيَجِيْءُ مَلَكُ الْمَوْتِ مِنْ قِبَلِ الْيَدِ لِيُخْرِجَهُ مِنْهُ فَيَقُوْلُ الْيَدُ لِمَلِكِ الْمَوْتِ لَا سَبِيْلَ لَكَ اِلَيَّ فَاِنِّيْ تَصَدَّقْتُ كَثِيْراً وَّمَسَحْتُ رَأْسَ الْيَتِيْمِ وَكَتَبْتُ الْعِلْمَ وَضَرَبْتُ السَّيْفَ عَلَى عُنُقِ الْكُفَّارِ ثُمَّ يَجِيْءُ اِلَى الرِّجْلِ فَيَقُوْلُ لَا سَبِيْلَ لَكَ مِنْ قِبَلِيْ فَاِنَّهُ مَشٰى بِيْ اِلَى الْجُمُعَةِ وَالْجَمَاعَةِ وَعِيَادَةِ الْمَرِضِ وَمَجْلِسِ الْعِلْمِ وَالْعُلَمَاءِ ثُمَّ يَجِيْءُ اِلَى لْاُذُنَيْنِ فَيَقُوْلَانِ لَاسَبِيْلَ لَكَ مِنْ قِبَلِنَا فَاِنَّهُ يَسْمَعُ بِنَا الْقُرْآنَ وَالذِّكْرَ فَيَجِيْءُ اِلَى الْعَيْنَيْنِ فَيَقُوْلَانِ لَا سَبِيْلَ لَكَ مِنْ قِبَلِنَا فَاِنَّهُ نَظَرَ بِنَا اِلَى الْمَصَاحِفِ وَوُجُوْهِ الْعُلَمَاءِ ثُمَّ يَنْصَرِفُ مَلَكُ الْمَوْتِ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى وَيَقُوْلُ يَا رَبِّ غَلَبَنِيْ اَعْضَاءُ الْعَبْدِ بِالْحُجَّةِ وَيَقُوْلُ كَذَا وَكَذَا فَكَيْفَ اَقْبِضُ رُوْحَهُ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اُكْتُبْ اِسْمِيْ عَلَى كَفِّكَ وَارِهِ عَبْدِى الْمُؤْمِنِ حَتّٰى يَرَنَهُ فَيَكْتُبُ مَلَكُ الْمَوْتِ اِسْمَ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلٰى كَفِّهِ وَيُرِيْهِ رُوْحُ الْعَبْدِ فَيُحِبُّهُ فَيَخْرُجُ

اور عرض کرتا ہے اے میرے پروردگار بے شک تیرا بندہ ایسے ایسے کہتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اس کی روح کسی دوسری طرف سے قبض کر لو تو ملک الموت ہاتھ کی طرف سے آتا ہے تاکہ روح کو اس طرف سے نکالے پس ہاتھ ملک الموت سے کہتا ہے تجھے مجھ پر کچھ قابو نہیں کیونکہ میں بکثرت خیرات کرتا ہوں اور یتیم کے سر پر پھرتا اور علم لکھا رکھتا ہوں اور اللہ کی راہ میں کفار کی گردنوں پر تلوار چلاتا ہوں پھر ملک الموت پیر

maktabah.org

کی طرف سے روح نکالنے آتا ہے تو پیر کہتا ہے تیرا میری طرف سے کچھ زور نہیں چلے گا کیونکہ میرے ساتھ وہ جمعہ اور جماعت اور مریض کی عیادت اور مجلس علم وعلماء کو چل کر جاتا ہے پھر وہ کانوں کی جانب آتا ہے تو وہ کہتے ہیں تجھے ہم پر کچھ قابو نہیں اس لئے وہ ہمارے ساتھ قرآن اور ذکر سنتا ہے پھر فرشتہ آنکھوں کی طرف سے آتا ہے تو آنکھیں کہتی ہیں تیرے لئے ہماری طرف سے کوئی راستہ نہیں اس لئے کہ وہ ہمارے ساتھ قرآن وعلماء کی زیارت کرتا ہے پھر ملک الموت اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں لوٹ جاتا ہے اور عرض کرتا ہے اے میرے پروردگار تیرے بندہ کے اعضاء حجت کے ساتھ مجھ پر غالب آگئے اور وہ ایسے ایسے کہتا ہے اب میں اس کی روح کیسے قبض کروں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرا نام اپنی ہتھیلی پر لکھ لو اور میرے مومن بندے کو دکھاؤ تاکہ وہ اسے دیکھے پس ملک الموت اللہ تعالیٰ کا نام اپنی ہتھیلی پر لکھ لیتا ہے اور بندہ مومن کی روح کو دکھاتا ہے تو وہ اللہ تعالیٰ کا حکم مان کر بندہ مومن کے جسم سے نکل آتی ہے۔

رُوْحُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ فَمِنْ اُنْسِ اِسْمِهٖ يَنْصَرِفُ عَنْهُ مِرَارَةُ النَّزْعِ فَيَخْرُجُ مَعَ النَّشَاطِ فَكَيْفَ لَا يَنْصَرِفُ عَنْهُ الْعَذَابُ وَالْقَطِيْعَةُ وَالْفَضِيْحَةُ وَلِذٰلِكَ كَتَبَ اللّٰهُ عَلٰى صُدُوْرِكُمْ اِسْمَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَالدَّلِيْلُ عَلَيْهِ قَوْلُهٗ تَعَالٰى اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَقَوْلُهٗ تَعَالٰى اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ فَيَنْصَرِفُ عَنْهُ الْعَذَابُ وَاَهْوَالُ الْقِيَامَةِ وَفِى الْخَبَرِ اِذَا وَقَعَ الْعَبْدُ فِى النَّزْعِ يُنَادِىْ مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ دَعْهُ حَتّٰى يَسْتَرِيْحَ فَاِذَا بَلَغَ اِلٰى

الصَّدْرِ يُنَادِیْ مُنَادٍ حَتّٰی یَسْتَرِیْحَ وَکَذٰلِکَ اِذَا بَلَغَ اِلَی الرُّکْبَتَیْنِ وَالسُّرَّۃِ فَاِذَا بَلَغَ اِلَی الْحُلْقُوْمِ یُنَادِیْ مُنَادٍ دَعْہُ حَتّٰی یُوَدِّعُ الْاَعْضَآءُ بَعْضُھَا بَعْضًا فَیُوَدِّعُ الْعَیْنَانِ وَیَقُوْلَانِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ وَکَذٰلِکَ الْاُذُنَانِ وَالْیَدَانِ وَالرِّجْلَانِ وَیُوَدِّعُ الرُّوْحُ وَالنَّفْسُ فَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ وِدَاعِ الْاِیْمَانِ عَنِ اللِّسَانِ وَوِدَاعِ الْقَلْبِ عَنْ مَّعْرِفَۃِ الرَّحْمٰنِ فَیَبْقَی الْیَدَانِ بِلَا حَرَکَۃٍ وَّالرِّجْلَانِ بِلَا حَرَکَۃٍ وَّالْحَدَقَتَانِ ۔

پس اللہ سبحانہ تعالیٰ کے نام سے محبت کے سبب نزع کی سختی اس سے ٹل جاتی ہے اور روح بخوشی قبض ہو جاتی ہے۔ تو پھر آخرت کا عذاب کیسے نہ ٹلے گا اور اللہ تعالیٰ سے انقطاع اور شرمندگی کیونکہ ہوگی اور اسی لئے اللہ نے ان کے دلوں پر اپنا نام لکھا ہے۔ دلیل اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ وہی ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان لکھا اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے پس جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لئے کھول دیا وہ اپنے رب کے نور پر ہے۔ تو اسی طرح عذاب اور قیامت کے خوف ٹل جائینگے اور حدیث میں ہے کہ جب بندہ نزع میں مبتلا ہوتا ہے تو اللہ کی طرف سے ندا دینے والا ندا دیتا ہے کہ اس کے بندہ کو چھوڑ دوتا کہ آرام پائے پس جب روح اس کے سینہ کو پہنچتی ہے پھر جب روح حلق کو پہنچتی ہے تو منادی ندا کرتا ہے کہ اسے چھوڑ دو تا کہ اعضاء ایک دوسرے کو الوداع کریں پس آنکھیں الوداع کرتی ہوئی کہتی ہیں تجھ پر قیامت تک سلامتی ہو اور اس طرح کان و ہاتھ اور پاؤں الوداع کرتے ہیں اور روح و نفس الوداع

marfat.com

کہتے ہیں پس ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں ایمان کے وداع زبان سے اور دل کے وداع اللہ تعالیٰ کی معرفت سے پس پھر ہاتھ اور پاؤں بلا حرکت رہ جاتے ہیں اور آنکھیں بلا بینائی رہ جاتی ہیں۔

لا بَصَرَ لَهُمَا وَالْاُذُنَانِ لا سَمْعَ لَهُمَا وَالْبَدَنُ لا رُوْحَ لَهٗ فَلَوْ بَقِیَ اللِّسَانُ بِلا شَهَادَةٍ وَّالْقَلْبُ بِلا مَعْرِفَةٍ فَكَيْفَ حَالُ الْعَبْدِ فِی اللَّحْدِ لا يَرٰی اَحَدًا لا اَبًا وَّلا اُمًّا وَّلا اَوْلادًا وَّلا اِخْوَانًا وَّلا اَصْحَابًا وَّلا فِرَاشًا وَّلا حِجَابًا فَلَوْ لَمْ يَرْحَمْ رَبُّهُ الْكَرِيْمُ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا عَظِيْمًا قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰی عَلَيْهِ اَكْثَرُ مَا لَمْ يُسْلَبِ الْاِيْمَانُ مِنَ الْعَبْدِ فِیْ وَقْتِ النَّزْعِ اَعَاذَنَا اللّٰهُ وَاِيَّاكُمْ مِّنْ سَلْبِ الْاِيْمَانِ بَاب" فِیْ ذِكْرِ الشَّيْطَانِ كَيْفَ يُسْلَبُ الْاِيْمَانُ فِی الْخَبَرِ يَجِیْءُ الشَّيْطَانُ اِلَيْهِ فَيَجْلِسُ عِنْدَ يَسَارِهٖ وَهُوَ فِی النَّزْعِ فَيَقُوْلُ لَهٗ اُتْرُكْ هٰذَا الدِّيْنَ وَقُلِ الْهَيْنِ اثْنَيْنِ حَتّٰی تَنْجُوَ مِنْ هٰذِهِ الشِّدَّةِ فَاِذَا كَانَ الْاَمْرُ كَذٰلِكَ فَالْخَطَرُ عَظِيْمٌ" فَعَلَيْكَ بِالْبُكَآءِ وَالتَّضَرُّعِ وَاِحْيَآءِ اللَّيْلَةِ وَكَثْرَةِ الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ حَتّٰی تَنْجُوْا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَسُئِلَ عَنْ اَبِیْ حَنِيْفَةَ رَحْمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی اَیُّ ذَنْبٍ اَخْوَفُ لِسَلْبِ الْاِيْمَانِ قَالَ تَرْكُ الشُّكْرِ عَلَی الْاِيْمَانِ وَتَرْكُ خَوْفِ الْخَاتِمَةِ وَالظُّلْمُ عَلَی الْعِبَادِ وَ

اور کانوں میں قوت سماعت نہیں رہتی اور بدن بغیر روح ہو جاتا ہے۔ پھر اگر زبان بلا

شہادت اور دل بلا معرفت ہو جائے تو بندے کا قبر میں کیا حال ہوگا وہاں تو کسی کو نہیں دیکھے گا نہ باپ کو نہ ماں نہ اولاد نہ بھائی اور نہ دوستوں کو اور نہ فرش اور نہ پردہ پس اگر اس کا رب کریم رحم نہ کرے تو بلا شبہ وہ بہت بڑے نقصان میں پڑ جائے اور امام ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ وقت نزع جو بندے کے ایمان کو سب سے زیادہ بچاتا ہے وہ اللہ کی پناہ مانگنا ہے اور اپنے ایمان کو سلب سے بچاؤ۔

## باب نمبر 8 (اس بیان میں کہ شیطان ایمان کیسے چھینتا ہے)

حدیث شریف میں ہے کہ شیطان بندے کے پاس نزع کے وقت آ کر اس کی بائیں جانب بیٹھ جاتا ہے اور اسے کہتا ہے اس دین کو چھوڑ دے اور کہہ دو خدا ہیں تاکہ تو اس سختی سے خلاصی پائے پس جب معاملہ اس طرح ہے یعنی ایمان کے سلب کو خوف بہت ہے تو تجھے گریہ وزاری اور رات کو بیدار رہنا اور رکوع وسجود کی کثرت کرنا ضروری ہے تاکہ تو اللہ تعالیٰ کے عذاب سے نجات پائے

**(ایمان کے سلب ہونے کے اسباب)** اور امام ابو حنیفہ رحمتہ اللہ علیہ سے پوچھا گیا کہ کونسے گناہ سے ایمان کے سلب کا زیادہ خطرہ ہے فرمایا ایمان پر شکر نہ کرنا اور برے خاتمہ سے بے خوف ہونا اور بندوں پر ظلم کرنا اور امام صاحب رحمتہ اللہ علیہ

**قَالَ اَبُوْ حَنِيْفَةَ رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِ اِنَّ مَنْ كَانَ فِيْهِ هٰذِهِ الْخَصَالُ الثَّلٰثُ فَا لْاَغْلَبُ اَنْ يَّخْرُجَ مِنَ الدُّنْيَا كَا فِرًا نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهُ اِلَّا مَنْ اَدْرَكَتْهُ السَّعَادَةُ الْاَزَلِيَّةُ وَيُقَالُ اَشَدُّ الْحَالِ عَلَى الْمَيِّتِ عِنْدَ النَّزْعِ**

maktabah.org

الْعَطْشُ وَاِحْتِرَاقُ الْكَبِدِ فَفِیْ ذٰلِکَ الْوَقْتِ یَجِدُ الشَّیْطَانُ عَلَیْهِ فُرْصَةً مِنْ نَزْعِ الْاِیْمَانِ لِاَنَّ الْمُؤْمِنَ یَعْطِشُ فِیْ ذٰلِکَ الْوَقْتِ فَیَجِیْءُ الشَّیْطَانُ عِنْدَ رَاْسِهٖ مَعَ الْقَدَحِ مِنَ الْمَآءِ جَمَدٍ فَیُحَرِّکُ الْقَدَحَ لَهٗ فَیَقُوْلُ الْمُؤْمِنُ اَعْطِنِیْ مِنَ الْمَآءِ وَلَا یَدْرِیْ اَنَّهٗ شَیْطَانٌ'' فَیَقُوْلُ لَهٗ قُلْ لَّا صَانِعَ لِلْعَالَمِ حَتّٰی اُعْطِیَکَ الْمَآءُ فَاِنْ لَّمْ یُجِبْهُ الْمُؤْمِنُ یَجِیْءُ اِلٰی مَوْضِعِ قَدَمَیْهِ فَیُحَرِّکُ الْقَدَحَ فَیَقُوْلُ اَعْطِنِیْ مِنَ الْمَآءِ فَیَقُوْلُ لَهٗ قُلْ کَذَبَ الرُّسُلُ حَتّٰی اُعْطِیَکَ الْمَآءُ فَمَنْ اَدْرَکَتْهُ الشَّقَاوَةُ یُجِیْبُ اِلَیْهِ لِاَنَّهٗ لَا یُطِیْقُ عَلَی الْعَطْشِ فَیَخْرُجُ مِنَ الدُّنْیَا کَافِرًا وَّ مَنْ اَدْرَکَتْهُ السَّعَادَةُ یَرُدُّ کَلَامَهٗ وَیَتَفَکَّرُ مَا اَمَامَهٗ کَمَا حُکِیَ اَنَّ اَبَا زَکَرِیَّا الزَّاهِدَ لَمَّا حَضَرَتْهُ

نے فرمایا کہ جس میں یہ تینوں عادتیں ہوں اندیشہ ہے کہ وہ دنیا سے کافر مرے ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں ہاں مگر جس کسی کی دستگیری سعادت ازلیہ کرے اور کہا گیا ہے کہ سخت تر تکلیف میت کو نزع کے وقت پیاس اور جگر سوزی کی ہوتی ہے تو اس وقت شیطان اس پر موقع پا کر ایمان چھیننے کی کوشش کرتا ہے اس لئے کہ مومن اس وقت پیاسا ہوتا ہے پس شیطان اس کے سر کے پاس ٹھنڈے ٹھنڈے پانی کا پیالہ لاتا ہے اور اس کی طرف بڑھاتا ہے تو مومن اس سے پانی مانگتا ہے اس کے فریب میں نہ آئے تو شیطان اس کے قدموں کی طرف سے آتا ہے اور پانی کا پیالہ اس کے سامنے چھلکاتا ہے تو مومن اس سے پانی مانگتا ہے۔ شیطان اسے کہتا ہے کہ نبیوں کو جھوٹا کہے (نعوذ

باللہ من ذلک) تب میں تجھے پانی دوں گا پھر جس کو ازلی بدبختی نے گھیر لیا وہ اس کی مان لے گا کیونکہ وہ پیاس پر تاب نہ لا سکے گا تو دنیا سے کافر جائے گا اور جس کی ازلی سعادت نے دستگیری کی وہ شیطان کی بات کو رد کرے گا اور اپنی آخرت کی فکر کرے گا

**(موت کے وقت ایمان چھیننے کے لئے شیطان کے حیلے)** حکایت ہے کہ ابوزکریا زاہد کی جب موت کا وقت قریب آیا۔

الْوَفَاةُ فَاَتَاهُ صَدِيْق'' لَّهُ وَهُوَ فِيْ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ فَلَقَّنَهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّد'' رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَاَعْرَضَ عَنْهُ الزَّاهِدُ بِوَجْهِهٖ وَلَمْ يَقُلْ فَقَالَ لَهٗ ثَانِياً فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ قَالَ لَهٗ ثَالِثًا فَقَالَ لَآ اَقُوْلُ فَغَشِيَ صَدِيْقُهٗ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ سَاعَةٍ وَّجَدَ اَبُوْ زَكَرِيَّا خِفَّةً وَّفَتَحَ عَيْنَيْهِ وَقَالَ هَلْ قُلْتُمْ لِيْ شَيْئاً قَالُوْا نَعَمْ عَرَضْنَا عَلَيْكَ الشَّهَادَةَ ثَلٰثًا فَاَعْرَضْتَ مَرَّتَيْنِ وَقُلْتَ فِي الثَّالِثَةِ لَا اَقُوْلُ فَقَالَ اَتَانِيْ اِبْلِيْسُ وَمَعَهٗ قَدَح'' مِّنَ الْمَآءِ وَ وَقَفَ عَنْ يَمِيْنِيْ وَحَرَّكَ الْقَدَحَ وَقَالَ لِيْ اَتَحْتَاجُ اِلَى الْمَآءِ قُلْتُ بَلٰى فَقَالَ لِيْ قُلْ عِيْسٰے ابْنُ اللّٰهِ فَاَعْرَضْتُ عَنْهُ ثُمَّ اَتَانِيْ مِنْ قِبَلِ الرِّجْلِ فَقَالَ لِيْ كَذٰلِكَ فَاَعْرَضْتُ عَنْهُ وَفِي الْمَرَّةِ الثَّالِثَةِ قَالَ لِيْ قُلْ لَّآ اِلٰهَ قُلْتُ لَا اَقُوْلُ فَضَرَبَ الْقَدَحَ عَلَى الْاَرْضِ وَوَلّٰى نَادِماً فَاَنَا رَدَدْتُ عَلٰى اِبْلِيْسَ لَا عَلَيْكُمْ فَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَعَلٰى هٰذَا الْخَبَرِ رُوِيَ عَنْ مَّنْصُوْرِ بْنِ عَمَّارٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ

maktabah.org

تو سکرات موت کے عالم میں ان کے پاس اس کا ایک دوست آیا اور اسے کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے کی تلقین کی تو زاہد نے اس کی طرف سے اپنا چہرہ پھیر لیا اور نہ پڑھا پھر اس نے اسے پڑھنے کو کہا اس نے منہ پھیر لیا پھر جب اس نے تیسری بار کہا تو اس نے کہا میں نہیں پڑھتا تب اس کا دوست ناراض ہو گیا پھر جب کچھ وقت بعد ابو زکریا کو افاقہ ہوا اور اپنی آنکھوں کو کھولا اور پوچھا کیا تم نے مجھے کچھ کہا تھا لوگوں نے کہا ہاں ہم نے تم کو تین بار کلمہ پڑھنے کو کہا پس تو نے دو بار تو اپنا چہرہ پھیر لیا اور تیسری بار کہا کہ میں نہیں پڑھتا تب اس نے بتایا کہ میرے پاس اس وقت ابلیس آیا اور اس کے پاس پانی کا بھرا پیالہ تھا اور میری دائیں جانب کھڑا ہو گیا اور پیالے کو حرکت دی اور مجھ سے کہا کیا تجھے پانی کی حاجت ہے میں نے کہا ہاں تو اس نے کہا پھر عیسیٰ کو اللہ کا بیٹا کہو پس میں نے اس سے انکار کیا پھر وہ میرے پاؤں کی طرف سے آیا تو مجھے وہی کہا میں نے پھر اس کا انکار کیا اور اس نے تیسری بار مجھے کہا کہو کوئی بھی معبود نہیں میں نے کہا میں ایسا نہیں کہونگا تب اس نے پیالہ زمین پر پھینک دیا اور نادم ہو کر چل دیا تو میں نے اس وقت شیطان کی بات کو رد کیا تھا تمہاری بات کا انکار نہیں کیا تھا پس میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ بیشک محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کا خاص بندہ اور رسول ہے اور اس حدیث کی بناء پر حضرت منصور بن عمار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا

اَنَّہُ قَالَ اِذَا اَدْنٰی مَوْتُ الْعَبْدِ قُسِمَ حَالُہٗ عَلٰی خَمْسَۃِ اَوْجُہِ اَلْمَالُ لِلْوَارِثِ وَالرُّوْحُ لِمَلَکِ الْمَوْتِ وَللَّحْمُ لِلدِّیْدَانِ وَالْعَظْمُ لِلتُّرَابِ

وَالْحَسَنَاتُ لِلْخُصَمَآءِ فَذَهَبَ الْوَارِثُ بِالْمَالِ وَذَهَبَ الدُّوْدُ بِالَّحْمِ وَذَهَبَ التُّرَابُ بَالْعَظْمِ وَذَهَبَ الْخُصَمَآءُ بَالْحَسَنَاتِ وَيَالَيْتَ الشَّيْطَانُ لَا يَذْهَبُ بِالْاِيْمَانِ عِنْدَ الْمَوْةِ فَاِنَّهُ يَكُوْنُ فِرَاقًا مِّنَ الرَّبِّ فَاِنَّ فِرَاقَ الرُّوْحِ مِنَ الْجَسَدِ غَيْرُ فِرَاقِ الرَّبِّ فَاِنَّهُ فِرَاقٌ" لَا بَدَلَ مِنْهَا بَابٌ" فِیْ ذِکْرِ الرُّوْحِ فِیْ الْخَبَرِ اِذَا فَارِقَ الرُّوْحُ مِنَ الْبَدَنِ نُوْدِیَ مِنَ السَّمَآءِ ثَلٰثُ صَیْحَاتٍ یَابْنَ اٰدَمَ اَتَرَکْتَ الدُّنْیَا اِمِ الدُّنْیَا تَرَکَتْکَ اَجَمَعْتَ الدُّنْیَا اَمِ الدُّنْیَا جَمَعَتْکَ اَقْبَلْتَ الدُّنْیَا اَمِ الدُّنْیَا قَبِلَتْکَ وَاِذَا وُضِعَ عَلَی الْمُغْتَسَلِ نُوْدِیَ مِنَ السَّمَآءِ بِثَلٰثِ صَیْحَاتٍ یٰابْنَ آدَمَ اَیْنَ الْقَوِیُّ فَمَا اَضْعَفَکَ وَاَیْنَ لِسَانُکَ لُفَصِیْحُ فَمَا اَسْکَنَکَ وَاَیْنَ اُذُنُکَ السَّامِعُ فَمَا اَصَمَّکَ وَاَیْنَ اَحِبَّاؤُکَ

(مرنے کے بعد آدمی کا حال پانچ طرح کا ہے) جب بندہ کی موت کا وقت قریب آتا ہے تو اس کا حال پانچ طرح پر تقسیم ہوتا ہے مال ورثاء کے لئے روح ملک الموت کے لئے گوشت کیڑوں کے لئے ہڈیاں مٹی کے لئے اورنیکیاں حقوق طلب کرنے والوں کے لئے تو بعد از موت مال ورثاء لیجاتے ہیں اور روح ملک الموت لیجاتا ہے اور گوشت کیڑے کھاجاتے ہیں اور ہڈیاں مٹی کھاجاتی ہے اور نیکیاں حقوق مانگنے والے لیجاتے ہیں اور کاشکہ شیطان ایمان کو بوقت موت نہ لیجائے کیونکہ ایمان کا جانا رب سے جدائی ہے اور بیشک روح کی جسم سے جدائی رب سے جدائی

نہیں ۔ب سے جدائی تو وہ چیز ہے جس کا کوئی بدل نہیں ہوسکتا۔ باب نمبر 9 (روح کے بیان میں ) حدیث میں ہے کہ جب روح بدن سے جدا ہوتی ہے تو آسمان سے تین بار آواز آتی ہے کہ اے ابن آدم کیا تو نے دنیا چھوڑ دی یا دنیا نے تجھے چھوڑ کیا تو نے دنیا جمع کی یا دنیا نے تجھے جمع کیا؟ کیا تو نے دنیا قبول کی یا دنیا نے تجھے قبول کیا اور جب اسے تختہ غسل پر رکھا جاتا ہے تو آسمان سے تین بار آواز دی جاتی ہیں کہ اے ابن آدم تیرا قوی بدن کہاں ہے اب کس چیز نے اسے ضعیف کر دیا ہے اور تیری فصیح زبان کہاں ہے اسے کس چیز نے خاموش کر دیا اور تیرے سننے والے کان کہاں ہیں تو اب انہیں کس نے بہرا کر دیا اور تیرے پیارے دوست کہاں ہیں۔

فَمَنْ اَوْحشک اِذْ وُضِعَ فِی الْکَفَنِ نُوْدِیَ بِثَلٰثِ صَیْحَاتٍ یَا بْنَ اٰدَمَ طُوْبٰی لَکَ اِنْ کَانَ مَاْ وَاکَ الْجِنَانُ وَالْوَیْلُ لَکَ اِنْ کَانَ مَاْ وَاکَ النِّیْرَانُ یَا بْنَ آدَمَ طُوْبٰی لَکَ اِنْ کَانَ صَاحِبُکَ رِضْوَانَ اللّٰہِ وَالْوَیْلُ لَکَ اِنْ کَانَ صَاحِبُکَ سَخَطَ اللّٰہِ یَا بْنَ آدَمَ قَدْ تَذْھَبُ اِلٰی سَفَرٍ طَوِیْلٍ بِغَیْرِ زَادٍ وَّتَخْرُجُ مِنْ مَّنْزِلِکَ فَلَا تَرْجِعُ اِلَیْہِ اَبَدًا وَتَصِیْرُ اِلٰی بَیْتِ الْاَ ھْوَالِ وَاِذَا وُضِعَ عَلَی الْجَنَازَۃِ نُوْدِیَ بِثَلٰثِ صَیْحَاتٍ یَا بْنَ آدَمَ طُوْبٰی لَکَ اِنْ کَانَ عَمَلُکَ خَیْرًا وَالْوَیْلُ لَکَ اِنْ کَانَ عَمَلُکَ شَرًّا وَطُوْبٰی لَکَ اِنْ کُنْتَ تَآئِبًا وَصَاحِبُکَ رِضْوَانَ اللّٰہِ وَالْوَیْلُ لَکَ اِنْ کَانَ صَاحِبُکَ سَخَط

اللّٰہِ وَاِذَا وُضِعَتْ لِلصَّلٰوۃِ نُوْدِیَ بِثَلٰثِ صَیْحَاتٍ یَا بْنَ آدَمَ کُلُّ عَمَلٍ عَمِلْتَہٗ تَرَاہُ فِیْ ھٰذِہِ السَّاعَۃِ فَاِنْ کَانَ عَمَلُکَ خَیْراً تَرَاہُ خَیْرًا وَاِنْ کَانَ عَمَلُکَ شَرًّا تَرَاہُ شَرًّا طُوْبٰی لَکَ اِنْ کُنْتَ اَصْلَحْتَ عُمُرَکَ وَالْوَیْلُ لَکَ اِنْ کُنْتَ ضَیَّعْتَ عُمُرَکَ وَاِذْ وُضِعَتِ الْجَنَازَۃُ

اب کس نے تجھے تنہا کر دیا اور جب اسے کفن میں لپیٹا جاتا ہے تو تین آوازیں آتی ہیں کہ ابن آدم خوشی ہے تیرے لئے اگر تیرا ٹھکانہ جنت ہے اور خرابی ہے تیرے لئے اگر تیرا ٹھکانہ آگ ہے اور اے ابن آدم تیری خوش بختی ہے اگر تیرا ساتھی اللہ کی رضا ہو اور بربادی ہے تیرے لئے اگر تجھ پر اللہ کی ناراضگی ہے۔ اے ابن آدم تحقیق تو طویل سفر کی طرف بغیر زاد راہ کے جا رہا ہے اور تو جس گھر سے نکل رہا ہے اس کی طرف نہیں آئے گا اور تو خوفناک گھر کی طرف چلا جائے گا اور جب اسے قبرستان لے جانے کو چارپائی پر رکھا جاتا ہے تو تین بار آوازیں دی جاتی ہیں کہ اے ابن آدم تیرے لئے خوشی ہے اگر تیرے عمل اچھے تھے اور تیری خرابی ہے اگر تیرے عمل برے تھے اور تیرے لئے خوشی ہے اگر تو توبہ کرنے والا ہے کہ تیرے لئے اللہ کی رضا ہے اور تیرے لئے خرابی ہے اگر تجھ پر اللہ کی ناراضگی ہے اور جب جنازہ کے لئے رکھا جاتا ہے تو تین بار ندا آتی ہے کہ اے ابن آدم ہر عمل جو تو نے کیا اسے اب دیکھ لیا اگر اچھا تھا تو اچھا دیکھا اور برا تھا تو برا دیکھا خوشی ہے تیرے لئے اگر تو نے اپنی زندگی اصلاح و نیکی میں گزاری اور خرابی ہے تیرے لئے اگر تو نے اپنی زندگی کو ضائع کیا اور جب میت کی

marfat.com

چار پائی قبر کے کنارے رکھی جاتی ہے تو اسے زمین تین بار آواز دیتی ہے کہ اے ابن آدم جب تو میری پشت پر تھا تو ہنستا تھا اب میرے پیٹ میں روتا ہوا جائے گا۔

عَلٰی شَفِیرَ ۃِ الْقَبْرِ نُوْدِیَ بِثَلٰثِ صَیْحَاتٍ یاَ بْنَ آدَمَ کُنْتَ عَلٰی ظَھْرِیْ ضَاحِکًا وَّصِرْتَ فِیْ بَطْنِیْ بَا کِیًا وَّکُنْتَ عَلٰی ظَھْرِیْ فَرِحًاوَّفَصِرْتَ فِیْ بَطْنِیِ حَزِیْنًا وَّکُنْتَ عَلٰی ظَھْرِیْ نَاطِقًا وَّصِرْتَ فِیْ بَطْنِیْ سَا کِتًا وَّاِذَا اَدْبَرَ النَّا سُ عَنْہُ یَقُوْلُ اللّٰہُ عَزَّوَجَلَّ یَا عَبْدِیْ بَقِیْتَ وَحِیْدًا فَرِیْدًا وَّتَرَ کُوْکَ فِیْ ظُلْمَۃِ الْقَبْرِ وَقَدْ عَصَیْتَنِیْ لِاَجْلِھِمْ فَاَ نَّہُ اَرْحَمُ عَلَیْکَ الْیَوْمَ رَحْمَۃً یَّتَعَجَّبُ مِنْھَا الْخَلَائِقُ وَانَااَشْفَقُ عَلَیْکَ مِنَ الْوَالِدَۃِ بِوَلَدِھَا بَا ب" فِیْ ذِکْرِ نَدِآءِ الْاَرْضِ وَالْقَبْرِ قَالَ اَنَسُ بْنُ مَالِکٍ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ اَنَّ اْلاَرْضَ یُنَا دِیْ کُلَّ یَوْ مٍ بِعَشْرِ کَلِمَاتٍ یَقُوْلُ یَا بْنَ آدَمَ تَسْعٰی عَلٰی ظَھْرِیْ وَمَصِیْرُکَ فِیْ بَطْنِی وَ تَعْصِیْ عَلَیَّ وَتُعَذَّبُ فِیْ بَطْنِیْ وَتَضْحَکُ عَلٰی ظَھْرِی وَتَبْکِیْ فِیْ بَطْنِیْ وَتَا کُلُ الْحَرَامَ عَلٰی ظَھْرِ ی وَتَا کُلُ الدُّوْدُ لَحْمَکَ فِیْ بَطْنِیْ وَتَفْرَحُ عَلٰی ظَھْرِیْ وَتَحْزَنُ فِیْ بَطْنِیْ وَتَسْمِنُ بِالْحَرَامِ عَلٰی ظَھْرِیْ وَتَذُوْبُ فِیْ بَطْنِیْ وَتَخْتَالُ عَلٰی ظَھْرِیْ

اور جب تو میری پشت پر تھا تو خوش تھا اب تو میرے پیٹ میں غمناک ہو کر جائے گا تو میری پشت پر ناطق تھا اب مجھ میں خاموش رہیگا اور جب لوگ اسے دفنا کر پلٹتے ہیں تو

اللہ عزوجل فرماتا ہے اے میرے بندے اب تو تنہا رہیگا تیرے پیارے تجھے اندھیری قبر میں چھوڑ گئے جن کے لئے تو نے میری نافرمانی کی پس آج تجھ پر رحمت کرتا ہوں جس پر مخلوق حیران رہے گی اور میں اس سے بڑھ کر تجھ پر شفیق ہوں کہ جتنی شفقت باپ کو اپنی اولاد پر ہوتی ہے۔

**باب نمبر 10 (زمین اور قبر کے ندا کرنے میں)** حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ ہر دن زمین دس کلموں کے ساتھ ندا کرتی ہے کہ اے ابن آدم اب تو میرے پیٹھ پر بھاگتا ہے آخر تیرا ٹھکانہ میرا پیٹ ہوگا اور میری پیٹھ پر نافرمانی کرتا ہے آخر میرے پیٹ میں تجھے عذاب ہوگا اور میری پیٹھ پر ہنستا ہے پھر میرے پیٹ میں روتا آئے گا اور اب میری پشت پر حرام کھاتا ہے میرے پیٹ کے اندر تیرا گوشت کیڑوں کی غذا ہوگا اور اب تو میری پشت پر خوش ہے اور پھر میرے پیٹ میں غم کرے گا اور اب تو میری پشت پر پلتا ہے۔ پھر میرے پیٹ میں پگلے گا اور اب میری پشت پر اِترا کر چلتا ہے پھر میرے میں عاجز بن کے آئے گا۔

تَـذِلُّ فِـیْ بَطْنِیْ وَتَمْشِیْ سُرُوْرًا عَلٰی ظَھْرِیْ وَتَقَعُ حَزِیْنًا فِیْ بَطْنِیْ وَ تَمْشِیْ فِیْ النُّوْرِ عَلٰی ظَھْرِیْ وَتَقَعُ فِیْ الظُّلُمٰتِ فِیْ بَطْنِیْ وَتَمْشِیْ مَعَ الْـجَـمَـاعَةِ عَـلٰی ظَھْرِیْ وَتَقَعُ وَحِیْدًا فِیْ بَطْنِیْ وَ فِیْ الْخَبَرِ اَنَّ الْـقَـبْـرَ یُـنَـادِیْ کُـلَّ یَـوْمٍ بِثَلٰثِ مَرَّاتٍ بِثَلٰثِ کَلِمٰتٍ یَقُوْلُ اَنَا بَیْتُ الْوَحْدَةِ وَاَنَا بَیْتُ الظُّلْمَةِ وَاَنَا بَیْتُ الدُّوْدِ فَمَا ذَا اَعْدَدْتَّ لِیْ وَیُقَالُ اِنَّ الْـقَـبْـرَ یُـنَـادِیْ کُـلَّ یَـوْمٍ خَـمْـسَ مَرَّاتٍ یَقُوْلُ اَنَا بَیْتُ الْوَحْدَةِ

marfat.com

فَاَحْمِلُ مُوْنِسًا وَّهُوَ قِرَآءَ ۃُ الْقُرْآنِ وَاَنَا بَيْتُ الظُّلْمَةِ فَاحْمِلُ سِرَاجًا وَّهُوَ الصَّلٰوۃُ فِي اللَّيْلِ وَاَنَا بَيْتُ التُّرَابِ فَاحْمِلُ اِلَيَّ فِرَاشاً وَّهُوَ الْعَمَلُ الصَّالِحُ وَاَنَا بَيْتُ الْاَفَاعِيْ وَالْعَقَارِبِ فَاحْمِلُ التِّرْيَاقَ وَهُوَ الصَّدَقَةُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاِهْرَاقُ الدُّمُوْعِ وَاَنَا بَيْتُ سُؤَالِ مُنْكَرٍ وَنَكِيْرٍ فَاَكْثِرْ عَلٰى ظَهْرِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ" رَّسُوْلُ اللّٰهِ بَاب" فِيْ ذِكْرِ نِدَآءِ الرَّوْحِ بَعْدَ الْخُرُوْجِ وَفِي الْخَبَرِ رُوِيَ عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا اَنَّهَا قَالَتْ كُنْتُ قَاعِدَةً مُّرَبَّعَةً فِيْ

اور آج تو مجھ پر خوشی سے چلتا ہے پھر تو مجھ میں غمناک ہوگا اور آج تو میرے اوپر روشنی میں چلتا ہے کل تو میرے اندر اندھیرے میں رہے گا آج تو میرے پر پیاروں کے ساتھ ہے کل تو میرے اندر تنہا رہے گا اور حدیث مبارکہ میں ہے کہ قبر ہر دن تین بار تین کلموں کے ساتھ ندا دیتی ہے کہتی ہے کہ میں وحشت کا گھر ہوں اور میں کیڑوں کا گھر ہوں اور میں اندھیرا گھر ہوں تو نے میرے لئے کیا تیاری کی اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ قبر ہر دن پانچ بار ندا کرتی ہے کہتی ہے میں تنہائی کا گھر ہوں اپنے ساتھ ساتھی لا اور وہ قراءت قرآن ہے اور میں اندھیرا گھر ہوں اپنے ساتھ چراغ لا اور وہ تہجد کی نماز ہے اور میں مٹی کا گھر ہوں اپنے ساتھ بچھونا لا اور وہ نیک عمل ہیں اور میں سانپوں اور بچھوؤں کا گھر ہوں اپنے ساتھ تریاق لا اور وہ صدقہ اور بسم اللہ پڑھنا اور خوف خدا میں اشکبار ہونا ہے اور میں منکر ونکیر کے سوال کی جگہ ہوں تو میری پشت پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے کی کثرت کر۔

## باب نمبر 11 (روح کے نکلنے کے بعد کی ندا کے بیان میں)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی کہ فرمایا میں گھر میں چار زانوں ہو کر بیٹھی تھی کہ

الْبَيْتِ اِذْ جَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاَرَدْتُّ اَنْ اَقُوْدَ لَهٗ كَمَا كَانَ عَادَتِيْ عِنْدَ مَجِيْئِهٖ اِلَيَّ فَقَالَ اجْلِسِيْ مَكَانَكِ يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ فَقَعَدْتُّ فَوَضَعَ رَاْسَهٗ فِيْ حُجْرِيْ وَنَامَ مُسْتَلْقِيًا عَلٰى قَفَاهُ فَطَلَبْتُ شَيْبَةً فِيْ لِحْيَتِهٖ فَرَاَيْتُ فِيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ شَعْرَةً بَيْضَاءَ فَتَفَكَّرْتُ فِيْ نَفْسِيْ فَقُلْتُ اِنَّهٗ يَخْرُجُ مِنَ الدُّنْيَا وَيَبْقٰى اُمَّتُهٗ بِلَا نَبِيٍّ فَبَكَيْتُ حَتّٰى سَالَ دَمْعِيْ عَلٰى خَدِّيْ وَتَقَاطَرَتْ مِنْهُ عَلٰى وَجْهِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَانْتَبَهَ مِنَ النَّوْمِ وَقَالَ مَا الَّذِيْ اَبْكَاكِ يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ الْقِصَّةَ ثُمَّ قَالَ يَآ اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَيُّ حَالٍ اَشَدُّ عَلَى الْمَيِّتِ فَقُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ فَقَالَ بَلٰى قُوْلِيْ اَنْتِ فَقُلْتُ لَا يَكُوْنُ الْحَالُ اَشَدُّ مِنْ وَّقْتِ خُرُوْجِهٖ مِنْ دَارِهٖ يَعْدُوْنَهٗ اَوْلَادُهٗ خَلْفَهٗ وَيَقُوْلُوْنَ يَا وَالِدَهٗ وَيَا اُمَّاهُ وَيَقُوْلُ الْوَالِدُ وَوَابْنَاهُ فَقَالَ هٰذَا شَدِيْدٌ عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَاَشَدُّ مِنْهُ ثُمَّ قَالَ اَيُّ حَالٍ اَشَدُّ عَلَى الْمَيِّتِ قُلْتُ لَا يَكُوْنُ الْحَالُ اَشَدَّ عَلَى الْمَيِّتِ مِنْ اَنْ يُّوْضَعَ فِيْ لَحْدِهٖ وَيُهَالُ عَلَيْهِ التُّرَابُ

رسول اللہ ﷺ تشریف لائے پس میں نے چاہا کہ آپ کی تعظیم کو کھڑی ہو جاؤں جیسا کہ آپ کی آمد پر کھڑا ہونا میری عادت تھی تو آپ ﷺ نے فرمایا اے ام المومنین اپنی جگہ بیٹھی رہے پس میں بیٹھ گئی تو آنحضرت ﷺ میری گود میں اپنا سر رکھ کر پشت کے بل محو خواب ہو گئے تو میں آپ کی ریش مبارک کے سفید بال ڈھونڈ نے لگی تو میں نے انیس سفید بال دیکھے پس میں اپنے دل میں فکر کرنے لگی اور جی میں کہنے لگی کہ آپ تو دنیا سے تشریف لے جائیں گے اور امت نبی سے محروم ہو جائے گی تو میں رونے لگی حتی کہ میرے آنسو میرے رخساروں پر بہنے لگے اور نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے چہرے پر ٹپکنے لگے تو آپ نیند سے بیدار ہوئے اور فرمایا اے ام المومنین تمہارے آنسو ٹپکنے کا کیا سبب ہے تو میں نے آپ کو اپنا واقعہ سنا دیا پھر آپ ﷺ نے فرمایا اے ام المومنین کونسا حال میت پر زیادہ سخت ہوتا ہے میں نے عرض کی اللہ اور اس کا رسول ہی خوب جانیں تو فرمایا اری کچھ تو بتاؤ تو میں نے عرض کی سب سے زیادہ اس کا اپنے گھر سے نکلتے وقت کا حال سخت ہوتا ہے جب کہ اس کی اولاد اس کا جنازہ کے پیچھے بھاگتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اے ہمارے باپ اے ہماری والدہ اور اگر بیٹے کا جنازہ ہو تو باپ روتا ہے کہتا ہے اے میرے بیٹے پس حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا واقعی یہ حال اس پر بہت دشوار ہے کہ اس سے بڑھ کر کوئی حال سخت نہیں پھر پوچھا اس کے علاوہ میت پر کونسا دشوار حال ہوتا ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے عرض کیا اس وقت حال میت پر زیادہ مشکل ہوتا ہے جب اسے قبر میں اتار کر اس پر مٹی ڈالتے ہیں۔

وَيَرْجِعُ عَنْهُ اَقْرَبَاؤُهٗ وَاَوْلَادُهٗ وَاَحِبَّاؤُهٗ وَيُسَلِّمُوْنَهٗ اِلَى اللّٰهِ

تَعَالٰی مَعَ عَمَلِہٖ ثُمَّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَا اُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ ھٰذَا شَدِیْد" عَلَیْہِ وَاِنَّہٗ لَا شَدُّ مِنْہُ ثُمَّ قَالَ اَیُّ حَالٍ اَشَدُّ عَلَی الْمَیِّتِ قُلْتُ اَللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَمُ فَقَالَ اِعْلَمِیْ یَا عَائِشَۃُ اِنَّ اَشَدَّ الْحَالِ عَلَی الْمَیِّتِ حِیْنَ یَدْخُلُ الْغَسَّالُ دَارَہٗ لِیُغَسِّلَہٗ' وَیُخْرِجُ الثِّیَابَ مِنْ بَدَنِہٖ وَیُخْرِجُ خَاتِمَ الشَّبَابِ مِنْ اَصَابِعِہٖ وَیَنْزِعُ قَمِیْصَ الْعُرُوس مِنْ بَدَنِہٖ وَیَرْفَعُ عَمَامَۃَ الشَّیْخِ وَالْفَقِیْہِ وَالْقَاضِیْ مِنْ رَّاْسِہٖ فَعِنْدَ ذٰلِکَ یُنَادِیْ رُوْحُہٗ' حِیْنَ یَرٰی نَفْسَہٗ' عَارِیًا بِصَوْتٍ حَزِیْنٍ یَسْمَعُہٗ' کُلُّ الْخَلَائِقِ اِلَّا الثَّقَلَیْنِ فَیُنَادِیْ یَا غَسَّالُ بِاللّٰہِ عَلَیْکَ اَنْ تَنْزِعَ ثِیَابِیْ بِرِفْقٍ فَاِنِّیْ اَلْآنَ اِسْتَرَحْتُ مِنْ مُّخَالِبِ مَلَکِ الْمَوْۃِ فَاِذَا اَصَبُّ عَلَیْہِ الْمَآءَ صَاحَتِ الرُّوْحُ کَذٰلِکَ یَقُوْلُ یَا غَسَّالُ لَا تَجْعَلِ الْمَآءَ حَارًّا وَّلَا بَارِدًا وَّلَا تَصُبَّ عَلَیَّ الْمَآءَ حَارًّا وَلَا بَارِدًا فَاِنَّ جَسَدِیْ مَجْرُوْح" بِنَزْعِ الرُّوْحِ

اور اس کے اقارب و اولاد اور دوست اسے اللہ کو سونپ کر اس کے پاس سے واپس لوٹتے ہیں۔ آنحضور ﷺ نے فرمایا اے ام المومنین یہ حال اس پر سخت ہوتا ہے مگر اس سے بھی کوئی حال اس پر زیادہ مشکل ہوتا ہے پھر فرمایا وہ کونسا وقت ہے جو اس پر سب سے زیادہ مشکل آتا ہے تو میں نے عرض کی اللہ اور اس کا رسول ہی خوب جانیں تب رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جان لے کہ تحقیق سب سے زیادہ مشکل وقت میت پر وہ آتا ہے۔ جب کہ اس کے گھر میں غسل دینے والا داخل ہوتا ہے اور اس کے جسم سے

کپڑے اتارتا ہے اور اس کی جوانی کے وقت کی انگوٹھی اس کی انگلی سے نکالتا ہے اور سہاگ کے کپڑے اس کے جسم سے اتارتا ہے اور شیخ وفقیہ وقاضی کی دستار اس کے سر سے اتار دیتا ہے پس اس وقت اس کی روح ندا دیتی ہے جب کہ وہ اپنے کو برہنہ دیکھتا ہے درد بھری آواز سے اسے تمام مخلوق سنتی ہے سوائے جن وانس کے پس وہ ندا کرتا ہے اے غسل دینے والے! تجھے اللہ کی قسم میرے کپڑے نرمی کے ساتھ اتار پس بے شک میں نے ابھی ملک الموت کے چنگل سے آرام پایا پھر جب اس پر پانی ڈالتا ہے تو روح فریاد کرتی ہے کہتی ہے اے غسل دینے والے پانی کو زیادہ گرم اور زیادہ ٹھنڈا نہ کر اور مجھ پر پانی زیادہ گرم اور نہ زیادہ ٹھنڈا نہ ڈال پس بے شک میرا جسم روح نکلنے کی وجہ سے زخمی ہے۔

فَاِذَا غَسَّلَهٗ يَقُوْلُ بِاللّٰهِ عَلَيْكَ يَا غَسَّالُ لَا تَمَسَّنِيْ بِقُوَّتِكَ فَاِنَّ جَسَدِيْ مَجْرُوْحٌ بِخُرُوْجِ الرُّوْحِ فَاِذَا فَرَغَ مِنْ غُسْلِهٖ وَوَضَعَهٗ فِيْ كَفْنِهٖ وَشُدَّ مَوْضِعُ قَدَمَيْهِ نَادَاهُ بِاللّٰهِ عَلَيْكَ يَا غَسَّالُ لَا تَشُدُّ الْكَفَنَ عَلٰى رَاْسِيْ حَتّٰى يَرٰى وَجْهِيْ اَهْلِيْ وَاَوْلَادِيْ وَاَقْرِبَآءِ يْ فَاِنَّ هٰذَا اٰخِرُ رُؤْيَتِيْ لَهُمْ فَاِنِّيْ اَلْيَوْمَ اُفَارِقُهُمْ وَلَا اَرَاهُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَاِذَا اَخْرَجُوْا الْمَيِّتَ مِنْ دَارِهٖ نَادٰى بِاللّٰهِ يَا جَمَاعَتِيْ لَا تُعَجِّلُوْا بِيْ حَتّٰى اُوَدِّعَ دَارِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ ثُمَّ يُنَادِيْ بِاللّٰهِ تَرَكْتُ امْرَاَتِيْ اَرْمَلَةً فَعَلَيْكُمْ اَنْ لَّا تُؤْذُوْهَا وَاَوْلَادِيْ يَتِيْمًا فَعَلَيْكُمْ اَنْ لَّا تُؤْذُوْهُمْ فَاِنِّي الْيَوْمَ اُخْرَجُ مِنْ دَارِيْ وَلَا اَرْجِعُ اِلَيْهِمْ اَبَدًا

marfat.com

فَاِذَاحمَلُوْهُ عَلَى الْجَنازَةِ يَقُوْلُ بِا للّٰهِ يَا جَمَا عَتِيْ لاَ تُعْجِلُوْ نِيْ حَتّٰى اَسْمَعَ صَوْتَ اَهْلِيْ وَاَوْلاَدِيْ وَاَقْرَ بَـآءِ يْ فَـاِ نِّي الْيُوْمَ اُخْرَجُ اُفَـارِقُهُـمْ اِلَـى يَـوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاِذَ اوُضِعَ عَلٰى سَرِيْرِالْجَنازَةِ وَخطَوْا بِهَاثلث خُطُوٰتٍ يُّنَا دِ يْ بِصَوْةِ يَسْمَعُه' كُلُّ شَيْءٍ اِلاَّ الثَّقَلَيْنِ يَا

پھر جب اس کو غسل دیتا ہے تو میت کہتی ہے اے غسل دینے والے تجھے اللہ کی قسم مجھے زور سے مت چھو پس بے شک میرا جسم روح نکلنے کے سبب زخمی ہے پس جب اس کے غسل سے فارغ ہوتا ہے اور اس کو اس کے کفن میں لپیٹتا ہے اور اس کے قدموں کی طرف سے کفن کو باندھتا ہے تو میت اسے پکار کر کہتی ہے تجھے اللہ کی قسم اے غسل دینے والے کفن کو میرے سر کی طرف سے نہ باندھ جب تک کہ میرے چہرے کو میرے اہل وعیال اور اقارب نہ دیکھ لیں۔ پس بے شک ان کے دیکھنے کا آخری دن اور آخری وقت ہے بے شک آج میں ان سے بچھڑنے والا ہوں اور پھر میں ان کو قیامت تک نہ دیکھ سکوں گا اور جب میت کو لوگ اس کے گھر سے نکالتے ہیں تو وہ پکار کر کہتی ہے کہ اے لوگو مجھے لے جانے میں جلدی نہ کرو جب تک کہ میں اپنے گھر اور اہل خانہ کو اور مال کو الوداع نہ کہہ لوں۔ پھر ندا دیتی ہے کہ اللہ کی قسم میں نے اپنی بیوی کو بیوہ چھوڑا ہے پس تم پر لازم ہے کہ اسے تکلیف نہ پہنچاؤ اور میں نے اپنی اولاد کو یتیم چھوڑا ہے پس تم پر لازم ہے کہ انہیں اذیت نہ دو پس بے شک میں آج اپنے گھر سے نکالا جا رہا ہوں پھر ان کی طرف کبھی نہیں لوٹوں گا پھر جب اس کو چار پائی پر اٹھاتے ہیں تو میت کہتی ہے اے اٹھانے والو تمہیں اللہ کی قسم مجھے جلدی نہ لے جاؤ یہاں تک کہ میں اپنی

آواز اہل وعیال اور اقارب کو سنا نہ لوں پس بے شک میں آج کے دن ان سے قیامت تک جدا ہو رہا ہوں پھر جب اس کو جنازے کی چارپائی پر لٹا کر چلتے ہیں تو ان کے تین قدم چلنے کے بعد میت بلند آواز سے ندا کرتی ہے کہ اس کی آواز کو سوائے جن و انس کے ہر چیز سنتی ہے۔

اَحِبَّائِیْ وَیَآاِخْوَانِی وَیَآاَوْلَادِیْ لَاتَغُرَّنَّکُمُ الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَا کَمَا غَرَّتْنِیْ وَلَا تَلْعَبُ بِکُمُ الدُّنْیَا کَمَا لَعِبَتْنِیْ فَاعْتَبِرُوْایَا وِلِی الْاَبْصَارِ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ فَاِنِّیْ خَلَفْتُ مَاجَمَعْتُ لِوَرَثَتِیْ وَاَنْتُمْ تَعِیْشُوْنَ مِنْ وَّرَآئِیْ وَلَا تَحْمِلُوْنَ مِنْ خَطَایَآئِیْ شَیْئًا وَلَدَّیَّانُ یُحَاسِبُنِیْ وَاَنْتُمْ تَنْسَوْنَنِیْ وَتَدْعُوْنِیْ ثُمَّ لَا تَبْتَغُوْنِیْ فَاِذَا صَلُّوْا عَلَی الْجَنَازَۃِ وَرَجَعَ بَعْضُ اَھْلِہٖ وَاَصْدِقَآئِہٖ مِنَ الْمُصَلِّیْنَ یَقُوْلُ بِاللّٰہِ یَآ اِخْوَانِیْ اِنِّیْ کُنْتُ اَعْلَمُ اَنَّ الْمَیِّتَ تُنْسٰی لٰکِنْ لَّا تَنْسَوْنِیْ بِھٰذِہِ السُّرْعَۃِ رَجَعْتُمْ قَبْلَ اَنْ دَفَنْتُمُوْنِیْ فَاِذَا وَضَعُوْا فِیْ لَحْدِہٖ یَقُوْلُ بِاللّٰہِ یَا وُرَّاثِیْ اِنِّیْ قَدْ جَمَعْتُ مَا لَاکَثِیْرًا فِی الدُّنْیَا وَتَرَکْتُ لَکُمْ فَلَا تَنْسَوْنِیْ بِکَسْرَۃِ خُبْزِکُمْ وَعَلَّمْتُکُمُ الْقُرْآنَ وَالْاَدَبَ فَلَا تَنْسَوْنِیْ بِدُعَآئِکُمْ وَاِذَا رَجَعُوْا بَعْدَ دَفْنِہٖ یَقُوْلُ یَا اِخْوَانِیْ اِنِّیْ کُنْتُ اَعْلَمُ اِنَّ الْمَیِّتَ اَبْرَدُ مِنَ الزَّمْھَرِیْرِ فِیْ قُلُوْبِ الْاَحْیَآءِ وَلٰکِنْ لَّا تَنْسَوْنِیْ بِھٰذِہِ السُّرْعَۃِ وَعَلٰی ھٰذَا حُکِیَ عَنْ اَبِیْ قُلَابَۃَ اَنَّہٗ رَاٰی

کہ اے میرے دوستوں اور اے میرے بھائیوں اور اے میری اولاد تم کو

دنیا کی زندگی دھوکہ نہ دے جیسے اس نے مجھے دھوکہ دیا اور تم سے دنیا نہ کھیلے جیسے وہ مجھ سے کھیلی پس اے آنکھوں والوں عبرت حاصل کرو تا کہ تم فلاح پاؤ پس تحقیق میں پیچھے چھوڑ چلا جو کچھ جمع کیا اپنے وارثوں کے لئے تو تم اے وارثو! تم میرے بعد عیش کرو اور میرے گناہوں سے تم کچھ بوجھ نہ اٹھاؤ قرض خواہ مجھ سے حساب مانگتے ہیں اور تم مجھے بھولتے ہو اب چھوڑو مجھے خاک میں پھر نہ بلانا پھر جب وہ اس پر نماز جنازہ پڑھتے ہیں اور نمازیوں میں سے کچھ اس کے گھر والے اور دوست واپس لوٹتے ہیں تو میت کہتی ہے اللہ کی قسم اے میرے بھائیوں تحقیق میں جانتا ہوں کہ بے شک میت کو لوگ بھول جاتے ہیں لیکن مجھے نہ بھولنا اس جلدی کے ساتھ کہ لوٹ جاؤ تم مجھے دفن کرنے سے پہلے تو جب وہ اسے لحد میں اتارتے ہیں تو میت کہتی ہے کہ اللہ کی قسم اے میرے وارثوں بے شک میں دنیا میں مال کثیر جمع کیا اور تمہارے لئے چھوڑ آیا پس مجھے نہ بھولنا تم کھانا کھاتے وقت مجھے یاد رکھنا میں نے تمہیں قرآن اور ادب سکھایا پس مجھے تم اپنی دعا میں نہ بھولنا اور جب وہ اس کے دفن کے بعد واپس لوٹتے ہیں تو میت کہتی ہے اے میرے بھائیوں بے شک میں جانتا ہوں کہ تحقیق میت دوستوں کے دلوں میں زمھریر سے بھی ٹھنڈی ہوتی ہے لیکن تم مجھے اس جلدی سے نہ بھولنا (**حضرت ابو قلابہ کا خواب میں مقبرہ دیکھنا**) اور اسی کے متعلق حضرت ابو قلابہ سے ہے کہ تحقیق انہوں نے خواب میں

**فِی الْمَنَامِ مَقْبَرَۃً کَانَ قُبُوْرُھَا قَدِ انْشَقَّتْ وَخَرَجَ مِنْھَا اَمْوَاتُھَا وَقَعَدُوْا عَلٰی شَفِیْرَۃِ لُقُبُوْرِ وَکَانَ بَیْنَ یَدَیْ کُلِّ وَاحِدٍ مِنْھُمْ طَبَقٌ"**

maktabah.org

مِنْ نُوْرٍ وَّرَایٰ فِیْمَا بَیْنَھُمْ رَجُلًا مِّنْ جِیْرَانِھِمْ وَلَمْ یَرَ بَیْنَ یَدَیْهِ طَبَقًا مِنْ نُوْرٍ وَّسَاَلَهٗ وَقَالَ مَا لِیْ لَا اَرٰی بَیْنَ یَدَیْکَ طَبَقَ النُّوْرِ فَقَالَ اِنَّ لِھٰٓؤُلَآءِ اَوْلَادًا وَّاَصْدِقَآءَ یَدْعُوْنَ لَھُمْ وَیَتَصَدَّقُوْنَ لِاَجْلِھِمْ وَ ھٰذَا لَنُوْرُ مِمَّا بَعَثُوْا اِلَیْھِمْ وَکَانَ لِیْ اِبْنٌ" غَیْرُ صَالِحٍ لَّا یَدْعُوْ وَلَا یَتَصَدَّقُ لِاَجْلِیْ وَلِھٰذَا لَا النُّوْرَ لِیْ وَاَنَاا خجِلُ بَیْنَ جِیْرَانِیْ فَلَمَّا انْتَبَهَ اَبُوْ قَلَا بَةَ دَعَا اِبْنَهٗ وَاَخْبَرَهٗ بِمَا رَایٰ فَقَالَ ا لِاِبْنُ اِنِّیْ قَدْ تُبْتُ عَلٰی یَدَیْکَ وَلَا اَرْجِعُ اِلٰی مَا کُنْتُ عَلَیْهِ اَبَدًا وَّاَنَا لَا اَغْفَلُ مِنْهُ مَا کُنْتُ حَیًّا فَاشْتَغَلَ فِیْ الطَّاعَاتِ والدُّعَآءِ لِاَبِیْهِ والصَّدَقَةِ لِاَجلِهٖ فَلَمَّا مَضٰی عَلَیْهِ مُدَّةٌ" رَایٰ اَبُوْ قُلَابَةَ فِیْ مَنا مه ذٰلِکَ الْمَقْبَرَ ةَ علٰی حَالِھَا وَرَایٰ نُوْرًا اَضْوَءَ مِنَ الشَّمْسِ واَکْثَرَ مِنْ نورِ اَصْحَابِهٖ فقال یَاا بَا قُلَابَةَ جَزَاکَ اللّٰهُ تَعَالٰی

ایک مقبرہ کو دیکھا کہ اس کی سب قبریں پھٹ گئیں ہیں اور ان سے مردے باہر نکل کر قبروں کے کنارے بیٹھ گئے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کے سامنے نور کا طبق تھا تو ابو قلابہ نے ان کے درمیان ان کے ہمسایوں میں سے ایک آدمی کو دیکھا کہ اس کے سامنے نور کا طبق نہیں تو اس نے اسے پوچھا کہ اے شخص کیا وجہ ہے کہ میں تیرے سامنے نور کا طبق نہیں دیکھتا ہوں پس اس نے کہا بے شک ان لوگوں کے اولاد اور دوست ہیں جو ان کے لئے دعا کرتے ہیں اور ان کے ایصال ثواب کو صدقہ کرتے ہیں اور یہ نور اس سے ہے جو ان کی طرف ایصال ثواب کرتے ہیں۔ اور میرا ایک بیٹا غیر صالح

ہے جو کہ نہ میرے لئے دعا کرتا ہے اور نہ صدقہ تو اس لئے میرے پاس نور نہیں ہے میں اپنے ہمسایوں کے درمیان شرمندہ ہوں تو جب ابو قلابہ رحمتہ اللہ علیہ بیدار ہوئے تو اس کے بیٹے کو بلا کر اپنے خواب کی خبر دی پس اس نے عرض کیا آج سے میں تیرے ہاتھ پر تائب ہوتا ہوں اور جو میں پہلے کرتا تھا اب ایسا کبھی نہیں کروگا۔ اور اپنے باپ کو نہ بھولوں گا جب تک میں زندہ ہوں۔ پس پھر وہ عبادات اور اپنے باپ کے لئے دعا میں مشغول ہو گیا اور اس کے ایصال ثواب کے لئے صدقہ کیا پھر جب کچھ مدت گزری تو ابو قلابہ نے اسی مقبرہ کو خواب میں دیکھا اس کے پہلے حال پر دیکھا اور اس شخص کے سامنے نور دیکھا جو سورج سے بھی زیادہ روشن ہے اور اس کے ساتھ والوں کے نور سے زیادہ روشن ہے پس اس نے کہا اے ابو قلابہ اللہ تعالیٰ تجھے میری طرف سے جزا خیر دے کہ میں تیرے کہنے پر آگ سے اور ہمسایوں کی شرمندگی سے نجات پا گیا۔

عَنِّیْ خَیْرًا بِقَوْلِکَ نَجَوْتُ مِنَ النِّیْرَانِ وَخِجَالَةِ الْجِیْرَانِ وَفِی الْخَبَرِ اَنَّ مَلَکَ الْمَوْتِ دَخَلَ عَلٰی رَجُلٍ بِالْاِسْکَنْدَرِیَّةِ فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ مَنْ اَنْتَ فَقَالَ اَنَا مَلَکُ الْمَوْتِ فَاِ ذَا هُوَ یَرْ تَعِدُ فَرَآئِصُهُ هِیَ اللَّحْمُ الَّتِیْ بَیْنَ الْجَنْبِ وَالْکَتِفِ فَقَالَ لَهٗ مَلَکُ الْمَوْتِ مَا هٰذَا الَّذِیْ اَرٰی مِنْکَ قَالَ خَوْفًا مِّنَ النَّارِ فَقَالَ مَلَکُ الْمَوْتِ اُکْتُبْ لَکَ کِتَابًا حَتّٰی تَنْجُوَ مِنَ النَّارِ بِهٖ قَالَ بَلٰی فَدَعَا مَلَکُ الْمَوْتِ بِصَحِیْفَةٍ وَّکَتَبَ فِیْهَا بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَقَالَ هٰذَا بَرَآءَ ۃٌ'' مِنَ النَّارِ وَفِی الْخَبَرِ سَمِعَ رَجُلٌ'' عَارِفٌ'' مِّنْ رَّجُلٍ یَّقْرَءُ بِسْمِ

maktabah.org

اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ط فَصَاحَ فَقَالَ اِذَا کَانَ اسْمُ الْحَبِیْبِ ھٰذَا فَکَیْفَ رُؤْیَتُہٗ ثُمَّ قَالَ اِنَّ النَّاس یَقُوْلُوْنَ اِنَّ الدُّنْیَا مَعَ مَلَکِ الْمَوْۃِ لاَ تُسَاوِیْ بِدَانِقٍ وَّاِذْ اَقُوْلُ اِنَا الدُّنْیَا بِلاَ مَلَکِ الْمَوْۃِ لاَ تُسَاوِیْ بِدَانِقٍ لِاَنَّ مَلَکَ الْمَوْۃِ یُوْصِلُ الْحَبِیْبَ اِلَی الْحَبِیْبِ بَاب" فِیْ ذِکْرِ الْمُصِیْبَۃِ وَالنَّوْحِ

(ملک الموت کو دیکھ کر کپکپی طاری ہونا) اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ بے شک ملک الموت سکندریہ میں ایک آدمی کے پاس داخل ہوا پس اس سے اس شخص نے پوچھا تو کون ہے کہا میں ملک الموت ہوں پس جبھی اس کے پٹھے کانپنے لگے فرائض سے مراد وہ گوشت ہے جو پہلو اور شانہ کے درمیان ہوتا ہے پس اس کو ملک الموت نے کہا یہ کیا حال ہے جو میں تجھ سے دیکھ رہا ہوں اس شخص نے کہا جہنم کے خوف سے پھر ملک الموت نے کہا میں تجھے ایک تحریر لکھ دیتا ہوں یہاں تک تو اس کے سبب جہنم سے نجات پائے گا اس نے کہا کہ ہاں لکھ دو پس ملک الموت نے کاغذ منگوا کر اس میں لکھا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور کہا یہ تیرے لئے جہنم سے نجات ہے اور ایک اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ ایک مرد عارف نے ایک آدمی سے سنا کہ وہ بسم اللہ شریف پڑھتا ہے تو اس نے کہا جب پیارے کا نام اس شان کا ہے تو اسے دیکھنے کا کیا عالم ہوگا۔ پھر بیان کیا کہ لوگ کہتے ہیں کہ بیشک دنیا مع الملک الموت ایک دانگ کے برابر نہیں میں یوں کہتا ہوں بیشک دنیا ملک الموت کے بغیر درہم کے چھٹے حصے کے برابر بھی نہیں اس لئے کہ بیشک ملک الموت تو دوست سے ملاتا ہے۔

## باب نمبر 12 (مصیبت کے وقت اور میت پر رونے کے بیان میں) حدیث میں مروی ہے۔

عَلَى الْمَيِّتِ رُوِيَ فِيْ الْخبرِ اَنَّ مَنْ اُصِيْبَ بِمُصِيْبَةٍ فَخَرَّقَ ثَوْباً اَوْضَرَبَ صَدْرًا فَكَاَنَّمَآ اَخَذَ الرُّمْحَ وحَارَبَ رَبَّه' وَرُوِيَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّه' قَالَ مَنْ سَوَّدَ بَا بًا عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ اَوْ ثِيَابًا اَوْ خَرَّقَ ثَوْبًااَوْ خَرَّبَ دُكَّا نًا اَوْ كَسَّرَ شَجَرَةً اَوْ نَتَفَ شَعْرَةً بَنَى اللّٰهُ لَه' بِكُلِّ شَعْرَةٍ وَّوَرَقٍ بَيْتًا فِيْ النَّارِ وَكَاَنَّمَا اَشْرَكَ بِاللّٰهِ وَاَرَاقَ دَمَ سَبْعِيْنَ نَبِيًّا وَّلاَ يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا وَّلاَ عَدْلًا وَلاَ صَدَقَةً وَّلاَ دُعَآءً مَّا دَامَ ذٰلِكَ السَّوَادُ عَلٰى بَا بِه وَثِيَا بِه وَضَيَّقَ اللّٰهُ قَبْرَه' وَشَدَدَ عَلَيْهِ حِسَا بَه' وَلَعَنَه' كُلُّ شَيْءٍ وَّكُلُّ مَلَكٍ مَّا بَيْنَ السَّمَآءِ وَلاَرْضِ وَكُتِبَ عَلَيْهِ اَلْفُ خَطِيْئَةٍ وَّقَامَ مِنْ قَبْرِهٖ عُرْيَا نًا وَّمَنْ خَرَّقَ عَلَى مُصِيْبَةٍ جَيْبَهُ خَرَّقَ اللّٰهُ دِيْنَه' وَمَنْ لَطَمَ خَدَّاهُ وَخَدَ شَ وَّجْهَه' حَرَّ مَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ النَّظْرُ اِلٰى وَجْهِ الْكَرِيْمُ وَفِيْ خبرٍ اِذَا مَاتَ ابْنُ آدَمَ رِاجْتَمَعَتِ الصِّيَاحُ فِيْ دَارِه وَيَقُوْمُ مَلَكُ الْمَوْةِ عَلٰى بَابِ

(مصیبت کے وقت سینہ کوبھی اور نوحہ کرنا عذاب کا باعث ہے) پس بے شک جسے مصیبت پہنچی تو اس نے کپڑے کو پھاڑا یا سینہ پیٹا پس وہ ایسا ہی ہے جیسے کہ اس نے نیزہ اٹھایا اور اپنے رب سے جنگ کی اور نبی کریم ﷺ سے روایت ہے

کہ آپ نے فرمایا جس نے اپنے دروازے کو سیاہ کیا مصیبت کے وقت یا کپڑوں کو یا اس نے کپڑوں کو پھاڑا۔ یا مکان کو خراب کیا یا درخت کو توڑا یا بال نوچے تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ہر بال کے بدلے اور ہر پتے کے بدلے جہنم میں گھر بنائے گا اور اس کا گناہ اس پر ایسا ہے جیسا کہ اس نے اللہ کے ساتھ شرک کیا اور ستر نبیوں کا خون بہایا اور نہیں قبول کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس سے نفل اور نہ فرض اور نہ صدقہ اور دعا جب تک یہ سیاہی اس کے دروازہ پر یا کپڑوں پر موجود رہے اور اللہ تعالیٰ اس کی قبر کو تنگ کر دیتا ہے اور اس کا حساب اس پر مشکل کر دیتا ہے اور ہر چیز اور سب فرشتے جو درمیان آسمان وزمین کے ہیں اس پر لعنت کرتے ہیں۔ اور اس کے اعمال نامہ میں ایک ہزار برائی لکھی جاتی ہے اور قیامت کے روز وہ اپنی قبر سے برہنہ اٹھے گا اور جس نے مصیبت کے وقت اپنا گریبان پھاڑا تو اللہ تعالیٰ اس کے اعمال ضائع کر دے گا۔ اور جس نے اپنے رخسار کو پیٹا اور چہرہ چھیلا۔ اللہ تعالیٰ روز قیامت اس پر اپنی زیارت حرام فرمادے گا۔ (**ملک الموت کا میت پر رونے والوں سے سوال**) اور حدیث میں آیا ہے کہ جب ابن آدم فوت ہوا اور رونے والیاں اس کے گھر جمع ہوں تو ملک الموت اس کے گھر کے دروازہ پر کھڑا ہو کر کہتا ہے

**دَارِهٖ وَيَقُوْلُ مَا هٰذِهِ الصِّيَاحُ فَوَ اللّٰهِ مَا نَقَصْتُ مِنْ اَحَدٍ مِنْكُمْ عُمْرًا وَّلاَ رِزْقًا وَّمَا ظَلَمْتُ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْكُمْ فَاِنْ كَانَ صِيَا حُكُمْ مِنِّىْ فَاِنِّىْ عَبْدٌ مَّامُوْرٌ وَّاِنْ كَانَ مِنَ الْمَيِّتِ فَهُوَ مَقْهُوْرٌ وَّاِنْ كَانَ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَاَنْتُمْ كٰفِرُوْنَ بِاللّٰهِ فَوَاللّٰهِ اِنَّ لِىْ فِيْكُمْ عَوْدًا ثُمَّ عَوْدً حَتّٰى**

لَا يَبْقٰی مِنکُمْ اَحَد" قَالَ الْفَقِیْهُ اَلنَّوْحُ حَرَام" وَلَا بَاْسَ بِالْبُکَآءِ عَلَی الْمَیِّتِ وَالصَّبْرُ اَفْضَلُ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی قَالَ اِنَّمَا یُوَفَّی الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَیْرِ حِسَابٍ وَرُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اَلنَّائِحَةُ وَمَنْ حَوْلَهَا وَمَنْ یُعِیْنُهَا وَمُسْتَمِعُهَا فَعَلَیْهِنَّ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِکَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ وَیُقَالُ لَمَّا مَاتَ حَسَنُ ابْنُ عَلِیٍّ سَلَامُ اللّٰهِ عَلٰی نَبِیِّنَا وَعَلَیْهِمَا اعْتَکَفَتْ اِمْرَاَتُهُ عَلٰی قَبْرِهٖ سَنَةً وَّاحِدَةً فَلَمَّا کَانَ رَاْسُ الْحَوْلِ رَفَعَتِ الْفُسْطَاطَ فَسَمِعَتْ صَوْتًا مِّنْ جَانِبِ الْقَبْرِ هَلْ وَجَدْتِ مَا فَقَدْتِ وَرُوِیَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ لَمَّا مَاتَ ابْنُهُ

کیا ہے اے یہ رونے والیاں پس اللہ کی قسم نہیں کم کیا میں نے تم میں سے کسی ایک کی عمر کو اور نہ رزق اور نہیں ظلم کیا میں نے تم میں سے کسی ایک پر اور اگر ہے تمہارا رونا چیخنا میری وجہ سے پس میں تو حکم کا بندہ ہوں۔ اور اگر میت کے سبب سے ہے تو وہ مجبور ہے اور اگر اللہ تعالیٰ کی وجہ سے ہے تو تم اللہ کی ناشکری کرتے ہو۔ پس اللہ کی قسم مجھے تو تم میں بار بار آنا ہے یہاں تک کہ تم میں سے کوئی نہ رہے اور فقیہ ابو اللیث سمر قندی نے فرمایا کہ نوحہ کرنا حرام ہے اور میت پر رونے میں حرج نہیں اور صبر افضل ہے۔ پس تحقیق اللہ تعالیٰ نے فرمایا سوا اس کے نہیں کہ اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کو بغیر حساب اجر دیتا ہے اور نبی کریم ﷺ سے منقول ہے کہ فرمایا نوحہ کرنے والی اور جو اس کے گرد جمع ہوں اور جو اس کی مدد کرے اور اس کے نوحہ کو سنے ان سب پر اللہ تعالیٰ کی اور

فرشتوں کی اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔اور بیان کیا گیا ہے کہ جب حضرت حسن بن حضرت علی سلام اللہ علی نبینا وعلیہما کا وصال ہوا۔تو آپ کی بیوی آپ کی قبر پر اکیلی بیٹھی رہیں۔پس جب سال کا آخر ہوا تو خیمہ کو اٹھایا پس قبر کی طرف سے ایک آواز سنی کہ کیا تو نے پالیا جسے تو نے گم کیا تھا۔اور رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے

اِبْرَاهِيْمُ الْمَعْصُوْمُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُ دَمَعَتْ عَيْنَاهُ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَيْسَ هٰذَا قَدْ نَهَيْتَنَا مِنَ الْبُكَآءِ فَقَالَ اِنَّمَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ صَوْتَيْنِ فَاجِرَيْنِ وَعَنْ فِعْلَيْنِ اَحْمَقَيْنِ صَوْتَ النِّيَاحَةِ وَصَوْتِ الْغِنَآءِ وَعَنْ خَدْشِ الْوُجُوْهِ وَشَقِّ الْجُيُوْبِ وَلٰكِنْ هٰذِهٖ رَحْمَةٌ" جَعَلَهَا اللّٰهُ فِيْ قُلُوْبِ الرُّحَمَآءِ ثُمَّ قَالَ الْقَلْبُ يَحْزَنُ وَالْعَيْنُ تَدْمَعُ بِفِرَاقِكَ يَا اِبْرَاهِيْمُ وَرَوٰى وَاهِبُ ابْنُ كَيْسَانَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اَبَا حَفْصٍؓ رَاٰى اِمْرَاَةً تَبْكِيْ عَلَى الْمَيِّتِ فَنَهَاهَا وَقَالَ لَا تَبْكِيَنَّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ دَعْهَا يَآ اَبَا حَفْصٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَاِنَّ الْعَيْنَ بَاكِيَةٌ" وَّالنَّفْسُ مُصَابَةٌ" وَّالْعَهْدُ حَدِيْثٌ" بَابٌ" فِيْ ذِكْرِ الصَّبْرِ عِنْدَ الْمُصِيْبَةِ رُوِيَ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَوَّلُ مَا كَتَبَ الْقَلَمُ فِي اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى اِنِّيْ اَنَا اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنَا وَمُحَمَّدٌ" عَبْدِيْ وَرَسُوْلِيْ وَخَيْرُ خَلْقِيْ مِنَ

موت پر رونا رحمت ہے اور بین کرنا منع ہے جب کہ آپ کے فرزند ابراہیم رضی اللہ

تعالیٰ عنہ کا کم عمری میں وصال ہوا تو آپ ﷺ کی آنکھیں اشکبار ہوئیں تو عبد الر حمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ سے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ نے ہمیں رونے سے منع نہیں فرمایا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا میں نے تمہیں دو گناہ کی آوازوں اور دو حماقت کے کاموں سے منع کیا تھا ایک نوحہ کرنے والی آواز سے اور دوسری گانے کی آواز سے اور چہرہ چھیلنے سے اور گریبان پھاڑنے سے اور لیکن یہ رونا تو رحمت ہے اللہ نے اس رحمت کو رحم دل والوں کے دلوں میں رکھا ہے پھر فرمایا اے ابراہیم تیری جدائی سے دل غم میں ہے اور آنکھ آنسو برساتی ہے اور حضرت وھب بن کیسان نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک عورت کو میت پر روتے دیکھا تو اسے منع کیا اور فرمایا کہ مت رو پس نبی کریم ﷺ نے فرمایا اے عمر اسے اپنے حال پر چھوڑ دو پس بے شک آنکھ روتی اور جان مصیبت رسیدہ ہے اور وقت پریشانی کا ہے۔ **باب نمبر 13 ( مصیبت کے وقت صبر کرنے میں )** ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی گئی ہے کہ کہا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سب سے پہلے جو قلم نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے لوح محفوظ پر لکھا وہ یہ تھا کہ بے شک میں اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ میرا بندہ خاص اور رسول ہیں اور میری سب مخلوق سے بہتر ہے۔

**اِسْتَسْلَمَ لِقَضَآئِیْ وَصَبَرَ عَلٰی بَلَآئِیْ وَشَكَرَ عَلٰی نَعْمَآئِیْ اُكْتُبُهٗ صِدِّيْقًا وَّاَبْعَثُهٗ مَعَ الصِّدِّيْقِيْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَسْلِمْ لِقَضَآئِیْ وَلَمْ يَصْبِرْ عَلٰی بَلَآئِیْ وَلَمْ يَشْكُرْ عَلٰی نَعْمَآئِیْ فَلْيَخْرُجْ مِنْ تَحْتِ**

maktaba.com

سَمَآ ئِیْ وَلْیَطْلُبْ رَبًّا سِوَآئِیْ قَالَ الْفَقِیْهُ رَحِمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰی الصَّبْرُ عَلَی الْبَلَآءِ وَذِکْرُ اللّٰهِ عِنْدَ الْمَصَآئِبِ مِمَّا یَجِبُ عَلَی الْاِ نْسَانِ لِاَنَّهُ اِذَا ذَکَرَ اللّٰهَ تَعَالٰی فِیْ ذٰلِکَ الْمَکَانِ کَانَ رِضًا مِّنْهُ لِقَضَآءِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَتَرْ غِیْمًا الِلشَّیْطَانِ قَالَ عَلِیُّ ابْنُ اَبِیْ طَالِبٍ کَرَّمُ اللّٰهُ وَجْهَهُ اَلصَّبْرُ عَلٰی ثَلٰثَةِ اَوْجُهٍ صَبْرٌ عَلَی الطَّاعَةِ وَصَبْرٌ عَلَی الْمُصِیْبَةِ وَصَبْرٌ عَلَی الْبَلَاءِ فَمَنْ صَبَرَ عَلَی الطَّاعَةِ اَعْطَاهُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ثَلٰثَ مِائَةِ دَرَجَةٍ مَّا بَیْنَ کُلِّ دَرَجَتَیْنِ کَمَا بَیْنَ السَّمَآءِ وَلْاَرْضِ وَمَنْ صَبَرَ عَلَی الْمُصِیْبَةِ اَعْطَاهُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ سِتَّمِائَةِ دَرَجَةٍ مَا بَیْنَ کُلِّ دَرَجَتَیْنِ کَمَا بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ صَبَرَ عَلَی الْبَلَآءِ اَعْطَاهُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ

**(صبر کا فائدہ)** اور جس نے میری قضا کو تسلیم کیا اور میری بلاؤں پر صبر کیا اور میری نعمتوں کا شکر کیا میں اسے صدیق لکھوں گا اور قیامت کو اسے صدیقوں کے ساتھ اٹھاؤں گا اور جس نے میری قضاء کو نہ مانا اور میری بلاؤں پر صبر نہ کیا اور میری نعمتوں کا شکر نہ کیا پس اسے چاہیے کہ میرے آسمان کے نیچے سے کہیں اور جگہ چلا جائے اور میرے سوا کوئی اور رب ڈھونڈ لے۔ فقیہ ابو اللیث سمرقندی نے کہا کہ بلاؤں پر صبر اور مصیبتوں کے وقت اللہ کا ذکر کرنا انسان پر واجبات سے ہے اس لئے کہ اس وقت اللہ تعالیٰ کو یاد کرنا۔ اللہ تعالیٰ کی قضا پر اس کی رضا ہے اور شیطان کو ذلیل کرنا ہے حضرت علی بن ابو طالب کرم اللہ وجہہ الکریم نے فرمایا کہ صبر تین طرح کا ہے عبادت پر اور مصیبت پر صبر اور بلاء پر صبر تو جس نے عبادت پر

صبر کیا اللہ اسے روز قیامت تین سو درجے عطا کرے گا ہر دو درجوں کے درمیان اس قدر وسعت ہوگی جس قدر آسمان وزمین کے درمیان اور جس نے مصیبت پر صبر کیا اللہ اسے روز قیامت سات سو درجے عطا کرے گا ہر دو درجوں کی درمیانی وسعت آسمان وزمین کی درمیانی وسعت کے برابر ہوگی اور جس نے بلاء پر صبر کیا اللہ اسے قیامت کے دن نو سو درجے عطا فرمائے گا۔

تِسْعَمِأَيَةِ دَرَجَةٍ مَّا بَيْنَ كُلِّ دَرَجَتَيْنِ كَمَا بَيْنَ الْعَرْشِ وَالثَّرى

بَاب" فِيْ ذِكْرِ خُرُوْجِ الرُّوْحِ مِنَ الْبَدَنِ وَفِي الْخَبْرِ اِذَا وَقَعَ الْعَبْدُ فِي النَّزْعِ وَحُبِسَ لِسَانُهُ يَدْخُلُ عَلَيْهِ خَمْسَةُ اَمْلَاكٍ فَجَآءَ الْاَوَّلُ وَيَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَنَا مُوَكَّلٌ" بَارِزْقِكَ فَطَلَبْتُ فِيْ الْاَرْضِ شَرْقًا وَّغَرْبًا فَمَا وَجَدْتُّ مِنْ رِزْقِكَ لُقْمَةً حَتّٰے دَخَلْتُ السَّاعَةَ ثُمَّ يَدْخُلُ الثَّانِىْ وَيَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَنَا مُوَكَّلٌ" بِشَرَابِكَ مِنَ الْمَآءِ وَغَيْرِهٖ فَطَلَبْتُ فِيْ الْاَرْضِ شَرْقًا وَغَرْبًا فَمَا وَجَدْتُّ لَكَ شَرْبَتَهً مِّنَ الْمَآءِ وَغَيْرِهٖ حَتّٰى دَخَلْتُ السَّاعَةَ ثُمَّ يَدْخُلُ الثَّالِثُ فَيَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَنَا مُوَكَّلٌ" بَاَقْدَامِكَ فَطَلَبْتُ شَرْقًا وَّغَرْبًا فَمَا وَجَدْتُّ لَكَ قَدْمًا مِّنْ اَقْدَامِكَ ثُمَّ يَدْخُلُ الرَّابِعُ فَيَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَنَا مُوَكَّلٌ" بِاَنْفَاسِكَ فَطَلَبْتُ شَرْقًا وَّغَرْبًا فَمَا وَجَدْتُّ لَكَ نَفْسًا وَّاحِدًا مِّنْ اَنْفَاسِكَ حَتّٰى دَخَلْتُ السَّاعَةَ ثُمَّ

عطا فرمائے گا جن میں ہر دو درجوں کے درمیان مسافت عرش وتحت الثریٰ کی مسافت کے برابر ہوگی۔باب نمبر 14

## (روح کا بدن سے نکلنے کے بیان میں)

اور حدیث میں ہے کہ جب بندے پر نزع کا وقت آتا ہے تو اس کی زبان بند ہو جاتی ہے اور پانچ فرشتے اس کے پاس آتے ہیں پس پہلا آتا ہے اور کہتا ہے اے اللہ کے بندے تجھ پر سلام ہو میں تیرے رزق پر مقرر ہوں تو اب میں نے تیرا رزق شرقاً غرباً تلاش کیا ہے ایک لقمہ تک نہیں پایا یہاں تک کہ میں تیرے پاس آیا ہوں پھر دوسرا داخل ہوتا ہے اور کہتا ہے اے اللہ کے بندے تجھ پر سلامتی ہو میں تیرے پلانے پر مقرر ہوں تو اب میں نے زمین کو شرقاً غرباً تلاش کیا تو تیرے پینے کو پانی وغیرہ ایک گھونٹ بھی نہیں پایا یہاں تک کہ میں تیرے پاس آیا۔ پھر تیسرا آتا ہے تو کہتا ہے اے بندہ خدا تجھ پر سلامتی ہو میں تیرے قدموں میں جو تو چلتا ہے مقرر تھا پس اب میں نے زمین کو مشرق تا مغرب تلاش کیا ہے تیرے قدم رکھنے سے ایک قدم کی جگہ بھی نہیں پائی حتیٰ کہ میں تیرے پاس پہنچا پھر چوتھا آتا ہے اور کہتا ہے اے بندہ خدا میں تیرے سانسوں پر موکل ہوں اب میں نے زمین کو مشرق تا مغرب دیکھا تو تیرے سانسوں سے ایک سانس بھی نہ پایا یہاں تک کہ میں تیرے پاس آیا پھر پانچواں فرشتہ

**يَدْخُلُ الْخَامِسُ فَيَقُوْلُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَنَا مُوَكَّلٌ" بِاٰجَالِكَ وَاَعْمَارِكَ فَطَلَبْتُ شَرْقًا وَغَرْبًا فَمَا وَجَدْتُ لَكَ سَاعَةً مِّنْ عُمْرِكَ ثُمَّ يَدْخُلُ عَلَيْهِ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ فَيَقُوْلَانِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اِنَّا مُوَكَّلَانِ بِحَسَنَاتِكَ وَسَيِّاٰتِكَ وَطَلَبْنَا**

هُمَا شَرْقًا وَّغَرْبًا فَمَا وَجَدْنَا مِنْ حَسَنَاتِكَ وَسَيِّأتِكَ شَيْئًا فَيُخْرِجَانِ لَهُ صَحِيْفَةً سَوْدَآءَ وَيَعْرِضَانِ عَلَيْهِ وَيَقُوْلَانِ لَهُ اُنْظُرْ فِيْ ذٰلِكَ فَعِنْدَ ذٰلِكَ يَسِيْلُ عَرَقُهُ ثُمَّ يَنْظُرُ يَمِيْناً وَّشِمَالاً مِنْ خَوْفِ قِرَآءَةِ الصَّحِيْفَةِ ثُمَّ يَنْصَرِفُ الْمَلَكَانِ يَعْنِيْ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ فَيَدْخُلُ مَلَكُ الْمَوْتِ عَلَيْهِ وَعَنْ يَّمِيْنِهٖ مَلٰئِكَةُ الرَّحْمَةِ وَعَنْ يَسَارِهٖ مَلٰئِكَةُ الْعَذَابِ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّجْذِبُ الرُّوْحَ جَذْبًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْزِعُ الرُّوْحَ نَزْعًا وَّمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْشِطُ الرُّوْحَ نَشْطاً فَاِذَا بَلَغَتِ الرُّوْحُ الْحُلْقُوْمَ فَحِيْنَئِذٍ يَّاْخُذُ مَلَكُ الْمَوْتِ فَاِنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ السَّعَادَةِ نُوْدِيَ اِلٰى مَلٰئِكَةِ الرَّحْمَةِ وَاِنْ

آتا ہے تو کہتا ہے اے اللہ کے بندے تجھ پر سلام ہو میں تیری اجل اور زندگی پر معین ہوں۔ پس اب میں نے زمین کو شرقاً غرباً دیکھا تو تیری عمر کی ایک گھڑی باقی نہ پائی پھر اس کے پاس کراما کاتبین آتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اے اللہ کے بندے تجھ پر سلامتی ہو ہم تیری نیکیاں اور بدیاں لکھنے پر مقرر تھے اور ہم نے انہیں زمین کے مشرق و مغرب میں ڈھونڈا پس تیری نیکیوں اور بدیوں سے کچھ نہ پایا پھر وہ ایک سیاہ کاغذ اس کے سامنے رکھتے ہیں اور اسے کہتے ہیں اس میں دیکھو تو اس وقت اس کا پسینہ بہہ نکلتا ہے پھر وہ اعمال نامہ پڑھنے کے خوف سے دائیں بائیں دیکھنے لگتا ہے۔ اس کے بعد کراما کاتبین چلے جاتے ہیں تو ملک الموت اس کے پاس آجاتا ہے اور اس کی دائیں طرف رحمت کے فرشتے اور بائیں طرف عذاب کے فرشتے ہوتے ہیں بعض ان میں سے روح کو سختی سے کھینچتے ہیں اور بعض ان میں سے روح کو نرمی سے نکالتے ہیں۔ پس جب روح حلق تک پہنچتی ہے تو ملک الموت قبض کر

marfat.com

لیتا ہے پھر اگر وہ روح اہل سعادت میں سے ہوتو رحمت کے ملائکہ کو بلایا جاتا ہے اور اگر وہ بد بختوں میں سے ہوتو عذاب کے ملائکہ کو بلایا جاتا ہے۔

كَانَ مِنْ اَهْلِ الشَّقَاوَةِ نُوْدِيَ اِلٰى مَلٰئِكَةِ الْعَذَابِ فَيَأْخُذُ الْمَلٰئِكَةُ الرَّوْحَ وَتَعْرُجُ بِهٖ ثُمَّ اِنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ السَّعَادَةِ يَقُوْلُ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ اِرْجِعُوْهُ اِلٰى بَدَنِهٖ حَتّٰى مَا يَكُوْنُ مِنْ جَسَدِهٖ ثُمَّ يُهْبِطُ الْمَلٰئِكَةُ وَالرُّوْحُ مَعَهُمْ فَيَضَعُوْنَهٗ وَسْطَ الدَّارِ فَيَنْظُرُ مَنْ يَّحْزُنُ عَلَيْهِ وَمَنْ لَّا يَحْزُنُ وَهُوَ لَا يُطِيْقُ الْكَلَامَ ثُمَّ يُشَيِّعُ الْجَنَازَةَ اِلَى الْقَبْرِ فَاللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ يُعِيْدُ الرَّوْحَ فِيْ جَسَدِهٖ وَاخْتَلَفَتِ الرَّوَايَاتُ فِيْهِ فَقَالَ بَعْضُهُمْ يَدْخُلُ الرَّوْحُ فِيْ جَسَدِهٖ كَمَا كَانَ فِي الدُّنْيَا وَيَجْلِسُ وَيُسْاَلُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ يَدْخُلُ الرُّوْحُ فِيْ جَسَدِهٖ وَالْبَاقِيْ غَيْرُ مَعْلُوْمٍ وَقَالَ بَعْضُهُمْ يَكُوْنُ السُّوَالُ لِلرُّوْحِ دُوْنَ الْجَسَدِ وَقَالَ بَعْضُهُمْ يَدْخُلُ الرُّوْحُ فِيْ جَسَدِهٖ اِلٰى صَدْرِهٖ وَقَالَ بَعْضُهُمْ يَكُوْنُ الرُّوْحُ بَيْنَ جَسَدِهٖ وَكَفْنِهٖ فَفِيْ كُلِّ ذٰلِكَ جَآءَتِ الْاٰثَارُ مِنْهُ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَالصَّحِيْحُ عِنْدَ اَهْلِ الْعِلْمِ اَنْ يُّقِرَّ الْعَبْدُ بِعَذَابِ الْقَبْرِ وَلَا يَشْتَغِلُ

پس وہ فرشتے روح کو لے لیتے ہیں اور اوپر کو چڑھ جاتے ہیں اور اگر روح سعادت مند ہوتو اللہ عزوجل فرماتا ہے اے فرشتو اسے اس کے بدن کی طرف ہی لوٹا دو تا کہ اپنے متعلقہ جسم کا حال دیکھے پھر فرشتے روح لیکر نیچے اتر آتے ہیں اور اسے اس کے گھر کے

درمیان رکھ دیتے ہیں تو وہ دیکھتی ہے کہ کون اس پر غم کرتا ہے اور کون نہیں کرتا اور وہ کلام نہیں کر سکتا۔

پھر لوگ میت کو اٹھا کر قبرستان کی طرف لے جاتے ہیں پس اللہ عزوجل روح کو اس کے جسم کی طرف لوٹا دیتا ہے اور روایات اس میں مختلف ہیں بعض حضرات فرماتے ہیں کہ روح اپنے جسم میں ایسے ہی داخل ہو جاتی ہے جیسے کہ وہ دنیا میں تھی اور اسے قبر میں بیٹھایا جاتا ہے اور سوال کیا جاتا ہے اور کچھ فرماتے ہیں کہ روح جسم میں داخل ہوتی ہے مگر باقی قبر کے احوال معلوم نہیں اور بعض نے کہا کہ سوال روح سے بلا جسم ہوتا ہے اور بعض نے کہا ہے کہ روح میت کے جسم میں سینہ تک داخل ہوتی ہے اور کچھ نے کہا کہ روح میت کے جسم اور کفن کے درمیان رہتی ہے تو ان میں سے ہر ایک میں حضور ﷺ سے حدیثیں منقول ہوئی ہیں اور اہل علم کے نزدیک صحیح ہے کہ گنہگار بندہ قبر کے عذاب وغم میں مبتلاء رہتا ہے اور اپنی کسی کیفیت میں مشغول نہیں ہوتا۔

بِكَيْفِيَّتِهِ قَالَ الْفَقِيْهُ مَنْ اَرَادَ اَنْ تَنْجُوْ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَعَلَيْهِ اَنْ يُلَازِمَهُ بِاَرْبَعَةِ اَشْيَآءَ وَيَجْتَنِبُ عَنْ اَرْبَعَةِ اَشْيَآءَ اَمَّا الْاَرْبَعَةُ الَّتِيْ يُلَازِمُهَا فِيْ عُمْرِهٖ فَمُحَافَظَةُ الصَّلٰوةِ وَالصَّدَقَةُ وَقِرَآءَةُ الْقُرْآنِ وَكَثْرَةُ التَّسْبِيْحِ فَاِنَّ هٰذِهِ الْاَشْيَآءَ تُضِيْءُ الْقَبْرَ وَتُوَسِّعُهٗ وَاَمَّا الْاَرْبَعَةُ الَّتِيْ يَجْتَنِبُ عَنْهَا فَالْكِذْبُ وَالْغِيْبَةُ وَالنَّمِيْمَةُ وَالْبَوْلُ وَقَدْ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِسْتَنْزِهُوْا مِنَ الْبَوْلِ فَاِنَّ عَامَّةَ عَذَابِ الْقَبْرِ مِنْهُ ثُمَّ يَهْبِطُ الْمَلَكَانِ الْغَلِيْظَانِ الْاَسْوَدَانِ لَا رُدْقَانِ اَصْوَاتُهُمَا كَالرَّعْدِ الْقَاصِفِ وَاَبْصَارُهُمَا كَالْبَرْقِ الْخَاطِفِ

maktabah.org

يُخْرِقَانِ الْاَرْضَ بِمَخَالِبِهِمَا وَهُمَا مُنْكَرٌ وَّنَكِيْرٌ فَيُزْعِجَانِهٖ وَيُقْعِدَانِهٖ وَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَنْ رَّبُّكَ وَ مَنْ نَّبِيُّكَ وَمَا دِيْنُكَ فَاِنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ السَّعَادَةِ يَقُوْلُ رَبِّيَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَّنَبِيِّ مُحَمَّدٌ وَّدِيْنِيَ الْاِسْلَامُ فَيَقُوْلَانِ لَهٗ نَمْ كَنَوْمَةِ الْعَرُوْسِ الَّذِيْ لَا يُوْقِظُهٗ اِلَّا اَحَبُّ اَهْلِهٖ وَيَفْتَحَانِ

فقیہہ ابو اللیث رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جو چاہتا ہے کہ عذاب قبر سے نجات پائے اسے چاہیے کہ چار چیزوں کو اپنے پر لازم کرلے اور چار چیزوں سے بچتا رہے اور وہ چار چیزیں جن کو اس نے اپنے اوپر عمر بھر لازم رکھنا ہے نماز کی پابندی اور صدقہ اور تلاوت قرآن اور ذکر ہے پس بے شک یہ چیزیں اس کی قبر کو روشنی اور وسعت دیں گی اور وہ چار چیزیں جن سے بچنا ہے جھوٹ اور غیبت اور چغلی اور پیشاب کے چھینٹے ہیں اور تحقیق رسول ﷺ نے فرمایا کہ پیشاب سے بچو پس بے شک اکثر قبر کا عذاب اس کے سبب ہوتا ہے پھر قبر میں دو سخت سیاہ نیلی آنکھوں والے فرشتے جن کی آوازیں سخت کڑک کی مانند آنکھیں اچک لے جانے والی بجلی کی طرح ہوتی ہیں زمین چیرتے آتے ہیں ان میں ایک کا نام منکر اور دوسرے کا نام نکیر ہے وہ مردے کو جنبش سے بٹھا دیتے ہیں اور اسے پوچھتے ہیں تیرا رب کون ہے اور تیرا نبی کون ہے اور تیرا دین کونسا ہے۔ اگر مردہ مومن ہو تو کہتا ہے میرا رب اللہ ہے اور میرا نبی محمد ﷺ ہے اور میرا دین اسلام ہے پس وہ اسے کہتے ہیں دلہن کی طرح سو جا جسے نہیں کوئی جگاتا مگر اس کے اہل میں سے زیادہ پیارا پھر اس کے سر کی جانب سے قبر کا ایک روشندان کھول

دیتے ہیں۔

لَہٗ فِیْ قَبْرِہٖ کُوَّۃٍ عِنْدَ رَاسِہٖ فَیَنْظُرُ مِنْھَا اِلٰی مَنْزِلِہٖ وَمَقْعَدِہٖ فِی الْجَنَّۃِ حِیْنَ یَبْعَثُہُ اللّٰہُ تَعَالٰی مِنْ مَّضْجَعِہٖ ذٰلِکَ ثُمَّ یَخْرُجُ الْمَلَکَانِ مِنْ قَبْرِہٖ مَعَ الرُّوْحِ وَیَجْعَلُ فِیْ قَنَادِیْلَ مُعَلَّقَۃٍ بِالْعَرْشِ وَرُوِیَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّہٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی لَا اُخْرِجُ عَبْدًا مِّنْ عِبَادِیْ مِنَ الدُّنْیَا وَاَنَا اُرِیْدُ اَنْ اَغْفِرَلَہٗ اِلَّا اَقْبَضْتُ مِنْہُ کُلَّ سَیِّئَۃٍ عَمِلَھَا بِسَقَمٍ فِیْ جَسَدِہٖ اَوْضِیْقٍ فِیْ مَعَاشِہٖ اَوْ بِمَا یُصِیْبُہٗ مِنْ غَمٍّ فَاِنْ بَقِیَ عَلَیْہِ شَیْءٌ مِّنْ سَیِّاٰتِہٖ شَدَّدْتُّ عَلَیْہِ عِنْدَ الْمَوْتِ حَتّٰی یَلْقَانِیْ وَلَا سَیِّئَۃَ عَلَیْہِ وَعِزَّتِیْ وَجَلَالِیْ لَا اُخْرِجُ عَبْدًا مِّنْ عِبَادِیْ مِنَ الدُّنْیَا وَاَنَا اُرِیْدُ اَنْ لَّا اَغْفِرَ لَہٗ اِلَّا وَفَّیْتُ مِنْہُ کُلَّ حَسَنَۃٍ عَمِلَھَا بِصِحَّۃٍ فِیْ جَسَدِہٖ اَوْ فَرَحٍ یُصِیْبُہٗ اَوْسَعَۃٍ فِیْ رِزْقِہٖ فَاِنْ بَقِیَ عَلَیْہِ مِنْ حَسَنَاتِہٖ شَیْءٌ ھَوَّنْتُ عَلَیْہِ عِنْدَ الْمَوْتِ حَتّٰی یَلْقَانِیْ وَلَا حَسَنَۃَ لَہٗ قَالَ الْاَسْوَدُ کُنَّا عِنْدَ

تو وہ اس سے اپنے جنت میں گھر کو دیکھ لیتا ہے جو اسے اللہ اس کی اس قبر سے اٹھانے کے بعد عطا کرے گا پھر دونوں فرشتے اس کی روح لیکر قبر سے نکل جاتے ہیں اور اسے اس قندیل میں رکھ دیتے ہیں جو عرش کے ساتھ معلق ہیں اور ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ کہا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں اپنے بندوں میں سے اس بندے کو دنیا سے نہیں نکالتا ہوں جسے میں بخشنا چاہتا

maarifan.com

ہوں مگر پہلے اس کی برائیاں دور کر دیتا ہوں اس کے جسم میں مرض کے سبب یا روزی میں تنگ کے سبب یا اس غم کے سبب جو اسے پہنچے تو اگر پھر بھی اس کی برائیوں سے کچھ اس پر رہے جائیں تو نزع کا وقت اس پر سخت کر دیتا ہوں یہاں تک کہ جب وہ مجھے ملتا ہے تو اس پر کوئی بدی نہیں ہوتی۔ اور مجھے میری عزت وجلالی کی قسم میں اپنے بندوں میں سے کسی بندے کو دنیا سے نہیں نکالتا جسے میں نہ بخشنا چاہوں مگر میں اس کے اچھے عمل ضبط کر لیتا ہوں اس کے بدن کی صحت کے بدلے یا اس خوشی کے بدلے جو اسے میسر ہوئی یا وسعت رزق کے بدلے پس اگر پھر بھی اس کی نیکیوں سے بچ رہیں تو اس پر بوقت موت آسانی کر دیتا ہوں یہاں تک کہ جب وہ مجھے ملتا ہے تو اس کے پاس کوئی نیکی باقی نہیں ہوتی۔ حضرت اسود رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ

عَائِشَةَ اِذَا سَقَطَ فُسْطَا ط'' عَلَى الْاِنْسَانِ فَضَحِكُوْ فَقَالَتْ عَائِشَةُ سَمِعْتُ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَا مِنْ مُّؤْمِنٍ يُشَاكُ لَهٗ شَوْكَة'' اِلَّا رَفَعَ اللّٰهُ بِهَا حَسَنَةً وَّحَطَّ عَنْهُ بِهَا سَيِّئَةً وَّ قَدْ قِيْلَ لَا خَيْرَ فِيْ بَدَنٍ لَّا يُصِيْبُهُ الْاَ سْقَامُ وَلَا فِيْ مَالٍ لَّا يُصِيْبُهُ النَّوَآئِبُ وَفِي الْخَبَرِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا كَانَ فِيْ الْاَنْقِطَاعِ مِنَ الدُّنْيَا وَلَاقُبَالِ اِلَى الْاٰ خِرَةِ تَنْزِلُ عَلَيْهِ الْمَلٰئِكَةُ مِنَ السَّمَآءِ بِيضُ الْوُجُوْهِ كَاَنَّ وُجُوْهَهُمُ الشَّمْسُ وَمَعَهُمْ كَفَن'' مِنْ اَكْفَانِ الْجَنَّةِ وَحَنُوْط'' مِّنْ حَنُوْطِ الْجَنَّةِ فَيَجْلِسُوْنَ بُعْدًا مِّنْهُ مُدَى الْبَصَرِ ثُمَّ يَجِيْءُ مَلَكُ الْمَوْتِ فَيَجْلِسُ

عِنْدَ رَأْسِهٖ وَيَقُوْلُ اُخْرِجِيْ اَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ اِلٰى مَغْفِرَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى وَرِضْوَانِهٖ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَتَخْرُجُ وَتَسِيْلُ مِنْ نَّفْسِهٖ كَمَا تَسِيْلُ الْقَطْرَةُ مِنَ السِّقَآءِ فَيَاْخُذُوْنَهَا وَيَضَعُوْنَهَا

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس تھا جب کہ ایک شخص پر خیمہ گر جس پر لوگ ہنسنے لگے تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ نہیں کوئی مومن جسے کانٹا چبھے مگر اس کے بدلے اللہ اس کی نیکیاں بڑھاتا ہے اور بدیاں مٹاتا ہے اور تحقیق کیا گیا ہے کہ اس بدن میں کوئی خیر نہیں جسے بیماری نہ پہنچے اور اس مال میں کوئی بہتری نہیں جس میں حادثات سے نقصان نہ ہو اور نبی مکرم ﷺ سے حدیث میں آیا ہے کہ بیشک مومن جب دنیا سے انقطاع کے وقت آخرت کی طرف متوجہ ہوتا ہے تو اس پر آسمان سے سفید رو فرشتے اترتے ہیں گو کہ ان کے چہروں پر سورج طلوع ہو رہا ہے اور ان کے پاس جنت کے کفنوں سے کفن اور جنت کی خوشبوؤں سے خوشبو ہوتی ہے تو اس سے حد نگاہ کے فاصلے پر دور بیٹھ جاتے ہی پھر ملک الموت آتا ہے پس اس کے سر کے پاس بیٹھ جاتا ہے اور کہتا ہے نکل آ اے نفس مطمئن اپنے رب کی بخشش اور اس کی رضا کی طرف تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا وہ روح نکل آتی ہے اور بدن سے ایسے باہر آتی ہے جیسے مشک سے پانی کا قطرہ آسانی سے باہر آتا ہے۔ پس ملائکہ اسے لیکر اپنے ہاتھوں میں رکھ لیتے ہیں۔

فِيْ اَيْدِيْهِمْ وَيُدْرِجُوْنَهَا فِيْ تِلْكَ الْاَكْفَانِ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الرِّيْحُ

كَالْمِسْكِ وَ مَا يَصْعَدُوْنَ عَلَى الْمَلَئِكَةِ اِلَّا قَالُوْا مَا هٰذِهِ الرِّيْحُ الطَّيِّبَةُ فَيَقُوْلُوْنَ هٰذِهٖ رُوْحُ فَلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَّلَا يَذْكُرُوْنَهٗ اِلَّا بِاَحْسَنِ اَسْمَآئِهِ الَّتِىْ كَانَ يُدْعٰى بِهَا فَاِذَا انْتَهُوْا بِهٖ اِلَى السَّمَآءِ الْاَوَّلِ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ السَّمَآءِ السَّبْعَةِ فَيَتَّبِعُوْنَهٗ مِنْ قِبَلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اُكْتُبُوْا كِتَابَهٗ فِىْ عِلِّيِّيْنَ وَرُدُّوْهُ اِلَى الْاَرْضِ فَمِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى قَالَ فَيُرَدُّوْنَ رُوْحَهٗ اِلٰى جَسَدِهٖ وَيَاتِيْهِ مَلَكَانِ وَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَنْ رَّبُّكَ وَمَنْ نَّبِيُّكَ وَمَا دِيْنُكَ وَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا تَقُوْلُ لِهٰذَا الرَّجُلِ الَّذِىْ بُعِثَ فِيْكُمْ يُرِيْدَانِ وَيَعْنِيَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُ هُوَ رَسُوْلُ اللّٰهِ الَّذِىْ اُنْزِلَ الْقُرْاٰنِ عَلَيْهِ وَاٰمَنْتُ بِهٖ وَتَصَدَّقْتُهٗ فَيُنَادِىْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ

اور اسے جنتی کفن میں لپیٹ لیتے ہیں تو اس سے کستوری کی مانند خوشبو آتی ہے اور اوپر چڑھ کر جن فرشتوں کے پاس سے روح لیکر گزرتے ہیں وہ تعجب سے پوچھتے ہیں کہ یہ کس کی خوشبو ہے پس وہ کہتے ہیں یہ فلاں بن فلاں کی روح ہے اور وہ اسے نہیں یاد کرتے ہیں مگر ان ناموں کے ساتھ جن سے اسے دنیا میں بلایا جاتا تھا جب ملائکہ اسے لیکر آسمان اول کے پاس جاتے ہیں تو اس کے لئے آسمان کے سات دروازے کھول دیئے جاتے ہیں پس آسمان سے فرشتے اس کے پیچھے چلتے ہیں یہاں تک کہ وہ اسے لیکر ساتویں آسمان پر پہنچتے ہیں تو اللہ عزوجل کے حکم سے ایک ندا کرنے والا ندا کرتا ہے کہ اس کا نامہ اعمال علیین میں لکھو اور اسے زمین کی طرف لوٹا دو اس سے ہم نے

تمہیں پیدا کیا اور اس میں تم کو لوٹائینگے اور اس سے تمہیں دوبارہ نکالیں گے فرمایا پس فرشتے روح کو اس کے جسم کی طرف لوٹا دیتے ہیں اور پھر اس کے پاس دو فرشتے آ کر اس سے پوچھتے ہیں کہ تیرا رب کون ہے اور تیرا نبی کون ہے اور تیرا دین کون سا ہے اور اسے کہتے ہیں تو اس شخصیت کے متعلق کیا کہتا تھا جو تم میں بھیجا گیا اس سے انکا ارادہ اور مراد محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوتا ہے تو وہ کہتا ہے وہ تو اللہ کے رسول ہیں جس پر قرآن اتارا گیا اور میں اس پر ایمان لایا اور اس کی تصدیق کی پھر آسمان سے ندا کرنے والا ندا کرتا ہے کہ میرے بندے نے سچ کہا

صَدَقَ عَبْدِیْ فَافْرِشُوْا لَهٗ فِرَاشًا مِّنَ الْجَنَّةِ وَاَلْبِسُوْا لَهٗ لِبَاسًا مِّنَ الْجَنَّةِ وَافْتَحُوْا لَهٗ بَابًا مِّنَ الْجَنَّةِ قَالَ فَيَاْتِيْهِ رِيْحُهَا وَطِيْبُهَا وَيُوْسَعُ لَهٗ فِيْ قَبْرِهٖ مُدٰی بَصَرِهٖ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَاْتِيْهِ رَجُلٌ حَسَنُ الْوَجْهِ وَطِيْبُ الرَّائِحَةِ فَيَقُوْلُ لَهٗ اَبْشِرْكَ بِالَّذِيْ بَشَّرَكَ رَبُّكَ فَيَقُوْلُ مَنْ اَنْتَ يَرْحَمُكَ رَبُّكَ مَا رَاَيْتُ فِي الدُّنْيَا اَحْسَنَ مِنْكَ فَيَقُوْلُ اَنَا عَمَلُكَ الصَّالِحُ وَاَنَّ الْكَافِرَ اِذَا احْتَضَرَهُ الْمَوْتُ تَنْزِلُ عَلَيْهِ الْمَلٰئِكَةُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَعَهُمْ لِبَاسٌ مِّنَ النَّارِ فَيَجْلِسُوْنَ بَعِيْدًا مِّنْهُ مُدَّ بَصَرِهٖ حَتّٰى يَجِيْءَ مَلَكُ الْمَوْتِ فَيَجْلِسُ عِنْدَ رَاْسِهٖ وَيُخْرِجُ رُوْحَهٗ مِنْ بَدَنِهٖ كَمَا يُخْرَجُ السَّفُّوْدُ مِنَ الصُّوْفِ الْمَبْلُوْلِ وَاِذَا اُخْرِجَ يُدْرِجُوْنَهٗ فِيْ تِلْكَ اللِّبَاسِ فَيَلْعَنُهٗ كُلُّ شَيْءٍ مَّا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ يَسْمَعُهٗ كُلُّ شَيْءٍ

maktabah.org

**اِلَّا الثَّقَلَيْنِ فَيُصْعَدُ بِهٖ اِلَى السَّمَآءِ فَيُغْلَقُ لَهٗ اَبْوَابُ السَّمَآءِ فَيُنَا دِیْ مُنَادٍ**

اس کے لئے جنتی بستر بچھادو اور اسے جنتی لباس پہنادو اور اس کے لئے جنت کی طرف دروازہ کھول دو فرمایا پس اسے جنت سے ہوا اور خوشبو آتی ہے اور اس کی قبر کو حد نظر تک کشادہ کر دیا جاتا ہے نبی کریم ﷺ نے فرمایا پھر اس کے پاس ایک شخص خوب رو اور پاکیزہ خوشبو والا آتا ہے پس وہ اسے کہتا ہے میں تجھے اس کی خوشی سناتا ہوں جس کی خوشخبری تجھے تیرے رب نے دی تو صاحب قبر کہتا ہے تجھ پر تیرا رب رحم کرے تو کون ہے میں نے دنیا میں تجھ سے حسین کوئی نہیں دیکھا تو وہ کہتا ہے میں تیرا نیک عمل ہوں اور فرمایا بے شک کافر کو جب موت آتی ہے تو اس کے پاس آسمان سے فرشتے آتے ہیں اور ان کے پاس آگ کا لباس ہوتا ہے تو وہ اس کی حد نگاہ سے دور بیٹھ جاتے ہیں حتی کہ ملک الموت آتا ہے پس اس کے سر کی طرف بیٹھ جاتا ہے اور پھر روح اس کے بدن سے یوں نکالی جاتی ہے جیسے بھیگی اون سے کانٹے اور جب وہ نکالی جاتی ہے تو ملائکہ اسے آگ کے لباس میں لپیٹ لیتے ہیں تو پس اس پر آسمان اور زمین کی سب مخلوق لعنت کرتی ہے جسے آسمان و زمین کی ہر چیز سنتی ہے سو جن وانسان کے پھر جب فرشتے اسے لیکر آسمان کی طرف جاتے ہیں تو اس کے لئے آسمان کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں تو اللہ عزوجل کی طرف سے ایک آواز دینے والا آواز دیتا ہے

**مِنْ قِبَلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ رُدُّوْهُ اِلٰى مَضْجَعِهٖ فَيَرُدُّوْنَهٗ اِلٰى قَبْرِهٖ فَيَأْتِيْهِ "مُنْكَرٌ" وَنَكِيْرٌ" بِاَهْوَالٍ عَظِيْمَةٍ وَّاَصْوَاتُهُمَا كَالرَّعْدِ الْقَاصِفِ وَ اَبْصَارُهُمَا كَالْبَرْقِ الْخَاطِفِ وَيَخْرِقَانِ الْاَرْضَ بِاَنْيَابِهِمَا**

فَيُجْلِسَانِهٖ وَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَنْ رَّبُّكَ فَيَقُوْلُ هَاهْ هَاهْ لَا اَدْرِىْ فَيَقُوْلَانِ
لَا دَرَيْتَ وَلَا تَلَيْتَ فَيُنَادِىْ مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ اللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ اِضْرِبَاهُ
بِمِطْرَقَةٍ مِّنْ حَدِيْدٍ لَوِ اجْتَمَعَ الْخَلَائِقُ كُلُّهُمْ لَمْ يُقِلُّوْهَا فَيَشْتَعِلُ بِهٖ
قَبْرُهٗ فَيَضِيْقُ قَبْرُهٗ حَتّٰى يَخْتَلِفَ اَضْلَاعُهٗ ثُمَّ يَاْتِيْهِ رَجُلٌ " قَبِيْحُ
الْوَجْهِ مُنْتِنُ الرِّيْحِ فَيَقُوْلُ جَزَاكَ اللّٰهُ عَنِّىْ شَرًّا فَوَاللّٰهِ مَا عَلِمْتُ
اِلَّا شَرًّا كُنْتَ بَطِيْئًا فِىْ طَاعَةِ اللّٰهِ سَرِيْعًا فِىْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى
فَيَقُوْلُ مَنْ اَنْتَ مَا رَاَيْتُ فِى الدُّنْيَا اَسْوَءَ مِنْكَ فَيَقُوْلُ اَنَا عَمَلُكَ
الْخَبِيْثُ ثُمَّ يُفْتَحُ لَهٗ بَابٌ" اِلَى النَّارِ فَيَنْظُرُ اِلٰى مَقْعَدِهٖ مِنَ النَّارِ فَلَا
يَزَالُ ذٰلِكَ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ وَيُقَالُ يُفْتَنُ الْمُؤْمِنُ فِىْ قَبْرِهٖ

کہ اسے میت کی قبر کی طرف لوٹا تو فرشتے اس روح کو میت کی قبر کی طرف لوٹا دیتے ہیں پھر اس کے پاس منکر ونکیر بہت ہیبت ناک صورت اور سخت رعد کی مانند کڑک دار اواز کے ساتھ اور آنکھیں ان کی اچک لیجانے والی بجلی کی طرح ہوتی ہیں دانتوں سے زمین چیرتے ہوئے آتے ہیں تو اسے اٹھا کر بیٹھا دیتے ہیں اور اس سے پوچھتے ہیں تیرا رب کون ہے وہ کہتا ہے ہائے ہائے افسوس میں نہیں جانتا تو منکر ونکیر اسے کہتے ہیں تو نے کیوں نہ کچھ جانا اور پڑھا پھر اللہ عزوجل کی طرف سے ایک ندا دینے والا ندا دیتا ہے کہ اس کو آہنی گرزوں سے مارو اور وہ گرزیں اس قدر وزنی ہوتی ہیں کہ اگر سب مخلوق بھی جمع ہو جائے تو ہلا نہ سکیں تو ان کی ضربوں سے اس کی قبر شعلہ کی طرح بھڑک جاتی ہے اور اس قدر اس کی قبر تنگ کر دی جاتی ہے کہ اس کی ایک طرف کی

پسلیاں دوسری طرف آجاتی ہیں پھر اس کے پاس ایک بدصورت بدبودار شخص آتا ہے تو اس قبر والے سے کہتا ہے میری طرف سے اللہ تجھے برا بدلہ دے تم نے جب بھی کوئی کام کیا برا ہی کیا تو اللہ کی اطاعت میں سستی کرتا تھا اور اللہ کی نافرمانی میں جلدی وہ پوچھتا ہے تم کون ہو میں نے تو دنیا میں تجھ جیسا کوئی بدصورت شخص دیکھا ہی نہیں تو وہ اسے کہتا ہے میں تیرا بدعمل ہوں پھر اس کے لئے جہنم کا دروازہ کھول دیا جاتا ہے پس وہ دوزخ میں اپنا ٹھکانہ دیکھ لیتا ہے تو اس کا یہی حال رہتا ہے یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جاتی ہے اور کہا گیا ہے کہ مومن کے لئے قبر میں پہلے سات دن آزمائش وسختی کے ہوتے ہیں۔

سَبْعَةَ اَيَّامٍ وَالْكَافِرُ اَرْبَعُوْنَ يَوْمًا وَّقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ فِيْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ اَوْلَيْلَةِ الْجُمُعَةِ اٰمَنَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَفِي الْخَبَرِ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ اِذَا تَوَفّٰى رَجُلٌ وَّوَضِعَ فِيْ قَبْرِهٖ يَجِيْءُ مَلَكٌ وَّيَقْعُدُ عِنْدَ رَاْسِهٖ وَيُعَذِّبُهٗ وَيَضْرِبُهٗ ضَرْبَةً وَّاحِدَةً بِمِطْرَقَةٍ لَّمْ يَبْقَ عُضْوٌ مِّنْهُ اِلَّا انْقَطَعَ وَتَتَلَهَّبَ فِيْ قَبْرِهٖ نَارٌ ثُمَّ يَقُوْلُ قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ فَاِذَا هُوَ صَحِيْحٌ يَّقْعُدُ مُسْتَوِيًا وَّيَصِيْحُ صَيْحَةً يَّسْمَعُهٗ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا الْجِنَّ وَالْاِنْسَ ثُمَّ يَقُوْلُ لِمَ فَعَلْتَ هٰذَا وَلِمَ تُعَذِّبُنِيْ وَاَنَا اَقَمْتُ الصَّلٰوةَ وَاَدَّيْتُ الزَّكٰوةَ وَصُمْتُ رَمَضَانَ وَفَعَلْتُ كَذَا وَكَذَا فَيَقُوْلُ اِنَّكَ مَرَرْتَ يَوْمًا بِمَظْلُوْمٍ وَّهُوَ يَسْتَغِيْثُ بِكَ فَلَمْ تُغِثْهُ وَصَلَّيْتَ يَوْمًا وَّلَمْ تَتَنَزَّهْ

مِنَ الْبَوْلِ فَبَانَ بِهٰذَا الْخَيْرِ اَنَّ نُصْرَةَ الْمَظْلُوْمِ وَاجِبٌ" لِمَا رُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ رَاٰی مَظْلُوْمًا

اور کافر کے چالیس دن اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو مومن جمعہ کے دن یا جمعرات کو مرا اللہ تعالیٰ اسے قبر کے عذاب سے امن میں رکھتا ہے اور ابو امامہ باہلی کی روایت میں ہے کہ جب آدمی مرتا ہے اور اس کو اس کی قبر میں رکھا جاتا ہے تو ایک فرشتہ آتا ہے اور اس کے سر کی جانب بیٹھ جاتا اور اسے عذاب کرتا ہے کہ اسے ایک ضرب مارتا ہے گرز کے ساتھ جس سے اس کے تمام اعضاء جدا جدا ہو جاتے ہیں اور اس کی قبر میں آگ کا شعلہ بھڑک اٹھتا ہے۔ پھر وہ کہتا ہے اللہ کے حکم سے کھڑے ہو جاؤ تو جبھی اس کے اعضاء درست ہو جاتے ہیں اور وہ سیدھا بیٹھ جاتا ہے اور چیخ مارتا ہے جسے انسان وجن کے سوا آسمان وزمین کی ہر چیز سنتی ہے پھر وہ فرشتے سے کہتا ہے تو نے ایسا کیوں کیا اور تو مجھے کس لئے عذاب کرتا ہے حالانکہ میں نماز پڑھتا تھا زکوۃ دیتا تھا اور رمضان کے روزے رکھتا تھا اور میں ایسے ایسے اچھے کام کرتا تھا۔ پس فرشتہ کہتا ہے ایک دن تو مظلوم کے پاس سے گزرا اور وہ تجھ سے مدد مانگ رہا تھا مگر تو نے اس کی مدد نہ کی اور تو نے ایک دن نماز پڑھی مگر پیشاب سے نہ بچا۔ اس حدیث سے ظاہر ہوا کہ مظلوم کی مدد کرنا واجب ہے اس لئے کہ نبی کریم ﷺ سے مروی ہے کہ جس نے مظلوم کو دیکھا جو اس سے

يَسْتَغِيْثُ بِهٖ وَلَمْ يُغِثْهُ ضُرِبَ فِیْ قَبْرِهٖ مِائَةَ سَوْطٍ مِنَ النَّارِ وَرُوِیَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَرْبَعَةٌ

نَفَرٍ يَاتِی بِهِمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰی مَنَابِرَ مِنْ نُّوْرٍ فَيُدْخِلُهُمْ فِیْ
رَحْمَتِهٖ قِيْلَ مَنْ هُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ مَنْ اَشْبَعَ جَآئِعًا وَّوَقَّرَ غَازِيًا
فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَاَعَانَ ضَعِيْفًا وَّاَغَاثَ مَظْلُوْمًا وَّرُوِیَ عَنْ اَنَسٍ
بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَ
الْمَيِّتُ فِی الْقَبْرِ وَيُهَالُ التُّرَابُ عَلَيْهِ فَيَقُوْلُ اَهْلُهٗ وَاَوْلَادُهٗ وَاسَيِّدَاهُ
وَاشَرِيْفَاهُ فَيَقُوْلُ الْمُوَكَّلُ عَلَيْهِ اَتَسْمَعُ مَا يَقُوْلُوْنَ لَكَ فَيَقُوْلُ نَعَمْ
فَيَقُوْلُ اَنْتَ كُنْتَ كَذَا شَرِيْفًا فَيَقُوْلُ اَنَا لَعَبْدُ الذَّلِيْلُ لِلْمَلِكِ
الْجَلِيْلِ وَهُمْ يَقُوْلُوْنَ كَذِبًا فَيَقُوْلُ يَا لَيْتَهُمْ سَكَتُوْا فَيُضَيَّقُ قَبْرُهٗ حَتّٰی
يَخْتَلِفُ اَضْلَاعُهٗ وَيُنَادِیْ فِیْ قَبْرِهٖ وَاكَسْرِ عَظْمَاهُ وَاُذِلَّ مَقَامَاهُ
وَامَوْضِعَ نَدَامَتَاهُ وَاعُنُفَ

مدد مانگ رہا ہو اور اس نے اس کی مدد نہ کی اسے اس کی قبر میں آگ سے تپا ہوا کوڑا مارا جائے گا (قیامت کو چار شخص نوری منبروں پر ہونگے) اور عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ہے وہ نبی اکرم ﷺ سے حدیث بیان کرتے ہیں کہ فرمایا روز قیامت اللہ تعالیٰ چار شخصوں کو مخلوق پر ظاہر کریگا جو نور کے منبروں پر جلوہ گر ہونگے تو اللہ تعالیٰ انہیں اپنی رحمت میں داخل کرے گا پوچھا گیا یا رسول اللہ وہ کون ہونگے فرمایا جس نے بھوکے کو شکم سیر کیا اور جس نے اللہ کی راہ میں لڑنے والے کی عزت کی اور جس نے کمزور کی مدد کی اور جس نے مظلوم کی فریاد رسی کی اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب میت کو قبر میں رکھا جاتا ہے اور اس

پر مٹی ڈالی جاتی ہے تو اس کے اہل و عیال کہتے ہیں کہ اے ہمارے کفیل اور بزرگ تو اس پر مسلط کفیل فرشتہ کہتا کیسا کیا تو سنتا ہے جو وہ کہتے ہیں میت کہتا ہے ہاں پس وہ فرشتہ کہتا ہے تو واقع ہی ایسا کفیل و شریف تھا جو تیرے متعلق کہتا ہے وہ کہے گا میں تو مالک جلیل کا عاجز بندہ تھا اور وہ جھوٹ کہتے ہیں پھر مردہ کہتا ہے کہ کاش کہ وہ خاموش ہو جائیں پس اس کی قبر تنگ کر دی جاتی ہے یہاں تک کہ اس کی ادھر کی پسلیاں ادھر ہو جاتی ہیں پھر اس کی قبر میں ندا دی جاتی ہے ہائے وہ جس کی ہڈیاں ٹوٹ گئیں ہائے وہ جس کا مقام ذلت ہے ہائے وہ جو ندامت کی جگہ ہے ہائے وہ جس پر سوال سخت ہے۔

**سَوَا لَاهُ حَتّٰى يَدْخُلَ اَوَّلُ لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ مِنْ رَّجَبْ فِيْ عَامِهٖ ذٰلِكَ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اُشْهِدُكُمْ يَا مَلٰئِكَتِيْ اِنِّيْ قَدْ غَفَرْتُ لَهٗ سَيِّئَاتِهٖ وَمَحُوْتُ عَنْهُ خَطَايَاهُ بِاِحْيَآئِهِ اللَّيْلَةِ بَاب" فِيْ ذِكْرِ الْمَلَكِ الَّذِيْ يَدْخُلُ فِي الْقَبْرِ قَبْلَ الْمُنْكَرِ وَالنَّكِيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ سَلَامٍ اَنَّهٗ قَالَ قَدْ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ اَوَّلِ مَلَكٍ يَدْخُلُ فِي الْقَبْرِ عَلَى الْمَيِّتِ قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَ مُنْكَرٌ" وَّنَكِيْرٌ" فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ يَاابْنَ سَلَامٍ يَدْخُلُ فِي الْقَبْرِ عَلَى الْمَيِّتِ مَلَكٌ" قَبْلَ اَنْ يَّدْخُلَ مُنْكَرٌ" وَنَكِيْرٌ" يَتَلَالَؤُ وَجْهُهٗ كَالشَّمْسِ وَاسْمُهٗ رُوْمَانُ وَيُقْعِدُهٗ ثُمَّ يَقُوْلُ لَهٗ اُكْتُبْ مَا عَمِلْتَ مِنْ حَسَنَةٍ وَّسَيِّئَةٍ فَيَقُوْلُ لَهُ الْعَبْدُ بِاَيِّ شَيْءٍ اُكْتُبُ اَيْنَ قَلَمِيْ وَدَوَاتِيْ وَمِدَادِيْ فَيَقُوْلُ لَهٗ قَلَمُكَ اِصْبَعُكَ وَدَوَاتُكَ فَمُكَ وَمِدَادُكَ**

maktabah.org

رَبُّکَ فَیَقُوْلُ لَہٗ عَلٰی اَیِّ شَیْءٍ اُکْتُبُ وَلَیْسَ لِیْ صَحِیْفَۃٌ" فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ

یہاں تک کہ اس سال کے رجب کی پہلی جمعرات آ جاتی ہے۔ تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے فرشتو تم کو گواہ بناتا ہوں کہ بے شک میں نے اس کے گناہ بخش دیئے اور اس کی خطائیں مٹا دی اس کی اس رات کی عبادت کے سبب۔ باب نمبر ۱۵ اس فرشتے کے بیان میں جو منکر ونکیر سے پہلے قبر میں داخل ہوتا ہے۔ حضرت عبداللہ ابن سلام سے ہے کہ تحقیق میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس فرشتے کے متعلق پوچھا جو میت پر قبر میں پہلے داخل ہوتا ہے تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا اے ابن سلام داخل ہوتا ہے قبر میں میت پر فرشتہ منکر ونکیر کے داخل ہونے سے پہلے کہ چہرہ اس کا سورج کی مانند درخشاں ہوتا ہے اور نام اس کا دومان ہے اور میت کو بیٹھا دیتا ہے پھر اسے کہتا ہے لکھ جو تو نے اچھے اور برے عمل کئے پس بندہ فرشتے سے کہتا ہے کس چیز سے لکھوں میری قلم اور دوات اور سیائی کہاں ہے تو فرشتہ اسے کہتا ہے تیری قلم تیری انگلی ہے اور تیری دوات تیرا منہ ہے تیری سیاہی تیرا لعاب ہے پھر بندہ اسے کہتا ہے میں کس چیز پر لکھوں میرے پاس کاغذ نہیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا

وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ فَیَقْطَعُ مِنْ کَفْنِہٖ قِطْعَۃً وَّیُنَاوِلُہٗ وَیَقُوْلُ ھٰذِہٖ صَحِیْفَتُکَ فَاکْتُبْ عَلَیْھَا مَا عَمِلْتَ فِی الدُّنْیَا مِنْ خَیْرٍ وَّشَرٍّ فَیَکْتُبُ مَا عَمِلَہٗ فِی الدُّنْیَا خَیْرًا اِذَا بَلَغَ سَیِّئَۃً یَّسْتَحْیِیْ مِنْہُ فَیَقُوْلُ لَہُ الْمَلَکُ یَا خَاطِیُٔ اَمَا لَا تَسْتَحْیِیْ مِنْ خَالِقِکَ حَیْثُ عَمِلْتَھَا فِی الدُّنْیَا وَ تَسْتَحْیِیْ مِنِّی الْاٰنَ

فَيَرْفَعُ الْمَلَكُ الْعَمُوْدَ لِيَضْرِبَهُ فَيَقُوْلُ الْعَبْدُ اِرْفَعْ عَنِّيْ حَتّٰى اَكْتُبَهَا فَيَكْتُبُ جَمِيْعَ حَسَنَاتِهٖ وَسَيِّاٰتِهٖ ثُمَّ يَاْمُرُ اَنْ يَّطْوِيَهُ وَيَخْتِمَهُ فَيَطْوِيْ وَيَقُوْلُ بِاَيِّ شَيْءٍ اَخْتِمُهُ وَلَيْسَ مَعِيَ خَاتِمٌ" فَيَقُوْلُ لَهُ اخْتِمْهَا بِظُفْرِكَ فَيَخْتِمُهَا بِظُفْرِهٖ وَيُعَلِّقُهَا الْمَلَكُ فِيْ عُنُقِهٖ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ثُمَّ يَدْخُلُ بَعْدَ ذٰلِكَ الْمُنْكَرُ وَالنَّكِيْرُ فَكَذٰلِكَ الْعَاصِيُ اِذَا رَاٰى كِتَابَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَمَرَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِالْقِرَاءَةِ فَيَقْرَءُ حَسَنَاتِهٖ فَاِذَا بَلَغَ اِلٰى سَيِّاٰتِهٖ سَكَتَ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ

پس وہ فرشتہ اس کے کفن سے ایک ٹکڑا کاٹ کر اسے دیتا ہے اور کہتا ہے یہ رہا تیرا کاغذ تو اس پر لکھ جو تو نے دنیا میں عمل کیے نیک اور برے پس وہ لکھتا ہے جو اس نے دنیا میں اچھے عمل کیے تو جب وہ برے عمل لکھنے پر پہنچتا ہے تو فرشتے سے شرماتا ہے پھر فرشتہ اس سے کہتا ہے اے خاطی کیا تو نے اپنے خالق سے شرم نہ کی جب تو نے دنیا میں یہ برے کام کیے تو اب تو مجھ سے شرماتا ہے پس فرشتہ گرج اٹھاتا ہے تاکہ اسے مارے تو بندہ کہتا ہے کہ مجھ سے گرج ہٹالو اب میں لکھتا ہوں پھر وہ اپنے تمام اچھے اور برے عمل لکھتا ہے۔ پس فرشتہ اسے حکم دیتا ہے کہ لکھے کاغذ کو لپیٹ کر اس پر مہر لگادو تو وہ لپیٹ کر کہتا ہے کس چیز سے مہر لگاؤں حالانکہ میرے پاس مہر نہیں فرشتہ اسے کہتا ہے کہ اپنے ناخن کے ساتھ اس پر مہر لگا تو وہ اپنے ناخن سے اس پر مہر کرتا ہے تو فرشتہ قیامت تک اس کی گردن سے لٹکا دیتا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہر انسان کا عملنامہ ہم نے اس کی گردن میں لازم کردیا ہے۔ عاصی جب روز قیامت اپنے عملنامہ کو دیکھے گا اور اللہ تعالیٰ اسے پڑھنے کا حکم دے گا تو وہ نیکیاں پڑھ کر سنائے گا جب بدیاں تک پہنچے گا

marfat.com

تو خاموش ہو جائے گا تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔

تَعَالٰی لِمَ لا تَقْتَرَاُ فَیَقُوْلُ اَسْتَحْیِ بِیْ مِنْکَ یَا رَبِّ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی لِمَ لَا تَسْتَحْیِ مِنِّیْ فِی الدُّنْیَا فَالْآنَ تَسْتَحْیِ بِیْ فَیَنْدَمُ الْعَبْدُ وَلَمْ یَنْفَعْہُ النَّدَمُ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی خُذُوْہُ فَغُلُّوْہُ ثُمَّ الْجَحِیْمَ صَلُّوْہُ بَابٌ فِیْ ذِکْرِ جَوَابِ مُنْکَرٍ وَنَکِیْرٍ وَفِی الْخَبَرِ اِذَا وُضِعَ الْمَیِّتُ فِی الْقَبْرِ اَتَاہُ مَلَکَانِ اَسْوَدَانِ اَزْرَقَانِ وَاَصْوَاتُہُمَا کَالرَّعْدِ الْقَاصِفِ وَاَبْصَارُہُمَا کَالْبَرْقِ الْخَاطِفِ یَخْرِقَانِ الْاَرْضَ بِاَنْیَابِہِمَا فَیَاْتِیَانِ مِنْ قِبَلِ رَاْسِہٖ فَیَقُوْلُ الرَّاْسُ لَا تَاْتِیَا مِنْ قِبَلِیْ فَرُبَّ صَلٰوۃٍ صَلَّیْتُ فِی اللَّیْلِ وَالنَّہَارِ خَوْفًا مِّنْ ہٰذَا الْمَوْضِعِ ثُمَّ یَاْتِیَانِہٖ مِنْ قِبَلِ رِجْلَیْہِ فَیَقُوْلُ الرِّجْلَانِ لَا تَاْتِیَا مِنْ قِبَلِنَا فَقَدْ کُنَّا مَشَیْنَا اِلَی الْجُمُعَۃِ وَالْجَمَاعَۃِ حَذَرًا مِنْ ہٰذَا الْمَوْضِعِ فَیَاْتِیَانِ مِنْ قِبَلِ یَمِیْنِہٖ فَیَقُوْلُ الْیَمِیْنُ لَا تَاْتِیَا مِنْ قِبَلِیْ فَقَدْ کَانَ یَتَصَدَّقُ بِیْ حَذَرًا مِّنْ ہٰذَا الْمَوْضِعِ فَیَاْتِیَانِ مِنْ قِبَلِ الشِّمَالِ فَیَقُوْلُ الشِّمَالُ کَذٰلِکَ

آگے کیوں نہیں پڑھتا تو وہ کہے گا اے میرے رب میں تجھ سے شرماتا ہوں پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا تو نے مجھ سے دنیا میں کیوں نہ شرم کیا اب تو مجھ سے شرماتا ہے تو بندہ شرمندہ ہوگا مگر اس وقت ندامت اسے فائدہ نہ دے گی پھر اللہ تعالیٰ ملائکہ کو فرمائے گا اسے پکڑو اور طوق ڈال کر جہنم میں پھینک دو۔ باب نمبر۱۶ (منکر و نکیر کے سوال و

جواب میں) حدیث میں ہے کہ جب میت کو قبر میں رکھا جاتا ہے تو اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں سیاہ رنگ اور نیلی آنکھوں والے آواز ان کی سخت گرج دار رعد کی طرح ہوتی ہے اور آنکھیں اچک لیجانے والی بجلی کی طرح اپنے دانتوں سے زمین چیرتے ہوئے اس کے سر کی طرف سے آتے ہیں پس سر کہتا ہے میری طرف نہ آؤ میں تو اس وقت کے خوف سے شب و روز بہت نماز پڑھتا تھا پھر وہ پاؤں کی طرف سے آتے ہیں تو پاؤں کہتے ہیں ہماری طرف سے نہ آؤ ہم جمعہ اور جماعت کو چل کر جاتے تھے اس مقام کے عذاب سے بچنے کے لئے پھر وہ فرشتے دائیں طرف سے آتے ہیں دایاں کہتا ہے میری طرف سے نہ آؤ میں صدقہ کرتا تھا اس جگہ کے عذاب سے بچو کہ پھر بائیں جانب سے آتے ہیں تو بایاں اسی طرح کہتا ہے پھر میت کے منہ کی طرف سے آتے ہیں

فَيَاْتِيَانِ مِنْ قِبَلِ فَمِهٖ فَيَقُوْلُ الْفَمُ لَا تَاتِيَا مِنْ قِبَلِيْ فَقَدْ كَانَ يَجُوْعُ وَيَعْطِشُ حَذَرً مِّنْ هٰذَا الْمَوْضِعِ فَيُوْقِظَانِهٖ كَمَا يُوْقِظُ النَّائِمُ وَيَقُوْلَانِ لَهٗ مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ مُحَمَّدٍ فَيَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنَّهٗ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ فَيَقُوْلَانِ عِشْتَ مُؤْمِنًا وَّمُتَّ مُؤْمِنًا ثُمَّ الْحِكْمَةُ فِيْ سَوَالِ مُنْكَرٍ وَنَكِيْرٍ اَنَّ الْمَلٰئِكَةَ طَعَنَتْ فِيْ بَنِيْ اٰدَمَ حَيْثُ قَالُوْا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا فَرَدَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ فَقَالَ اِنِّيْ اَعْلَمُ مَالَا تَعْلَمُوْنَ فَيَبْعَثُ اللّٰهُ تَعَالٰى مَلَكَيْنِ اِلٰى قَبْرِ الْمُؤْمِنِ لِيَسْالَاهُ مِنْ ذَالِكَ فَيَاْمُرُهُمَا اَنْ يَشْهَدَ بَيْنَ يَدَيِ الْمَلٰئِكَةِ مَا سَمِعَهَا مِنَ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ لِاَنَّ اَقَلَّ الشُّهُوْدِ

marfat.com

اثْنَانِ ثُمَّ يَقُوْلُ الرَّبُّ يَامَلٰئِكَتِیْ قَدْ اَخَذْتُ رَوْحَهٗ فَتَرَکَ مَا لَهٗ لِغَيْرِهٖ وَزَوْجَتَهٗ فِیْ حِجْرٍ وَجَارِيَتَهٗ وَضَيْعَهٗ فِیْ يَدِ غَيْرِهٖ وَ اَحِبَّاؤُهٗ غَآ ئِبُوْنَ عَنْهُ وَيَسَالُ فِیْ بَطْنِ الْاَ رْضِ وَلَمْ يَرَ اَحَدٌ غَيْرِیْ وَلَمْ يَعْلَمْ حَالَهٗ سِوَآ ءِ یْ وَقَالَ رَبِّیَ اللّٰهُ وَنَبِيِّیْ مُحَمَّدٌ" رَسُوْلُ اللّٰهِ وَ

تو منہ کہتا ہے میری طرف سے نہ آؤ میں بھوکا پیاسہ رہتا تھا اس مقام کے عذاب سے بچنے کے لئے پس وہ دونوں فرشتے میت کو جگاتے ہیں جس طرح سوئے ہوئے کو جگایا جاتا ہے اور اس سے پوچھتے ہیں تو محمد ﷺ کے بارے میں کیا کہتا تھا وہ کہتا ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ بلاشبہ وہ اللہ کے رسول ہیں پس فرشتے کہتے ہیں تو زندہ بھی مومن تھا اور مومن ہی مرا۔ پھر قبر میں نکیرین کے سوال کی حکمت یہ ہے کہ بے شک ملائکہ نے اولاد آدم کو طعنہ دیا تھا جب انہوں نے کہا کہ کیا ایسے کو زمین میں خلیفہ بنائے گا جو اس میں فساد کرے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے جواب میں فرمایا جو میں جانتا ہوں وہ تم نہیں جانتے۔ تو اللہ تعالیٰ دو فرشتوں کو بھیجتا ہے مومن کی قبر میں تاکہ اس سے توحید و رسالت کے متعلق پوچھ لیں اور ان دونوں کو حکم دیتا ہے کہ وہ ملائکہ کے سامنے اس کی گواہی دیں جو انہوں نے مومن بندہ سے سنا یہ دو گواہ اس لئے کہ کم سے کم شرعاً دو گواہ ہونے چاہیں پھر رب تعالیٰ فرماتا ہے اے میرے فرشتو میں نے اپنے بندے کی روح قبض کر لی پس اس نے اپنا مال غیر کے لئے چھوڑا اور اپنی بیوی غیر کے لئے اور اپنی لونڈی غیر کے لئے اور اپنا تاج غیر کے ہاتھ میں دیا اور اس کے دوست اس سے غائب ہیں اور اس سے شکم زمین میں سوال ہو رہا ہے جہاں میرے سوا اس سے کوئی نہیں دیکھتا اور میرے

سوا اس کے حال سے کوئی آگاہ نہیں اور اس نے اس جگہ گواہی دی کہ میرا رب اللہ تعالیٰ ہے اور میرا نبی محمد رسول اللہ ہے اور

اَلاِ سْلَامُ دِیْنِیْ لِتَعْلَمُوْا اَنِّیْ اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ بَاب" فِیْ ذِکْرِ کِرَامِ کَاتِبِیْنَ رُوِیَ فِی الْخَبْرِ اَنَّ کُلَّ اِنْسَانٍ مَعَهٗ مَلَکَانِ اَحَدُ هُمَا عَنْ یَمِیْنِهٖ وَالْاٰخَرُ عَنْ یَّسَا رِهٖ فَالَّذِیْ فِیْ یَمِیْنِهٖ یَکْتُبُ حَسَنَا تِهٖ مِنْ غَیْرِ اِذْنِ صَاحِبِهٖ وَالَّذِیْ فِیْ یَسَا رِهٖ یَکْتُبُ سَیَّا تِهٖ وَلَا یَکْتُبُهَا اِلَّا بِشَهَادَةِ صَاحِبِهٖ فَاِنْ قَعَدَ الْعَبْدُ قَعَدَ اَحَدُ هُمَا عَنْ یَمِیْنِهٖ وَ الْاٰ خَرُ عَنْ یَّسَا رِهٖ وَاِذْ مَشٰی اَحَدُهُمَا خَلْفَهٗ وَالْاٰ خَرُ اَمَا مَهٗ وَاِنْ نَّامَ فَاَ حَدُ هُمَا عِنْدَ رَاْسِهٖ وَالْاٰ خَرُ عِنْدَ رِجْلَیْهِ وَفِیْ رِوَایَةٍ خَمْسَةُ اَمْلَاکٍ مَلَکَانِ بِاللَّیْلِ وَمَلَکَانِ بِالنَّهَارِ وَمَلَک" لَّا یُفَارِقُهٗ فِیْ وَقْتٍ مِّنَ الْاَ وْقَاتِ کَمَا فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی لَهٗ مُعَقِّبَات" مِّنْ بَیْنِ یَدَیْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ یُرِیْدُ بِا لْمُعَقِّبَاتِ مَلٰٓئِکَةُ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَیَحْفَظُوْ نَهٗ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالشَّیَا طِیْنِ یُقَالُ مَلَکَانِ بَیْنَ کَتِفَیْهِ یَکْتُبَانِ اَعْمَالَهٗ مِنْ خَیْرٍ وَشَرٍّ قَلَمُهُمَا سَبَابَتَهُمَا وَدَوَاتُهُمَا خَلْقُهُمَا وَمِدَادُ هُمَا.

اسلام میرا دین ہے تا کہ تم جان لو کہ بے شک میں خوب جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے ۔ باب نمبر ۷، کراماً کاتبین کے ذکر میں ۔ حدیث شریف میں ہے کہ تحقیق ہر انسان کے ساتھ دو فرشتے رہتے ہیں ایک ان میں سے اس کی دائیں جانب اور دوسرا اس کی بائیں طرف وہ جو اس کی دائیں طرف ہے اس کی نیکیاں لکھتا ہے اپنے ساتھ والے کی

maarifat.com

اجازت کے بغیر اور وہ جو بائیں طرف ہے اس کے گناہ لکھتا ہے مگر وہ اپنے ساتھ والے کی گواہی کے بغیر نہیں لکھتا پس اگر بندہ بیٹھ جائے تو ایک ان میں سے اس کی دائیں جانب بیٹھتا ہے اور دوسرا اس کے بائیں اور جب وہ چلتا ہے تو ایک ان میں سے اس کے آگے چلتا ہے اور دوسرا اس کے پیچھے اور اگر وہ سوتا ہے تو ایک ان دونوں فرشتوں سے اس کے سر کے پاس ہوتا ہے اور دوسرا اس کے قدموں کے پاس اور روایت میں آیا ہے کہ پانچ فرشتے ہر انسان کے لئے ہیں دو فرشتے رات کو اس کے ساتھ رہتے ہیں اور دو دن کو اور ایک فرشتہ تمام وقتوں میں سے کسی وقت بھی اس سے جدا نہیں ہوتا جس طرح کہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد میں ہے کہ اس کے لئے کچھ ملائکہ ہیں جو یکے بعد دیگرے آتے ہیں کچھ اس کے آگے ہوتے ہیں اور کچھ پیچھے اور معقبات سے مراد رات اور دن کے فرشتے ہیں جو آدمی کو جن و انس اور شیاطین سے بحفاظت رکھتے ہیں اور یہ بھی آیا ہے کہ ہر انسان کے کندھوں کے درمیان دو فرشتے ہوتے ہیں جو اس کے اچھے اور برے اعمال لکھتے ہیں اور ان کے لئے دو شہادت کی انگلیاں ہیں اور ان کے پاس دو اتیں ہیں اور وہ ان کے حلق اور سیاہیاں۔

رِیْقُھُما وَصَحِیْفَتُھُمَا فُؤَادُھُمَا فَیُکْتُبَانِ اَعْمَا لَهُ اِلٰی مَوْتِهٖ وَرُوِیَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اِنَّ صَاحِبَ الْیَمِیْنِ اَمِیْر" عَلٰی صَاحِبِ الشِّمَالُ فَاِذَا عَمَلِ سَیِّئَةً وَّاَرَادَ صَاحِبُ الشِّمَالِ اَنْ یَّکْتُبَهَا قَالَ لَهُ صَاحِبُ الْیَمِیْنِ اَمْسِکْ فَیُمْسِکُ سَبْعَ سَاعَاتٍ فَاِنْ اِسْتَغْفَرُ اللّٰهَ لَمْ یَکْتُبْهَا فَاِنْ لَّمْ یَسْتَغْفِرْ کَتَبَ سَیِّئَةً

وَّاحِـدَةً فَـاِذَا قُبِضَ رُوْحُ الْعَبْدِ وَوُضِعَ فِيْ قَبْرِهٖ يَقُوْلُ الْمَلَكَانِ رَبَّنَا وَكَّلْتَنَا بِعَبْدِكَ حَتّٰى نَكْتُبَ عَمَلَهٗ وَقَدْ قَبَضْتَ رُوْحَ عَبْدِكَ فَاْذَنْ لَّنَا حَتّٰى نَصْعَدَ اِلَى السَّمَآءِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ السَّمَاءَ مَمْلُوَّةٌ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ يُسَبِّحُوْنَنِيْ وَيُهَلِّلُوْنَنِيْ فَمَا اَفْعَلُ بِكُمَا فَيَقُوْلَانِ رَبَّنَا مُرْنَا حَتّٰى نُقِيْمَ فِي الْاَرْضِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنَّ اَرْضِيْ مَمْلُوَّةٌ مِّنْ خَلْقِيْ فَمَا اَفْعَلُ بِكُمَا فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى سَبِّحَا عَلٰى قَبْرِ عَبْدِيْ وَهَلِّلَا وَكَبِّرَا وَاكْتُبَا ذٰلِكَ لِعَبْدِيْ حَتّٰى اَبْعَثُهٗ مِنْ قَبْرِهٖ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى

لعاب ہیں اور کاغذ ہیں اور دل ہیں تو وہ اس کی موت تک اعمال لکھتے ہیں اور نبی اکرم ﷺ سے حدیث مروی ہے کہ فرمایا بے شک دائیں طرف والا فرشتہ بائیں طرف آنے والے پر امیر ہے تو جب آدمی برا عمل کرتا ہے تو بائیں جانب والا اسے لکھنا چاہتا ہے تو اس کو دائیں جانب والا کہتا ہے ابھی رک جا تو وہ سات ساعت تک رکا رہتا ہے پس اگر وہ توبہ کرے تو وہ اسے نہیں لکھتا اور اگر وہ توبہ نہ کرے تو ایک گناہ اس کے ذمہ لکھ دیتا ہے پس جب بندے کی روح قبض کی جاتی ہے اور وہ قبر میں رکھا جاتا ہے تو وہ دونوں فرشتے عرض کرتے ہیں کہ اے ہمارے پروردگار تو نے ہمیں اپنے بندے پر مقرر کیا یہاں تک کہ ہم نے اس کے عمل لکھے اور تحقیق اب تو نے اپنے بندہ کی روح کو قبض کر لیا پس ہمیں اذن دے کہ ہم اوپر چلے جائیں تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے بے شک آسمان فرشتوں سے بھرا ہوا ہے جو میری تسبیح و تہلیل کرتے ہیں تو تمہارے ساتھ کیا

کروں پھر وہ عرض کرتے ہیں اے پروردگار ہمیں حکم کرتا کہ ہم زمین میں قیام کریں اللہ تعالیٰ فرماتا تحقیق میری زمین مخلوق سے بھری ہوئی ہے تو میں تمہیں کہاں رکھو پھر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تم دونوں میرے بندے کی قبر پر تسبیح وتہلیل وتکبیر کہتے رہو اور میرے بندے کے نامہ اعمال میں لکھتے رہو یہاں تک کہ میں اسے اس کی قبر سے اٹھاؤں اور تحقیق اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

اِنَّ عَلَیْکُمْ لَحٰفِظِیْنَ کِرَامًا کَاتِبِیْنَ یَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ سَمَّا هُمْ کِرَامًا کَاتِبِیْنَ لِاَنَّهُمْ اِذَا کَتَبُوْا حَسَنَةً یَّصْعَدُوْنَ بِهَا اِلَی السَّمَآءِ بِالْفَرْحِ وَالسُّرُوْرِ وَیَعْرِضُوْنَ عَلَی اللّٰهِ تَعَالٰی وَیَشْهَدُوْنَ عَلٰی ذٰلِکَ وَیَقُوْلَانِ اِنَّ عَبْدَکَ فُلَانًا عَمِلَ لَکَ حَسَنَةً کَذَا وَکَذَا وَاِذَا کَتَبُوْا مِنَ الْعَبْدِ سَیِّئَةً یَّصْعَدُوْنَ بِهَا اِلَی السَّمَآءِ مَعَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی یَا کِرَامًا کَاتِبِیْنَ مَا فَعَلَ عَبْدِیْ فَیَسْکُتُوْنَ حَتّٰی یَسْاَلُ اللّٰهُ ثَانِیًا وَثَالِثًا فَیَقُوْلُوْنَ اِلٰهِیْ اَنْتَ اَعْلَمُ وَاَنْتَ السَّتَّارُ اَمَرْتَ عِبَادَکَ اَنْ یَّسْتُرُوْا عُیُوْبَهُمْ فَاِنَّهُمْ یَقْرَؤُوْنَ کُلَّ یَوْمٍ کِتَابَکَ وَیَحْمَدُوْنَکَ فَیَقُوْلُوْنَ اَعْنِیْ کِرَامًا کَاتِبِیْنَ اِسْتُرْ عُیُوْبَهُمْ فَاِنَّکَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ فَلِهٰذَا یُسَمُّوْنَ کِرَامًا کَاتِبِیْنَ وَرُوِیَ عَنْ صِدِّیْقِ ابْنِ اُوَیْسٍ اَنَّهُ قَالَ سَمِعْتُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَتَانِیْ جِبْرِیْلُ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَقَالَ یَا مُحَمَّدُ اِنَّ اللّٰهَ یَقْرَاُکَ

تم پر حافظین کراما کاتبین معین ہیں وہ جانتے ہیں جوتم کرتے ہوان کا نام اللہ نے کراما کاتبین اس لئے رکھا کہ جب وہ کوئی نیکی لکھتے ہیں تو اسے خوشی اور مسرت سے لیکر آسمان پر جاتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے حضور اسے پیش کرتے ہیں اور اس پر گواہی دیتے ہیں اور عرض کرتے ہیں یا اللہ تیرے فلاں بندے نے تیری رضا کے لئے یہ اچھا عمل کیا اور جب وہ کوئی برا عمل لکھتے ہیں تو اسے آسمان پر اندوہ اور غم کے ساتھ لیکر جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ پوچھتا ہے اے بزرگ لکھنے والو میرے بندے نے کیا کیا تو وہ خاموش رہتے ہیں یہاں تک کہ اللہ دوسری اور تیسری بار یوں ہی پوچھتا ہے تب عرض کرتے ہیں الٰہی تو خوب جانتا ہے اور بہت پردہ پوش ہے اور تو نے اپنے بندوں کو آپس کے عیب پوشی کا حکم دیا پس وہ ہر دن تیری کتاب پڑھتے ہیں اور تیری مدح کرتے ہیں وہ کہتے ہیں یعنی کراما کاتبین اے اللہ ان کی عیب پوشی کر پس بے شک تو خوب جانتا ہے عیبوں کو تو اسی لئے انہیں کراما کاتبین یعنی بزرگ لکھنے والے کہا جاتا ہے (جو مسلمانوں کی جماعت کی مخالفت پر مرا وہ جنت کی خوشبو نہیں پائے گا) اور صدیق بن اویس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ میرے پاس جبریل علیہ السلام آیا اور کہا کہ اے محمد ﷺ بے شک اللہ آپ کو سلام کہتا ہے۔

اَلسَّلَامُ وَيَقُوْلُ بَلِّغْ اُمَّتَكَ اَنَّ مَنْ مَّاتَ مُفَارِقًا لِّلْجَمَاعَةِ لَا يَشُمُّ رَائِحَةَ وَلَوْ كَانَ اَكْثَرَ مِنْ اَهْلِ الْاَرْضِ عَمَلًا وَّلَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ صَرْفًا وَّلَا عَدْلًا وَّتَارِكُ الْجَمَاعَةِ عِنْدَكَ وَالْمَلٰئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ

مَلْعُوْن" وَّيَلْعَنُهُ التَّوْرَاةُ وَالْاِنْجِيْلُ وَالزَّبُوْرُ وَالْفُرْقَانُ وَتَارِكُ الصَّلٰوةِ
لَا يُسْتَجَابُ لَهُ الدَّعْوَةُ وَلَا يَنْزِلُ عَلَيْهِ الرَّحْمَةُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ
وَاَهْوَنُ مِنْ اُمَّتِكَ وَاَشَرُّ مِنْ شَارِبِ الْخَمْرِ وَقَاطِعِ الطَّرِيْقِ وَقَاتِلِ اَلْفِ
عَالِمٍ وَّقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ سَلِّمُوْا عَلَى الْيَهُوْدِ مِنْ اُمَّتِيْ قَالَ شَدَّادٌ يَا
رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يَهُوْدُ اُمَّتِكَ قَالَ مَنْ يَسْمَعُ الْاَذَانَ وَلَمْ يَحْضُرِ الْجَمَاعَةَ
وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ مَنْ اَعَانَ تَارِكُ الْجَمَاعَةِ بِخُبْزٍ اَوْ بِلُقْمَةٍ فَكَاَنَّمَا
اَعَانَ بِقَتْلِ الْاَنْبِيَاءِ وَاِنْ مَّاتَ تَارِكُ الْجَمَاعَةِ لَا يُغْسَلُ وَلَا يُصَلّٰى
يُدْفَنُ مَقَابِرِ الْمُسْلِمِيْنَ وَتَارِكُ

اور فرماتا ہے کہ اپنی امت کو پہنچادو بے شک جو جماعت سے مخالف ہو کر مرا وہ جنت کی خوشبو تک نہ سونگے گا اگر چہ اس کی نیکیاں سب اہل زمین سے زیادہ ہوں اور اللہ روز قیامت اس کے فرض ونفل کچھ قبول نہ کرے گا اور تارک الجماعت اے محبوب آپ کے نزدیک اور فرشتوں کے اور سب لوگوں کے نزدیک معلون ہے اور لعنت کرتی ہے اس پر تورات اور انجیل اور زبور اور قرآن اور نماز کے تارک کی نہ کوئی دعا قبول کی جائے گی اور نہ اس پر دنیا وآخرت میں رحمت اترے گی اور آپ کی امت سے کمتر اور شراب پینے والے اور چور ڈاکو اور ایک ہزار عالم کے قاتل سے بھی بڑھ کر برا ہے اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا یہود و نصاری پر سلام کرو مگر میری امت کے یہود پر سلام نہ کرو۔ حضرت شداد رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ آپ کی امت کے یہود کون ہیں فرمایا جس نے اذان کو سنا اور (بلا عذر) جماعت میں حاضر نہ ہوا اور حضور علیہ الصلوۃ والسلام نے فرمایا جس نے تارک جماعت کی مدد کی ایک روٹی دے کر یا

لقمہ دیئے پس گویا اس نے انبیاء علیہم السلام کے قتل پر مدد کی اور اگر جماعت کا تارک مر جائے نہ اسے غسل دیا جائے اور نہ اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے اور نہ اسے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے اور جماعت سے نماز کے تارک

الصَّلٰوۃِ بِالْجَمَاعَةِ لَوْصَلّٰى صَلٰوةَ اُمَّتِیْ كُلِّهَا وَحْدَهٗ وَقَرْءَ كُلَّ كِتَابٍ اَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَى الْاَنْبِيَآءِ وَحْدَهٗ وَصَامَ صَوْمَ اُمَّتِیْ كُلِّهَا وَحْدَهٗ وَتَصَدَّقَ صَدَقَتَهُمْ كُلَّهَا وَحْدَهٗ لَا يَشُمُّ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ وَلَا يَنْظُرُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِلَيْهِ حَيًّا وَّ مَيِّتًا وَّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَيُّمَا مُؤْمِنٍ يَّتَوَضَّاَ وَيَاْتِیْ اِلَى الْمَسْجِدِ وَصَلّٰى فِيْهِ مَعَ الْجَمَاعَةِ غَفَرَ اللّٰهُ تَعَالٰى لَهٗ ذُنُوْبَهٗ وَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ مَنْ حَفِظَ صَلٰوةً فِیْ اَوْقَاتِهَا وَاَتَمَّ رُكُوْعَهَا وَ سُجُوْدَهَا اَكْرَمَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِخَمْسِ عَشَرَ خَصْلَةً ثَلٰثَةً فِی الدُّنْيَا وَثَلٰثَةً عِنْدَ الْمَوْتِ وَثَلٰثَةً فِی الْقَبْرِ وَثَلٰثَةً فِی الْحَشْرِ وَثَلٰثَةً عِنْدَ لِقَآءِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَاَمَّا الثَّلٰثَةُ الَّتِیْ فِی الدُّنْيَا فَيَزِيْدُ عُمْرَهٗ وَرِزْقَهٗ وَيَحْفَظُ نَفْسَهٗ وَ اَهْلَهٗ وَ اَمَّ الثَّلٰثَةُ الَّتِیْ عِنْدَ الْمَوْتِ فَيُبَشِّرُهٗ بِالْاَمْنِ مِنَ الْخَوْفِ وَالْفَزَعِ وَدُخُوْلِ الْجَنَّةِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ

نے اگر میری ساری امت کے برابر تنہا نمازیں پڑھیں اور ان تمام کتابوں کو جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیوں پر اتارا اکیلے نے پڑھا اور میری سب امت کے

برابر اکیلے نے روزے رکھے اوران تمام کے صدقوں کے برابر اکیلے نے صدقہ کیا پھر بھی وہ جنت کی خوشبو تک نہ سونگے گا اور نہ اللہ تعالیٰ اس کی طرف اس کی زندگی میں نظر رحمت کریگا اور نہ اس کے مرنے کے بعد (با جماعت نماز پڑھنے والے کی بخشش ہو جاتی ہے) اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہر وہ مومن جس نے وضو کیا اور مسجد کی طرف آیا اور اس میں نماز با جماعت ادا کی اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دیتا ہے

**(پنجگانہ نماز کا اہتمام سے ادا کرنے پر پندراں انعام)** اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے پنجگانہ نماز ادا کی اس کے وقتوں کی محافظت کی اور اس کے رکوع وسجود کو پورا کیا اللہ تعالیٰ پندراں انعامات سے اس کی عزت افزائی کرتا ہے انمیں سے تین دنیا میں اور تین موت کے وقت اور تین قبر میں اور تین حشر میں اور تین اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے وقت پس وہ تین انعام جو دنیا میں ہوتے ہیں اللہ اس کی عمر بڑہاتا ہے اور اس کا رزق زیادہ کر دیتا ہے اور اسے اس کے اہل خانہ کو اپنی حفاظت میں رکھتا ہے اور وہ تین جو موت کے وقت ہیں اللہ اسے خوف و ہر اس سے امن کی اور دخول جنت کی بشارت دیتا ہے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے تحت۔ بے شک وہ لوگ جنہوں نے کہا ہمارا رب اللہ ہے پھر اس پر قائم رہے۔

**اِسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ۔ وَ اَمَّا الثَّلٰثَةُ الَّتِيْ فِي الْقَبْرِ فَيُسَهِّلُ عَلَيْهِ**

سُؤَالُ مُنْكَرٍ وَّ نَكِيْرٍ وَّ يُوَسَّعُ عَلَيْهِ قَبْرُهٗ وَ يُفْتَحُ لَهٗ بَابٌ اِلَى الْجَنَّةِ وَ اَمَّا الثَّلٰثَةُ الَّتِيْ فِي الْمَحْشَرِ فَيَخْرُجُ مِنَ الْقَبْرِ وَهُوَ يَتَلَأْلَأُ وَجْهُهٗ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ بِاَيْمَانِهِمْ الآيه وَ يُعْطٰى كِتَابَهٗ بِيَمِيْنِهٖ وَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا وَ اَمَّا الثَّلٰثَةُ الَّتِيْ عِنْدَ لِقَآءِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَرَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمْ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِمْ وَالنَّظَرُ اِلَيْهِمْ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ. وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ وَمَنْ تَهَاوَنَ بِالصَّلٰوةِ الْخَمْسِ عَاقَبَهُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِخَمْسَ عَشَرَ خَصْلَةً ثَلٰثَةٌ فِي الدُّنْيَا وَثَلٰثَةٌ عِنْدَ الْمَوْتِ وَ ثَلٰثَةٌ فِي الْقَبْرِ وَ ثَلٰثَةٌ فِي الْحَشْرِ وَ ثَلٰثَةٌ عِنْدَ لِقَآءِ اللّٰهِ تَعَالٰى اَمَّا الثَّلٰثَةُ الَّتِيْ فِي الدُّنْيَا فَيُرْفَعُ الْبَرَكَةُ مِنْ رِزْقِهٖ

ان پر ملائکہ اترتے ہیں کہتے ہوئے کہ خوف نہ کرو اور نہ غم کرو اور تم خوش ہو جاؤ اس جنت کے ساتھ جس کا تم کو وعدہ دیا گیا اور تیسرا قبر میں یہ انعام کہ اس پر نکیرین کے سوال آسان ہو جائیں گے اور اس کی قبر فراخ کردی جائے گی اور ان کے لئے جنت کی طرف دروازہ کھول دیا جائے گا۔ اور وہ تین انعام جو محشر میں ہوں گے جب وہ قبر سے نکلے گا تو اس کا چہرہ چودہویں رات کے چاند کی طرح چمکتا ہوگا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ نور ان کے آگے اور ان کے دائیں بھاگتا ہوگا۔ الایۃ اور عملنامہ اس کے دائیں ہاتھ دیا جائے گا اور اس کا حساب آسان کردیا جائے گا اور وہ تین جو اللہ سے ملاقات کے وقت ہونگے ان سے اللہ راضی ہوگا اور اس پر اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ

سلام کہتا ہے رب رحیم کی طرف سے اور فرمایا کچھ چہرے اس دن تروتازہ اپنے رب کی طرف دیکھتے ہوں گے (**نمازوں میں سستی کا وبال**) اور فرمایا جس نے پنجگانہ نماز میں سستی کی اللہ اسے پندرہ طرح سے عذاب دے گا تین طرح دنیا میں اور تین طرح موت کے وقت اور تین طرح قبر میں اور تین طرح محشر میں اور تین طرح اللہ تعالیٰ سے ملاقات کے وقت برحال وہ تین عذاب جو دنیا میں ہوتے ہیں اللہ اس کی روزی اور عمر سے برکت اٹھا دیتا ہے اور صالحین کی علامت اس کے چہرہ سے مٹا دیتا ہے۔

وَ عُمُرِہٖ وَسِیْمَآءُ الصّٰلِحِیْنَ مِنْ وَّجْھِہٖ وَ اَمَّا الثَّلٰثَۃُ الَّتِیْ عِنْدَ الْمَوْۃِ فَیَمُوْتُ جَآئِعًا وَّ عَطْشَانًا وَّ ذَلِیْلًا وَ اَمَّا الثَّلٰثَۃُ الَّتِیْ فِی الْقَبْرِ فَیَضِیْقُ قَبْرُہٗ حَتّٰی یَدْخُلَ اَضْلَاعُہٗ بَعْضُھَا فِیْ بَعْضٍ وَّ یُفْتَحُ لَہٗ بَابٌ مِّنْ نَّارٍ وَّ اَمَّا الثَّلٰثَۃُ الَّتِیْ فِی الْحَشْرِ فَیَخْرُجُ مِنْ قَبْرِہٖ مُسْوَدَّۃُ الْوَجْہِ مَکْتُوْبٌ فِیْ جَبْھَتِہٖ ھٰذَا آئِسٌ مِّنْ رَّحْمَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی وَ یُعْطٰی لَہٗ کِتَابُہٗ مِنْ وَّرَآءِ ظَھْرِہٖ وَ اَمَّا الثَّلٰثَۃُ الَّتِیْ عِنْدَ لِقَآءِ اللّٰہِ تَعَالٰی فَلَا یُکَلِّمُھُمُ اللّٰہُ تَعَالٰی وَلَا یَنْظُرُ اِلَیْھِمْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ وَ لَا یُزَکِّیْھِمْ وَلَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِھِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوۃَ وَاتَّبَعُوا الشَّھَوٰتِ فَسَوْفَ یَلْقَوْنَ غَیًّا وَرُوِیَ عَنْ اَنَسِ ابْنِ مَالِکٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ الْعَبْدُ اِلَی الصَّلٰوۃِ وَقَالَ اللّٰہُ اَکْبَرُ خَرَجَ مِنْ ذُنُوْبِہٖ کَیَوْمٍ وَلَدَتْہُ

اُمّہ' وَ اِذا قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم کُتِبَ لَہ'

اور وہ تین جو موت کے وقت ہوتے ہیں وہ بھوکا پیاسا اور ذلیل ہو کر مرتا ہے اور وہ تین عذاب جو قبر میں دیئے جاتے ہیں پس اس کی قبر تنگ کر دی جاتی ہے یہاں تک کہ اس کی ایک طرف کی پسلیاں دوسری طرف ہو جاتی ہیں اور اس کے لئے جہنم کا دروازہ کھول دیا جاتا ہے اور وہ تین جو اس پر محشر کو ہوتے ہیں پس وہ قبر سے سیاہ چہرہ ہو کر اٹھتا ہے اور اس کے چہرے پر لکھا ہوتا ہے کہ یہ شخص اللہ تعالیٰ کی رحمت سے ناامید ہونے والا ہے اور اسے اعمال نامہ پیٹھ کے پیچھے سے دیا جاتا ہے اور وہ تین سزائیں جو اسے اللہ تعالیٰ کی ملاقات کے وقت ہوتی ہیں تو اللہ تعالیٰ ان سے کلام نہیں فرماتا اور ان کی طرف نظر رحمت نہیں فرماتا اور روز قیامت انہیں گناہ سے پاک نہیں کرے گا اور ان کیلئے دردناک عذاب ہوگا اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا۔ ان کے بعد ان کے کچھ ایسے جانشین ہوئے جنہوں نے نمازیں ضائع کیں اور خواہشات کے پیچھے چلے عنقریب وہ دوزخ کے مقام غی کو پالیں گے۔ (**نماز کے اجر عظیم کا بیان**) اور حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب بندہ کھڑا ہوتا ہے اور اللہ اکبر کہتا ہے تو گناہوں سے ایسے ستھرا ہو جاتا ہے جیسے اسی دن اس کی ماں نے اسے جنم دیا اور جب وہ کہتا ہے کہ میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں اس کے بدن کے ہر بال کے بدلے۔

بِکُلِّ شَعْرَۃٍ عَلٰی بَدَنِہٖ عِبادَۃَ سَنَۃٍ فَاِذا قَرَءَ الْفَاتِحَۃَ فَکَاَنَّمَا حَجَّ وَاعْتَمَرَ وَ اِذا رَکَعَ فَکَاَنَّمَا تَصَدَّقَ بِوَزْنِہٖ ذَھَبًا وَّ اِذا قَالَ سَمِعَ اللّٰہُ

marfat.com

لِمَنْ حَمِدَهٗ نَظَرَ اللّٰهُ تَعَالٰی اِلَیْهِ بِالرَّحْمَةِ وَاِذَا قَالَ فِیْ سُجُوْدِهٖ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی فَکَاَنَّمَا اَعْتَقَ رَقَبَةً وَّ اِذَا تَشَهَّدَ اَعْطَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰی ثَوَابَ اَلْفِ عَالِمٍ وَّ اَلْفِ شَهِیْدٍ وَّاِذَا سَلَّمَ وَ فَرَغَ مِنْ صَلٰوتِهٖ فَتَحَ اللّٰهُ لَهٗ ثَمَانِیَةَ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ یَدْخُلُ مِنْ اَیِّ بَابٍ شَآءَ بِلاَ حِسَابٍ وَّ لاَ عَذَابٍ وَّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یَنْبَغِیْ لِلْمُؤْمِنِ اَنْ یَّکُوْنَ اَخْلاَقُهٗ کَاَخْلاَقِ الْکَلْبِ وَفِیْهِ خَمْسَةُ اَخْلاَقٍ اَلْاَوَّلُ یَکُوْنُ جَآئِعًا اَبَدًا وَّهٰذَا مِنْ اَخْلاَقِ الصَّالِحِیْنَ وَالثَّانِیْ لاَ یَکُوْنُ لَهٗ مَوْضِعٌ وَّ هٰذَا مِنْ اَثَرِ الصَّالِحِیْنَ وَالثَّالِثُ اَنَّهٗ لاَیَنَامُ بِالَّیْلِ وَهٰذَا مِنْ اَفْعَالِ الصَّالِحِیْنَ وَالرَّابِعُ لاَ یَکُوْنُ لَهٗ مَالٌ حَتّٰی یَرِثُهُ الْوَارِثُ وَهٰذَا مَعِیْشَةُ الصَّالِحِیْنَ وَالْخَامِسُ اَنْ لَّا یُفَارِقُ

اس کے لئے سال کی عبادت کا ثواب لکھ دیا جاتا ہے تو جب وہ سورہ فاتحہ پڑھتا ہے پس گویا کہ اس نے حج اور عمرہ کیا اور جب وہ رکوع کرتا ہے تو گویا کہ اس نے اپنے وزن کی مقدار سونا صدقہ کیا اور جب وہ سمع اللہ لمن حمدہ کہتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر رحمت فرماتا ہے اور جب وہ سجدہ میں سبحان ربی الاعلی پڑھتا ہے پس گویا کہ اس نے غلام آزاد کر دیا اور جب وہ تشہد پڑھتا ہے اللہ اسے ایک ہزار عالم اور ایک ہزار شہید کا اجر عطا کرتا ہے اور جب وہ سلام کہتا ہے اور اپنی نماز سے فارغ ہوتا ہے تو اللہ اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیتا ہے جس دروازے سے وہ چاہے بلا حساب و بلا عذاب جنت میں جائے ( کتے کی پسندیدہ عادتیں ) اور نبی صلی

اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا مناسب ہے کہ مومن کے لئے چند عادتیں کتے کی عادتوں جیسی ہوں اور وہ یہ پانچ خصلتیں ہیں اول یہ کہ ہمیشہ بھوک برداشت کرتا رہے اور یہ صالحین کی عادت سے ہے ثانی یہ کہ اس کے پاس مکان نہ ہو اور یہ صالحین کی علامت ہے تیسری یہ کہ رات کو بیدار رہے اور یہ صالحین کے کاموں سے ہے چوتھی یہ کہ اپنے پاس جمع نہ رکھے کہ کوئی وارث مالک ہو اور یہ صالحین کی معیشت ہے پانچویں یہ کہ اپنے مالک کا دروازہ نہ چھوڑے اگرچہ دن میں اسے وہ سو بار دھکے دے اور یہ صالحین کی وفاء سے ہے۔

مِنْ بَابِ صَاحِبِهٖ وَاِنْ طَرَدَهٗ فِیْ یَوْمٍ مِّائَةَ مَرَّةٍ وَّ هٰذَا مِنْ وَّفَاءِ الصّٰلِحِیْنَ وَقَالَ عَلِیٌّ" كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ طُوْبٰی لِمَنْ كَانَ عَیْشُهٗ كَعَیْشِ الْكَلْبِ وَفِیْهِ عَشْرُ خِصَالٍ اَلْاَوَّلُ لَیْسَ لَهٗ مَالٌ" وَّ الثَّانِیْ لَیْسَ لَهٗ قَدْرٌ" وَّ الثَّالِثُ الْاَرْضُ كُلُّهَا بَیْتٌ" لَّهٗ وَالرَّابِعُ فِیْ اَكْثَرِ الْاَوْقَاتِ یَكُوْنُ جَآئِعًا وَّالْخَامِسُ فِیْ غَالِبِ اَوْقَاتِهٖ یَكُوْنُ سَاكِتًا وَّالسَّادِسُ یَحُوْلُ حَوْلَ بَیْتِ صَاحِبِهٖ بِاللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالسَّابِعُ یَقْنَعُ بِمَا یُدْفَعُ اِلَیْهِ وَالثَّامِنُ لَوْضَرَبَ صَاحِبُهٗ مِائَةَ جَلْدَةٍ لَا یَتْرُكُ بَابَ دَارِ صَاحِبِهٖ وَالتَّاسِعُ یَاْخُذُ عَدُوَّ صَاحِبِهٖ وَلَا یَاْخُذُ صَدِیْقَهٗ وَالْعَاشِرُ اِذَا مَاتَ لَمْ یَتْرُكْهُ مِنَ الْمِیْرَاثِ شَیْئًا بَاب" فِیْ ذِكْرِ الرُّوْحِ بَعْدَ الْخُرُوْجِ كَیْفَ یَاْتِیْ اِلٰی قَبْرِهٖ و مَنْزِلِهٖقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ فَاِذَا خَرَجَ الرُّوْحُ مِنْ بَنِیْ آدَمَ فَاِذَا مَضٰی ثَلٰثَةُ اَیَّامٍ

يَقُوْلُ الرُّوْحُ يَارَبِّ ائْذَنْ

اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا خوشی وخوبی ہے اس شخص کے لئے جس کی زندگی گزارنا کتے کی مانند ہو اور کتے میں دس عادتیں اچھی ہیں اول اس کے پاس مال نہیں ہوتا دوم وہ کچھ قدر نہیں رکھتا سوم سب زمین اس کا گھر ہے چہارم وہ اکثر اوقات بھوکا رہتا ہے پنجم وہ اکثر اوقات خاموش رہتا ہے ششم وہ رات و دن اپنے مالک کے گھر کے گرد گھومتا رہتا ہے ہفتم وہ اس پر قناعت کرتا ہے جو لقمہ مالک اسے ڈالتا ہے ہشتم اگر اس کا مالک اسے سو ڈنڈے مارے وہ مالک کا دروازہ نہیں چھوڑتا نہم وہ اپنے مالک کے دشمن کو کاٹتا ہے مالک کے دوست کو نہیں کاٹتا۔ دہم جب وہ مرتا ہے تو اپنی کچھ میراث نہیں چھوڑتا۔ **باب نمبر ۱۸ اس بیان میں کہ روح نکلنے کے بعد میت کی قبر اور گھر کی طرف کیسے آتی ہے:** نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب آدم زادوں کی روح جسم سے نکلتی ہے تو جب تین دن گزرتے ہیں روح عرض کرتی ہے یا میرے پروردگار مجھے اذن بخش۔

لِیْ حَتّٰی اَمْشِیْ وَاَنْظُرُ اِلٰی جَسَدِی الَّذِیْ کُنْتُ فِیْهِ فَیَاْذَنُهُ اللّٰهُ تَعَالٰی فَیَجِیْءُ اِلٰی قَبْرِهٖ وَ یَنْظُرُ مِنْ بَعِیْدٍ وَّ قَدْسَالَ الْمَآءُ مِنْ جَسَدِهٖ وَ مِنْ مِنْخَرَیْهِ وَ مِنْ فَمِهٖ فَیَبْکِیْ بُکَآءً طَوْلاً ثُمَّ یَقُوْلُ یَاجَسَدِیَ الْمِسْکِیْنَ وَ یَا حَبِیْبِیْ هَلْ تَذْکُرُ اَیَّامَ حَیٰوتِکَ وَ هٰذَا مَنْزِلُ الْبَلَاءِ وَالْوَحْشَةِ وَ الْغَمِّ وَ الْکُرْبَةِ وَالْحُزْنِ وَالنَّدَامَةِ ثُمَّ یَمْضِیْ فَاِذَا کَانَتْ خَمْسَةُ اَیَّامٍ یَقُوْلُ یَارَبِّ ائْذَنْ لِیْ حَتّٰی اَنْظُرَ اِلٰی جَسَدِیْ فَیَاْذَنُ اللّٰهُ

تَعَالٰی لَہٗ فَیَاْتِیْ اِلٰی قَبْرِہٖ وَیَنْظُرُ مِنْ بَعِیْدٍ وَّ قَدْ سَالَ الدَّمُ مِنْ جَسَدِہٖ وَ مِنْ مِنْخَرَیْہِ وَمِنْ فَمِہٖ وَ اُذُنَیْہِ وَ صَدِیْدٌ وَّ قَیْحٌ فَیَبْکِیْ بُکَآءً طَوِیْلاً فَیَقُوْلُ یَاجَسَدِیَ الْمِسْکِیْنَ اَتَذْکُرُ اَیَّامَ حَیٰوتِکَ وَ ھٰذَا مَنْزِلُ الْغَمِّ وَالْھَمِّ وَالْمِحْنَۃِ وَالدِّیْدَانِ وَالْحَیَّۃِ وَالْعَقَارِبِ وَاَکَلَتِ الدِّیْدَانُ لَحْمَکَ وَفَرَّقَتْ جِلْدُکَ وَ تَفَرَّقَتْ اَعْضَآؤُکَ ثُمَّ یَمْضِیْ فَاِذَا کَانَ سَبْعَۃُ اَیَّامٍ یَّقُوْلُ یَارَبِّ ائْذَنْ

تا کہ میں جاؤں اور اس بدن کو دیکھوں جس میں تھی تو اللہ تعالیٰ اسے اذن دیتا ہے پس وہ میت کی قبر کی طرف آتی ہے اور اسے دُور سے دیکھتی ہے اور میت کے جسم اور ناک اور منہ سے پانی جاری ہو رہا ہوتا ہے پس بہت دیر روتی ہے پھر کہتی ہے کہ اے میرے مسکین جسم اور اے میرے پیارے کیا تو زندگی کے دن یاد کرتا ہے یہ تو بلاء اور وحشت اور غم اور تکلیف اور پریشانی اور ندامت کی جگہ ہے پھر جب پانچ دن گزرتے ہیں تو روح عرض کرتی ہے اے میرے رب مجھے اجازت بخش تا کہ میں اپنے بدن کو دیکھوں تو اللہ تعالیٰ اسے اجازت دیتا ہے پس وہ میت کی طرف آتی ہے اور اسے دور سے دیکھتی ہے اور تحقیق اس کے جسم اور ناک و منہ اور کانوں سے خون اور زرد پانی اور پیپ بہہ رہے ہوتے ہیں تو روح بہت دیر تک روتی ہے پھر کہتی ہے اے میرے مسکین بدن کیا تجھے زندگی کے دن یاد آتے ہیں اور یہ تو غم والم اور پریشانی اور کیڑوں سانپوں اور بچھوؤں کا گھر ہے اور کیڑے تیرا گوشت کھا گئے اور تیری کھال کو جسم سے جدا کر دیا اور تیرے اعضاء کو متفرق کر دیا پھر جب میت کو مرے بعد سات دن ہوتے ہیں تو

marfat.com

روح عرض کرتی ہے کہ اے میرے پروردگار مجھے اذن دے تاکہ میں

لِیْ حَتّٰی اَنْظُرَ اِلٰی جَسَدِیْ فَیَاْذَنُ اللّٰہُ تَعَالٰی لَہٗ فَیَاْتِیْ اِلٰی قَبْرِہٖ وَیَنْظُرُ مِنْ بَعِیْدٍ وَّ قَدْوَقَعَ فِیْہِ الدُّوْدُ فَیَبْکِیْ بُکَآءً شَدِیْدًا وَّ یَقُوْلُ یَاجَسَدِی الْمِسْکِیْنُ اَتَذْکُرُ اَیَّامَ حَیٰوتِکَ اَیْنَ اَوْلَادُکَ وَ اٰبَآؤُکَ وَ عَشِیْرَتُکَ وَدَارُکَ وَعَقَارِبُکَ وَاَیْنَ اِخْوَانُکَ وَ اَصْدِقَآؤُکَ وَ اَیْنَ رُفَقَاؤُکَ وَ جِیْرَانُکَ الَّذِیْنَ یَرْضَوْنَکَ فِیْ جَوَارِکَ الْیَوْمَ فَیَکُوْنَ عَلَیَّ وَعَلَیْکَ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ وَرُوِیَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِذَا مَاتَ الْمُؤْمِنُ دَارَتْ رُوْحُہٗ حَوْلَ دَارِہٖ شَھْرًا یَنْظُرُ اِلٰی مَا خَلْفَہٗ مِنْ عَیَالِہٖ کَیْفَ یُقْسَمُ مَالُہٗ وَ کَیْفَ یُؤَدِّیْ دُیُوْنُہٗ فَاِذَااِتَمَّ شَھْر" یَنْظُرُ اِلٰی جَسَدِہٖ وَیَدُ وَرُحَوْلَ قَبْرِہٖ سَنَۃً وَّ یَنْظُرُ مَنْ یَّدْعُوْا لَہٗ وَ مَنْ یَّحْزَنُ عَلَیْہِ فَاِذَااَتَمَّتْ سَنَۃ" رُّفِعَتْ رُوْحُہٗ اِلٰی حَیْثُ یَجْتَمِعُ فِیْہِ الْاَرْوَاحُ اِلٰی یَوْمِ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ کَقَوْلِہٖ تَعَالٰی تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِکَۃُ

اپنے جسم کو دیکھوں تو اللہ تعالیٰ اسے اذن دیتا ہے پس روح میت کی قبر کی طرف آتی ہے اور اسے دور سے دیکھتی ہے اور تحقیق اس میں کیڑے پڑ چکے ہوتے ہیں پس بہت روتی ہے اور کہتی ہے اے میرے مسکین جسم کیا تجھے زندگی کے دن یاد آتے ہیں کہاں ہے تیری اولاد اور آباء اور اقارب اور تیرا گھر و زمین اور کہاں ہیں تیرے بھائی اور دوست اور کہاں ہیں تیرے رفقاء اور ہمسائے جو تیری ہمسائیگی میں خوش تھے کہ وہ مجھ

اور تجھ پر قیامت تک روئیں۔ (روح میت کے گھر والوں کی خبر گیری کرتی ہے) اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب مومن مرتا ہے تو اس کی روح اس کے گھر کے گرد ایک ماہ تک گھومتی ہے اور اس کے پسماندگان اہل و عیال کو دیکھتی ہے کہ وہ اس کا مال کیسے بانٹتے ہیں اور اس کے قرض کیسے چکاتے ہیں پس جب ماہ گزرتا ہے تو وہ اپنے جسم کی طرف دیکھتی اور اس کی قبر کے گرد ایک سال گھومتی ہے اور دیکھتی ہے کہ اس کے لئے کون دعا کرتا ہے اور اس پر کون غم کرتا ہے پھر جب سال گزرتا ہے تو روح اوپر چلی جاتی ہے جہاں دوسرے مومن کی روحیں جمع رہیں گی اس دن تک کہ جس میں صور پھونکا جائے گا جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اتریں گے اس میں ملائکہ اور روح

وَالرُّوْحُ فِيْهَا وَيُقَالُ الرُّوْحُ فِيْهَا بِمَعْنَى الرَّحْمَةِ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كَمَا قُرِئَ وَالرُّوْحُ بِالْفَتْحِ وَالضَّمِّ مَعْنَاهُ تَنَزَّلُ الْمَلٰئِكَةُ وَالرُّوْحُ اَىْ مَعَهُمُ الرُّوْحُ وَالرَّيْحَانُ وَيُقَالُ الرُّوْحُ مَلَكٌ " عَظِيْمٌ " يُنَزِّلُ الرَّحْمَةَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰئِكَةُ صَفًّا قِيْلَ مَعْنَاهُ رُوْحُ بَنِىْ اٰدَمَ وَقِيْلَ مَعْنَاهُ رُوْحُ جِبْرِيْلَ وَيُقَالُ رُوْحُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ تَحْتَ الْعَرْشِ يَسْتَاذِنُ فِىْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ مِنَ اللّٰهِ بِالنُّزُوْلِ يُسَلِّمُ عَلٰى جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ مِنَ الشَّفَقَةِ عَلَيْهِمْ وَيُقَالُ رُوْحُ الْاَقْرِبَاۤءِ مِنْ اَمْوَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا ائْذَنْ لَنَا بِالنُّزُوْلِ اِلٰى مَنَازِلِنَا حَتّٰى نَرٰى اَوْلَادَنَا وَعِيَالَنَا فَيَنْزِلُوْنَ

marfat.com

لَیۡلَةَ الۡقَدۡرِ کَمَا قَالَ اِبۡنُ عَبَّاسٍ اِذَا کَانَ یَوۡمُ عِیۡدٍ اَوۡیَوۡمُ عَاشُوۡرَا اَوۡلَیۡلَةُ عَاشُوۡرَا اَوۡیَوۡمُ الۡجُمُعَةِ اَوۡ لَیۡلَةُ الۡجُمُعَةِ الۡاُوۡلٰی مِنۡ رَّجَبٍ اَوۡلَیۡلَةِ النِّصۡفِ مِنۡ شَعۡبَانَ

اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اس آیت میں روح سے مراد وہ رحمت ہے جو مومن پر اترتی ہے جس طرح کہ والروح کو فتح اور ضمہ کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے معنی اس کا ہے کہ فرشتے اترتے ہیں اور روح یعنی ان کے ساتھ روح اور ریحان (جنت کی خوشبو) اترتی ہے اور کہا (روح اترنے کی مراد کا بیان) گیا ہے کہ روح ایک عظیم فرشتے کا نام ہے جو اللہ کے حکم سے مومن پر اترتا ہے جیسے کہ ارشاد ہے کہ (جس دن رُوح اور فرشتے صف بنائے کھڑے ہوں گے کہا گیا ہے کہ بنی آدم کی روح اور کہا گیا ہے کہ روح سے مراد جبرائیل علیہ السلام ہیں اور کہا گیا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روح مراد ہے اس رات (لیلۃ القدر) کو عرش کے نیچے اللہ سے اذن مانگتی ہے دنیا پر اترنے اور تمام مومن اور مومنات پر سلام کہنے کو ان پر شفقت کی بناء پر اور کہا گیا ہے کہ مراد اقرباء اموات مؤمنین کی روح ہے جو عرض کرتی ہیں کہ اے ہمارے پرودگار ہمیں اپنے گھروں پر اترنے کا اذن دے تا کہ ہم اپنی اولاد اور اعیال کو دیکھیں تو وہ لیلۃ القدر کو اترتی ہیں جس طرح کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ جب عید کا دن ہو یا عاشورا کی رات یا جمعہ کا روز یا رجب کی پہلی جمعرات یا نصف شعبان کی رات

یَخۡرُجُ الۡاَمۡوَاتُ مِنۡ قُبُوۡرِهِمۡ فَیَقُوۡمُوۡنَ عَلٰی اَبۡوَابِ بُیُوۡتِهِمۡ وَ یَقُوۡلُوۡنَ ارۡحَمُوۡا عَلَیۡنَا فِیۡ هٰذِهِ اللَّیۡلَةِ بِصَدَقَةٍ اَوۡلُقۡمَةٍ فَاِنَّا مُحۡتَاجُوۡنَ

اِلَیْھَا فَاِنْ لَّمْ تَقْدِرُوْا بِھَا فَاذْکُرُوْنَا بِرَکْعَتَیْنِ فِیْ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃِ الْمُبَارَکَۃِ ھَلْ مِنْ اَحَدٍ یَّذْکُرُوْنَا وَھَلْ مِنْ اَحَدٍ یَّرْحَمُ عَلَیْنَا وَھَلْ مِنْ اَحَدٍ یَّذْکُرُوْنَا فِیْ غُرْبَتِنَا یَامَنْ سَکَنَ فِیْ دَارِنَا وَیَامَنْ نَکَحَ نِسَآءَ نَا وَیَامَنْ اَقَامَ فِیْ اَوْسَعِ قُصُوْرِ نَا وَ نَحْنُ اَضْیَقِ قُبُوْرِنَا وَ یَا مَنْ قَسَّمَ اَمْوَالَنَا وَیَامَنِ سْتَذَلَّ اَوْلَادَنَا ھَلْ مِنْ اَحَدٍ مِّنْکُمْ مَّنْ یَّتَفَکَّرُ فِیْ غُرْبَتِنَا وَ فَقْرِنَا وَ کُتُبُنَا مَطْوِیَّۃٌ" وَّ کُتُبُکُمْ مَّنْشُوْرَۃٌ" وَّلَیْسَ لِلْمَیِّتِ فِی اللَّحْدِ ثَوَابٌ" فَلَا تَنْسَوْنَا بِکِسْرَۃِ خُبْزِکُمْ وَ دُعَآئِکُمْ فَاِنَّا مُحْتَاجُوْنَ اِلَیْکُمْ اَبَدًا فَاِنْ وَّجَدُوْا الصَّدَقَۃَ وَالدُّعَآءَ مِنْھُمْ یَرْجِعُوْنَ فَرِحًا مَّسْرُوْرًا وَّاِنْ لَّمْ یَجِدُوْا یَرْجِعُوْنَ مَحْرُوْمًا مَّحْزُوْنًا آئِسًا وَقَدْ قِیْلَ اِنَّ الرُّوْحَ فِی الْفُؤَادِ اَوْ فِیْ بَعْضِ اَجْزَآءِ الْبَدَنِ

تو فوت شدگان اپنی قبروں سے نکلتے ہیں اور اپنے گھروں کے دروازوں پر کھڑے ہو کر کہتے ہیں کہ اس رات میں ہم پر رحم کرو صدقہ یا ناداروں کو روٹی کا لقمہ دیکر ہم اس ثواب کے محتاج ہیں پس اگر تم اس کی طاقت نہیں رکھتے تو اس شب مبارکہ میں دو رکعت نماز کے (ایصال ثواب) سے ہی ہمیں یاد کر لو کیا ہے کوئی تم میں جو ہمیں یاد کرے کیا ہے کوئی تم میں جو ہم پر رحم کھائے کیا ہے کوئی تم میں جو ہماری غربت میں ہمیں یاد کرے اے وہ شخص جس نے ہمارے گھر میں سکونت کی اے وہ شخص جس نے ہماری عورتوں سے نکاح کیا اے وہ شخص جس نے ہمارے کشادہ محلوں میں قیام کیا اور ہم اپنی تنگ قبروں میں ہیں۔ اے وہ جس نے ہمارے اموال کو تقسیم کیا اے وہ جس

نے ہماری اولاد کو خوار کیا گیا ہے تم میں سے کوئی جو ہماری غربت اور محتاجی میں سوچ کرے اوراب ہمارے اعمالنامے لپیٹے جا چکے ہیں اور تمارے اعمال نامے کھولے ہوۓ ہیں اور میت کے لیئے (اپنے عمل کا) ثواب منقطع ہو چکا ہے تو تم اپنی روٹی کھاتے وقت اور دعا کے وقت ہمیں مت بھولو پس بے شک ہم تمہارے ہمیشہ محتاج ہو چکے پس اگر فوت شدگان ان سے صدقہ یا دعا پا لیتے ہیں تو خوشی و مسرت سے واپس لوٹتے ہیں اور اگر نہ پائیں تو محروم اور غمزدہ اور ناامید ہو کر لوٹتے ہیں ( جسم میں روح کے محل میں اختلاف ) اور تحقیق کیا گیا ہے کہ روح کا مقام دل ہے یا بدن کے کچھ اجزاء

لاَ فِیْ جَمِیْعِ الْبَدَنِ لٰکِنَّهَا فِیْ جُزْءٍ مِّنْ اَجْزَآئِهٖ وَالدَّلِیْلُ عَلَیْهِ اَنْ یَّجْرِحَ الْوَاحِدُ بِجَرَاحَاتٍ کَثِیْرَةٍ فَلاَ یَمُوْتُ وَ یَجْرِحُ الْوَاحِدُ اَیْضًا بِجَرَاحَةٍ وَّاحِدَةٍ فَیَمُوْتُ لِاَنَّهَا اَصَابَتْ فِی الْمَکَانِ الَّذِیْ فِیْهِ الرُّوْحُ وَ حَلَّتْ فِیْهِ وَ قِیْلَ الرُّوْحُ یَحِلُّ فِیْ جَمِیْعِ الْبَدَنِ لِاَنَّ الْمَوْتَ فِیْ جَمِیْعِ الْبَدَنِ یَدُلُّ عَلَیْهِ قَوْلُهٗ تَعَالٰی قُلْ یُحْیِیْهَا الَّذِیْ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ فَاِنْ قِیْلَ مَا الْفَرْقُ بَیْنَ الرُّوْحِ وَالرُّوَانِ قُلْتُهُمَا وَاحِدٌ'' لَیْسَ بَیْنَهُمَا فَرْقٌ'' کَمَا اَنَّ الْیَدِنَ مَعَ الْیَدِ وَالرِّجْلِ یَذْهَبُ وَ یَجِیْءُ وَالرُّوْحُ لاَ یَتَحَرَّکُ ثُمَّ مَوْضِعُ الرُّوْحِ فِی الْجَسَدِ غَیْرُ مُّعَیَّنٍ وَّ مَوْضِعُ الرَّوَانِ بَیْنَ الْحَاجِبَیْنِ فَاِذَا زَالَتِ الرُّوْحُ مَاتَ الْعَبْدُ لاَ

مَحَالَةَ وَ اِذَا زَالَتِ الرَّوَانُ نَا مَ الْعَبْدُ كَمَا اَنَّ الْمَاءَ اِذَاصُبَّ فِي الْقَصْعَةِ وَ وُضِعَتْ فِي الْبَيْتِ وَوَقَعَتِ الشَّمْسُ عَلَيْهِ مِنَ الْكُوَّةِ وَ شُعَاعُهَا فِي السَّقْفِ يَتَحَرَّكُ وَ لَمْ يَتَحَرَّكِ الْقُصْعَةُ مِنْ مَوْضِعِهَا فَكَذٰلِكَ الرُّوْحُ سَاكِنَة" فِي الْبَدَنِ

تمام بدن اس کا مقام نہیں لیکن روح اس کے اجزاء میں ایک جزء میں ہوتی ہے اور دلیل اس مدعا یہ ہے کہ ایک شخص کثیر زخموں سے زخمی ہوتا ہے مگر مرتا نہیں اور ایک شخص ایک ہی زخم سے زخمی ہوتا ہے اور مر جاتا ہے اس لئے کہ وہ ایک زخم اس جگہ ہوتا ہے جہاں روح ہو اور اس میں حلول کئے ہوئے اور کہا گیا ہے کہ روح تمام بدن میں حلول کیے ہوتی ہے اسی لئے موت تمام بدن کو آتی ہے اس پر دلیل اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ۔ اے محبوب فرما دیجئے وہی اسے زندہ فرمائے گا جس نے اسے ابتداء سے پیدا کیا۔

روح اور روان میں فرق پس اگر سوال کیا جائے کہ روح اور رواں میں کیا فرق ہے تو میں کہوں گا ان دونوں میں کوئی فرق نہیں جس طرح کہ بدن ہاتھ اور پاؤں کے ساتھ جا تا اور آتا ہے اور روح ایک جگہ رہتی ہے پس اس کا مقام جسم میں غیر معین ہے اور روان کا مقام دو ابروؤں کے درمیان ہے اور جب روح نکلتی ہے تو بندہ لازما مر جاتا ہے مگر جب روان نکلے تو بندہ سو جاتا ہے جس طرح کہ پیالہ میں پانی ڈالا جائے اور اسے مکان میں رکھا جائے اور اس پر دریچہ سے سورج کی دھوپ پڑے اور سورج کی شعاعیں چھت پر پڑتی ہوں تو وہ حرکت کرتا ہے حالانکہ پیالہ اپنی جگہ سے حرکت نہیں کرتا ایسے ہی روح بدن میں ساکن رہتی ہے اور شعاعیں اس کی عرش تک جاتی ہیں۔

maktab.com

وَشُعَاعُهَا اِلَى الْعَرْشِ وَهُوَ الرَّوَانُ فَتَرَى الرُّؤْيَا فِي الْمَلَكُوْتِ ثُمَّ اِذَا نَامَ الْعَبْدُ خَرَجَ الرُّوْحُ اَيِ الرَّوَانُ مِنْ اَنْفِهٖ وَصَعَدَ اِلَى السَّمَاء فَالرَّوَانُ فِي الْمَلَكُوْتِ يَنُوْبُ مَنَابَةَ النَّفْسِ فِي الْخِدْمَةِ فَاِنْ قِيْلَ لَوْ كَانَ رُوْحُ الْمُؤْمِنِ يَصْعَدُ اِلَى السَّمَاءِ وَ يَنُوْبُ مَنَابَةَ النَّفْسِ فِي الْخِدْمَةِ فَرُوْحُ الْكَافِرِ اِلٰى اَيْنَ تَذْهَبُ وَقِيْلَ رُوْحُ الْكَافِرِ اَيْضًا يَصْعَدُ اِلَى السَّمَآءِ اِلَّا اَنَّهٗ يَمْنَعُهُ الشَّيْطٰنُ فَيَكُوْنُ مَعَ الشَّيَاطِيْنِ فَاِنْ قِيْلَ لَوْذَهَبَ الرُّوْحُ يَنْبَغِيْ اَنْ لَّا يَتَنَفَّسَ قِيْلَ هٰذَا مِنْ وُّجُوْهٍ اَحَدُهَا مَا قَالُوا يَذْهَبُ مِنْهُ الرُّوْحُ وَلٰكِنْ يَّبْقٰى فِيْهِ الْحَيٰوةُ وَالنَّفْسُ لِاَنَّهُمَا لَيْسَا بِرُوْحٍ اَلَا تَرٰى اِلٰى مَارُوِىَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُمَا اَنَّهٗ قَالَ الرُّوْحُ لِلْاَرْبَعَةِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ وَالْمَلٰئِكَةُ وَ الشَّيَاطِيْنُ وَلِسَآئِرِهِنَّ نَفْسٌ وَّحَيٰوةٌ وَّ قَالَ مُحَمَّدُ ابْنُ التِّرْمَذِىْ اَلرُّوْحُ رُوْحَانِ رُوْحٌ بِهِ الْحَيٰوةُ وَالنَّفْسُ وَ رُوْحٌ بِهِ الْحَرَكَةُ فَاِذَا نَامَ خَرَجَ مِنْهُ

اور وہ شعاعیں روان ہے پس خواب میں ملکوت کو دیکھتا ہے پھر جب آدمی سوتا ہے روح نکلتی ہے یعنی روان اس کے ناک سے اور آسمان پر جاتی ہے تو روان عالم ملکوت میں کام میں نفس کی قائم مقام ہوتی ہے پس اگر کہا جائے کہ جب مومن کی روح آسمان پر چڑھ کر کام میں نفس کی قائم مقام ہوتی ہے تو کافر کی روح کہاں جاتی ہے تو کہا گیا ہے کہ کافر کی روح بھی آسمان کی طرف جاتی ہے مگر اسے شیطان روک لیتے

ہیں تو وہ شیطانوں کے ساتھ ہو جاتی ہے۔ پس اگر کہا جائے کہ جب روح یعنی روان خواب میں نکل جائے تو ممکن ہے کہ آدمی سانس نہ لے سکے۔ کہا گیا ہے کہ یہ وہ وجوہ ہیں جس سے ایک کو علماء نے بیان کیا ہے کہ آدمی سے روح یعنی روان چلتی ہے مگر اس میں زندگی اور نفس دونوں باقی رہتے ہیں اس لئے کہ باقی رہنا روان کے سبب نہیں کیا تو نے نہیں دیکھا جو عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ فرمایا چار مخلوق کے لئے روح ہے۔ انس وجن وملائکہ اور شیاطین اور باقی سب مخلوق کے لئے نفس و حیات ہے اور محمد ابن الترمذی نے کہا کہ روحیں دو ہیں ایک وہ جس کے ساتھ زندگی اور نفس قائم ہے دوسری وہ جس کے سبب حرکت ہے پس جب کوئی سوتا ہے تو اس سے وہ روح نکلتی ہے جس کے سبب حرکت ہے

اَلرُّوْحُ الَّذِیْ بِهِ الْحَرَكَةُ وَلٰكِنْ لَّمْ يَخْرُجِ الرُّوْحُ الَّذِیْ بِهِ الْحَيٰوةُ وَ النَّفَسُ وَاَمَّا مَسْكَنُ الرُّوْحِ بَعْدَ الْقَبْضِ فَقَدْ قِيْلَ مَسْكَنُهَا الصُّوْر فِيْهِ ثُقَب" بَعَدَدِ كُلِّ حَيْوَانٍ مِّنْ يَّوْمِ خُلِقَ اٰدَمُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ يُنْعَمُ هُنَاكَ اِنْ كَانَ مُنْعَمًا وَّ اِنْ كَانَ مُعَذَّبًا فَهُنَاكَ يُعَذَّبُ وَ يُقَالُ اِنَّ اَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِيْ حَوَاصِلِ طُيُوْرٍ خُضْرَآءَ سَوْدَآءَ فِي الْجَنَّةِ وَاَرْوَاحُ الْكَافِرِيْنَ فِيْ سِجِّيْنِ جَهَنَّمَ وَ قِيْلَ فِيْ حَوَاصِلِ طُيُوْرٍ سَوْدَاءَ فِي النَّارِ وَيُقَالُ اِنَّ اَرْوَاحَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا قُبِضَتْ رَفَعَتْهَا مَلٰٓئِكَةُ الرَّحْمَةِ اِلَى السَّابِعَةِ بِالْاِكْرَامِ وَالْاِعْزَازِ فَيُنَادِیْ مُنَادٍ مِّنَ السَّمَآءِ مِنْ قِبَلِ اللّٰهِ اُكْتُبُوْهَا فِيْ عِلِّيِّيْنَ ثُمَّ رُدُّوْهَآ اِلَى الْاَرْضِ فَتَرَ دُّرُوْحُه'

maktabah.org

فِیْ جَسَدِہٖ وَ یُفْتَحُ لَہٗ بَابٌ اِلَی الْجَنَّۃِ فَیَنْظُرُ اِلٰی مَوْضِعِہٖ مِنْھَا حَتّٰی یَقُوْمُ السَّاعَۃُ وَیُقَالُ اِنَّ اَرْوَاحَ الْکُفَّارِ اِذَا قُضِبَتْ رَفَعَتْھَا مَلٰئِکَۃُ الْعَذَابِ اِلٰی سَمَآءِ الدُّنْیَا فَیُغْلَقُ اَبْوَابُھَا وَ یُؤْمَرُ مَرُ بِرَدِّھَا

اور جب روح نکلتی ہے جس سے زندگی اور نفس قائم ہو( **بدن سے نکلنے کے بعد** روح کہاں رہتی ہے )اور برحال قبض ہونے کے بعدروح کا مسکن پس تحقیق کہا گیا ہے کہ اس کا مسکن اسرافیل کا صور ہے ۔اس میں سوراخ ہیں پیدائش آدم علیہ السلام سے تا قیامت کے جانداروں کی تعداد کے برابر اگرنعمت کے لائق ہوتو وہاں اسے نعمت دی جاتی ہے اگر عذاب کے لائق ہوتو وہاں اسے عذاب کیا جاتا ہےاور کہا گیا ہے کہ مومنین کی ارواح جنت میں سبز پرندوں کے بدنوں میں رہتی ہیں اور کفار کی ارواح جہنم کے طبقہ سجین میں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ دوزخ میں سیاہ پرندوں کے بدنوں میں ہوتی ہیں اور کہا گیا ہے کہ بیشک مومنین کی روحیں جب قبض کی جاتی ہیں تو انہیں رحمت کے فرشتے عزت واعزاز کے ساتھ ساتھ ہوآسمان پر لیجاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے آسمان سے ندا کرنے والا ندا کرتا ہے کہ اسے علیین میں لکھ دو پھر اس کو دنیا میں واپس کردو تو مومن کی روح کو اس کے بدن میں لوٹا دیا جاتا ہے اور اس کے لئے جنت کی طرف دروازہ کھول دیا جاتا ہے اور وہ جنت میں اپنا مقام دیکھتا ہے قیام قیامت تک اور کہا گیا ہے کہ جب کفار کی روحیں نکالی جاتی ہیں تو عذاب کے فرشتے انہیں اٹھا کر دنیا کے آسمان ( پہلے آسمان ) پر لیجاتے ہیں پس اس کے دروازے بند کردیئے جاتے ہیں اور حکم دیا جاتا ہے کہ اس کو واپس اس کی قبر کی طرف

لے جاؤ۔

اِلٰی مَضْجَعِہٖ وَیُضَیَّقُ قَبْرُہٗ وَیُفْتَحُ لَہٗ بَاب" اِلَی النَّارِ فَیَنْظُرُ اِلٰی مَقْعَدِہٖ مِنْہَا حَتّٰی تَقُوْمُ السَّاعَۃُ وَعَلٰی ھٰذَا قَوْلُہٗ عَلَیْہِ السَّلَامُ حَتّٰی اَنَّھُمْ یَسْمَعُوْنَ قَرْعَ نِعَالِکُمْ وَاِنَّمَا مُنِعُوْا عَنِ الْکَلَامِ وَسُئِلَ عَنْ بَعْضِ الْعُلَمَآءِ مَنْ مُّعَادِنِ الْاَرْوَاحِ بَعْدَ الْمَوْتِ قَالَ اِنَّ اَرْوَاحَ الْاَنْبِیَآءِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ فِی اللَّحْدِ مُوْنِسَۃٌ لِاَجْسَادِھَا وَسَاجِدَۃٌ لِرَبِّھَا وَاَرْوَاحُ الشُّھَدَآءِ فِی الْفِرْدَوْسِ وَسْطَ الْجَنَّۃِ فِیْ حَوَاصِلِ طُیُوْرٍ خُضْرَآءَ فِی الْجَنَّۃِ تَطِیْرُ حَیْثُ شَآءَ ثُمَّ تَاْوِیْ اِلٰی قَنَادِیْلَ معلقۃ بِالْعَرْشِ وَاَرْوَاحُ اَوْلَادِ الْمُسْلِمِیْنَ فِیْ حَوَاصِلِ عَصَافِیْرِ الْجَنَّۃِ عِنْدَ جَبَلِ الْمِسْکِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ وَاَرْوَاحُ اَوْلَادِ الْمُشْرِکِیْنَ وَالْمُنَافِقِیْنَ یَدُوْرُوْنَ حَوْلَ الْجَنَّۃِ لَیْسَ لَھُمْ مَاْوٰی اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ثُمَّ یَخْدِمُوْنَ لِلْمُؤْمِنِیْنَ اَمَّآ اَرْوَاحُ الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ عَلَیْھِمْ دُیُوْن" وَمَظَالِمُ فَمُعَلَّقَۃ" بِالْھَوَآءِ لَایَصِلُوْنَ اِلَی الْجَنَّۃِ وَلَآ اِلَی السَّمَآءِ حَتّٰی یُؤَدّٰی

اور اس کی قبر تنگ کر دی جاتی ہے اور اس کا جہنم کی جانب دروازہ کھول دیا جاتا ہے پس اس میں اپنا ٹھکانہ قیامت آنے تک دیکھتا رہتا ہے (میت جوتوں کی آہٹ کو سنتا ہے) اور اسی پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ فرمایا حتی کہ میت

marfat.com

تمہارے جوتوں کی آہٹ کو سنتے ہیں مگر وہ کلام سے روکے گئے ہیں اور بعض علماء سے بعداز موت ارواح کا مقام پوچھا گیا تو انہوں نے کہا انبیاء علیہم السلام کی ارواح جنت عدن میں ہیں اور لحد میں اپنے ابدان کے لئے انس رکھنے والی اور اپنے رب کو سجدہ کرنے والی ہوتی ہیں اور شہداء کی ارواح فردوس وسط جنت میں سبز پرندوں کے قالبوں میں جہاں چاہیں جنت میں اڑتی ہیں پھر وہ رات کو عرش سے معلقہ قندیلوں میں ٹھرتی ہیں اور مسلمانوں کے چھوٹے بچوں کی روحیں جنت کے گرد گھومتی رہتی ہیں قیامت تک انہیں کوئی ٹھکانہ نہیں ملتا پھر وہ مومنین کی خدمت کے لئے مقرر ہوں گے بر حال مسلمانوں کی ارواح جن پر قرضے اور حق تلفی کے مطالب ہیں فضاء میں معلق رہتی ہیں نہ وہ جنت میں پہنچ سکتی ہیں اور نہ آسمان پر جا سکتی ہیں جب تک ان سے قرضے اور حقوق ادا نہ ہوں۔

عَنْهُمُ الدُّیُوْنُ والْمَظَالِمُ وَامَّآ اَرْوَاحُ فُسَّاقِ الْمُسْلِمِیْنَ الْمُصِرِّیْنَ عَلَی الذُّنُوْبِ فَیُعَذَّبُوْنَ فِی الْقُبُوْرِ مَعَ الْجَسَدِ وَاَمَّآ اَرْوَاحُ الْکٰفِرِیْنَ وَالْمنَافِقِیْنَ لفِیْ سِجِّیْنٍ نَارَجهنَّم خَالِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا۔ قِیْلَ اِنَّ الرُّوْحَ جِسْمٌ لَطِیْفٌ وهُوَ مَخْلُوْقٌ فَلِذٰلِکَ لا یُقَالُ اللّٰهُ تعَالٰی ذُوْ رُوْحٍ لِاَنَّهٗ یَسْتَحِیْلُ اَنْ یَکُوْنَ مَحلاًّ لِّاَجْسَام وَقَدْقِیْلَ اِنَّ الرُّوْحَ عَرَضٌ وَهُوَمَا یَسْتَحْکَمُ بِوُجُوْدِ غَیْرِهٖ وَرُوِیَ اَنَّ الْیَهُوْدَ اَتَوْا اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَسَئَلُوْهُ عَنِ الرُّوْحِ وَعَنْ اَصْحَابِ الرَّقِیْمِ وَعَنْ ذِی الْقَرْنَیْنِ فَنَزَلَ فِیْ شَانِهِمْ سُوْرَةُ الْکَهْفِ

وَنَزَلَ فِی الرُّوْحِ وَیَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الرُّوْحِ قُلِ الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّیْ وَقِیْلَ مَعْنَاهُ اَمْرُ رَبِّیْ وَلَا عِلْمَ لِیْ بِهَا وَقِیْلَ مَعْنَاهُ اِنَّ الرُّوْحَ لَیْسَتْ بِمَخْلُوْقَةٍ بَلْ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَاَمْرُاللّٰهِ تَعَالٰی کَلَامُهٗ وَهٰذَا الْقَوْلُ خَطَآءٌ" لِاَنَّ مَعْنَی الْاٰیَةِ ذَکَرْنَا وَقِیْلَ مَعْنَاهُ تَکْوِیْنُ رَبِّیْ بِکَلِمَةِ کُنْ فَیَکُوْنُ وَاَنَّ اَمْرَ اللّٰهِ عَلٰی ضَرْبَیْنِ

اور بر حال فساق مسلمان کی ارواح جو گنا ہوں پر ہی بلا توبہ مرے پس ان کو قبروں میں ان کے بدن کے ساتھ عذاب دیا جائے گا اور کافروں اور منافقوں کی روحیں وہ نار جہنم کے طبقہ سجین میں ہمیشہ ہمیشہ رہیں گی کہا گیا ہے کہ ارواح جسم لطیف ہے اور مخلوق ہے پس روح کا اطلاق اللہ پر جائز نہیں اسی لئے نہیں کہا جاتا کہ اللہ تعالیٰ روح والا ہے اس لئے کہ محال ہے اللہ کا محل اجسام ہونا اور تحقیق کیا گیا ہے کہ روح عرض ہے اور عرض وہ ہے کہ جس کا قیام وجود غیر پر موقوف ہو اور روایت کی گئی ہے کہ یہود نبی کریم ﷺ کے پاس آئے تو آپ سے روح اور اصحاب کھف اور ذی القرنین کے متعلق پوچھا اس پر سورہ کھف اتری اور روح کے بیان میں یہ آیت نازل ہوئی۔ اور آپ سے در بارہ روح پوچھتے ہیں فرما دیجئے کہ روح کی حقیقت کو اللہ ہی جانتا ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ معنی یہ ہے کہ تحقیق روح مخلوق نہیں بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کے امر سے ہے اور اللہ کا امر اس کا کلام ہے (جو کہ مخلوق نہیں) حالانکہ یہ قول درست نہیں اس لئے کہ معنی اس آیت کا ہم نے بیان کر دیا ہے اور کہا گیا ہے معنی اس کا یہ ہے کہ روح کا وجود میرے رب کے کن کہنے سے ہے تو وہ وجود میں آ گئی۔ اور بے شک اللہ کا امر دو طرح پر ہے۔

maarfat.com

اَمْرُ الْزِامِ كَاَمْرِہ بِالْعِبَادَاتِ وَاَمْرتَکْوِیْنٍ کَقَوْلِہٖ تَعَالٰی کُوْنُوْا حِجَارَۃً اَوْحَدِیْدًا اَوْ خَلْقًا وَّ کَقَوْلِہٖ تَعَالٰے اَنَّمَا اَمْرُہٗ اِذَآ اَرَادَشَیْئًااَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ وَاَمَّا قَوْلُہٗ" تَعَالٰے نَزَلَ بِہِ الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ وَقَوْلُہٗ تَعَالٰے یَوْمَ یَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰئِکَۃُ صَفًّا لَّا یَتَکَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَہُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا فَقِیْلَ مَعْنَاہُ جِبْرَآئِیْلُ وَقِیْلَ مَلَکٌ" عَظِیْمٌ" وَّحْدَہٗ صَفًّا وَّاَمَّا قَوْلُہٗ تَعَالٰی فَاِذَا سَوَّیْتُہٗ وَنَفَخْتُ فِیْہِ مِنْ رُّوْحِیْ فَھٰذِہٖ اِضَافَۃُ خَلْقٍ وَّقِیْلَ اِضَافَۃُ تَکْرِیْمٍ کَمَا یُقَالُ نَاقَۃُ اللّٰہِ وَبَیْتُ اللّٰہِ وَاَمَّاقَوْلُہٗ تَعَالٰی فَنَفَخْنَا فِیْہِ مِنْ رُّوْحِنَا فَاِضَافَۃُ تَکْرِیْمٍ عَلٰی مَاقَدَّمْنَاہُ وَقِیْلَ مَعْنَاہُ فَنَفَخْنَا فِیْہِ مِنْ رُّوْحِ جِبْرَآئِیْلَ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَعَلٰی ھٰذَا قِیْلَ فِیْ عِیْسٰی رُوْحُ اللّٰہِ کَقَوْلِہٖ تَعَالٰی وَاَیَّدَہٗ بِرُوْحٍ مِنْہُ بَابٌ" فِیْ ذِکْرِ الصُّوْرِوَالْبَعْثِ وَالْحَشْرِاَنَّ اِسْرَافِیْلَ صَاحِبُ الْقَرْنِ وَخَلَقَ اللّٰہُ تَعَالٰی اللَّوْحَ الْمَحْفُوْظَ مِنْ دُرَّۃٍ بَیْضَآءَ طُوْلُھَا مَابَیْنَ

اللہ کا امر دو طرح پر ہے ایک امر لازم کرنے کو جس طرح کہ عبادات کا امر اور دوسرا امر تکوین جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ کونو حجارۃ او حدید او خلقا ۔ پتھر ہو جاؤ یا لوہا یا اور مخلوق ۔ اور دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے ۔ انما امرہ اذا اراد شیئا ان یقول لہ کن فیکون ۔ اس کا کام تو یہی ہے کہ جب کسی چیز کو چاہے تو اسے فرما دیتا ہے ہو جا پس وہ فوراً ہو جاتی ہے۔ اور بر حال اللہ تعالیٰ کا فرمان کہ اسے روح الامین لیکر اترتا ہے اور اللہ تعالیٰ فرماتا ہے جس دن جبرائیل کھڑا ہو گا اور سب فرشتے صف

باندھے کوئی نہ بول سکے گا مگر جسے رحمٰن نے اذن دیا اور اس نے ٹھیک بات کہی اور کہا گیا ہے کہ روح سے مراد جبریل امین ہے اور کہا گیا ہے کہ اس سے مراد ایک بڑا فرشتہ ہے جو تنہاء برابر صف ہے اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ پس جب میں آدم علیہ السلام کو پورا کر لوں اور اس میں اپنی روح پھونک لو (**اللہ کی طرف سے روح کی اضافت خلقی یا تکریمی ہے**)۔ پس اس آیت میں اضافت بطور خلق ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ اضافت تکریمی ہے جس طرح کہا جاتا ہے کہ اللہ کی اونٹنی اور اللہ کا گھر اور بر حال اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ پس ہم اس میں اپنی روح کو پھونکا۔ تو یہ اضافت بطور تکریم ہے اس طور پر جو ہم نے پہلے بیان کر چکے ہیں اور کہا گیا ہے کہ مراد اس سے کہ ہم نے اس میں روح پھونکی جبریل کا پھونکنا ہے اور اسی تقدیر پر ہی فرمایا گیا کہ عیسیٰ روح اللہ جس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان کی اللہ تعالیٰ نے اپنی کے روح سے مدد فرمائی۔ باب نمبر ۱۹ (**صور پھونکنے اور مرنے کے بعد اٹھنے اور حشر کے بیان میں**) بے شک اسرافیل صاحب صور ہے اور اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ کو سفید موتی سے پیدا کیا اور اس کا طول آسمان وزمین کی سات مسافتوں کے برابر ہے۔

**اَلسَّمَآءِ وَالْاَرْضَ سَبْعَ مَرَّاتٍ مُّعَلَّقَة" بِالْعَرْشِ وَمَكْتُوْب" فِيْهَامَا هُوَ كَآئِن" اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَلِاسْرَافِيْلَ اَرْبَعَةُ اَجْنِحَةٍ جَنَاح" بِالْمَشْرِقِ وَجَنَاح" بِالْمَغْرِبِ وَجَنَاح" يَسْتَقِرُّ عَلَيْهِ وَجَنَاح" يُغَطِّيْ بِهَا رَاْسَه' وَوَجْهَه' مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ تَعَالٰى حَيَآءً نَّاكِسًا رَاْسَهُ تَحْتَ**

marfat.com

الْعَرْشِ اَحَدًا قَوَآئِمَ الْعَرْشِ عَلٰی کَتِفِهٖ وَاَنَّهٗ لَیَصْغُرُ مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی مِثْلَ الْعَصْفُوْرِ فَاِذَاقَضٰی اللّٰهُ تَعَالٰی شَیْأً فِی اللَّوْحِ یَکْشِفُ الْغِطَآءَ مِنْ وَجْهِهٖ وَیَنْظُرُ اِلٰی مَا قَضٰی اللّٰهُ تَعَالٰی مِنْ حُکْمٍ وَّاَمْرٍ وَّلَیْسَ مِنَ الْمَلٰٓئِکَةِ اَقْرَبُ مَکَانًا بِالْعَرْشِ مِنْ اِسْرَافِیْلَ بَیْنَهٗ وَبَیْنَ الْعَرْشِ سَبْعُوْنَ حِجَابًا وَّمِنَ الْحِجَابِ اِلَی الْحِجَابِ مَسِیْرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ وَّبَیْنَ جِبْرَآئِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ سَبْعُوْنَ حِجَابًا وَّمِنْ کُلِّ حِجَابٍ اِلٰی حِجَابٍ مَّسِیْرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ وَّاَنَّهٗ قَآئِمٌ" وَّقَدْ وَضَعَ الصُّوْرَ عَلٰی فَخِذِهِ الْاَیْمَنِ وَرَاْسُ الصُّوْرِ عَلٰی فَمِهٖ یَنْتَظِرُ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی مَتٰی یَاْمُرُهٗ بِنَفْخِهٖ فَیَنْفُخُ فِیْهِ فَاِذَانْقَضَتْ مُدَّةُ الدُّنْیَا

اور وہ عرش کے ساتھ معلقہ ہے اور اس میں جو کچھ قیامت تک ہونا ہے سب لکھا ہوا ہے اور اسرافیل کے لئے چار پر ہیں ایک مشرق میں ایک مغرب میں اور ایک پر وہ قرار پکڑے ہوئے ہے اور ایک پر سے وہ اپنا سر اور چہرہ ڈھانپتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے خوف سے حیاء کرتے ہوئے سر جھکائے عرش کے نیچے عرش کے پائے اٹھائے ہوئے اپنے کندھوں پر اور تحقیق وہ چھوٹا ہوتا جاتا ہے اللہ تعالیٰ کے خوف سے مثل چڑیا کے تو جب اللہ تعالیٰ کسی چیز کا حکم کرتا ہے لوح محفوظ میں پس اسرافیل کے چہرہ سے پردہ اٹھا دیتا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے حکم وامر کو دیکھ لیتا ہے اور ملائکہ سے کوئی بھی اسرافیل سے بڑھ کر عرش سے قریب نہیں اس کے اور عرش کے درمیان ستر حجاب ہیں اور ایک حجاب سے دوسرے حجاب تک پانچ سو سال چلنے کی مسافت ہے اور صور دائیں ران پر رکھے

کھڑا ہے اور صور کا سرا اسکے منہ پر ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کے حکم کا منتظر ہے کہ کب اسے پھونکنے کا حکم ہوتا ہے پس وہ اس میں پھونکے تو جب دنیا کی مدت پوری ہو جائے گی۔

يَدْنُو الصُّوْرُ اِلٰى جَبْهَةِ اِسْرَافِيْلَ فَيَضُمُّ اِسْرَافِيْلُ عَلَيْهِ اَجْنِحَةُ الْاَرْبَعَةِ ثُمَّ يَنْفُخُ فِى الصُّوْرِ وَيَجْعَلُ مَلَكُ الْمَوْتِ اِحْدٰى كَفَّيْهِ تَحْتَ الْاَرْضِ السَّابِعَةِ وَالْاُخْرٰى فَوْقَ السَّمَآءِ السَّابِعَةِ فَيَأْخُذُ اَرْوَاحَ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَاَهْلِ الْاَرْضِيْنَ وَلَا يَبْقٰى فِى الْاَرْضِ اِلَّا اِبْلِيْسُ عَلَيْهِ اللَّعْنَةُ وَلَا يُبْقٰى فِى السَّمَآءِ اِلَّا جِبْرَآئِيْلُ وَمِيْكَآئِيْلُ وَاِسْرَافِيْلُ وَعِزْرَآئِيْلُ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَالَّذِيْنَ اسْتَثْنَاهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَنُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِى الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّهٗ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى خَلَقَ الصُّوْرَ وَلَهٗ اَرْبَعَةُ شُعَبٍ فَشُعْبَةٌ مِنْهَا فِى الْمَشْرِقِ وَشُعْبَةٌ مِنْهَا فِى الْمَغْرِبِ وَشُعْبَةٌ مِنْهَا تَحْتَ الْاَرْضِ السَّابِعَةِ وَشُعْبَةٌ مِنْهَا فَوْقَ السَّمَآءِ سَابِعَةِ وَفِى الصُّوْرِ اَثْقَابٌ بِعَدَدِ اَصْنَافِ الْاَرْوَاحِ فِىْ وَاحِدٍ مِنْهَا اَرْوَاحُ الْاَنْبِيَآءِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَفِىْ وَاحِدٍ مِنْهَا اَرْوَاحُ الْجِنِّ وَفِىْ وَاحِدٍ مِنْهَا اَرْوَاحُ الْاِنْسِ وَاحِدٍ مِنْهَا اَرْوَاحُ الشَّيَاطِيْنِ وَفِىْ وَاحِدٍ

تو صور اسرافیل کی پیشانی سے قریب ہو جائے گا پس اسرافیل اس سے اپنے چاروں پر ملا دیگا اور صور میں پھونک دیگا اور ملک الموت اپنا ایک ہاتھ ساتویں زمین کے نیچے کر

marfat.com

دے گا اور دوسرا ہاتھ ساتویں آسمان کے اوپر اور سب آسمانوں اور زمینوں والوں کی ارواح قبض کرلیگا اور سوائے ابلیس علیہ لعنت کے زمین میں کوئی نہیں بچے گا اور سوائے جبرائیل و میکائیل و اسرافیل وعزرائیل علیہم السلام کے آسمان پر کوئی نہ رہے گا اور وہ جنہیں اللہ تعالیٰ نے اس ارشاد سے مستثناء کیا۔ اور صور میں پھونکا جائے گا پس مرجائیں گے جو آسمانوں میں ہیں اور جو زمین میں ہیں مگر وہی جسے اللہ زندہ رکھنا چاہے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے صور پیدا کیا اور اس کی چار شاخیں ہیں ان میں سے ایک مشرق میں اور ایک مغرب میں اور ایک ساتویں زمین کے نیچے اور ایک ساتویں آسمان کے اوپر اور صور میں سوراخ ہیں ارواح کی اقسام کے برابر ان میں سے ایک سوراخ میں انبیاء علیہم السلام کی ارواح اور ایک میں جنوں کی روحیں اور ایک میں

مِنْهَا اَرْوَاحُ الْبَهَآئِمِ وَالْهَوَامِ حَتّٰی النَّمْلَةِ وَالْبَقَّةِ اَعْطَاهُ اِسْرَافِيْلُ فَهُوَ وَاضِعُه' عَلٰی فَمِهٖ يَنْتَظِرُ مَتٰی يُؤْمَرُ فَيَنْفُخُ فِيْهِ ثَلٰثُ نَفَخَاتٍ نَفْخَةُ الْفَزْعِ وَنَفْخَةُ الصَّعْقِ وَنَفْخَةُ الْبَعْثِ قَالَ حُذَيْفَةُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ يَكُوْنُ الْخَلَآئِقُ عِنْدَ النَّفْخِ فِي الصُّوْرِ قَالَ يَاحُذَيْفَةُ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِه لَيُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ وَتَقُوْمُ السَّاعَةُ وَالرَّجُلُ قَدْ رَفَعَ لُقْمَةً اِلٰی فَمِهٖ وَلَا يَطْعَمُهَا وَالثوْبُ بَيْنَ يَدَيْهِ لِيَلْبَسَه' فَلَا يَلْبَسُه' وَكُوْزُ الْمَآءِ عَلٰی فَمِهٖ لِيَشْرَبَ الْمَآءَ وَلَا يَشْرَبُ مِنْهُ بَابٌ فِيْ ذِكْرِ نَفْخَةِ الصُّوْرِ، وَالْفَزْعِ ثُمَّ يَنْفُخُ نَفْخَةَ الْفَزْعِ فَيَبْلُغُ فَزْعُه' اَهْلَ السَّمَآءِ وَ اَهْلَ

الارض الا ماشآء اللہ تعالٰی وتسیر الجبال سیر وتمور السماء سورا وترجف الارض رجفا مثل السفینة فی الماء وتضع الحوامل حملہا وتذہل المرضعة ولدہا وتصیر الولدان شیبا وتصیر الشیاطین

انسانوں کی روحیں اور ایک سوراخ میں شیاطین کی روحیں اور ایک میں چوپاؤں اور حشرات کی روحیں یہاں تک کہ چیونٹی اور مچھر کی اور صور عطا کیا اسرافیل کو اور وہ منہ پر رکھے منتظر ہے جب اسے حکم ہوگا تو اس میں تین بار پھونکے گا ایک پھونک خوف کا دوسرا مارنے کا تیسرا پھونک اٹھانے کا (**جب صور پھونکا جائے گا تو مخلوق کی کیا کیفیت ہوگی**) حضرت خدیفہ نے عرض کیا یا رسول اللہ صور پھونکنے کے وقت مخلوق کی کیا کیفیت ہوگی فرمایا اے خدیفہ اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے جب صور پھونکا جائے گا اور قیامت قائم ہوگی اور وہ شخص جس نے لقمہ اٹھا کر منہ کی طرف کیا ہوگا وہ اس کو کھا نہ سکے گا اور وہ جو کپڑا لیے ہو کہ اسے پہنے تو پہننے کی فرصت نہ پائے گا اور وہ جو پانی کا پیالہ منہ پر لائے تا کہ اسے پئے نہ پی سکے گا باب نمبر 20 (**صور پھونکنے اور گھبراہٹ کے بیان میں**) پھر صور پھونکا جائے گا گھبراہٹ کا پھونکنا پس خوف اہل آسمان اور اہل زمین سب کو ہوگا مگر جسے اللہ بچانا چاہیے پہاڑ چلیں گے چلنا اور آسمان گھومے گا گھومنا اور زمین لرز جائے گی پانی میں کشتی کی طرح اور حوامل کے حمل گر جائیں گے اور دودھ پلانے والی اپنا شیر خوار بچہ بھول جائے گی اور بچے خوف سے بوڑھے ہو جائیں گے اور شیاطین فرار ہو جائیں

marfat.com

گے۔

هَارِبَةً وَّقَدْتَنَاثَرَتْ عَلَيْهِمُ النُّجُوْمُ وَكَسَفَتِ الشَّمْسُ وَخَسَفَ الْقَمَرُ وَكُشِطَتِ السَّمَاءُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ وَّيَكُوْنُ ذٰلِكَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً وَرُوِىَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ يَااَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ثُمَّ قَالَ اَتَدْرُوْنَ اَيَّ يَوْمٍ ذٰلِكَ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ ذٰلِكَ الْيَوْمُ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْهِ لِاٰدَمَ قُمْ وَابْعَثْ اَوْلَادَكَ بَعْثًا اِلَى النَّارِ فَيَقُوْلُ يَارَبِّ كَمْ مِنْ كُلِّ اَلْفٍ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْ كُلِّ اَلْفٍ تِسْعَمِائَةٍ وَتِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ اِلَى النَّارِ وَوَاحِدًا اِلَى الْجَنَّةِ فَيَشُقُّ ذَالِكَ عَلَى الْقَوْمِ وَوَقَعَ عَلَيْهِمُ الْبُكَآءُ وَالْحُزْنُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنِّىْ لَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنُوْا رُبْعَ اَهْلِ الْجَنَّةِ ثُمَّ قَالَ اِنِّىْ لَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنُوْا شَطْرَ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَفَرِحُوْا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَبْشِرُوْا فَاِنَّمَآ اَنْتُمْ فِى الْاَمْرِ

اور تحقیق ستارے ان پر ٹوٹیں گے اور آفتاب تاریک ہو جائیگا اور ماہتاب بے نور ہو جائے گا اور آسمان ان کے اوپر سے کھینچ لیا جائے گا اور یہ اللہ کا ارشاد ہے۔ بے شک قیامت کا لرزانا بڑی چیز ہے پھر فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ وہ کونسا دن ہے صحابہ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول ہی خوب جانیں فرمایا یہ وہ دن ہے جس میں اللہ آدم علیہ

السلام سے فرمائے گا اٹھو اور اپنی اولاد کو اٹھاؤ آگ کی طرف اٹھانا پس وہ عرض کریں گے اے میرے پروردگار ہزار میں سے کتنوں کو تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا۔ ہزار میں سے نو سو ننانویں کو آگ کی طرف اور ایک کو جنت کی طرف پس یہ لوگوں کو گراں گزریگا اور ان پر آہ و بکاء اور حزن طاری ہو جائے گا پھر نبی اکرم ﷺ نے فرمایا بے شک میں امید رکھتا ہوں تم اہل جنت کا چوتھائی ہو گے پھر فرمایا بے شک میں امید رکھتا ہوں کہ تم اہل جنت کا نصف ہو گے پس صحابہ خوش ہو گے نبی کریم ﷺ نے فرمایا خوش ہو جاؤ پس تمہاری مثال امتوں میں ایسی ہی ہے جیسے بکری اونٹ کے پہلو میں

كَشَاةٍ فِيْ جَنْبِ الْبَعِيْرِ وَاَنْتُمْ جُزْءٌ وَّاحِدٌ مِّنَ الْفِ جُزْءٍ وَقَالَ اَبُوْهُرَيْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ تَعَالٰى مِائَةَ رَحْمَةٍ اَنْزَلَ مِنْهَا رَحْمَةً بَيْنَ الْجِنِّ وَالْبَهَآئِمِ وَالْاِنْسِ وَالْهَوَامِّ بِهَا يَتَعَاطَفُوْنَ وَبِهَا يَتَرَاحَمُوْنَ وَادَّخَرَ تِسْعَةً وَّتِسْعِيْنَ رَحْمَةً يَّرْحَمُ بِهَا عِبَادَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ثُمَّ يَاْمُرُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِسْرَافِيْلَ بِنَفْخَةِ الصَّعْقِ فَيَنْفُخُ فَيَقُوْلُ اَيُّهَا الْاَرْوَاحُ الْعَارِيَةُ اُخْرِجْنَ بِاَمْرِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَصَعِقَ وَمَاتَ اَهْلُ السَّمٰوٰتِ وَاَهْلُ الْاَرْضِيْنَ اِلَّامَاشَآءَ اللّٰهُ وَهُمُ الشُّهَدَآءُ فَاِنَّهُمْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ وَفِي الْخَبَرِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى اَكْرَمَ الشُّهَدَآءَ بِخَمْسِ كَرَامَاتٍ لَّمْ يَكُنْ مِّنْهَا اَحَدٌ لِّلْاَنْبِيَآءِ اَحَدٌ

maktabah.org

هـا انّ ارواح جـمـيـع الاَنبيـآء يـقبـضـهـا ملكُ الموْتِ وانا كذٰلِك وارواحُ الشُّهدآءِ

اورتم ایک حصہ ہو ہزار حصوں میں ( اللہ سو میں سے ایک رحمت دنیا میں کرتا ہے باقی آخرت میں کریگا ) اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ کے لئے سو رحمتیں ہیں جن میں سے ایک رحمت اس نے دنیا میں اتاری جو بانٹی جنوں اور چوپاؤں میں اور انسانوں اور حشرات میں جس کے سبب وہ آپس میں مہربانی اور رحم کرتے ہیں اور ننانویں اپنے پاس جمع کر رکھیں جس سے قیامت کو وہ اپنے بندوں پر رحم کرے گا۔ پھر اللہ تعالیٰ اسرافیل کو مارنے کا صور پھونکنے کا حکم دے گا پس وہ پھونکے گا تو کہے گا اے عاریتاً دی گئی روحو اللہ کے حکم سے نکل جاؤ پس سب آسمانوں والے اور زمینوں والے بے ہوش ہو جائیں گے اور مر جائیں گے مگر جسے اللہ رکھنا چاہے اور وہ شہداء ہیں کہ وہ زندہ ہیں اور اپنے رب کے ہاں رزق پاتے ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا جو اللہ کی راہ میں مارے گئے انہیں مردہ گمان مت کرو بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس سے رزق دیئے جاتے ہیں۔ اور حدیث مبارک میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے شہداء کو پانچ کرامتوں سے مکرم کیا جن میں سے کوئی انبیاء علیہم السلام کو نہ ملی ایک ان سے یہ کہ بے شک تمام انبیاء کی ارواح ملک الموت قبض کرتا ہے اور میری بھی ایسے ہی اور شہداء کی ارواح کو

يـقبـضـهـا اللهُ تعالٰى وثانِيهاانّ جمِيع الاَ نبِيآءِ يُغسلُوْن بعْد موْتِهِم وانـا كـذلِك والشُّهـدآءُ لا يُغسـلُوْن وثالِثُهم انّ جمِيع الاَ نبِيآءِ

يُكَفَّنُوْنَ وَاَنَا كَذٰلِكَ وَالشُّهَدَآءُ لَا يُكَفَّنُوْنَ وَرَابِعُهَا يُسَمُّوْنَ الْاَنْبِيَآءَ الْمَوْتٰى وَاَنَا كَذٰلِكَ وَيُقَالُ مَاتَ مُحَمَّدٌ" وَالشُّهَدَاءُ اَحْيَآءٌ" لَا يُسَمُّوْنَ الْمَوْتٰى وَخَامِسُهَا اَنَّ الْاَنْبِيَاءَ يَشْفَعُوْنَ لِاُمَّتِهِمْ خَاصَّةً وَاَنَا كَذٰلِكَ وَالشُّهَدَآءُ يَشْفَعُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لِكُلِّ اُمَّةٍ وَيُقَالُ اِلَّا مَاشَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى اُثْنَا عَشَرَ نَفَرًا وَهُمْ جِبْرَآئِيْلُ وَمِيْكَآئِيْلُ وَاِسْرَافِيْلُ وَعَزْرَآئِيْلُ وَثَمَانِيَةٌ" مِنْ حَمَلَةِ الْعَرْشِ فَيَبْقَى الدُّنْيَا بِلَا اِنْسَانٍ وَلَا جِنٍّ وَلَا شَيْطَانٍ وَلَا وَحْشٍ ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَامَلَكَ الْمَوْتِ اِنِّيْ خَلَقْتُ لَكَ بِعَدَدِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اَعْوَانًا وَجَعَلْتُ لَكَ قُوَّةَ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَاَهْلِ الْاَرَضِيْنَ وَاِنِّيْ اُلْبِسُكَ الْيَوْمَ اَثْوَابَ الْغَضَبِ فَانْزِلْ بِغَضَبِيْ وَسَطْوَتِيْ اِلٰى اِبْلِيْسَ وَاَذِقْهُ الْمَوْتَ وَاَحْمِلْ عَلَيْهِ مَرَارَةً —

اللہ تعالیٰ خود قبض کرتا ہے اور دوسری یہ کہ تمام انبیاء بعد از موت غسل دیئے جاتے ہیں اور میں بھی ایسے ہی اور شہید غسل نہیں دیئے جاتے اور تیسری ان میں سے یہ کہ سب انبیاء علیہم السلام نیا کفن دیئے جاتے ہیں اور میں بھی ایسے ہی اور شہید نیا کفن نہیں دیئے جاتے اور چوتھی یہ کہ سب نبیوں کو فوت شدگان کہا جاتا ہے اور میں بھی ایسے ہی کہا جاتا ہے کہ محمد ﷺ وفات پا گئے اور شہداء زندہ ہیں انہیں اموات نہیں کہا جاتا ہے اور پانچویں یہ کہ انبیاء علیہم السلام خاص اپنی امت کی شفاعت کریں گے اور ایسے ہی میں اور شہداء قیامت کو تمام امتوں کی شفاعت کریں گے اور کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ

نے جنہیں مستثناء کیا ہے وہ بارہ افراد ہیں اور وہ جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و عزرائیل اور آٹھ عرش اٹھانے والے فرشتے ہیں پس دنیا پر نہ کوئی انسان رہے گا اور نہ جن نہ شیطان اور نہ کوئی حیوان پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے ملک الموت میں تیرے لئے اولین و آخرین کی تعداد کے برابر مددگار پیدا کئے اور سب آسمان اور زمینوں والوں کے برابر تجھے قوت دی اور تحقیق آج میں تجھے غضب کا لباس پہنا تا ہوں تو میرے غضب اور سختی کے ساتھ ابلیس کی طرف جا اور اسے موت کی سختی چکھا اور اس پر سب مخلوق اولین و آخرین جن وانس کی موت کی سختیوں سے دگنی دگنی ڈال۔

اَلْاَوَّلِیْنَ مَوْتِ الْاٰخِرِیْنَ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَضْعَافًا مُضْعَفَةً وَّلْیَکُنْ مَعَکَ مِنَ الزَّبَانِیَةِ سَبْعُوْنَ اَلْفًا وَمَعَ کُلِّ زَبَانِیَةٍ سِلْسِلَةٌ مِنْ سَلَاسِلِ الَّلظٰی فَیُنَادِیْ مَلَکُ الْمَوْتِ فَیُفْتَحُ اَبْوَابُ النِّیْرَانِ وَیُخْرُجُ الزَّبَانِیَةُ مَعَ السَّلَاسِلِ فَیَنْزِلُ مَلَکُ الْمَوْتِ بِصُوْرَةٍ لَوْ نَزَلَ عَلٰی اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِیْنَ السَّبْعِ وَنَظَرُوْا اِلَیْهِ فِیْهَا لَمَاتُوْا کُلُّهُمْ فَیَنْتَهِیْ اِلٰی اِبْلِیْسَ وَیَزْجُرُهٗ زَجْرَةً فَاِذَا هُوَ قَدْ صَعِقَ وَلَهٗ خَرْخَرَةٌ لَوْ سَمِعَهَا اَهْلُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِیْنَ لَصَعِقُوْا مِنْ تِلْکَ الْخَرْخَرَةِ وَیَقُوْلُ مَلَکُ الْمَوْتِ لَهٗ قِفْ یَا خَبِیْثُ لَاُذِیْقَکَ الْمَوْتَ کَمْ مِنْ عُمْرٍ اَدْرَکْتَهٗ وَکَمْ مِنْ قَرْنٍ اَضْلَلْتَ قَالَ فَیَهْرِبُ اِلَی الْمَشْرِقِ فَاِذَا هُوَ عِنْدَهٗ وَاِلَی الْمَغْرِبِ فَاِذَا هُوَ عِنْدَهٗ فَلَا یَزَالُ اِلٰی حَیْثُ یَهْرِبُ ثُمَّ یَقُوْمُ اِبْلِیْسُ فِیْ وَسْطِ الدُّنْیَا عِنْدَ قَبْرِ اٰدَمَ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَیْهِ وَیَقُوْلُ یَا اٰدَمُ

مِنْ اَجلِکَ صِرتُ رَجِیْمًا مَّلعُوْنًا مَطرُوْدًا ثُمَّ یَقُوْلُ اِبْلِیْسُ یَامَلَکَ الْمَوْتِ بِاَیِّ کَاسٍ تُسْقِیْنِیْ و

اور چاہیئے کہ تیرے ساتھ ستر ہزار عذاب کے فرشتے ہوں اور ہر ایک عذاب کے فرشتے کے پاس آگ کی زنجیریں ہوں پس ملک الموت ندا کرے گا تو دوزخ کے دروازے کھولے جائیں گے اور وہ عذاب کے فرشتے مع زنجیریں نکال لے گا تو ملک الموت ایسی شکل سے نازل ہو گا کہ اگر اس شکل سے متشکل ہو کر ساتوں آسمانوں اور ساتوں زمینوں کی مخلوق پر نازل ہو اور وہ اس صورت میں دیکھ لیں تو سب کے سب مر جائیں پس وہ ابلیس کے پاس آئے گا اور اسے ایسی جھڑک جھڑکے گا تو اسی وقت وہ بے ہوش ہو جائے گا اور ملک الموت کی جھڑک میں ایسی گرج ہو گی کہ اگر آسمانوں اور زمینوں والے سن لیں تو سب اس گرج سے بے ہوش ہو جائیں اور ملک الموت شیطان سے کہے گا ٹھہر اے خبیث اب ضرور میں تجھے موت کی سختی چکھاؤں گا کتنی تو نے عمر پائی اور کتنوں کو تو نے گمراہ کیا حضور ﷺ نے فرمایا پھر وہ مشرق کو بھاگے گا تو ملک الموت کو وہاں اپنے سامنے پائے گا اور مغرب کو بھاگے گا تو ملک الموت کو وہاں بھی سامنے پائے گا شیطان جہاں بھی بھاگ کر جائے گا ملک الموت اس کا پیچھا نہیں چھوڑے گا پھر ابلیس وسط زمین میں آدم اس پر اللہ کے درود ہوں کی قبر مبارک کے پاس کھڑا ہو جائے گا اور کہے گا اے آدم میں تیری وجہ سے مردود اور معلون ہوا پھر شیطان کہے گا اے ملک الموت تو کونسے کاسہ سے مجھے پلائے گا اور

بِاَیِّ عَذَابٍ تَقْبِضُ رُوْحِیْ فَیَقُوْلُ بِکَاسِ اللَّظٰی وَعَذَابِ السَّعِیْرِ

marfat.com

وَابْلِيْسُ يَتَمَرَّغُ وَيَقَعُ فِي التُّرَابِ مَرَّةً حَتّٰى اِذَا كَانَ فِي الْمَوْضِعِ الَّذِيْ اُهْبِطَ فِيْهِ وَلُعِنَ فِيْهِ وَقَدْ صَبَّ لَهُ الزَّبَانِيَةُ بِالْكَلَالِيْبِ يَخْدِشُوْنَه' و يَطْعَنُوْنَه' وَيَقَعُ فِي النَّزْعِ وَشِدَّةِ الْكُرْبَةِ وَالْمَوْةِ مَاشَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰے بَاب'' فِے ذِكْرِفَنَآءِ الْاَشْيَآءِ ثُمَّ يَامُرُاللّٰهُ تَعَالٰى مَلَكَ الْمَوْةِ اَنْ يُّفْنَى الْبِحَارَ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ'' اِلَّا وَجْهَهٗ فَيَاتِيْ مَلَكُ الْمَوْةِ اِلَى الْجِبَارِ وَيَقُوْلُ لَه' قَدِا نْقَضَتْ مُدَّ تُكُنَّ فَتَقُوْلُ ائْذَنْ لَنَا حَتّٰى اَنُوْحَ عَلٰى اَنْفُسِنَا فَتَقُوْلُ اَيْنَ اَمْوَاجُنَا وَاِيْنَ عَجَآئِبُنَا وَقَدْ جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى ثُمَّ يَصِيْحُ عَلَيْهَا مَلَكُ الْمَوْةِ صَيْحَةً فَكَانَّ مَآوءَ هَالَمْ يَكُنْ ثم يَاتِى اِلَى الْجِبَالِ وَيَقُوْلُ لَهَا قَدِ انْقَضَتْ مُدَّتُكُنَّ فَتقُوْلُ ائْذَنُ لَنَا حَتّٰى اَنُوْحَ عَلٰى اَنْفُسِنَا فَتقُوْلُ اَيْنَ صُعُوْدِىْ وَقُوَّتِىْ وَقدْ جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ ثُمَّ يَصِيْحُ عَلَيْهَا صَيْحَةً تَذُوْبُ بِهَا كَمَاتَذُوْبُ الرَّصَاصُ

کس عذاب سے میری روح نکالے گا پس وہ کہے گا آگ کے کاسہ سے پلاؤں گا جہنم کا عذاب کرونگا یہ سن کر ابلیس خاک ڈالے گا اور مٹی میں لوٹے گا اتنی بار کہ وہ وہاں پہنچ جائے گا جہاں اسے زمین پر گرایا گیا اور اس پر لعنت کی گئی اور تحقیق ٹوٹ پڑیں گے اس پر عذاب کے فرشتے زنبوروں کے ساتھ اس کی کھال نوچ نوچ کر اتار دیں گے اور وہ نزع اور سخت تکلیف اور موت کی کش مکش میں مبتلاء ہو جائے گا جس قدر اللہ تعالیٰ چاہے گا۔ باب نمبر۲۱ ( کائنات کے فناء کے ذکر میں ) پھر اللہ تعالیٰ ملک

الموت کو حکم دے گا کہ وہ دریاؤں کو خشک کردے گا جس طرح کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ اس کی ذات کے سوا ہر چیز ہلاک ہونے والی ہے۔ پس موت کا فرشتہ دریاؤں کے پاس آئے گا تو کہے گا تمہاری مدت پوری ہوچکی دریا کہیں گے ہمیں اجازت دے تاکہ ہم اپنے پر رولیں پھر وہ گریہ زاری کرتے کہیں گے کہاں گئیں ہماری موجیں اور کہاں ہیں ہمارے عجائب اور اب اللہ کا امر آگیا پھر موت کا فرشتہ ایک آواز دے گا سخت آواز دینا تو دریا ہوجائیں گے جیسے کبھی ان میں پانی تھا ہی نہ پھر وہ پہاڑوں کے پاس آئے گا اور کہے گا تمہاری مدت پوری ہوچکی ہے پس وہ کہیں گے ہمیں ڈھیل دو تاکہ ہم اپنے پر رولیں پھر وہ گریہ کرتے کہیں گے ہماری بلندی وقوت کہاں ہے اور اب اللہ کا امر آچکا پھر ملک الموت ان پر آواز دے گا سخت آواز وہ اس پر پگھل جائیں گے جیسے قلعی پگھلتی ہے

ثُمَّ یَاْتِیْ اِلَی الْاَرْضِ وَیَقُوْلُ لَهَا قَدا نُقَضَتْ مُدَّتُکِ فَیَقُوْلُ الْاَرْضُ اِئْذَنْ لِی حَتّٰی اَنُوْحَ عَلٰی نَفْسِیْ فَتَنُوْحُ وَیَقُوْلُ اَیْنَ مَکْنُوْنِیْ وَهَوَآئِیْ وَاَشْجَارِیْ وَاَنْهَارِیْ وَاَنْوَاعُ نَبَاتِیْ فَیَصِیْحُ مَلَکُ الْمَوْةِ عَلَیْهَا صَیْحَةً فَیَتَسَاقَطُ حِیْطَانُهَا وَتَغُوْرُ فِیْهَا مِیَاهُهَا ثُمَّ یَصْعَدُ اِلَی السَّمَآءِ فَیَصِیْحُ عَلَیْهَا فَتَنْکَسِفُ الشَّمْسُ وَیَخْسِفُ الْقَمَرُ وَیَتَنَاثَرُ النُّجُوْمُ ثُمَّ یَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی یَا مَلَکَ الْمَوْةِ مَنْ بَقِیَ مِنْ خَلْقِیْ فَیَقُوْلُ اِلٰهِیْ اَنْتَ الْحَیُّ الَّذِیْ لَایَمُوْةُ وَبَقِیَ جِبْرَآئِیْلُ وَمِیْکَآئِیْلُ وَاِسْرَافِیْلُ وَحَمَلَةُ الْعَرْشِ وَاَنَا الْعَبْدُ الضَّعِیْفُ فَیَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی یَا مَلَکَ

marfat.com

الْـمَوْتِ اَلَـمْ تَسْمَعْ قَوْلِیْ کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَۃُ الْمَوْتِ وَاَنْتَ مِنْ خَلْقِیْ خَلَقْتُکَ فَـمُتْ فَیَـمُوْتُ وَفِـیْ خَبَرٍ اٰخَرَاِذْھَبْ وَمُتْ بَیْنَ الْجَنَّۃِ وَالنَّـارِ وَلَا یَبْقٰـی شَیْ ءٌ'' غَیرُ اللّٰہِ تَعَالٰی فَیَبْقَی الدُّنْیَا خَرَابًا مَّاشَآءَ اللّٰـہُ تَـعَالٰی بَاب'' فِیْ ذِکْرِ حَشْرِ الْخَلَآئِقِ بَعْدَ مَوْتِھِمْ فِی الْخَبْرِ اِذَا اَرَادَ اللّٰہُ تَعَالٰی اَنْ یَّحْشُرَ الْخَلَائِقَ یُحْیِ اللّٰہُ جِبْرَآئِیْلَ

پھر وہ زمین کے پاس آئے گا اور اسے کہے گا تیری مدت پوری ہو چکی زمین کہے گی مجھے اذن دے تا کہ میں اپنے پر رولوں پس وہ نوحہ کرتی کہے گی میرے خزانے کہاں گئے اور میری ہوا و شجرات و نہریں اور انواع و اقسام کی نباتات پھر ملک الموت اس پر آواز دے گا سخت آواز تو اس کی عمارتیں گر جائیں گی اور پانی نیچے دھنس جائے گا پھر ملک الموت آسمان پر جائے گا اور اس پر زوردار آواز دے گا پس آفتاب تاریک ہو جائے اور مہتاب بے نور ہو جائے اور ستارے جھڑ جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے موت کے فرشتے اب میری مخلوق سے کون باقی رہا تو وہ عرض کرے گا الٰہی تو زندہ ہے جسے موت نہیں اور اب جبرائیل و میکائیل و اسرافیل و حاملین عرش زندہ ہیں اور میں عاجز بندہ پس اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے ملک الموت تو نے میرا ارشاد سنا کہ ہر نفس نے موت کا مزہ چکھنا ہے اور تو میری مخلوق سے ہے کہ میں نے تجھے پیدا کیا پس اب تو بھی تو وہ مر جائے گا اور دوسری حدیث میں ہے کہ اللہ اسے فرمائے گا جا اور جنت و دوزخ کے درمیان مرجا اور پھر اللہ کے سوا کوئی چیز باقی نہ رہے گی اور دنیا تباہ ہو جائے گی۔ جس قدر اللہ تعالیٰ چاہے باب نمبر۲۲ مخلوق کی موت کے بعد حشر

کے بیان میں اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ مخلوق کو زندہ کرنے کا ارادہ فرمائے گا تو پہلے جبرائیل اور میکائیل

وَمِیکَآئِیلَ وَاسرَافِیلَ وَ عَزرَآئِیلَ عَلَیہِمُ السَّلام اَوَّلَهُمْ اِسرَا فِیلُ فَیاْخُذ الصُّورِ مَنَ الْعَرْشِ فَیَبْعَثُمُ اللّٰہُ تعَالٰی اِلٰی رِضْوَانِ الْجَنَّۃِ فَیَقُوْلُوْنَ یَا رِضْوَانُ زَیِّنِ الْجنَانَ لُمحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ وَاُمَّتِہٖ ثُمَّ یَاْتُوْنَ مَعَ الْبرَاقِ وَلِوَاءُ الْحمْدِ وَ حُلَّتَینَ مِنْ حُلَلِ الْجَنَّۃِ فَاَوَّلُ مَا یَحْجِیْ مِنَ الدَّوآبِ الْبُرَاقُ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تعَالٰی لَهَمَ اُکْسُوْهُ فَیَکْسُوْنَہٗ سَرْجًا مُرصَعًا مَنْ یَا قُوتِ اَحْرَآءَ وَلَجاَ مُهَا مِنْ زَبَرْ جَدٍ خَضرَآءَ وَحُلَّتَیْنِ اَحَدُهُمَا خَضْرَاءُ وَالْاٰخَرُ صَفرَآءُ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تعَالٰی اَنْطَلِقُوْ الَی قَبرِ مُحَمَّدٍ فَیَذْهَبُوْنَ وَصَارَتِ الْاَرْضَ قَاعًا صَفْصَفًا فَلا یَدْدُوْنَ الْقَبرِ فَیَظْهَرُ نُوْرُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَآلِہٖ مَثَلَ الْعَمُوْدِ مِنْ مَکَانَ قَبرَ فَیَنْظُرُ نُوْرِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَ مِثْلَ الْعَمُوْدِ مِنْ مَکَانِ قَبْرِہٖ اَلَی عَنَانِ السَّمَاء فَیَقُوْلُ جَبْرَا ئِیلَ نَا دِاَنْتَ یَا اسْرَا فِیلَ اَنْتَ مِمَّن یَحْشُرُ اللّٰہُ الْخَلاقَ بِیَدکَ فَیَقُوْلُ یَا جِبْرَآئِیلُ نَا دِ اَنْتَ فَاَنَّکَ خَلِیْلَۃ" اَنَا اَسْتَحیٰ مِنْہُ فَیَقُوْلُ اِسرَا فِیلُ نَا دِ اَنْتَ یَا مِیکَا ئِیلَ فَیَقُوْلُ مِیکَا ئِیلُ

اور اسرافیل اور عزرائیل علیہم السلام کو زندہ فرمائے گا اور پہلا دن ان میں اسرافیل ہوگا پس وہ عرش سے صور سے جو پہلے لایا جائے گا وہ براق ہے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا براق کو سنوار دو پس فرشتے اسے سر لیگا پر اللہ ان کو رضوان جنت کی طرف بھیجے گا تو وہ کہیں

maktabah.org

گے اے رضوان جنت کو سجادو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کی امت کے لئے پھر وہ براق اور لوءِ حمد اور جنتی لباس لائیں گے پس جو یاوں سُرخ یاقوت سے مرصع زین پہنائیں گے لگام براق کو سبز زبرجد کی ہوگی اور اسے دو خلعتیں پہنائیں گے ایک سبز اور دوسری زرد رنگ کی پھر اللہ تعالیٰ ملائکہ سے فرمائے گا کہ اسے حضرت محمد ﷺ کی قبر مبارک پر لے جاؤ پس وہ وہ جائیں گے اور زمین صاف ہموار ہو چکی ہوگی تو وہ قبر منورہ کو جان سکیں گے تو اس وقت ستون کی مانند قبر شریفہ کی جگہ سے محمد ﷺ کا نور ظاہر ہوگا جو آسمان کے کنارے تک بلند ہوگا پس جبرائیل فرمائے گا اے اسرافیل آواز دے کیونکہ تو وہ ہے کہ تیرے ہاتھ سے اللہ خلق کو جمع کرے گا تو وہ کہے گا اے جبرائیل آپ آواز دیں کیوں تو حضرت ﷺ کا دنیا میں دوست تھا جبریل کہے گا میں تو انسے حیاء کرتا ہوں پھر اسرافیل کہے گے اے میکائیل تم آواز دو پس میکائیل عرض کرے گا۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَامُحَمَّدُ فَلَايُجِيْبُه' اَحَد'' فَيَقُوْلُوْنَ لِمَلَكِ الْمَوْتِ نَادِ اَنْتَ فَيَقُوْلُ يَا يَّتُهَا الرُّوْحُ الطَّيِّبَةُ ارْجِعِىْ اِلَى الْبَدَنِ الطَّيِّبِ فَلَا يُجِيْبُه' اَحَد'' ثُمَّ يُنَادِىْ اِسْرَافِيْلُ اَيَّتُهَا الرُّوْحُ الطَّيِّبَةُ قُوْمِىْ لِفَصْلِ الْقَضَآءِ وَالْحِسَابِ وَالْعَرْضِ عَلَى الرَّحْمٰنِ فَيَنْشَقُّ الْقَبْرُ فَاِذَا هُوَ جَالِس'' فِىْ قَبْرِهٖ وَيَنْفُضُ التُّرَابَ عَنْ رَّاسِهٖ وَلِحْيَتِهٖ فَيُعْطِيْهِ جِبْرَآئِيْلُ حُلَّتَيْنِ وَالْبُرَاقَ فَيَقُوْلُ يَاجِبْرَآئِيْلُ اَىُّ يَوْمٍ هٰذَا يَقُوْلُ هٰذَا يَوْمُ النَّدَامَةِ وَالْحَسْرَةِ وَالْمَلَامَةِ هٰذَا يَوْمُ الْمَسَاقِ وَالْبُرَاقِ هٰذَا يَوْمُ الْفِرَاقِ هٰذَا يَوْمُ التَّلَاقِ فَيَقُوْلُ يَاجِبْرَآئِيْلُ بَشِّرْنِىْ فَيَقُوْلُ يَا مُحَمَّدُ

مَعِىَ الْبَرَاقُ وَلِوَاءُ وَلِوَاءُ الْحَمْدِ وَالتَّاجُ فَيَقُوْلُ لَسْتُ اَسْاَلُکَ عَنْ هٰذَا فَيَقُوْلُ الْجَنَّةُ قَدْ فُتِحَتْ وَانْتَظَرَتْ وَاسْتَعَدَّتْ وَقَدْ زُخْرِفَتْ لِقُدُومِکَ وَالنَّارُ قَدْ اُغْلِقَتْ فَيَقُوْلُ لَسْتُ اَسْاَلُکَ عَنْ هٰذَا وَلٰكِنْ اَسْاَلُکَ عَنْ اُمَّتِیَ الْمُذْنِبِيْنَ لَعَلَّکَ تَرَكْتَهُمْ وَعَلَى الصِّرَاطِ فَيَقُوْلُ

اے محمد ﷺ آپ پر سلام ہو پس اسے کوئی جواب نہیں ملیگا سب فرشتے ملک الموت سے کہیں گے کہ تم آواز دو تو وہ آواز دے گا اے پاک روح پاک بدن کی طرف آ تو اسے بھی کچھ جواب نہیں ملیگا پھر اسرافیل عرض کرے گا اے پاک روح اٹھو اپنے رب کا حکم پورا کرنے کو اور اپنی امت کے حساب اور رحمٰن کی بارگاہ میں پیشی کے لئے پس قبر مبارکہ کھل جائے گی تو آپ ﷺ اپنی قبر منورہ میں بیٹھے ہوئے ہونگے اور اپنے سر اور داڑھی مبارکہ سے مٹی جھاڑتے ہونگے۔ پس جبرائیل امین آپ کو دو خلعتیں اور براق پیش کرے گا آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جبرائیل سے پوچھیں گے کہ یہ کونسا دن ہے وہ عرض کرے گا یہ ندامت وحسرت اور ملامت کا دن ہے یہ دن اللہ کے پاس جانے کا ہے اور براق حاضر ہے اور یہ دن کافروں کے فراق کا ہے اور یہ دن مومنوں کے لئے ملاقات کا ہے پھر آپ ﷺ فرمائیں گے مجھے کوئی خوشخبری دیجئے جبرائیل عرض کرے گا یا محمد ﷺ میرے پاس براق اور لوائے حمد اور تاج ہے تو آپ فرمائیں گے میں یہ نہیں پوچھتا پس جبرائیل عرض کرے گا جنت آپ کے لئے کھول دی گئی ہے اور منتظر اور تیار ہے اور آپ کی آمد کے لئے آراستہ کی گئی ہے اور جہنم بند کر دی گئی ہے

**(روز قیامت حضور ﷺ کو اپنی امت کی فکر)** تو آپ فرمائیں گے میں اس کا

marfat.com

نہیں پوچھتا بیلین میں تو اپنی گنہگار امت کا پوچھتا ہوں شاید تو انہیں پل صراط پر چھوڑ آئے ہو تو اسرافیل عرض کرے گا یا محمد ﷺ

اِسرَافِیلُ وَعِزَّۃِ رَبّی یَامُحَمَّدُ مَانَفَخْتُ الصُّوْرَ بَعْدُ فَیَقُوْلُ الْآنَ طَابَتْ نَفْسِیْ وَقَرَّتْ عَیْنِیْ فَیَاخُذُالتَّاجَ وَالْحُلَّۃَ وَیَلْبَسُھُمَا وَیَرْکَبُ الْبُرَاقَ بَاب" فِیْ ذِکْرِ الْبُرَاقِ وَرَدَفِی الْخَبَرِاَنَّ لِلْبُرَاقِ جَنَا حَیْنِ یَطِیْرُ بِھِمَا مَا بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَوَجْھُہ' کَوَجْہِ الْاِنْسَانِ وَلِسَانُہ" کَلِسَانِ الْعَرَبِ وَاضِحُ الْجَبِیْنِ ضَخْمُ الْقَرْنَیْنَ رَقِیْقُ الْاُذُنَیْنِ وَھُمَا مِنْ زَبَرْجَدِ اَخْضَرَاَسْوَدُ الْعَیْنَیْنِ وَیُقَالُ کَا لْکَوَاکِبِ الدُّرِّیْ وَنَا صِیَتُہٗ مِنْ یَّا قُوْتِ حَمْرَآءَ وَذَنَبُہٗ کَذَنَبِ الْبَقَرِ مُکَلَّل" بِا الذَّھَبِ الْاَحْمَرِ وَبَدَنُہٗ کَا الْبَقَرِ وَیُقَالُ کَالطَّاؤسِ فَوْقَ الْحِمَارِدُوْنَ الْبَغَلِ سُمِّیَ بِذٰلِکَ لِکَوْنِہٖ سَرِیْعَ السَّیْرِ کَالْبُرْقِ فَلَمَّا دَنٰی مُحَمَّد" لِیَرْکَبَ الْبُرَاقَ جَعَلَ یَضْطَرِبُ وَیَقُوْلُ وَعِزَّۃِ رَبِّیْ لَا یَرْ کَبُنِیْ اِلَّا النَّبِیُّ الْھَاشِمِیُّ الْاَبْطَحِیُّ ا لْقُرَیْشِی مُحَمَّدُ نِ ابْنُ عَبْدِ اللّٰہِ صَاحِبُ الْقُرْانِ فَیَقُوْلُ اَنَا مُحَمَّدُنِ الْقُرَیْشِیُّ اَلْھَاشِمِیُّ فَیَرْکَبُ ثُم یَنْطَلِقُ اِلٰی

مجھے اپنے رب کی قسم میں نے ابھی اٹھنے کا صور نہیں پھونکا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمائیں گے اب میرا دل خوش ہوا اور آنکھیں ٹھنڈی ہوئیں پھر آپ تاج وخلعت لیکر زیب تن کرینگے اور براق پر سوار ہو نگے۔ باب نمبر۲۳ براق کے بیان میں

حدیث میں وارد ہوا ہے کہ براق کے دو پر ہیں جن سے وہ آسمان وزمین کے درمیان اڑتا ہے اور چہرہ انسان جیسا اور زبان فصیح عربی ہے اور کشادہ پیشانی اور دو سینگ دو باریک کان سبز زبرجد سے اور کالی آنکھیں اور کہا جاتا ہے کہ درخشندہ ستارے کی مانند اور پیشانی سرخ یاقوت سے اور دم اس کی گائے کی طرح سرخ سونا سے ملمع اور جسم اس کا گائے کی طرح اور یہ بھی کہا گیا ہے مور کی طرح ہے گدھے سے اونچا اور خچر سے پست براق اس کو اس لئے کہا جاتا ہے کہ برق کی مانند تیز ہے پس جب حضور ﷺ قریب آئیں گے تاکہ براق پر سوار ہوں تو وہ بدکنے لگے گا اور کہے گا مجھے اپنے رب کی عزت کی قسم مجھ پر بنی ہاشمی بطحی قریشی محمد بن عبداللہ صاحب قرآن کے سوا اور کوئی سوار نہیں ہوگا تو حضور ﷺ فرمائیں گے میں ہی محمد قریشی ہاشمی ہوں تو براق ٹھہر جائے گا پس آپ ﷺ سواری فرمائیں گے اس کے بعد عرش کی طرف روانہ ہوں گے۔

الْعَرْشِ فَيَخِرُّ سَاجِدًا فَيُنَادىٰ اِرْفَعْ رَاْسَكَ لَيْسَ هٰذَا يَوْمُ الرُّكُوْعِ وَ السُّجُوْدِ بَلْ هٰذَا يَوْمُ الْحِسَابِ وَالْعَذَابِ اِرْفَعْ رَاْسَكَ وَاشْفَعْ فِىْ اُمَّتِكَ وَسَلْ تُعْطَ فَيَقُوْلُ اِلٰهِىْ وَعِزَّتِكَ اَسْاَلُكَ فِىْ اُمَّتِىْ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَعْطَيْتُكَ مَاتَرْضٰى لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ثُمَّ يَاْمُرُ اللّٰهُ تَعَالٰى السَّمَآءَ بِاَنْ يُّمْطِرَ مَطَرًا فَيُمْطِرُ السَّمَآءُ مَآءً كَمَنِىِّ الرِّجَالِ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا وَّيَكُوْنُ الْمَآءُ كُلَّ شَىْءٍ اِثْنَا عَشَرَ ذِرَاعًا فَيَنْبُتُ الْخَلْقُ مِنْ ذٰلِكَ الْمَاءِ كَنَبَاتِ الْبَقْلِ حَتّٰى يَتَكَامَلَ اَجْسَامُهُمْ كَمَا كَانَتْ ثُمَّ يَطْوِى السَّمَآءَ

marfat.com

وَالْاَرْضَ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی لِمَنَ الْمُلْکُ الْیَوْمَ فَلَا یُجِیْبُہٗ اَحَدٌ ثَانِیاً ثُمَّ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَھَّارِ یَقُوْلُ اَیْنَ الْجَبَابِرَۃُ وَاَیْنَ اَبْنَاءُ الْجَبَابِرَۃِ وَاَیْنَ الْمُلُوْکُ وَاَیْنَ اَبْنَاءُ الْمُلُوْکِ وَاَیْنَ الَّذِیْنَ یَاکُلُوْنَ رِزْقِیْ وَیَعْبُدُوْنَ غَیْرِیْ ثُمَّ تَصِیْرُ الْجِبَالُ کَالْعِھْنِ الْمَنْفُوْشِ ط تَبَدَّلُ الْاَرْضُ الَّتِیْ عُمِلَ عَلَیْھَا

تو وہاں سجدہ میں سر مبارک رکھ دیں گے پس آواز آئے گی کہ اپنا سر اٹھائیں یہ دن رکوع وسجود کا نہیں یہ دن تو لوگوں کے حساب و مجرموں کے عذاب کا ہے اللہ محبوب کی رضا چاہتا ہے سر اٹھاؤ اور اپنی امت کی شفاعت کرو اور جو مانگو آپ کو عطا کیا جائے گا جو آپ چاہتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی بناء پر وہ عنقریب تیرا رب تجھے اتنا عطا کرے گا کہ آپ راضی ہو جاؤ گے پھر اللہ تعالیٰ آسمان کو حکم دے گا کہ وہ برسے خوب برسا تو آسمان چالیس دن تک مردوں کو منی کی مانند پانی کی بارش برسائے گا اور پانی ہر چیز سے بارہ گز اونچا ہو جائے گا تو مخلوق اس پانی سے سبزہ کی طرح اگے گی یہاں تک کہ ان کے اجسام پورے ہو جائیں گے جیسے کہ پہلے تھے پھر اللہ تعالیٰ آسمان و زمین کو لپیٹ دے گا پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا آج کس کا ملک ہے تو اسے کوئی جواب نہ دیگا یوں ہی دوسری اور تیسری بار فرمائے گا پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا آج ایک اللہ قہار کا ملک ہے پھر فرمائے گا کہاں ہیں ظلم و جبر کرنے والے اور کہاں ہیں جبر والوں کی اولاد اور کہاں گئے بادشاہ زادے اور کہاں ہیں جو میرا رزق کھا کر میرے غیر کی عبادت کرتے تھے پھر پہاڑ دھنکی اون کی طرح ہو جائیں گے پھر زمین بدل دی جائے گی جس پر بوے

عمل ہوتے رہے

اُلمَعَاصِیُ فَتُنُصَبُ عَلَیُهَا جَهَنَّمُ وُتوُتِی الاَرُضُ مِنُ مِنُ فِضَّةٍ بَیُضَآءَ فَیَنُصِبُ اللّٰهُ الُجَنَّةَ عَلَیُهَا وَرُوِیَ عَنُ عَآئِشَةَ ؓ اَنَّهَا قَالَتُ قُلُتُ یَارَسُوُلَ اللّٰهِ یَوُمَ تُبَدَّلُ الاَرُضُ غَیُرَ الُاَرُضِ اَیُنَ النَّاسُ یَوُمَئِذٍ قَالَ سَاَلُتَنِی عَنُ شَیُءٍ عَظِیُمٍ مَا سَاَلَنِی عَنهُ غَیُرُکِ النَّاسُ یَوُمَئِذٍ عَلٰی الصِرَاطِ بَاب'' فِیُ ذِکُرِ نَفُخَةِ الصُّوُرِ وَالبَعَثِ فَیَنُفُخُ فَیُنَادِیُ اَیَّهَا الُاَرُوَاحُ الُخَارِجَةُ وَالُعِظَامُ النَّخِرةُ وَالاَجُسَادُالُبَالِیَةُ وَالُعُرُوُقُ الُمُتَقَرِقَةُ وَالُجُلُوُدُ الُمتفرِقَةُ والشُّعُوُرُ السَّاقِطَةُ قُوُمُوُا لِلُفَصُلِ وَالُقَضَآءِ فَیَقُوُمُوُنَ بَامُرِ اللّٰه تَعَالَی فَاِذَا قَامُوُ ایَنُظُرُوُنَ اِلَی السَّمَآءِ قَدُ زَالَتُ وَاِلَی الُارَضِ قَدُ بُدِلَتُ وَالَی الُجبَالِ قَدُ سُیِّرتَ وَالٰی الُعِشَارِ قَدُ عُطِّلَتُ وَالَی لُوُحُوُشِ قَدُ حُشِرَتُ وَاِلیَ الُبحَارَ قَدُ سُجّرَتُ وَالَی النفُوُسِ قَدُزُوِّجتُ وَالَی الزَّبَانِیَةِ قَدُاُحضِرَتُ وَالٰی

تو اس جگہ جہنم برپا کی جائے گی اور دوسری زمین سفید چاندی کی لائی جائے گی اور اس پر جنت نصب کی جائے گی ( حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا مدبرانہ سوال ) اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے عرض کی یارسول اللہ جب زمین کو غیر زمین سے بدلا جائے گا تو لوگ کہاں ہونگے تو حضور ﷺ نے فرمایا اے عائشہ تو نے مجھ سے اس دن بڑی چیز پوچھی جسے تیرے سوا لوگوں میں سے کسی

maktabah.org

نے اب تک نہ پوچھا۔لوگ اس وقت پل صراط پر گزرتے ہوں گے باب نمبر۲۴صور پھونکنے اور خلق اٹھنے کے بیان میں ) پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے اسرافیل اٹھو اور اٹھانے کا صور پھونکو پس وہ صور پھونکے گا اور آواز دے گا کہ اے بدنوں سے نکلنے والی روحوں اور بوسیدہ ہڈیو اور اے بکھریوالے جسموں اور منقطع رگو اور جدا ہونے والی کھالو گرے ہوئے بالو اللہ کے حکم اور قضاء سے کھڑے ہو جاؤ تو وہ اللہ تعالیٰ کے امر سے کھڑے ہو جائیں گے جب کھڑے ہونگے تو آسمان کی طرف دیکھیں گے تحقیق وہ فنا ہو چکا ہوگا اور زمین کی جانب دیکھیں گے تحقیق وہ بدل چکی ہوگی اور پہاڑوں کی طرف دیکھیں گے وہ چل چکے ہونگے اور انٹیوں کو دیکھیں گے وہ آزاد پھرتی ہوں گے اور حیوانات جمع ہو چکے ہوں گے اور دریا خشک ہو چکے ہوں گے اور جانوں کے جوڑے بنیں ہونگے اور عذاب کے فرشتے حاضر ہونگے۔

الشَّمْسِ قَدْ كُوِّرَتْ وَ اِلَى الْمَوَازِيْنَ قَدْ نُصِبَتْ وَ اِلَى الْجَنَّةِ قَدْ اُزْلِفَتْ عَلِمَتْ نَفْس'' مَّا اَحْضَرَتْ بِدَلِيْلِ قَوْلِهٖ تَعَالٰى قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا فَيُجِيْبُهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَ صَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ فَيَخْرُجُوْنَ مِنَ الْقُبُوْرِ حَافِيًا وَّ عُرْيَانًا وَّ سُئِلَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهِ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ عَنْ مَّعْنٰے قَوْلِهٖ تَعَالٰى يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاتُوْنَ اَفْوَاجًا فَبَكٰے رَسُوْلُ اللّٰهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَلَ الثِّيَابُ عَنْ دُمُوْعِ عَيْنَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَيُّهَا السَّائِلُ سَاَلْتَنِىْ عَنْ اَمْرٍ عَظِيْمٍ اِنَّهٗ يُحْشَرُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَقْوَام'' مِّنْ اُمَّتِىْ عَلٰى اِثْنَیْ عَشَرَ

صِنفًا اَلاَوَّلُ يُحشَرُونَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى صُوْرَةِ الْقِرَدَةِ وَهُمُ الْفَتَّانُوْنَ فِي النَّاسِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ الزِّنَا وَالثَّانِي يُحْشَرُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى صُوْرَةِ الْخِنْزِيْرِ وَهُمُ الْاٰكِلُوْنَ لِلسُّحْتِ وَالثَّالِثُ يُحْشَرُوْنَ عُمْيًا نًا يَتَرَدَّدُوْنَ

اور سورج لپیٹ دیا گیا ہوگا اور میزان قائم ہو چکا ہوگا اور جنت نزدیک کردی گئی ہوگی پھر ہر جان جانے گی جو حاضر لائی اس پر دلیل اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ کافر کہیں گے خرابی ہماری ہمیں کس نے ہماری قبروں سے اٹھا دیا پس انہیں مومنین جواب دیں گے کہ یہ وہی دن ہے جس کا رحمٰن نے وعدہ کیا اور پیغمبروں نے سچ کہا تو وہ قبروں سے ننگے پاؤں برہنہ اٹھائے جائیں گے اور نبی کریم ﷺ سے پوچھا گیا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے یَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا: کا کیا معنی ہے تو آپ رو دیئے حتیٰ کہ آنسوؤں سے کپڑے گیلے ہو گئے پھر فرمایا اے سائل تو نے مجھ سے امر عظیم پوچھا بے شک بروز قیامت میری امت سے بارہ قسم کے گروہ جمع کئے جائیں گے ایک وہ جمع کئے جائیں گے جن کی شکل بندروں جیسی ہوگی اور وہ لوگوں میں بہت فتنہ گر ہونگے جیسے اللہ کا ارشاد ہے کہ فتنہ قتل سے بھی بڑھ کر سخت ہے اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا فتنہ زنا سے بھی بڑا جرم ہے اور دوسرے روز قیامت خنزیر کی صورت پر ہونگے اور وہ سود خور ہونگے تیسرے اندھے اٹھائے جائیں گے جو گرتے ہونگے عدم بینائی کے سبب لوگوں کو کلائیاں ڈالیں گے اور وہ حکم سے تجاوز کرنے والے ہونگے جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

maktabah.com

يُحْشَرُوْنَ عَلٰى صُوْرَةِ الْخَنَازِيْرِ وَ هُمُ الَّذِيْنَ يَاكُلُوْنَ الرِّبٰو كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى لَا تَاكُلُوْا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُضٰعَفَةً وَ فِي الْخَبرِعَنْ مُعَاذِابْنِ جَبَلٍ عَنِ النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ وَ يَوْمُ الْحَسْرَةِ وَالنَّدَامَةِ يَحْشُرُ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْ اُمَّتِيْ عَنْ قُبُوْرِهِمْ اِثْنَا عَشَرَ فَوْجًا اَمَّا الْفَوْجُ الْاَوَّلُ يُحْشَرُوْنَ عَنْ قُبُوْرِهِمْ وَلَيْسَ لَهُمُ الْيَدَانِ وَالرِّجلَانِ فَيُنَادِىْ مُنادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْجِيْرَانَ ثُمَّ مَاتُوْا وَلَمْ يَتُوْبُوْا فَهٰذَا جَزَاؤُهُمْ وَ مَصِيْرُهُمْ اِلَى النَّارِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَالْجَارِذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَ اَمَّا الْفَوْجُ الثَّانِىْ فَيُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ عَلٰى صُوْرَةِ الدَّابَّةِ وَ يُقَالُ عَلٰى صُوْرَةِ الْخَنَازِيْرِ فَيُنَادِىْ منادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ يَتَهَاوَنُوْنَ عَلَى الصَّلٰوةِ ثُمَّ مَاتُوْا وَلَمْ يَتُوْبُوْا فَهٰذَا جَزَاؤُهُمْ وَ مَصِيْرُهُمْ اِلَى النَّارِ كَقَوْلِهٖ تَعَالَى فَوَيْل" لِّلْمُصَلِّيْنَ. الَّذِيْنَ هُمْ

یہ وہ لوگ ہونگے جو سود خور تھے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے سود نہ کھاؤ دگنا دگنا اور حدیث شریف میں ہے جسے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کیا کہ فرمایا جب روز قیامت حسرت اور ندامت کا ہوگا اللہ تعالیٰ میری امت سے کچھ ان کو کی قبروں سے بارہ گرہ پر اٹھائے گا۔ ایک ان میں سے وہ گروہوں جنہیں ان کی قبروں سے اس حال پر اٹھایا جائے گا کہ بلا ہاتھ پاؤں ہونگے

پھر اللہ کی طرف سے ندا دینے والا ندا دیگا کہ یہ وہ ہیں جو ہمسایوں کو اذا دیتے تھے پھر یہ اس حال پر مرے کہ توبہ نہ کی پس یہ ان کا بدلہ اور ٹھکانہ ان کا آگ ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے احسان کرو قریب کے ساتھ اور کروٹ کے ہمسایہ کے ساتھ اور دوسرا گروہ وہ ہوگا جو اپنی قبروں سے چوپاؤں کی صورت پر اٹھائے جائیں گے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ خنزیروں کی صورت پر اٹھائے جائیں گے اور اللہ کی طرف سے منادی ندا دے گا کہ یہ وہ ہیں جو نماز پر سستی کرتے تھے پھر یہ بلا توبہ مرے پس یہ ان کا بدلہ ہے اور ٹھکانہ ان کا جہنم ہے جس طرح کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے پس بربادی ہے ان نمازیوں کے لئے جو اپنی نماز میں سستی کرتے ہیں۔

عَنْ صَلٰوتِهِمْ سَاهُوْنَ وَ اَمَّا الْفَوْجُ الثَّالِثُ فَيُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ وَ بُطُوْنِهِمْ مِثْلُ الْجِبَالِ مَمْلُوَّةٌ مِّنَ الْحَيَّاتِ وَ الْعَقَارِبِ كَمِثْلِ الْبِغَالِ فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ مَنَعُوا الزَّكٰوةَ ثُمَّ مَاتُوْا وَلَمْ يَتُوْبُوْا فَهٰذَا جَزَآءُ هُمْ وَ مَصِيْرُ هُمْ اِلَى النَّارِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ. فَيَجْعَلُ اللّٰهُ تَعَالٰى بِكُلِّ دَانِقٍ مِّنْهَا لَوْحًا مِّنَ النَّارِ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَ ظُهُوْرُهُمْ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ وَ اَمَّا الْفَوْجُ الرَّابِعُ فَيُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ وَ يَجْرِيْ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ دِمَآؤُهُمْ وَ اَمْعَآؤُهُمْ سَاقِطَةٌ وَالنَّارُ يَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ

هٰـؤُلَاءِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا فِي الْبَيْعِ وَالشِّرَآءِ ثُمَّ مَا تُوْا وَلَمْ يَتُوْبُوْا فَهٰذَا جَزَآ ؤُهُمْ وَ مَصِيْرُهُمْ اِلَى النَّارِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى

اور تیسرا گروہ اپنی قبور سے اٹھایا جائے گا کہ ان کے پیٹ پہاڑوں کی مانند ہونگے سانپوں اور بچھوؤں سے بھر کر شکل ان کی خچروں کی طرح ہوگی پس اللہ تعالیٰ کی جانب سے آواز دینے والا آواز دے گا کہ یہ وہ ہیں جو زکوٰۃ نہ دیتے تھے پھر وہ بغیر توبہ مرے اب یہ ان کا بدلہ اور ٹھکانہ ان کا دوزخ ہے اللہ کے اس ارشاد کی بناء پر اور وہ جو سونا اور چاندی جمع کرتے ہیں اور اللہ کا حق ادا کرنے میں خرچ نہیں کرتے پس انہیں دردناک عذاب کی بشارت دو تو اللہ اس سے ہر دانق (درہم کے چھٹے حصہ کی مقدار) کو ان کے لئے آگ کا تختہ کرے گا پس اس کے ساتھ ان کی پیشانیوں اور پہلو اور پیٹھیں داغی جائیں گی کہا جائے گا) یہ وہ ہے جو تم اپنے نفسوں کے لئے جمع کرتے تھے پس اب جمع کے لئے کا عذاب چکھو اور بہر حال چوتھے وہ ہوں گے جو اپنی قبروں سے نکالے جائینگے کہ ان کے منہوں سے خون بہتا ہوگا اور ان کی آنتریاں گلکر گر چکی ہونگی اور ان کے منہوں سے آگ کے شعلے نکلتے ہونگے پس اللہ کی طرف سے آواز دینے والا آواز دیگا کہ یہ وہ ہیں جو خرید و فروخت میں دروغ گوئی کرتے تھے پھر اس حال پر مرے کہ توبہ نہ کی اب یہ ان کا بدلہ ہے اور ٹھکانہ ان کا آگ ہے جس طرح کہ اللہ تعالیٰ فرمایا ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِاللّٰهِ وَ اَيْمَانِهِمْ ثَمَناً قَلِيْلاً وَ اَمَّا الْفَوْجُ الْخَامِسُ فَيُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ وَ لَهُمْ رَآئِحَةٌ اَنْتَنُ مِنَ الْجِيْفَةِ

فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ كَتَمُوْا الْمَعَاصِيْ سِتْرًا مِنَ النَّاسِ وَ لَمْ يَخَافُوا اللّٰه ثُمَّ مَاتُوْ وَلَمْ يَتُوبُوْا فَهٰذَا جَزَاؤُهُمْ وَ مَصِيْرُهُمْ اِلَى النَّارِ لِقَوْلِه تَعَالٰى يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَ لَا يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَ هُوَ مَعَهُمْ وَ اَمَّا الْفَوْجُ السَّادِسُ فَيُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ مَقْطُوْعَةَ الْحَلَاقِمِ مِنَ الْاَقْفِيَةِ فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ وَ كَذَبُوْا وَ مَاتُوْا وَلَمْ يَتُوْبُوْا فَهٰذَا جَزَآؤُهُمْ وَ مَصِيْرُهُمْ اِلَى النَّارِ لِقَوْلِه تَعَالٰى وَ اجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِه وَ لِقَوْلِه تَعَالٰى وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَوَ اِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَاماً. وَ اَمَّا الْفَوْجُ السَّابِعُ فَيُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ وَ اَلْسِنَتُهُمْ لَيْسَتْ فِيْ اَفْوَاهِهِمْ يَجْرِيْ الدَّمُ وَ الْقَيْحُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ فَيُنَادِيْ مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ

بے شک وہ جنہوں نے اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کے بدلے حقیر دام لئے اور پانچویں وہ گروہ اپنی قبروں سے اٹھایا جائے گا جن سے مردار سے بھی بدتر بو آتی ہو گی تو ندا کرنے والا اللہ کی طرف سے ندا دے گا کہ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے لوگوں سے اپنے گناہوں پر پردہ ڈالا اور اللہ سے نہ ڈرے پھر بلا توبہ کیئے مرے اب یہ ان کا بدلہ ہے اور ٹھکانہ ان کا آگ ہے۔ اللہ کے اس ارشاد کی رو سے کہ فرمایا لوگوں سے گناہ چھپ کر کرتے ہیں اور وہ اللہ سے نہیں چھپتے اور وہ ان کے ساتھ یعنی ان کو دیکھتا ہے اور چھٹے اس حال پر قبروں سے اٹھائے جائیں گے کہ ان کے حلق کٹے ہوئے

marfat.com

ہونگے گردنوں سے اللہ کی طرف سے ندا کرنے والا ندا کرے گا کہ یہ وہ ہیں جو جھوٹی گواہی دیتے تھے اور اس حال پر مرے کہ توبہ نہ کی اب یہ ان کا بدلہ ہے اور ٹھکانہ ان کا آگ ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ جھوٹ سے بچو خالص اس کے رہو اس کے ساتھ شرک کرنے والے نہ ہو دوسرے مقام پر فرمایا اور وہ جو جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب بیہودہ پر گزرتے ہیں اپنی عزت سنبھالے گزر جاتے ہیں اور ساتواں گروہ وہ جو اپنی قبروں سے اس طرح نکالے جائیں گے کہ زبانیں ان کے منہ میں نہ ہونگی اور ان کے منہوں سے خون و پیپ نکلتے ہونگے پس اللہ تعالیٰ کی طرف سے آواز دینے والا آواز دیگا۔

الرَّحمٰنِ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ الشَّهادَةَ ثُمَّ ما تُوا لَمْ يَتُوْبُوْا فَهٰذَا جزآؤُهُمْ و مصيرُ هُمْ اِلَى النَّارِ لِقَوْلِهٖ تَعالٰى وَلا تَكْتُمُوْا الشَّهَادَةَ وَ مَنْ يَّكْتُمْها فَاِنَّه' اٰثم'' قَلْبُه'. وَاللّٰهُ بِما تَعْمَلُوْنَ عَلِيْم''. وَ اَمَّا الْفَوْجُ الثَّامِنُ فَيُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُورِهِمْ نَاكِسُوْا رُؤُسِهِمْ وَ اَرْجُلُهُمْ فَوْقَ رُؤُسِهِمْ وَ يَجْرِىْ مِنْ فُرُوْجِهِمْ اَنْهار'' مِنَ الْقَيْحِ وَالصَّدِيْدِ فَيُنادىٰ مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ يَزْنُوْنَ ثُمَّ ما تُوا وَلَمْ يَتُوْبُوْا فَهٰذا جزآؤُهُمْ و مَصِيْرُ هُمْ الى النّار لقوْلِهٖ تعالى ولا تَقْرَبُوْا الزِّنٰى اِنَّه' كَانَ فاحِشَةً وَّسآءَ سَبِيْلاً. و اَمَّا الْفَوْجُ التَّاسِعُ فَيُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ مُسْوَدَّةَ الْوُجُوْهِ و زرقة الْعُيُوْنِ و بُطُوْنُهُمْ مَمْلُوَّة'' مِنَ النَّارِ فَيُنادىٰ مُناد مِّنْ قَبلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ

اَكَلُوْا اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا ثُمَّ مَاتُوْا وَ لَمْ يَتُوْبُوْا فَهٰذَا جَزَاؤُهُمْ وَ مَصِيْرُهُمْ اِلَى النَّارِ لِقَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا

یہ وہ لوگ ہیں گواہی چھپاتے تھے پھر بغیر توبہ مرے پس یہ ان کی سزا ہے اور ٹھکانہ ان کا آگ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فرمان کی بناء پر کہ اور گواہی نہ چھپاؤ اور جس نے اسے چھپایا وہ دل کا گنہگار ہے اور اللہ اسے جانتا ہے جو تم کرتے ہو اور آٹھواں وہ اپنی قبروں سے اٹھائے جائیں گے کہ وہ سر نیچے کیے ہوئے ہونگے اور ان کے پاؤں ان کے سروں سے اوپر ہونگے اور ان کی شرم گاہوں سے پیپ اور زرد پانی کی نہریں چلتی ہونگی تو اللہ کی طرف سے آواز دینے والا آواز دے گا کہ یہ وہ لوگ ہیں کہ زناء کے مرتکب تھے پھر بلا توبہ مرے اب یہ ان کی سزا ہے اور ٹھکانہ ان کا جہنم ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اور زناء کے قریب نہ جاؤ بے شک وہ بے حیائی اور برا راستہ ہے اور بہر حال نواں گروہ وہ ہوگا جو اپنی قبروں سے اس طرح اٹھائے جائیں گے کہ چہرے ان کے سیاہ اور آنکھیں نیلی اور پیٹ ان کے آگ سے بھرے ہونگے تو اللہ کی طرف سے ندا دینے والا ندا دیگا کہ یہ وہ لوگ ہیں یتیموں کا مال ناحق کھاتے تھے پھر یہ بغیر توبہ مرے اب یہ ان کا بدلہ ہے اور ٹھکانہ ان کا دوزخ ہے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی رو سے کہ بے شک وہ جو یتیموں کے مال ظلما کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹوں میں آگ ہی بھرتے ہیں اور عنقریب آگ کو پہنچیں گے۔

وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا وَ اَمَّا الْفَوْجُ الْعَاشِرُ فَيُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ

maktabah.org

مَجزُوْمًا مبرُوْصًا فَيُنادِیْ مُنادٍ مِّنْ قِبلِ الرَّحمٰنِ ھٰؤُلاءِ الَّذِیْنَ عآقُوْا الْوَالِدَیْنِ ثُمَّ ماتُوا وَلَمْ یَتُوْبُوْا فَھٰذَا جَزَاؤُھُمْ وَ مَصِیْرُ ھُم اِلَی النَّارِ کَقَوْلِہٖ تَعَالٰی وَاعْبُدُو اللّٰہَ وَلاَ تُشْرِکُوْابِہٖ شَیْئًا وَّ بِالْوَالِدَیْنِ اِحْسَانًا. وَ اَمَّا الْفَوْجُ الْحَادِیْ عَشَرَ فَیُحْشَرُوْنَ مِنْ قُبُوْرِھِمْ عُمْیَانُ الْقُلُوْبِ وَالْاَعْیُنِ و اَسْنَانُھُمْ کَقُرُوْنِ الثَّوْرِ وَ اَشْفَاھُھُمْ مَطْرُوْحَۃٌ عَلٰی صُدُوْرِ ھِمْ وَاَلْسِنَتُھُمْ وَاقِعَۃٌ عَلٰی بُطُوْنِھِمْ وَ اَفْخَاذِ ھِمْ وَیَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِھِمُ الْقَذْرُ فَیُنَادِیْ مُنادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ ھٰؤُلَآءِ الَّذِیْنَ شَرِبُوا الْخَمْرَ ثُمَّ مَاتُوْا وَلَمْ یَتُوْبُوْا فَھٰذَا جَزَآؤُ ھُمْ وَ مَصِیْرُ ھُمْ اِلَی النَّارِ لِقَوْلِہٖ تَعَالٰی یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَ الْمَیْسِرُ وَ الْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّیْطٰنِ. فَاجْتَنِبُوْہُ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ. وَ اَمَّا الْفَوْجُ الثَّانِیْ عَشَرَ فَیُحْشَرُوْنَ عَنْ قُبُوْرِھِمْ وُجُوْھُھُمْ مِثْلُ

اوردسواں گروہ جو اپنی قبروں سے اٹھیگا وہ برص و جزام کے مرض میں مبتلا ہونگے تو اللہ کی جانب سے ندا کرنے والا ندا کرے گا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے ماں باپ کے نافرمان تھے پھر یہ بلا توبہ مرے اب یہ ان کو سزا ہے اور ٹھکانہ ان کا آگ ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اور اللہ کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤ اور والدین کے ساتھ نیک سلوک کرو اور گیارہواں گروہ اس طرح اپنی قبروں سے اٹھائے جائیں گے کہ دلوں اور آنکھوں کے اندھے اور دانت ان کے بیلوں کی مانند اور ہونٹ

ان کے سینوں پر لٹکتے ہونگے تو اللہ کی طرف سے آواز دینے والا آواز دے گا کہ یہ وہ ہیں جو شراب نوشی کرتے رہے پھر بلا توبہ مرے اب یہ ان کی سزا ہے اور ٹھکانہ ان کا آگ ہے۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی بناء پر کہ اے ایمان والو سوا اس کے نہیں کہ شراب اور جوا اور بت اور پانسے نجس ہیں شیطانی کاموں سے ہیں پس اس سے بچو تا کہ تم فلاح پاؤ اور بارہواں گروہ وہ جو اپنی قبروں سے اس طرح اٹھائے جائیں گے کہ ان کے چہرے چودہویں رات کی چاند کی طرح چمکتے ہونگے تو پل صراط سے یوں گزر جائیں گے جیسا چندھا دینے والی بجلی

الْقَمَر لَيْلَةَ الْبَدْرِ فَيَمُرُّوْنَ عَلَى الصِّرَاطِ كَالْبَرْقِ الْخَاطِفِ وَ يُنَادِیْ مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ هٰؤُلَآءِ الَّذِيْنَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ فِي اَوَّلِ الْوَقْتِ مَعَ الْجَمَاعَةِ وَ نَهَوْا عَنِ الْمَعَاصِیْ ثُمَّ مَاتُوْا عَلَى التَّوْبَةِ فَهٰذَا جَزَاؤُهُمْ وَ مَصِيْرُهُمْ اِلَى الْجَنَّةِ بِالْمَغْفِرَةِ وَ الرَّحْمَةِ وَ الرِّضْوَانِ وَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی رَاضٍ عَنْهُمْ وَ اَنَّهُمْ رَاضُوْنَ عَنِ اللّٰهِ تَعَالٰی كَقَوْلِهٖ تَعَالٰی اَنْ لَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَ اَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِیْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ. وَ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰی رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِیَ رَبَّهٗ. بَاب" فِیْ ذِكْرِ نَشْرِ الْخَلَائِقِ مِنْ قُبُوْرِهِمْ يُقَالُ اِنَّ الْخَلَائِقَ اِذَا نُشِرُوْا مِنْ قُبُوْرِهِمْ يَقِفُوْنَ وُقُوْفًا فِی الْمَوَاضِعِ الَّذِیْ نُشِرُوْا مِنْهَا اَرْبَعِيْنَ سَنَةً لَا يَاْكُلُوْنَ وَلَا يَشْرَبُوْنَ وَلَا يَجْلِسُوْنَ وَلَا يَتَكَلَّمُوْنَ قِيْلَ يَارَسُوْلَ

اللّٰہِ بِمَ یُعْرَفُ اَھْلُ الدِّیْنِ مِنْ اُمَّتِکَ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ قَالَ اِنَّ اُمَّتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ

پھر اللہ تعالیٰ کا منادی ندا کرے گا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو نیک عمل کرتے اور پانچ نمازوں کی پابندی اول وقت میں باجماعت کرتے اور برائی سے منع کرتے تھے پھر یہ توبہ کرتے مرے اب یہ ان کو جزا ہے اور گھر ان کا جنت ہے اللہ کی بخشش ورحمت ورضا کے ساتھ۔ پس اللہ تعالیٰ ان سے راضی اور وہ اللہ تعالیٰ سے راضی جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے تم خوف نہ کرو اور نہ غم کرو اور تم کو جنت کی بشارت جس کا وعدہ دیئے گئے اور اللہ تعالیٰ کا دوسری جگہ ارشاد ہے کہ اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اس سے راضی ہوئے یہ جزا اس کے لئے جو اپنے رب سے ڈرے باب نمبر ۲۵ **مخلوق کے اپنی قبروں سے نکلنے کے بیان میں**۔ روایت کیا گیا ہے کہ تحقیق مخلوق کو جب ان کی قبروں سے اٹھایا جائے گا وہ ٹھہرے رہیں گے ٹھہرنا اس جگہ جس سے اٹھائے گئے تھے چالیس برس تک اس طرح کی نہ کچھ کھائیں گے اور نہ پئیں گے اور نہ بیٹھیں گے نہ کلام کریں گے (**قیامت کو حضور کے نمازی امتیوں کی پہچان**) عرض کی گئی یا رسول اللہ آپ کی امت دوسری امت سے روز قیامت کیسے پہچانی جائے گی فرمایا بے شک میری امت روز قیامت وضو کے اثر سے اعضاء کی چمک سے پہچانی جائے گی۔

غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ مِنْ اٰثَارِ الْوُضُوْءِ وَ فِی الْخَبَرِ اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیٰمَۃِ یَبْعَثُ اللّٰہُ الْخَلَآئِقَ مِنْ قُبُوْرِھِمْ فَیَاْتِی الْمَلٰئِکَۃُ عَلٰی رُؤُسِ قُبُوْرِھِمْ وَ یَمْسَحُوْنَ رُؤُسَھُمْ وَیَنْشُرُوْنَ التُّرَابَ مِنْھُمْ اِلَّا مِنْ مَّوَاضِعِ

سُجُوْدِهِمْ فَيَمْسَحُ الْمَلٰئِكَةُ تِلْكَ الْمَوَاضِعَ فَلَايَذْهَبُ التُّرَابُ مِنْهَا فَيُنَادِىْ مُنَادٍ مِّنْ قِبَلِ الرَّحْمٰنِ لَيْسَ هٰذَا مِنْ تُرَابِ قُبُوْرِهِمْ اِنَّمَا هِىَ تُرَابُ مَحَارِيْبِهِمْ دَعُوْامَا عَلَيْهِمْ حَتّٰى يُمَيَّزُوْنَ وَيَعْبُرُوْنَ على الصِّرَاطِ وَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى اَنَّ كُلَّ مَنْ يَّنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَعْلَمُ اَنَّهُمْ خُدَّامِىْ وَ عِبَادِىْ وَرُوِىَ عَنْ جَابِرِبْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِنَّه‘ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ فِى الْقُبُوْرِ فَاَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى اِلٰى رِضْوَانَ يَا رِضْوَانُ قَدْ اَخْرَجْتُ الصَّآئِمِيْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ جَآئِعِيْنَ عَاطِشِيْنَ فَاسْتَقْبِلْهُمْ بِشَرَابِهِمْ وَطَعَامِهِمْ وَشَهْوَاتِهِمْ فِى الْجِنَانِ فَيَصِيْحُ رِضْوَانُ يَاَيُّهَا الْغِلْمَانُ

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب قیامت کا دن ہوگا اللہ خلق کو ان کی قبروں سے اٹھائے گا پس ملائکہ ان کی قبروں پر آئیں گے اور ان کے سروں کو ملیں گے اور ان کی جائے سجدہ کے سوا ان کے بدنوں سے مٹی کو جھاڑیں گے پس جب فرشتے ان کی پیشانیوں سے مٹی جھاڑیں گے تو نہ جھڑے گی پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے منادی ندا دے گا کہ مٹی ان کی قبروں کی نہیں یہ تو ان کے محرابوں کی مٹی ہے اسے ان پر ہی رہنے دو یہاں تک کہ ان کا امتیاز ہو اور پل صراط سے گزر کر جنت میں چلے جائیں تا کہ جو بھی انہیں دیکھے پہچان لیکہ میرے خدام اور عبادت گزار بندے ہیں۔ جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب روز قیامت ہوگا تو جو قبروں میں ہیں اللہ ان سب کو قبروں سے اٹھائے گا تو اللہ تعالیٰ

maktabah.org

رضوان جنت کوفرمائے گا اے رضوان تحقیق میں نے روزہ داروں کوان کی قبروں سے بھوکا پیاسہ اٹھایا اب تم ان کا استقبال پینے کھانے اور جنت میں ان کی مرغوب چیزوں کے ساتھ کرو پس رضوان باواز کہیں گے کہ اے غلمان

وَیٰآیُّھَا الْوِلْدَانُ وَھُمُ الَّذِیْنَ لَمْ یَبْلُغُوا الْعُلَمَ حَتّٰی مَاتُوْا اِیْتُوْنِیْ بِاَطْبَاقِ النُّوْرِ فَیَجْتَمِعُوْنَ عِنْدَہٗ اَکْثَرَ مِنْ عَدَدِ التُّرَابِ وَاَقْطَارِ الْاَمْطَارِ وَکَوَاکِبِ السَّمَآءِ وَاَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ بِالْفَاکِھَۃِ الْکَثِیْرَۃِ وَ الْاَطْعِمَۃِ السَّمِیْنَۃِ وَالْاَشْرِبَۃِ اللَّذِیْذَۃِ فَاِذَا لَقُوْھُمْ وَاَطْعِمُوْھُمْ ذٰلِکَ تَقُوْلُ لَھُمْ کُلُوْا وَاشْرَبُوْا ھَنِیْئاً بِمَآ اَسْلَفْتُمْ فِی الْاَیَّامِ الْخَالِیَۃِ اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا وَ رُوِیَ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ اَنَّہٗ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ ثَلٰثَۃُ نَفَرٍ صَافَحَھُمُ الْمَلٰئِکَۃُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ اِذَا خَرَجُوْا مِنْ قُبُوْرِ ھِمْ اَلشُّھَدَآءُ وَصَآئِمُوْا شَھْرِ رَمَضَانَ وَصَآئِمُوْا یَوْمِ عَرَفَۃَ وَ عَنْ عَآئِشَۃَ اَنَّھَا قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمْ اِنَّ فِی الْجَنَّۃِ قُصُوْرًا مِّنْ دُرٍّوَّیَا قُوْتٍ وَّ زَبَرْجَدٍ وَّ ذَھَبٍ وَ فِضَّۃٍ فَقُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ لِمَنْ ھٰذَا قَالَ لِمَنْ صَامَ یَوْمَ عَرَفَۃَ وَ قَالَ یَاعَآئِشَۃُ اِنَّ اَحَبَّ الْاَیَّامِ اِلَی اللّٰہِ یَوْمُ

اور اے خدام لڑکو اور یہ وہ ہیں جو سن بلوغت کو پہنچنے سے پہلے فوت ہوئے کہ نوری طباق لیکر آؤ تو غلمان اور لڑکے رضوان کے پاس جمع ہو جائیں گے مٹی کے ڈھیلوں اور بارش کے قطروں اور آسمان کے ستاروں اور درختوں کے پتوں کے عدد

سے زیادہ کثیر میوے لیکر اور مرغن کھانے اور لذیذ مشروب کے ساتھ پس وہ ان سے ملیں گے اور یہ کھانے کو دیں گے تو انہیں کہیں گے کھاؤ اور پیو خوشگوار بدلہ اس بھوک و پیاس کا جو گزرے دنوں میں تم کو پہنچی اے اللہ ہم کو بھی رزق عطا کر (وہ لوگ جن سے ملائکہ قیامت کو مصافحہ کریں گے) اور ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تین جماعتوں سے ملائکہ قیامت کے دن مصافحہ کریں گے جب وہ قبروں سے اٹھیں گے وہ شہداء اور ماہ رمضان کے روزہ دار اور عرفہ کا روزہ رکھنے والے ہیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بے شک جنت میں موتی اور یاقوت اور زبرجد اور سونا چاندی کے محلات ہیں حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ میں نے پوچھا یہ محل کسے ملیں گے فرمایا جو عرفہ کا روزہ رکھتا ہو پھر فرمایا اے عائشہ بے شک اللہ کو سب دنوں سے محبوب دن جمعہ اور عرفہ کا ہے

اَلْجُمُعَةِ وَيَوْمُ عَرَفَةَ لِمَا فِيْهَا مِنَ الرَّحْمَةِ وَاِنَّ اَبْغَضَ الْاَيَّامِ اِلٰى اِبْلِيْسَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَيَوْمُ عَرَفَةَ وَقَالَ يَاعَائِشَةُ مَنْ اَصْبَحَ صَآئِمًا يَوْمَ عَرَفَةَفَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ ثَلٰثِيْنَ بَابًا مِنَ الرَّحْمَةِ وَ اِذَآ اَفْطَرَ وَشَرِبَ الْمَآءَ يَسْتَغْفِرُ لَه' كُلُّ عِرْقٍ فِيْ جَسَدِهٖ وَ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ اِلٰى طُلُوْعِ الْفَجْرِ وَ فِيْ خَبَرٍ اٰخَرَ يَخْرُجُ الصَّآئِمُوْنَ مِنْ قُبُوْرِهِمْ وَهُمْ يُعْرَفُوْنَ بِرِيْحِ صِيَامِهِمْ وَيُتَلَقَّوْنَ بِالْمَوَآئِدِ وَالْاَبَارِيْقِ وَ يُقَالُ لَهُمْ كُلُوْا فَقَدْ جُعْتُمْ حِيْنَ شَبِعَ النَّاسُ وَاشْرَبُوْا فَقَدْ عَطِشْتُمْ حِيْنَ رَوِيَ

النَّاسُ وَاسْتَرِيحُوا فَيَاكُلُوْنَ وَيَشْرَبُوْنَ وَيَسْتَرِيحُوْنَ وَالنَّاسُ فِي الْحِسَابِ وَقَدْجَآءَ فِي الْخَبَرِ اَنَّهُ لاَ يُبْلٰى عَشَرَةُ نَفَرِ الْاَنْبِيَآءُ وَ الشُّهَدَآءُ وَالْعُلَمَاءُ وَالْغُزَاةُ وَحَامِلُوا الْقُرْاٰنِ وَالْمُؤَذِّنُ وَالْاِمَامُ الْعَادِلُ وَالْمَرْاَةُ اِذَا مَاتَتْ فِيْ نَفَاسِهَا وَمَنْ قُتِلَ بِمَظْلُوْمٍ وَّ مَنْ مَّاتَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اَوْلَيْلَتِهَا وَ فِي الْخَبَرِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْه

اس لئے کہ اس میں رحمت اترتی ہے اور بے شک شیطان کو سب دنوں سے زیادہ غم دینے والے جمعہ اور عرفہ کے دن ہیں اور فرمایا اے عائشہ جس نے عرفہ کے دن روزہ کی حالت میں صبح کی اللہ اس پر رحمت کے تیس دروازے کھول دیتا ہے اور جب اس نے روزہ افطار کیا اور پانی پیا تو اس کے جسم کی تمام رگیں استغفار کرتی ہیں اور طلوع فجر کے وقت کہتی ہیں کہ اے اللہ اس پر رحمت کر ایک اور حدیث میں ہے کہ جب روزہ دار اپنی قبروں سے اٹھیں گے تو وہ اپنے روزوں کی خوشبو سے پہچانے جائیں گے اور پائیں گے وہ کھانے کے دستر خوان اور پانی کے کوزے اور انہیں کہا جائے گا کھاؤ پس تحقیق تم بھوکے رہے جب کہ لوگ سیر ہوتے اور ایک روایت میں لوگ استراحت کرتے بھی مروی ہے پس وہ کھائیں اور پئیں گے اور چین میں ہوں گے اور لوگ حساب میں ہوں گے دس جماعتوں پر حساب قبر نہ ہوگا اور تحقیق حدیث میں آیا ہے کہ دس جماعتیں حساب قبر میں مبتلاء نہ ہوں گی انبیاء علیہم السلام اور شہداء اور علماء اور غازی اور حفاظ قرآن اور موذن اور امام عادل اور وہ عورت جو حالت نفاس

میں مری اور جو ظلماً قتل کیا گیا اور جو جمعہ کے دن یا رات کو مرا۔ اور حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ

وَ اٰلِہٖ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ یُحْشَرُ النَّاسُ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ کَمَا وَلَدَتْھُمْ اُمُّھُمْ عُرَاۃً حُفَاۃً فَقَالَتْ عَآئِشَۃُ الرِّجَالُ مُخْتَلِطُوْنَ بِالنِّسَآءِ قَالَ نَعَمْ قَالَتْ وَ اسْوَاتَاہُ وَ افَضِیْحَتَاہُ یَنْظُرُ بَعْضُھُمْ بَعْضًا فَضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ یَدَہٗ عَلٰی مَنْکِبِھَا وَقَالَ یَا بِنْتَ الصِّدِّیْقِ لَاتَخَافِیْ الشُّغُلَ النَّاسُ یَوْمَئِذٍ عَنِ النَّظْرِ وَ ھَمُّوْا وَشَخَصُوْآ اَبْصَارَھُمْ اِلَی السَّمَآءِ مَوْقِفُوْنَ اَرْبَعِیْنَ سَنَۃً لَا یَاْکُلُوْنَ وَ لَا یَشْرَبُوْنَ وَلَا یَجْلِسُوْنَ وَلَا یَتَکَلَّمُوْنَ فَمِنْھُمْ مَّنْ یَّبْلُغُ الْعَرَقُ اِلٰی قَدَمَیْہِ وَ مِنْھُمْ مَّنْ یَّبْلُغُ اِلٰی سَاقَیْہِ وَ مِنْھُمْ مَّنْ یَّبْلُغُ اِلٰی بَطْنِہٖ وَ مِنْھُمْ مَّنْ یَبْلُغُ اِلٰی صَدْرِہٖ وَ مِنْھُمْ مَّنْ یَّبْلُغُ اِلٰی حَلْقِہٖ وَ مِنْھُمْ مَّنْ یَغْرَقُ فِیْ بَحْرِ الْعَرَقِ فَلَا یَبْقٰی یَوْمَئِذٍ مَّلَکٌ" مُّقَرَّبٌ" وَّ لَا نَبِیٌّ" مُّرْسَلٌ" وَّ لَا شَھِیْدٌ" اِلَّا یَخْرُجُوْنَ حَسَارِیْنَ مِنْ شِدَّۃِ الْحِسَابِ وَطُوْلِ الْوُقُوْفِ قَالَتْ قُلْتُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ھَلْ یُحْشَرُوْنَ رُکْبَانًا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ قَالَ نَعَمِ الْاَنْبِیَاءُ وَ اَھْلُھُمْ

روز قیامت لوگ برہنہ بدن پاؤں اٹھائے جائیں گے جیسے کہ ان کی ماں نے ابھی جنا تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما نے عرض کی یا رسول اللہ مرد و عورتیں اکٹھے ہوں گے فرمایا ہاں حضرت عائشہ نے عرض کی مرد و زن برہنہ تو شرمندہ ہوں گے جب

marfat.com

بعض بعض کو دیکھیں گے تو رسول اللہ ﷺ نے اپنا ہاتھ ان کے کندھے پر مار کر فرمایا اے دختر صدیق شرمندگی کا خوف نہ کرو اس دن آپس میں دیکھنے کو متوجہ نہ ہوں گے وہ غم میں ڈوبے ہوئے اور آنکھیں کھولے آسمان کی طرف دیکھتے چالیس برس کھڑے رہیں گے نہ کچھ کھائیں گے نہ پئیں گے نہ بیٹھیں گے اور نہ بات کریں گے پس ان سے کوئی وہ ہوگا جس کا پسینہ قدموں تک کسی کا پنڈلی تک کسی کا پیٹ تک اور کسی کا سینہ تک اور کسی کا حلق تک اور کوئی ان میں سے پسینہ میں ڈوبا ہوگا اور نہ کوئی مقرب فرشتہ بچے گا نہ کوئی نبی مرسل اور نہ شہید مگر سب شدت حسات اور طویل ٹھہرنے سے حیران ہونگے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی یا رسول اللہ کیا کوئی سوار بھی جمع کیے جائیں گے فرمایا ہاں وہ انبیاء اور ان کے اہلبیت ہوں گے۔

**وَ صُوَّامُ رَجَبٍ وَّ شَعْبَانَ وَرَمَضَانَ فَاِنَّهُمْ شَعْبَانُ لاَ جُوْعَ لَهُمْ وَ لاَ عَطَشَ وَسَآئِرُ النَّاسِ جَآئِعُوْنَ وَ يُقَالُ يَسُوْقُهُمْ بِاَجْمَعِهِمْ اِلَى اَرْضِ الْمَحْشَرِ عِنْدَ بَيْتِ الْمُقَدَّسِ فِيْ اَرْضٍ يُّقَالُ لَهَا سَاهِرَةٌ" قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ" وَّاحِدَةٌ" فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ. وَ يُقَالُ اِنَّ الْخَلاَئِقَ فِي الْعَرَصَاةِ تَكُوْنُ مِائَةٌ وَّ عِشْرِيْنَ صَفًّا طُوْلُ كُلِّ صَفٍّ مَسِيْرَةُ اَرْبَعِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ وَّ عَرْضُ كُلِّ صَفٍّ مَسِيْرَةُ اَلْفِ سَنَةٍ وَّيُقَالُ اِنْ الْمُنفِقِيْنَ مِنْهُمْ ثَلٰثُ صَفُوْفٍ وَّا لْبَاقِيْ كَفَرَةٌ" وَّرُوِيَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ اُمَّتِيْ مِائَةٌ" وَ عِشْرُوْنَ صَفٌّ اوَّ هٰذَا اَصَحُّ وَصِفَةُ**

الْـمُـؤْمِنِيْـنَ اَنَّهُـمْ بِيْـضُ الْوُجُوْهِ غُرٌّ مُحَجَّلُوْنَ وَصِفَةُ الْكٰفِرِيْنَ اَنَّهُمْ اَسْوَدُ الْوُجُوْهِ

اور جو رجب وشعبان و رمضان کے روزے رکھنے والے اور حضرت عائشہ نے فرمایا کہ میں عرض کی کیا کچھ لوگ قیامت کو سیر شکم بھی اٹھائے جائیں گے تو آپ ﷺ نے فرمایا ہاں انبیاء اور ان کے اہل بیت اور رجب وشعبان و رمضان کے روزے رکھنے والے پس بے شک وہ سیر ہونگے کہ ان کو نہ بھوک اور نہ پیاس ہوگی اور باقی سب لوگ بھوکے ہوں گے اور کہا گیا ہے کہ ان سب کو چلایا جائے گا میدان محشر کی طرف بیت المقدس کے پاس اس زمین میں جسے ساہرہ کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالی نے فرمایا سوا اس کے نہیں کہ وہ ایک ہی زوردار آواز ہوگی پس جبھی وہ ساہرہ کے پاس ہوں گے اور کہا جاتا ہے کہ تحقیق قیامت کے میدان المقدس کے پاس خلق ایک سو بیس صفوں میں کھڑے ہونگے اور ہر ایک صف کا طول چالیس ہزار سال کی راہ ہوگی اور ہر ایک صف کا عرض ایک ہزار سال چلنے کی مسافت ہوگی اور کہا گیا ہے کہ ان میں سے تین صفیں منافقوں کی ہونگی اور باقی کفار کی اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی کہ وہ نبی کریم ﷺ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا بے شک میری امت ایک سو بیس صفوں میں ہوگی اور یہ روایت صحیح ہے اور مومن کی پہچان یہ کہ ان کے چہرے سفید اور ہاتھ پاؤں چمکتے ہوں گے اور کافروں کی پہچان یہ کہ ان کے چہرے سیاہ زنجیروں سے جکڑے شیاطین کے ساتھ عذاب میں ہونگے۔

مُـقَـرَّنِيْـنَ وَمُـعَـذَّبِيْنَ مَعَ الشَّيَاطِيْنِ بَاب" فِيْ ذِكْرِ سَوْقِ الْخَلَائِقِ

maritat.com

اِلَی الْمَحْشَرِ یُقَالُ یُسَاقُ الْکٰفِرُوْنَ بِاَقْدَامِھِمْ وَیُسَاقُ الْمُؤْمِنِیْنَ بِنَجَآئِبِھِمْ وَ مَرَاکِبِھِمْ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی یَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِیْنَ اِلَی الرَّحْمٰنِ وَ فْدًا وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِیْنَ اِلٰی جَھَنَّمَ وِرْدًا. قَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ یَحْشُرُ الْمُؤْمِنُوْنَ رُکْبَانًا عَلٰی نَجَآئِبِھِمْ وَ اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیٰمَۃِ یَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی لِلْمَلٰئِکَۃِ لَا تُمَشُّوْنَ عَلَیَّ عِبَادِیْ رَاجِلِیْنَ بَلِ ارْکَبُوْھُمْ عَلَی النَّجَآئِبِ فَاِنَّھُمْ اُعْتَادُوا الرُّکُوْبَ فِی الدُّنْیَا لِاَنَّہٗ کَانَ فِی الْاِبْتِدَآءِ صُلْبُ اَبِیْھِمْ مَرْکَبُھُمْ ثُمَّ بَعْدَ ذٰلِکَ رَحِمُ اُمِّھِمْ سِتَّۃُ اَشْھُرٍ مَرْکَبُھُمْ فَحِیْنَ وَلَدَتْھُمْ اُمُّھُمْ فَحُجُرُ اُمِّھِمْ سَنَتَیْنِ لِلْاَرْضَاعِ وَبَعْدَ ذٰلِکَ عُنُقُ اَبِیْھِمْ ثُمَّ الْخَیْلُ وَالْبِغَالُ وَالْحَمِیْرُ مَرَاکِبُھُمْ فِی الْبَرِّ وَالسُّفُنُ فِی الْبِحَارِ وَحِیْنَ مَاتُوْا فَعُنُقُ اِخْوَانِھِمْ وَحِیْنَ قَامُوْا عَنْ قُبُوْرِھِمْ لَا یَمْشُوْنَ رَاجِلًا فَاِنَّھُمْ اعْتَادُوا الرُّکُوْبَ وَلَا یَقْدِرُوْنَ الْمَشْیَ

باب نمبر ۲۶ (مخلوق کے محشر کی طرف چلنے کے بیان میں) بیان کیا جاتا ہے کہ کفار کو حشر کے لئے پیدل چلایا جائے گا اور مومنوں کو ان کے گھوڑوں اور سواریوں پر اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ جس دن جمع ہوں گے متقین رحمٰن کے پاس وفد با وفد اور لائے جائیں گے مجرم جہنم کی طرف پیاسے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا محشر میں اہل ایمان گھوڑوں پر سوار آئیں گے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ملائکہ سے فرمائے گا میرے بندوں کو پیادہ نہ چلاؤ بلکہ انہیں سواریوں پر سوار لاؤ پس بے شک وہ

دنیا پر سواری کے عادی تھے۔ کیونکہ پہلے باپ کی صلب ان کی سواری رہی پھر اس کے بعد چھ ماہ تک ان کی ماؤں کے شکم ان کی سواریاں بنیں پھر جب ان کی ماؤں نے انہیں جنا تو ان کی ماں کی گود دودھ پلانے کے لئے دو سال تک سواری رہی اور اس کے بعد ان کے باپ کی گردن پھر گھوڑے خچر اور گدھے خشکی پر اور کشتیاں دریاؤں میں سفر کرنے لئے ان کی سواریاں بنیں اور جب مرے تو ان کے بھائیوں کی گردنیں قبر تک سواری بنیں اور جب قبروں سے اٹھے تو اب انہیں پیادہ نہ چلاؤ اس لئے کہ وہ سواری کے عادی ہیں ان سے چلا نہیں جائے گا۔

فَقَدِمُوا جَنَآئِبَهُمْ وَهِيَ الضَّحَايَا فَيَرْكَبُوْنَهَا وَيَقْدُمُوْنَ اِلَى الْمَوْلٰى فَلِذٰلِکَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم سَمِّنُوْا ضَحَايَا كُمْ فَاِنَّهَا عَلَى الصِّرَاطِ مَطَايَا كُمْ بَاب" فِيْ ذِكْرِ حَشْرِ الْخَلَائِقِ فِي الْخَبَرِ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ يَجْمَعُ اللّٰهُ تَعَالٰى خَلْقَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ فِيْ صَعِيْدٍ وَّاحِدٍ وَّ تَدْنُو الشَّمْسُ مِنْ رُؤُسِهِمْ وَيَشْتَدُّ عَلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ حَرُّهَا فَيَخْرُجُ عُنُق" مِنَ النَّارِ كَالظِّلِّ ثُمَّ يُنَادِيْ مُنَادِيًا يَّا مَعْشَرَ الْخَلَآئِقِ اِنْطَلِقُوْآ اِلَى الظِّلِّ فَيَنْطَلِقُوْنَ وَهُمْ ثَلٰثُ فِرَقٍ فِرْقَةُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَفِرْقَةُ الْكٰفِرِيْنَ وَفِرْقَةُ الْمُنٰفِقِيْنَ فَاِذَا صَارَتِ الْخَلَآئِقُ اِلَى الظِّلِّ صَارَا لظِّلُّ ثَلٰثَةَ اَقْسَامٍ قِسْم" لِحَرَارَةٍ وَ قِسْم" لِلدُّخَانِ وَ قِسْم" لِلنُّوْرِ فَلِذٰلِکَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنْطَلِقُوْا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ اَلْاٰيَه فَالْحَرَارَةُ تَقُوْمُ عَلٰى رُؤُسِ الْمُنٰفِقِيْنَ

marfat.com

وَالدُّخَانُ يَقُوْمُ عَلٰی رُؤُسِ الْکٰفِرِیْنَ وَالنُّوْرُ یَقُوْمُ عَلٰی

پس ان کے پاس سواریاں لاؤ اور وہ ان کی قربانیاں ہیں اور وہ سوار ہو کر مولا تعالیٰ کی بارگاہ میں آئیں گے تو اسی لئے نبی ﷺ نے فرمایا اپنی قربانی کے جانور فربہ کرو پس بے شک وہ پل صراط پر سواریاں ہیں باب نمبر ۲۷ (خلائق کے حشر کے بیان میں) حدیث مبارکہ میں ہے کہ جب روز قیامت ہوگا اللہ تعالیٰ اولین و آخرین سب مخلوق کو ایک ہی میدان میں جمع فرمائے گا اور سورج ان کے سروں کے برابر قریب آجائے گا اور روز قیامت ان پر سورج کی گرمی سخت ہو جائے گی پس ایک گردن آگ سے نکلے گی سایہ کی مانند پھر منادی ندا کرے گا کہ اے مخلوق سایہ کس طرف چلو پس وہ چلیں گے اور وہ تین گروہوں پر ہونگے ایک گروہ مسلمان دوسرا کفار اور تیسرا منافقین سایہ بھی تین حصے ہو جائے گا ایک حصہ گرم دوسرا دھواں اور تیسرا حصہ نور۔ پس اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ کہا جائے گا چلو سایہ کی طرف تین شاخ والے کی۔ آلایہ۔ پس گرم منافقین کے سروں پر رکیگا اور دھواں کافروں کے سروں پر اور نور مومنین کے سروں پر ہوگا۔

پھر گرم سایہ اس لئے منافقوں کے سروں پر ٹھہرے گا کہ وہ دنیا میں گرمی سے بچتے تھے جس طرح کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ اور وہ بولے گرمی میں جہاد کو نہ نکلو اے محبوب کہہ دیجئے جہنم کی آگ اس گرمی سے سخت ہے اگر تم سمجھو اور دھواں اس لئے کافروں پر رکے گا کہ وہ دنیا میں گمراہی کی تاریکیوں میں تھے تو یہ آخرت میں بھی ایسے ہی رہیں گے جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے وہ لوگ جو کافر ہوئے ان کے حمایتی

شیطان ہیں وہ انہیں نور سے تاریکیوں کی طرف لیجاتے ہیں وہی جہنم والے ہیں اس میں ہمیشہ رہیں گے اور نور مومنوں کے سروں پر اس لئے رہے گا کہ وہ دنیا میں نور پر تھے تو آخرت میں بھی ایسے ہی ہونگے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ اللہ ایمان والوں کا مددگار ہے کہ انہیں اندھیروں سے نور کی طرف لاتا ہے اور اللہ نے آخرت میں مومن کی شان یوں بیان فرمائی جس دن آپ دیکھیں گے ایمان والوں اور ایمان والیوں کو کہ نور ان کے آگے اور دائیں دوڑتا ہے بشارت ہے تمہیں آج باغات کی جن کے نیچے نہریں چلتی ہیں (**سات شخص قیامت کو عرش کے سایہ میں ہونگے**) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سات افراد وہ ہیں جن پر اللہ اپنے عرش کا سایہ کرے گا جس دن اس کے سائے کے سوا کوئی سایہ نہ ہوگا بادشاہ عادل اور وہ

**عـادل'' وَّشَـآبَ'' فِیْ عِبَادَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَرَجُلَانِ تَحَابًّا فِی اللّٰهِ وَرجُـل'' طَلَبَتْـهُ امْرَاَةٌ'' ذَاتُ حُسْنٍ وَّ جَمَالٍ فَقَالَ اِنِّیْ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعَـالَـمِیْنَ وَ رَجُل'' ذَکَرَ اللّٰهَ خَالِیًا عَنِ الرِّیَآءِ وَ فَاضَتْ عَیْنَاهُ مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ تَعَالٰی وَرَجُل'' تَصَدَّقَ بِیَمِیْنِهٖ فَاَخْفَا هَا حَتّٰی لَا یَعْلَمُ شِمَالُه' مَا یُنْفِقُ بِیَمِیْنِهٖ وَرَجُل'' قَلْبُه' مُعَلَّق'' بِا لْمَسْجِدِ اِذَا خَرَجَ مِنْـهُ حَتّٰـی یَعُوْدَاِلَیْـهِ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم اذاجَمَـعَ اللّٰـهُ الْـخَلَآئِقَ یُنَادِیْ مُنَادٍ اَیْنَ اَهْلُ الْفَضْلِ قَالَ فَیَقُوْمُ اُنَـاس'' وَّ هُـمْ یَسِیْـرُوْنَ سِرَاعًـا اِلَی الْـجَنَّةِ فَتَلَـقَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِکَةُ وَیَـقُوْلُوْنَ اِنَّا نَرٰکُمْ سِرَاعًا اِلَی الْجَنَّةِ فَمَنْ اَنْتُمْ یَقُوْلُوْنَ نَحْنُ اَهْلُ**

الْفَضْلِ فَيَقُوْلُوْنَ مَا كَانَ فَضْلُكُمْ يَقُوْلُوْنَ اِذَا ظُلِمَ عَلَيْنَا صَبَرْنَا وَ اِذَاسِيءَ اِلَيْنَا عَفَوْنَا فَيَقُوْلُوْنَ لَهُمُ الْجَنَّةُ فَهِيَ جَزَآءُ الْعَامِلِيْنَ ثُمَّ يُنَادِيْ مُنَادٍ اَيْنَ اَهْلُ الصَّبْرِ فَيَقُوْمُ اُنَاس'' وَّ هُمْ يَسِيْرُوْنَ

جوان جو اللہ تعالیٰ کی عبادت میں مشغول رہتا ہے اور وہ دو شخص جو اللہ کی رضا جوئی کے لئے آپس میں محبت کرتے ہیں اور وہ شخص جسے حسن و جمال والی عورت نے برائی کی طرف بلایا تو اس نے کہا بے شک میں اللہ رب العلمین سے ڈرتا ہوں اور وہ شخص جس نے اللہ کا ذکر بلا ریاء کیا اور اس کی آنکھیں اللہ کے خوف میں آنسو بہاتی تھیں اور وہ آدمی جس نے اپنے دائیں ہاتھ سے پوشیدہ صدقہ کیا یہاں تک کہ اس کے بائیں کو پتہ نہ چلا جو دائیں نے خرچ کیا اور وہ آدمی جس کا دل مسجد سے لگا رہا کہ جب اس سے نکلے تو بے چین رہے یہاں تک اس کی طرف لوٹے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب اللہ مخلوق کو جمع فرمائے گا تو ندا دینے والا ندا دے گا اہل فضیلت کہاں ہیں۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا پس اہل فضیلت لوگ کھڑے ہو جائیں گے اور وہ جنت کی طرف جلدی چلیں گے تو ملائکہ انہیں ملیں گے اور کہیں گے ہم تمہیں تیزی سے جنت کی طرف جاتے دیکھ رہے ہیں تو یہ بتاؤ کہ تم کون لوگ ہو وہ کہیں گے ہم اہل فضیلت ہیں تو فرشتے پوچھیں گے تمہاری فضیلت کیا تھی وہ بتائیں گے جب ہم پر ظلم ہوتا تو ہم صبر کرتے اور جب ہم سے بدسلوکی ہوتی تو ہم درگزر کرتے فرشتے کہیں گے جنت نیک کاروں ہی کی جزا ہے پھر منادی ندا کرے گا کہ صبر والے کہاں ہیں پس اہل صبر کھڑے ہو جائیں گے اور وہ جنت کی طرف جلدی چلیں گے۔

سِرَاعًا اِلَی الْجَنَّۃِ فَتَلَقَّتْھُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّا نَرٰکُمْ اِلَی الْجَنَّۃِ سِرَاعًا فَمَنْ اَنْتُمْ فَیَقُوْلُوْنَ نَحْنُ اَھْلُ الصَّبْرِ فَیَقُوْلُوْنَ مَا کَانَ صَبْرُکُمْ فَیَقُوْلُوْنَ کُنَّا نَصْبِرُ عَلٰی طَاعَۃِ اللّٰہِ وَ نَصْبِرُ عَنْ مَّعَاصِی اللّٰہِ فَیَقُوْلُوْنَ لَھُم اُدْخُلُوا الْجَنَّۃَ ثُمَّ یُنَادِیْ مُنَادٍ اَیْنَ الْمُتَحَابُّوْنَ فِی اللّٰہِ فَیَقُوْمُ اُنَاس" وَّ ھُمْ یَسِیْرُوْنَ اِلَی الْجَنَّۃِ سِرَاعًا فَتَلَقَّتْھُمُ الْمَلٰٓئِکَۃُ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّا نَرٰکُمْ سِرَاعًا اِلَی الْجَنَّۃِ فَمَنْ اَنْتُمْ فَیَقُوْلُوْنَ نَحْنُ مُتَحَابُّوْنَ فِی اللّٰہِ فَیَقُوْلُوْنَ مَاکَانَ تَحَابُّکُمْ فِی اللّٰہِ یَقُوْلُوْنَ کُنَّا نَتَحَابُّ فِی اللّٰہِ وَ نَتَبَاذَلُ فِی اللّٰہِ فَیَقُوْلُوْنَ لَھُمُ ادْخُلُوا الْجَنَّۃَ ثُمَّ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ وَیُوْضَعُ الْمِیْزَانُ لِلْحِسَابِ بَعْدَ دُخُوْلِ ھٰٓؤُلَآءِ الْجَنَّۃَ وَاَمَّا لِوَاءُ الْحَمْدِ فَوْقَ السَّمٰوٰتِ فَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ عَنْ صِفَۃِ لِوَآءِ الْحَمْدِ وَ طُوْلِہٖ فَقَالَ طُوْلُہٗ مَسِیْرَۃُ اَلْفِ سَنَۃٍ وَّ مَکْتُوْب"

اور انہیں ملائکہ ملیں گے اور کہیں گے کہ تحقیق ہم تمہیں جنت کی طرف جلدی جاتے دیکھتے ہیں یہ بتاؤ تو تم کون ہو وہ بتائیں گے ہم اہل صبر ہیں فرشتے پوچھیں گے تمہارا صبر کیا تھا وہ بتائیں گے کہ ہم اللہ کی اطاعت اور معصیت پر صبر کرتے تھے پس ملائکہ انہیں کہیں گے کہ تم جنت میں چلے جاؤ پھر منادی ندا کرے گا کہ کہاں ہیں اللہ کے لئے محبت کرنے والے تو کچھ لوگ کھڑے ہو کر جنت کی طرف جلدی سے چل پڑیں گے پس فرشتے ان سے ملیں گے اور کہیں گے ہم تمہیں جنت کی طرف جاتے دیکھتے ہیں یہ تو

بتاؤتم کون ہو پس وہ بولیں گے ہم اللہ کے لئے محبت کرنے والے ہیں تو ملائکہ پوچھیں گے بتاؤ تمہاری اللہ کے لئے محبت کیا تھی کہیں گے ہم اللہ کے لئے دوستی کرتے اور اللہ کے لئے خرچ کرتے تھے پھر فرشتے انہیں کہیں گے تم جنت میں داخل ہو جاؤ پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اور ان کے جنت میں داخل ہونے کے بعد حساب کے لئے میزان رکھا جائے گا فرمایا اور لوائے حمد آسمانوں کے اپر ہوگا

(لوائے حمد کی صفت) پس رسول اللہ ﷺ سے لوائے حمد کی صفت اور طول کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا کہ اس کا طول ہزار برس چلنے کی راہ ہے اور اس پر لکھا ہے۔

عَلَيْهِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّد" رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَ عَرْضُه' مَابَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ سِنَانُه' مِنْ يَاقُوْتٍ حَمْرَآءَ وَقَبْضَتُه' مِنْ فِضَّةٍ بَيْضَآءِ وَ زَبَرْجَدٍ خَضْرَآءَ وَلَه' ثَلٰثَةُ ذَوَآئِبَ مِنَ النُّوْرِ ذَآئِبَة" فِى الْمَغْرِبِ وَ ذَآئِبَة" فِى الْمَشْرِقِ وَذَآئِبَة" فِىْ وَسَطِ الدُّنْيَا وَ مَكْتُوْب" عَلَيْهَا ثَلٰثُ اَسْطُرٍ اَلسَّطْرُ الْاَوَّلُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَالسَّطْرُ الثَّانِىْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالسَّطْرُ الثَّالِثُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّد" رَّسُوْلُ اللّٰهِ. وَكُلُّ سَطْرٍ مَّسِيْرَةُ اَلْفِ سَنَةٍ وَّ عِنْدَه' سَبْعُوْنَ اَلْفَ لِوَآءٍ تَحْتَ كُلِّ لِوَآءٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ صَفٍّ مِّنَ الْمَلٰئِكَةِ وَ فِىْ كُلِّ صَفٍّ خَمْسَمِأَةِ اَلْفِ مَلَكٍ يُّسَبِّحُوْنَ اللّٰهَ وَ يُقَدِّسُوْنَه' وَقَالَ مُحَمَّدُ نِ الْجُرْجَانِىُّ فِى مَعْنَى لِوَاءِ الْحَمْدِ بِيَدَىَّ اِذَاكَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ كَانَ اللِّوَاءُ مَضْرُوْبًا وَّالْمُؤْمِنُوْنَ حَوْلَ لِوَآئِهٖ مِنْ لَّدُنْ اٰدَمَ اِلٰى قِيَامِ

السَّاعَةِ وَيَكُوْنُ الْكُفَّارُ فِيْ نَاحِيَةٍ مِّنَ النَّارِ مَادَامَ لِوَآءُ الْحَمْدِ مَضْرُوْبًا وَّاِذَا حُوِّلَ

لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ: اوراس کا عرض آسمان وزمین کے درمیان کی خلاء کے برابر ہے۔ اوراس کے نوک سرخ یاقوت سے ہے اوراس کا قبضہ سفید چاندی اور سبز زبرجد سے ہے اوراس کے تین گیسونور سے ہیں ایک گیسو جانب مغرب اور دوسرا جانب مشرق اور تیسرا وسط دنیا میں اوراس پہ تین سطریں لکھی ہیں سطر اول پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور دوسری سطر پر الحمد للہ رب العلمین اور تیسری سطر پر لکھا ہے۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اوران میں ہر سطر ایک ہزار سال چلنے کی مسافت کے برابر ہوگی اوراس کے قریب ستر ہزار جھنڈے ہونگے اور ہر جھنڈے کے نیچے ستر ہزار ملائکہ کی صفیں ہونگی اور ہر صف میں پانچ لاکھ فرشتے ہونگے جو سب اللہ کی تسبیح وتقدیس بیان کرتے ہونگے اور امام محمد جرجانی رحمتہ اللہ علیہ نے نبی پاک ﷺ کے اس ارشاد کی لواء حمد میرے ہاتھ میں ہوگا کی شرح میں فرمایا جب روز قیامت ہوگا تو لوائے حمد نصب کیا جائے گا اور آدم علیہ السلام سے قیامت تک کے تمام مومنین جھنڈا کے اردگرد جمع ہونگے اور کفار آگ کے کنارے رہیں گے جب تک جھنڈا نصب رہا اور جب لوائے حمد گھمایا جائے گا تو کفار دوزخ کی طرف چلائے جائیں گے۔

اِلْوَآءُ فَحِ يُسَاقُ الْكُفَّارُ اِلَى النَّارِ وَ فِيْ الْخَبَرِ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ يُنْصَبُ لِوَآءُ الصِّدْقِ لِاَبِيْ بَكْرِنِ الصِّدِّيْقِ وَكُلُّ صَدِّيْقٍ تَحْتَ لِوَآئِهٖ وَ لِوَآءُ الْعَدْلِ لِعُمَرَ وَكُلُّ عَادِلٍ تَحْتَ لِوَآءٍ لِوَآءُ السَّخَاوَةِ لِعُثْمَانَ

marfat.com

وَكُلُّ سَخِيٍّ تَحْتَ لِوَآئِهٖ وَلِوَآءُ الشَّهَادَةِ لِعَلِيٍّ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ وَ كُلُّ شَهِيْدٍ تَحْتَ لِوَآئِهٖ وَلِوَآءُ الْفِقْهِ لِمُعَاذِبْنِ جَبَلٍ وَّكُلُّ فَقِيْهٍ تَحْتَ لِوَآئِهٖ وَلِوَاءُ الزُّهْدِ لِاَبِيْ ذَرٍ وَّكُلُّ زَاهِدٍ تَحْتَ لِوَآئِهٖ وَ لِوَآءُ الْفَقْرِ لِاَبِي الدَّرْدَاءِ وَكُلُّ فَقِيْرٍ تَحْتَ لِوَآئِهٖ وَلِوَاءُ الْقِرَآءَةِ لِاُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ وَّكُلُّ قَارِيٍ تَحْتَ لِوَآئِهٖ وَلِوَآءُ الْاَذَانِ لِبَلَالٍ وَكُلُّ مُؤَذِّنٍ تَحْتَ لِوَآئِهٖ وَلِوَآءُ الْمَقْتُوْلِ ظُلْمًا لِحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ وَكُلُّ مَقْتُوْلٍ ظُلْمًا تَحْتَ لِوَآئِهٖ فَذٰلِکَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍ بِاِمَامِهِمْ وَ فِي الْخَبَرِ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ يَقُوْمُ الْخَلَائِقُ وَيَشْتَدُّبِهِمُ الْعَطْشُ وَ يَهْجَمُهُمُ الْعَرَقُ وَيَكُوْنُوْنَ فِيْ

اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب روز قیامت ہوگا تو لوائے صدق حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے لئے نصب کیا جائے گا اور ہر صدیق ان کے جھنڈے کے نیچے ہوگا اور عدل کا جھنڈا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے لئے نصب کیا جائے گا اور ہر عادل اس کے جھنڈے کے نیچے ہوگا اور سخاوت کا جھنڈا حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے لئے نصب کیا جائے گا اور ہر سخی ان کے جھنڈے کے نیچے ہوگا اور شہادت کا جھنڈا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لئے نصب کیا گیا اور ہر شہید جھنڈے کے نیچے ہوگا اور فقہ کا جھنڈا حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے لئے نصب کیا جائے گا اور ہر فقیہ اس کے جھنڈے کے نیچے ہوگا اور زہد کا جھنڈا ابوذر کے لئے نصب کیا جائے گا اور ہر زاہد اس کے جھنڈے کے نیچے ہوگا اور فقر کا جھنڈا ابودرداء کے لئے نصب کیا جائے گا اور

ہر فقیر اس کے جھنڈے کے نیچے ہوگا اور قرات کا جھنڈا ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے لئے نصب کیا جائے گا اور ہر قاری اس کے جھنڈا کے نیچے ہوگا اور اذن کا جھنڈا بلال رضی اللہ عنہ کے لئے نصب کیا جائے گا اور ہر مؤذن ان کے جھنڈے کے نیچے ہوگا اور ظلماً مقتول کا جھنڈا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے نصب کیا جائے گا اور ہر ظلماً مقتول ان کے جھنڈے کے نیچے ہوگا پس یہ بیان اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کا مصداق ہے کہ جس دن ہم ہر گروہ کو ان کے امام کے ساتھ بولائیں گے اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب روز قیامت ہوگا تو سب مخلوق کھڑی ہوگی تو پیاس ان کو سخت ہوگی اور پسینہ ان کے گرد جمع ہوگا اور وہ حیرت میں ڈوبے ہوں گے

حیرۃ فیبعث اللّٰہ تعالٰی جبرآئیل الٰی محمدٍ صلّی اللّٰہ علیہ وآلہٖ وسلّم فیقول اللّٰہ تعالٰی لجبرآئیل یا جبرآئیل قل لمحمدٍ یقول لامّتہٖ حتّٰی یدعوننی بالاسم الّذی کانوا یدعوننی بہٖ فی الدّنیا عند الشّدآئد فینادی الامّۃ المحمّدیّۃ بلسانٍ وّاحدٍ وّ یقولون بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم وح یقضی اللّٰہ القضآء بین الخلائق ثمّ یقول اللّٰہ تعالٰی لسآئر الامم لو لم یکن ذکر المحمّدیّۃ لی بھٰذا لاسم لابقیت القضاء علیکم الف عامٍ ثمّ یقضی اللّٰہ تعالٰی بین الوحوش والطّیور والبھآئم حتّٰی انّہ یقتصّ للجمّآء من ذات القرن ثمّ یقول اللّٰہ تعالٰی للوحوش والطّیور والبھآئم کونوا ترابًا فیکونوا ترابًا فعند ذٰلک یقول الکفر یلیتنی کنت ترابًا قال مقاتل "عشرۃ" من

marfat.com

الْحَيْوَانِ فِي الْجَنَّةِ نَاقَةُ صَالِحٍ وَّ عِجْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَ كَبْشُ اِسْمٰعِيْلَ وَ بَقَرَةُ مُوْسٰى وَ حُوْتُ يُوْنُسَ وَ حِمَارُ عُزَيْرٍ وَ نَمْلَةُ سُلَيْمَانَ

اور پھر اللہ تعالیٰ جبریل علیہ السلام کو حضرت محمد ﷺ کے پاس بھیجے گا پس اللہ تعالیٰ جبریل سے فرمائے گا کہ اے جبریل محمد ﷺ کو کہہ دو کہ وہ اپنی امت سے فرمادے کہ مجھے میرے اس نام سے پکاریں جس سے مجھے دنیا میں سختیوں کے وقت پکارتے تھے تو امت محمدیہ سب ایک ہی زبان بولیں گے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں گے اور اس وقت اللہ مخلوق کے درمیان فیصلہ فرمادے گا اس کے بعد اللہ تعالیٰ سب امتوں سے فرمائے گا اگر امت محمدیہ مجھے اس نام سے نہ پکارتی تو میں تم پر ہزار سال تک فیصلہ نہ کرتا۔ پھر اللہ تعالیٰ وحشی جانوروں اور پرندوں اور چوپاؤں کے درمیان فیصلہ فرمائے گا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ بدلہ لے گا بے سینگ والے جانور کا سینگ والے سے اگر اس نے اسے مارا ہوگا۔ پھر اللہ تعالیٰ وحشی جانوروں اور پرندوں اور چوپاؤں سے فرمائے گا مٹی ہو جاؤ تو اسی وقت مٹی ہو جائیں گے اور کفار کہیں گے کاشکہ ہم مٹی ہوتے (دس جنتی حیوان) حضرت مقاتل رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ حوانات میں سے دس جنت میں جائیں گے صالح علیہ السلام کی اونٹنی اور ابراہیم علیہ السلام کا بچھڑا اور اسماعیل علیہ السلام کا دنبہ اور موسیٰ علی السلام کی گائے اور یونس علیہ السلام کی مچھلی اور عزیز علیہ السلام کا گدھا سلیمان علیہ السلام کی چیونٹی اور بلقیس کا ہدہد

10
وَهُدْهُدُ بِلْقِيْسَ وَ نَاقَةُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَ كَلْبُ

اَصُحَابِ الْكَهْفِ يُصَوِّرُهُ اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی صُوْرَةِ كَبْشٍ وَّ يُدْخِلُه' فِي الْجَنَّةِ آلاتَرٰی اَنَّ الْكَلْبَ اِذَا دَخَلَ وَسَطَ الْاَحِبَّآءِ فَلَمْ يُطْرِدُوْهُ وَ الْعَاصِيْ اِذَا دَخَلَ فِيْ كَهْفِ التَّوْحِيْدِ مُدَّةَ خَمْسِيْنَ سَنَةً فَكَيْفَ اَطْرَدَه' عَنِ الرَّحْمَةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاسْمُ الْكَلْبِ زَائِلٌ" عَنْهُ وَ يُسَمُّوْنَه' فَرَاوَنَ وَقِيْلَ حِرْمَانَ وَ قِيْلَ قِطْمِيْرٌ وَّ يَكُوْنُ لَوْنُه' اَصْفَرَ وَ قِيْلَ يُؤْتٰی بِعَالِمٍ يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنْ عُلَمَآءِ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ فَيَقِفُ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰی يَاجِبْرَآئِيْلُ خُذْبِيَدِهٖ وَاذْهَبْ بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم فَيَاْخُذُ جِبْرَآئِيْلُ بِيَدِهٖ وَيَاْتِيْ بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم وَهُوَعَلٰی شَاطِيِ الْحَوْضِ يَسْقِي النَّاسَ بِالْاٰنِيَةِ فَيَقُوْمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَ يَسْقِي الْعَالِمَ بِكَفِّهٖ فَيَقُوْلُ النَّاسُ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ تَسْقِيْنَا بِالْاٰنِيَةِ وَ تَسْقِي الْعَالِمَ بِكَفِّكَ

اور حضور ﷺ کی اُمتی اور اصحاب کھف کا کتا کہ اللہ تعالیٰ اس کی شکل دنبے کی صورت پر کردے گا اور اس کو جنت میں داخل فرمائے گا کیا تو نہیں دیکھتا کہ تحقیق کتا جب دوستوں میں داخل ہوا تو انہوں نے اسے نہ بھگایا اور گنہگار جب داخل رہا توحید کی پناہ گاہ میں عرصہ پچاس سال تو اللہ روز قیامت اسے اپنی رحمت سے کیسے بھگائے گا اور اس کا نام کتا اس سے زائل ہو گیا اور اس کا نام فروان رکھا گیا ہے اور حرمان بھی کہا گیا ہے اور قطمیر بھی کہا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ رنگ اس کا زرد ہوگا۔ ( عالم دین کا مقام ) اور روایت کیا گیا ہے کہ

روز قیامت امت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علماء سے ایک عالم لایا جائے گا تو اللہ فرمائے گا اے جبرئیل اس کا ہاتھ پکڑو اور نبی ﷺ کے پاس لیجاؤ اور آپ اس وقت حوض کے کنارے پر لوگوں کو برتنوں میں پلاتے ہوں گے پس جبریل اس کا ہاتھ تھام کر حضور ﷺ کے پاس لائیں گے۔ پس رسول اللہ ﷺ اٹھ کر اسے اپنے دست مبارک کے چلو سے پلائیں گے تو لوگ عرض گزار ہوں گے یا رسول اللہ آپ نے ہمیں برتنوں کے ساتھ پلایا اور اس عالم کو اپنے چلو سے پلاتے ہو۔

فَیَقُوْلُ نَعَمْ لِاَنَّ النَّاسَ کَانُوْا مُشْتَغِلِیْنَ فِی الدُّنْیَا بِالتِّجَارَاةِ الْعَالِمُوْنَ مُشْتَغِلُوْنَ بِالْعِلْمِ قَالَ اَلْفَقِیْهُ اَبُو الَّیْثِ السَّمَرْقَنْدِیُّ فُضَلُ الْاَعْمَالِ مَوَالَاتُ الْاَوْلِیَآءِ وَمُعَادَاتُ الْاَعْدَآءِ وَعَلٰی هٰذَا جَآءَ فِی الْخَبَرِ اَنَّ مُوْسٰی عَلَیْهِ السَّلَامُ نَاجٰی رَبَّه‘ فَقَالَ لَهُ الرَّبُّ هَلْ عَمِلْتَ لِیْ قَطُّ قَالَ اِلٰهِیْ صَلَّیْتُ وَ صُمْتُ وَ حَمِدْتُ لَکَ وَ تَصَدَّقْتُ لِاَجْلِکَ وَ سَبَّحْتُ لَکَ حَجَجْتُ لَکَ وَ قَرَءْ تُ لَکَ کِتَابَکَ وَ ذَکَرْتُکَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی یٰمُوْسٰی اَمَّا الصَّلٰوةُ فَلَکَ بُرْهَان‘‘ وَّ اَمَّا الصَّوْمُ فَلَکَ جُنَّة‘‘ وَّ اَمَّا الصَّدَقَةُ فَلَکَ ظِلّ‘‘ وَّ اَمَّا التَّسْبِیْحُ فَلَکَ اَشْجَار‘‘ فِی الْجَنَّةِ وَ اَمَّا قِرَآءَ تُکَ کِتَابِیْ فَلَکَ حُوْر‘‘ وَّ قُصُوْر‘‘ وَّ اَمَّا ذِکْرُکَ فَنُوْر‘‘لَّکَ فَهٰذَا کُلُّه‘ لَکَ یٰمُوْسٰی فَاَیَّ عَمَلٍ عَمِلْتَ لِیْ فَقَالَ دُلَّنِیْ یَارَبِّ عَلٰی عَمَلِکَ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰی یَامُوْسٰی هَلْ وَالَیْتَ اَوْلِیَآءِ یْ قَطُّ وَ هَلْ عَادَیْتَ اَعْدَآءِ یْ قَطُّ

فَعَلِمَ مُوْسٰی اَنَّ اَفْضَلَ الْاَعْمَالِ اَلْحُبُّ

آپ فرمائیں گے اس لئے کہ لوگ دنیا میں تجارت کے ساتھ مشغول رہے اور علماء علم کے ساتھ مشغول رہنے والے ہیں۔ اور فقیہ الواللیث سمرقندی نے فرمایا کہ سب سے اچھا عمل اولیاء اللہ سے دوستی اور اللہ کے دشمنوں سے دشمنی رکھنا ہے اور اسی طرح حدیث میں آیا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے مناجات کی تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے موسیٰ کیا کبھی تو نے میرے لئے کوئی عمل کیا ہے اس نے عرض کی الٰہی میں نے تیرے لئے نماز پڑھی اور روزہ رکھا اور تیری حمد کی اور تیرے لئے صدقہ دیا اور تیری تسبیح کی اور تیرے لئے حج کیا اور تیری کتاب کو پڑھا اور تیرا ذکر کیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے موسیٰ نماز تو تیرے لئے دلیل ہے اور روزہ تیرے لئے ڈھال ہوگا اور بر حال صدقہ پس تیرے لئے سایہ ہوگا اور تسبیح سے تیرے لئے جنت میں درخت ہوں گے اور تیرا میری کتاب پڑھنے کا بدلہ جنت میں حوریں اور محلات ہیں اور میرا ذکر تیرے لئے نور ہوگا تو اے موسیٰ ان سب کاموں کا فائدہ تجھے ہے پس آپ بتائیں کہ میرے لئے کونسا عمل ہے جو تو نے کیا ہو تو موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی اے میرے پروردگار مجھے بتا کہ تیرے لئے کون سا عمل ہے (**اللہ کے ولی سے محبت اور دشمن سے عداوت اصل اعمال ہے**) اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے موسیٰ تو نے کبھی میرے ولیوں سے دوستی کی اور میرے دشمنوں سے دشمنی رکھی پس حضرت موسیٰ علیہ السلام سمجھ گئے کہ بلاشبہ سب اعمال سے افضل عمل اللہ کی رضا میں محبت کرنا

فِی اللّٰہِ وَالْبُغْضُ فِی اللّٰہِ ثُمَّ یَقْضِیْ بَیْنَ الْخَلَآئِقِ اِذَا وَقَفُوْا بَیْنَ یَدَیْ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ فَیُقَالُ اَیْنَ اَصْحٰبُ الْمَظَالِمِ فَیُنَادُوْنَ رَجُلاً فَیُؤْخَذُ مِنْ حَسَنَاتِہٖ وَ یُدْفَعُ اِلٰی مَنْ ظَلَمَہٗ یَوْمَ لَا دِیْنَارًا وَّ لَا دِرْھَمًا

marfat.com

فَلاَ یَزَالُ یَسْتَوْفُوْنَ حَسَنَاتِہٖ حَتّٰی لاَ یَبْقٰی حَسَنَةٌ" فَیُؤْخَذُ مِنْ سَیِّاٰتِہٖ فَرُدَّ عَلَیْہِ فَاِذَا فَرَغَ مِنْ حَسَنَاتِہٖ یُقَالُ لَہٗ ارْجِعْ اِلٰی اُمِّکَ الْھَاوِیَةِ فَاِنَّہٗ' لاَ ظُلْمَ الْیَوْمَ اِنَّ اللّٰہَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ یَعْنِی سَرِیْعَ الْمَجَازَاتِ وَعَلٰی ھٰذَا فِی الْخَبَرِ اَوْحَی اللّٰہُ تَعَالٰی اِلٰی مُوْسٰی قُلْ لِقَوْمِکَ اِفْعَلُوْا خَصْلَةً وَّاحِدَةً اُدْخِلُھُمُ الْجَنَّةَ قَالَ وَ مَا ھِیَ قَالَ اَنْ یُّرْضُوْہُ خُصَمَآءَ ھُمْ قَالَ اِلٰھِیْ اِنْ کَانُوْا قَدْمَا تُوْا قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی یٰمُوْسٰی فَاِنِّیْ حَیٌّ" لَّا یَمُوْتُ فَلْیُرْضُوْنِیْ قَالَ کَیْفَ یُرْضُوْنَکَ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی بِاَرْبَعَةِاَشْیَآءَ بِنَدَامَةِ الْقَلْبِ وَالْاِسْتِغْفَارِ بِاللِّسَانِ وَدُمُوْعِ الْعَیْنِ وَخِدْمَةِ الْجَوَارِحِ بَاب" فِیْ ذِکْرِ قُرْبِ الْجَنَّةِ قَالَ

اور اللہ کی رضا میں دشمنی رکھتا ہے پھر وہ مخلوق کے درمیان فیصلہ فرمائے گا جب وہ رب العلمین کی بارگاہ میں کھڑے ہونگے پھر فرمایا جائے گا کہاں ہیں ظلم کرنے والے تو فرشتے ایک ظالم شخص کو بلائیں گے تو اس کی نیکیوں سے لیکر ستم رسیدہ کو دی جائیں گی جس دن کہ دینار درہم نہ ہوں گے پس پھر ظلم رسیدہ کی بدیاں اس پر ڈالی جائیں گی تو جب وہ نیکیاں سے خالی ہاتھ ہو جائے گا اسے کہا جائے گا کہ لوٹ تو اپنی مادر ہاویہ کی طرف پس آج دن ظلم نہ ہوگا بے شک اللہ جلد حساب لینے والا ہے یعنی جلد بدلے لینے والا اور اسی بناء پر حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو وحی کی کہ اپنی امت سے فرمادیجئے کہ تم ایک کار خیر کرو میں جنت میں داخل کرلوں گا۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی وہ کار خیر کیا ہے فرمایا وہ یہ کہ حقوق والوں کو راضی کرلیں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی اگر وہ فوت ہو چکے ہوں تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے موسیٰ بے شک میں تو زندہ ہوں اور کبھی نہیں مروں گا پس

انہیں چاہیے کہ مجھے راضی کرلیں عرض کی یا اللہ تجھے کیسے راضی کریں اللہ تعالیٰ نے فرمایا چار چیزوں سے ندامت دل اور استغفار زبان اور آنکھ کے آنسو اور طاعت اعضاء کے ساتھ۔

باب نمبر ۲۸ (جنت قریب ہونے کے بیان میں) اللہ تعالیٰ نے فرمایا

اَللّٰهُ تَعَالٰى وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ وَفِي الْخَبَرِ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا جِبْرَآئِيْلُ قَرِّبِ الْجَنَّةَ لِلْمُتَّقِيْنَ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمَ لِلْغٰوِيْنَ فَيُقَرَّبُ الْجَنَّةُ اِلٰى يَمِيْنِ الْعَرْشِ وَالْجَحِيْمُ اِلٰى يَسَارِ الْعَرْشِ ثُمَّ يُمَدُّ الصِّرَاطُ عَلَى النَّارِ وَيُنْصَبُ الْمِيْزَانُ ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ اَيْنَ صَفِيِّ آدَمُ وَاَيْنَ خَلِيْلِيْ اِبْرَاهِيْمُ وَاَيْنَ كَلِيْمِيْ مُوْسٰى وَاَيْنَ رُوْحِيْ عِيْسٰى وَاَيْنَ حَبِيْبِيْ مُحَمَّدُنِ الْمُصْطَفٰى قِفُوْا عَنْ يَّمِيْنِ الْمِيْزَانِ ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا رِضْوَانُ افْتَحْ اَبْوَابَ الْجِنَانِ وَيَا مَالِكُ افْتَحْ اَبْوَابَ النِّيْرَانِ ثُمَّ يَجِيْءُ مَلَكُ الرَّحْمَةِ مَعَ الْحُلَلِ وَمَلَكُ الْعَذَابِ مَعَ السَّلَاسِلِ وَالْاَغْلَلِ وَالْاَثْوَابِ مِنَ الْقِطْرَانِ وَيُنَادِيْ مُنَادٍ يَّا مَعْشَرَ الْخَلَائِقِ اُنْظُرُوْا اِلَى الْمِيْزَانِ فَاِنَّهُ يُوْزَنُ عَمَلَ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ ثُمَّ يُنَادِيْ مُنَادٍ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ خُلُوْدٌ" لَكُمْ لَا مَوْتَ فِيْهَا وَيَا اَهْلَ النَّارِ خُلُوْدٌ" لَكُمْ لَا مَوْتَ فِيْهَا فَذٰلِكَ قَوْلُهٗ تَعَالٰى وَاَنْذِرْهُمْ

اور جب پرہیزگاروں کے لئے جنت قریب کر دی جائے گی اور گمراہوں کے لئے جہنم ظاہر کر دی جائے گی اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب قیامت کا دن ہوگا اللہ تعالیٰ فرمائے

گا اے جبریل جنت پرہیزگاروں سے قریب کردو اور جہنم گمراہوں کے لئے ظاہر کردو پس جنت عرش کے دائیں قریب کی جائے اور جہنم عرش کے بائیں پھر صراط جہنم کے دھانے بچھادی جائے گی اور میزان قائم کر دیا جائے گا پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہاں ہے میرا صفی آدم اور کہاں ہے میرا خلیل ابراہیم اور کہاں ہے میرا کلیم موسیٰ اور کہاں ہے میرا روح عیسیٰ اور کہا ں ہے میرا حبیب محمد مصطفیٰ ﷺ سب میزان کی دائیں جانب کھڑے ہو جاؤ پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ اے رضوان جنت کے دروازے کھول دو اور اے مالک فرشتہ جہنم کے در وازے کھول دے اور پھر رحمت کا فرشتہ جنتی خلعتیں لیکر آئے گا اور عذاب کا فرشتہ زنجیروں اور طوق اور قطران کے لباس لے کر آئے گا اور منادی ندا کرے گا کہ اے گروہ خلق میزان کو دیکھو پس وہ فلاں بن فلاں کے عمل تول رہا ہے پھر منادی ندا کریگا کہ اے اہل جنت تمہارے لئے ہیشگی ہے کہ جنت میں موت نہیں پس اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ۔ اے محبوب انہیں ذرا افسوس وپشیمانی کے دن سے جب کام پورا ہو جائے گا۔

**يَوْمَ الْحَسْرَةِ اِذْ قُضِيَ الْاَمْرُ بَابٌ فِيْ ذِكْرِ اَعْظَمِ السَّاعَةِ عَلَى الْعَبْدِ فِيْ الدُّنْيَا عِنْدَ خُرُوْجِ رُوْحِهٖ اِذَا شَخَصَتْ عَيْنَاهُ وَانْتَشَرَتْ مِنْخَرَاهُ وَتَسَاقَطَتْ شَفَتَاهُ وَاصْفَرَّتْ خَدَّاهُ وَاخْضَرَّتْ اَظْفَارُهُ وَعَرِقَ جَبْهَتُهٗ وَاشْتَدَّتْ حَالُهٗ وَاَعْضَآءُ هٗ وَانْعَقَدَ لِسَانُهٗ وَلَا يُجِيْبُ جَوَابًا وَّلَا يَرُدُّ كَلَامًا وَّقَدْ عَايَنَ بِمَا قَدَّمَ عَلٰى مَا خَلَّفَ مِنْ اَمْوَالِهٖ وَبَطَلَ مَا سَلَفَ مِنْ اَحْوَالِهٖ وَاسْتَرْخَتْ مَفَاصِلُهٗ وَانْقَطَعَتْ اٰمَالُهٗ وَبَعُدَتْ مِنْهُ اَجْزَا ؤُهٗ وَتَفَرَّقَ عَنْهُ اَقْرِبَآؤُهٗ وَوَدَّعَهُ الْمَلَكَانِ فَيَبْقٰى مُتَغَيِّرًا اَقَدْ تَغَيَّرَتْ عَقْلُهٗ وَيَتَمَكَّنُ الشَّيْطٰنُ مِنِ اخْتِلَاسِهٖ فَتِلْكَ السَّاعَةُ عَظِيْمَةٌ" عَلَيْهِ**

وَقَدْ اُغْلِقَ بَابُ التَّوْبَةِ فَاَفْضَلُ مَا يَقُوْلُ فِي ذٰلِکَ الْوَقْتِ كَلِمَةُ الشَّهَادَةِ وَاَمَّا اَعْظَمُ السَّاعَةِ تَرِدُ عَلَيْهِ فِيْ الْاٰ خِرَةِ اِذَا نُفِخَ فِيْ الصُّوْرِ وَبُعِثَ مَا فِيْ الْقُبُوْرِ وَتَعَلَّقَ الْمَظْلُوْمَ بِالظَّالِمِ وَيَكُوْنُ

باب نمبر۲۹ (روح نکلتے وقت دنیا میں بندہ پر مشکل گھڑی کے بیان میں

) جب اس کی آنکھیں کھلی رہے جائیں گے اور اس کے ناک کے سوراخ کشادہ ہو جائیں گے اور اس کے ہونٹ لٹکتے ہوں گے اور اس کے رخسار زرد پڑ جائیں گے اور اس کے ناخن سبز ہو جائیں گے اور اس کی پیشانی پسینہ بہاتی ہوگی اور اس کا حال سخت ہوگا اور زبان اس کی رک جائے گی اور نہ جواب دے سکے گا اور نہ کلام کر سکے گا اور دیکھے گا جو آگے بھیجا اور جو اپنے مالوں سے پیچھے چھوڑا اور اس کے گزرے احوال باطل ہو جائیں گے اور اس کے بدن کے اجزاء متفرق ہو جائیں گے اور اس کے اہل قرابت جدا ہو جائیں گے اور اُسے دونوں فرشتے چھوڑ جائیں گے پس وہ متحیر و پریشان رہے جائے گا اور اس کی عقل متغیر ہو جائے گی اور شیطان اس کا ایمان چھیننے پر قادر ہوگا تو وہ وقت اس پر بہت مشکل ہوگا اور توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا پس افضل ہے کہ اس وقت بندہ کلمہ پڑھتا رہے اور بر حال مشکل وقت بندہ پر قیامت کو وہ ہے جب صور پھونکا جائے گا اور لوگ قبروں سے اٹھائے جائیں گے اور مظلوم ظالم سے لٹک رہا ہوگا اور فرشتے گواہ ہوں گے۔

الشُّهُوْدُ الْمَلٰئِكَةُ وَالسَّآئِلُ هُوَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَالْعَذَابُ فِيْ جَهَنَّمَ وَ النَّعِيْمُ فِيْ الْجَنَّةِ وَ تَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى وَتَرَى النَّاسَ سُكَارٰى وَمَا هُمْ بِسُكَارٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ وَتَرَى الْوَلْدَانَ الْوِلْدَانَ شِيْباً فِيْ ذٰلِکَ الْيَوْمِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنْ كَانَتْ اِلَّا

maktabah.org

اَلْفَ صَفٍّ مِّنَ الْمَلٰئِكَةِ كُلُّ صَفٍّ مِثْلُ الثَّقَلَيْنِ سَبْعِيْنَ اَلْفَ مَرَّةٍ يَجُرُّوْنَهَا بِزِمَامِهَا وَلِجَهَنَّمَ اَرْبَعُ قَوَآئِمَ كُلُّ قَائِمَةٍ مَّسِيْرَةُ اَلْفِ سَنَةٍ وَّلَهَاثَلٰثُوْنَ اَلْفَ رَاْسٍ وَّ فِیْ كُلِّ رَاْسٍ اَلْفَ فَمٍ وَّفِیْ كُلِّ فَمٍ ثَلٰثُوْنَ ضِرْسٍ مِّثْلُ جَبَلِ اُحُدٍ ثَلٰثُوْنَ اَلْفَ مَرَّةٍ وَّ لِكُلِّ فَمٍ شَفَتَانِ وَ كُلُّ شَفَةٍ مِّثْلُ اِطْبَاقِ الدُّنْيَا وَفِیْ كُلِّ شَفَةٍ سَلٰسِلُ مِنْ حَدِيْدٍ وَ فِیْ كُلِّ سِلْسِلَةٍ مِنْهَا سَبْعُوْنَ اَلْفَ حَلْقَةٍ فَتُمْسِكُ كُلَّ حَلْقَةٍ مَّلٰئِكَةٌ" كَثِيْرَةٌ" وَّيُؤْتٰی بِهَا عَنْ يَسَارِ الْعَرْشِ وَ هِیَ قَوْلُهٗ تَعَالٰی تَرْمِیْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ بَاب" فِیْ ذِكْرِ سَوْقِ النَّاسِ اِلَى النَّارِ قِيْلَ يُسَاقُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ تَعَالٰی اِلَى النَّارِ وَتَسْوَدُّ وُجُوْهُهُمْ وَ تَزْرَقُّ اَعْيُنَهُمْ وَ يُخْتَمُ عَلٰی اَفْوَاهِهِمْ فَاِذَا انْتَهَوْ بِهِ اِلٰی اَبْوَابِهَا

عرض کی میں ڈرتا ہوں کہ کہیں مبتلا ہو جاؤں اس سے جس سے مبتلا ہوئے ہاروت وماروت یہ ہے بات جس نے مجھے رلایا پس اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کی طرف وحی کی کہ اے محمد ﷺ اور اے جبرائیل بے شک میں نے تمہیں دوزخ سے دور کیا لیکن تم اپنی گریہ زاری نہ چھوڑو۔ باب نمبر ۳۵۔(جہنم کے بیان میں) حضرت عبداللہ ابن عباسؓ سے مروی ہے کہ فرمایا روز قیامت جہنم ساتویں زمین کے نیچے لائی جائے گی اور اس کے اردگرد ستر ہزار صفیں ملائکہ کی ہوں گی اور ہر صف ان کی جن وانس کے ستر ہزار گنا ہوگی جو جہنم کو اس کی لگام کے ساتھ کھینچ

لائیں گےاور جہنم کیلئے چار پاؤں ہیں اور ہر پاؤں ہزار سال چلنے کی راہ ہےاور اس کےتیس ہزار سر ہیں اور ہر سر پر تیس ہزار منہ اور ہر منہ میں تیس ہزار دانت ہیں ہر دانت تیس ہزار درجہ احد پہاڑ سے بڑا ہےاور منہ کے دو ہونٹ ہیں اور ہر ہونٹ دنیا کے برابر ہےاور ہر ہونٹ میں لوہے کے زنجیر ہیں اوران میں ہر زنجیر کیلئے ستر ہزار حلقے ہیں اور حلقہ کو کثیر ملائکہ اٹھائے ہوئے ہیں اور اسے عرش کی بائیں جانب لایا جائے گا اور یہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔آگ شرارے نکالے گی مکان کی طرح (بلند)۔

باب نمبر ۳۶۔(**لوگوں کے جہنم کی طرف جانے کے بیان میں**)۔بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دشمنوں کو جہنم کی طرف اس طرح لایا جائے گا کہ ان کے چہرے سیاہ آنکھیں نیلی اوران کے مینوں پر مہر کر دیجائے گی پس جب وہ دوزخ کے دروازوں کے پاس پہنچیں گے۔

**تَسْتَقْبِلُ لَهُمُ الزَّبَانِيَةُ بِاَغْلٰلِ وَ السَّلٰسِلِ تُوْضَعُ فِیْ فَمِهِمْ وَ تُخْرَجُ مِنْ دُبُرِهِمْ وَتُغَلُّ اَيْدِهِمُ الشَّمَآئِلَ عَلٰى اَعْنَاقِهِمْ وَيُدْخَلُ اَيْدِيَهِمُ الْيَمِيْنَ فِى قُلُوْبِهِمْ وَتُنْزَعُ مِنْ بَيْنِ كَتِفَيْهِمْ تُشَدُّبِالسَّلٰسِلِ وَيُقْرَنُ كُلُّ اٰدمِيَ مَعَ الشَّيْطٰنِ فِیْ سِلْسِلَةٍ وَّيُسْتَحَبُ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ وَ تَضْرِبُهُمُ الْمَلٰئِكَةُ بِمَقَامِع مِنْ حَدِيْدٍ كُلَّمَآ اَرَادُوْ اَنْ يُّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْ فِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ كَمَا قَالَ اللّٰهُ**

تعالٰی كُلَّمَآ اَرَادُوْ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا اُعِيْدُوْ افِيْهَا وَقِيْلَ لَهُمْ ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ثُمَّ قَالَتْ فَاطِمَةُ ؓ يَارَسُوْلَ اللّٰه هَلْ تُسَاقُ اُمَّتُكَ كَيْفَ يَدْخُلُوْنَهَا قَالَ بَلٰى يَسُوْقُهُمُ الْمَلٰئِكَةُ وَلَا تَسْوَدُّ وُجُوْهُهُمْ وَلَا تَزْرَقُّ اَعْيُنُهُمْ وَلَا يُخْتَمُ عَلٰى اَفْوَاهِهِمْ وَلَا يُقْرَنُوْنَ مَعَ لشَّيٰطِيْنَ وَلَا تُوْضَعُ عَلَيْهِمُ السَّلٰسِلُ الشَّيْخُ والْاَغْلٰلُ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ يَقُوْدُهُمُ الْمَلٰئِكَةُقَالَ فِيْهِمْ ثَلٰثَةُ نَفَرٍ اَلشَّيْخُ اُلْفَاسِقُ وَالشَّابُ الْعَاصِى وَالْمَرْءَ ةُ الْفَا جِرَةُ فَاَمَّا الرِّجَالُ فَيُوْخَذُوْنَ بِاللِّحْيَةِ وَيُقَادُوْنَ وَاَمَّا النِّسَآءُ فَتُوْخَذُ بِالذَّوَآئِبِ وَ كَمْ مَنْ شَيْبَةٍ مِّنْ

تو عذاب کے فرشتے طوق اور زنجیریں لے کر ان کی طرف بڑھیں گے اور زنجیریں ان کے سینوں پر رکھی جائیں گی اور ان کی شرمگاہوں سے نکالی جائیں گی اور زنجیروں سے ان کے بائیں ہاتھ ان کی گردنوں پر کس دیے جائیں گے اور ان کے دائیں ہاتھ سینوں سے گذار کر ان کے کندھوں کے درمیان پیچھے سے نکالے جائیں گے اور زنجیروں سے باندھ دیا جائے گا اور ہر آدمی کو شیطان کے ساتھ جکڑا جائے گا ایک ہی زنجیر سے اور انہیں منہ کے بل گھسیٹا جائے گا اور فرشتے ان کو لوہے کی گرجوں سے ماریں گے اور جب وہ دکھ کی وجہ سے دوزخ سے نکلنا چاہیں گے تو اس میں لوٹا دیے جائیں گے اور انہیں کیا جائے گا کہ اب جلا دینے والا عذاب چکھو۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے جب بھی وہ چاہیں گے کہ اس سے نکلیں تو اس میں لوٹا دیئے جائیں گے اور

انہیں کہا جائے گا کہ اب چکھو جہنم کا عذاب جسے تم جھٹلاتے تھے۔ پھر حضرت فاطمہؑ نے عرض کی یارسول اللہ آپکی امت بھی ایسے ہی لائی جائیگی جیسے وہ داخل کیئے گئے فرمایا ہاں ملائکہ انہیں چلا کر لائیں گے مگر نہ ان کے چہرے سیاہ ہونگے نہ آنکھیں نیلی اور نہ ان کے سینوں پر مہر کی جائے گی اور نہ وہ شیطانوں کے ساتھ جکڑے جائیں گے اور نہ ان پر زنجیر اور طوق رکھے جائیں پھر حضرت فاطمہ نے کہا تو فرشتے ان کو کیسے لائیں گے۔

فرمایا ان کے تین گروہ ہونگے فاسق بوڑھوں کا اور جوان گنہگاروں کا اور بدکار عورتوں کا تو مردوں کو داڑھی سے پکڑا جائے گا اور کھینچا جائے گا اور عورتوں کو ان گیسوؤں سے اور کتنے میری امت کے سفید ریش انہیں ان کی داڑھی پر سے پکڑا جائے گا۔

**اُمَّتِی یُوخَذُ وَیُقبَضُ عَلَی الشَّیبِ وَیُقَادُ اِلَی النَّارِ وَ هُوَ یُنَادِیٰ وَا شَیبَاہ وَاضُعفَاہُ وَ کَم مِنْ شَآبٍ یُقبَضُ اِلَی اللِّحیَةِ وَیُقَادُ اِلَی النَّارِ وَ هُوَ یُنَادِیٰ وَ اشُبَابَا وَ احُسنَ صُورَتَاہُ وَ کَم مِنْ مَرءَ ةٍ مِنْ اُمَّتِیٰ تُوخَذُ عَلٰی نَا صِیَتِهَا وَتُقَادُ اِلَی النَّارِ وَهِیَ تُنَادِیٰ وَافضِیحَتَاہُ وهتک حُرمَتَاہَ وَاستَرَاہَ حَتّٰی بِهِمْ اِنتَهٰی اِلٰی مَالِکٍ فَاِذَا نَظَرَ مَا لِک'' اِلَیهِمْ یَقُولُ لِلمَلٰئکَةِ مَنْ هٰؤُلَاءِ فَمَا وَرَدَ عَلَی الاَشقِیاء اَعجَبَ مِنْ هٰؤُلَاءِ مِنْ هٰؤُلَآ ءِ لَمْ تَسوَدُّ وُجُوهُهُم وَلَمْ تُوضَعِ السَّلٰسِلُ وَالاَغلٰلُ فِیْ اَعنَاقِهِمْ فَیَقُولُ المَلٰئِکَةُ هٰکَذَا اُمِرنَا نَاْتِیَ بِهِمْ عَلٰی هٰذِہِ العَالِةِ فَیَقُولُ المَالِکُ یَا مَعشَرَ الاَشقِیَآءِ مَنْ اَنتُم**

**يَقُوْلُوْنَ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ وَفِيْ رِوَايَةٍ اُخْرٰى فَلَمَّا قَادَهُمُ الْمَلٰئِكَةُ يُنَادُوْنَ يَا مُحَمَّدُ فَلَمَّا رَاَوْا مَالِكًا نَسُوْا اِسْمَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ مِنْ هَيْبَةِ الْمَالِكِ فَيَقُوْلُ لَهُمْ مَنْ اَنْتُمْ فَيَقُوْلُوْنَ نَحْنُ مِمَّنْ اُنْزِلَ عَلَيْهِمُ الْقُرْآنُ وَ نَحْنُ مِمَّنْ يَصُوْمُوْنَ رَمَضَانَ فَيَقُوْلُ الْمَالِكُ مَآ اُنْزِلَ الْقُرْاٰنُ**

اور فریاد کرے گا ہائے میری سفید ریش ہائے میرا بڑھاپا اور کتنے ہی جوان داڑھی پر سے پکڑے جائیں گے اور دوزخ کی طرف چلائے جائیں گے اور وہ فریاد کرے گا ہائے میری جوانی اور ہائے میری حسین صورت اور کتنی ہی میری امت سے (فاجرہ) عورتیں انہیں ان کے ماتھے کے بالوں سے پکڑا جائے گا اور جہنم کی طرف چلائی جائیں گی اور کہتی ہونگی ہائے میری رسوائی اور ہائے میری ہتک اور ہائے میرا پردہ یہاں تک کہ وہ سب مالک فرشتہ کے پاس آئیں گے تو جب مالک ان کی طرف دیکھے گا تو فرشتوں سے پوچھے گا یہ لوگ کون ہیں پس نہ وارد ہوا اشقیاء کا ان سے عجیب تر حال نہ ان کے چہرے سیاہ ہوئے اور نہ ان کی گردنوں پر زنجیر اور طوق رکھے گے تو فرشتے کہیں گے ہمیں ان کو اس حال پر لانے کا حکم دیا گیا پھر مالک فرشتہ انہیں کہے گا اے گروہ اشقیاء تم کون ہو وہ کہیں گے ہم محمد ﷺ کی امت سے ہیں اور ایک دوسری روایت میں مروی ہے کہ جب فرشتے انہیں چلا کر لائیں گے تو وہ فریاد کریں گے یا محمد پس جب وہ مالک فرشتے کو دیکھیں گے تو اسم محمد ﷺ بھول جائیں گے اس کے خوف سے مالک انہیں پوچھے گا کہ تم کون ہو تو وہ کہیں گے ہم اس امت سے ہیں جن پر قرآن اترا اور جنہوں

نے رمضان کے روزے رکھے پس مالک کہے گا قرآن تو نہ اترا

اِلّا علٰی مُحمدٍ فلمّا سَمِعُوْ اسْم مُحمدَ صلَّی اللّٰهُ علیْهِ و آلِهِ وسلَّم صاحُوْ باَجْمَعِهِمْ وقالُوْا نحنُ مِنْ اُمّة مُحمَّدٍ صلَّی اللّٰهُ علیْهِ و آله وسلَّم فیقولُ لهُمْ اُلْمالکُ ما کان لکُمْ فیْ الْقراٰن زجْر عنْ مَعاصی اللّه تعالٰی فاِذَا وَقفوا علٰی شفیْرة جهنّم ونظرُوْا اِلی النّارِ والٰی الزَّبانِیَةِ یَقُوْلُوْنَ یامٰلکُ ائْذنْ لّناساعةً حتّٰی تبْکیْ علٰی اَنْفُسِنا فیاْ ذنْ لَهُمْ فَیبْکُوْنَ حتّی لمْ یَبْق الدّمُوْعَ فَیبْکُوْن دماً فیقُوْلُ الْمالِکُ لَهُمْ مّا اَحْسَنَ هٰذاالْبکاء فلوْکانَ هٰذا فِیْ الدُّنْیا مِنْ حشْیَةِ اللّٰه تَعالٰی لَمنَعکُمْ اَلْیُوْم منْ النّارِ باب'' فِیْ ذِکْرِ الزَّبانِیَةِ قَالَ منْصُوْرُ بْنُ عمّارٍ بلَغنِیْ عن النّبِی صلّی اللّٰهُ علیْهِ وَآلِهِ وسلَّم انَّ لِمالکَ النَّارِ اَیْدِیًا وَّ اَرْجُلاً بعَددِ اهْل النّارِ وَ مَعَ کُل رَجُلٍ یَد'' تُقیْمُه'' وَتُقْعِدُهٗ وَتُغُلُّهٗ وَ تُسلْسلُهٗ فاذا نظر الْمَالِکُ اِلی النَّار تاْکُلُ بعْضُها ببعْضٍ مِنْ خوْف الْمالِک وحُرُوْفُ الْبسْملَة تِسْعَة عشرحرْ فاَوَعددُ الزَّبانِیة کذٰلک فمَنْ قالَ بسْم اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم صِدْقاً مِنْ قَلْبِهِ الْخالِص اخْلصهُ اللّٰهُ تعالٰی یوْمَ الْقِیٰمة مِن الزّ با نِیة

مگر محمد ﷺ پر تو جب وہ اسم محمد ﷺ سنیں گے تو سب فریاد کریں گے کہ ہم امت محمد ﷺ سے ہیں تو ان سے مالک کہے گا کہ تمہیں قرآن میں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی پر وعید نہ تھی

پھر جب وہ جہنم کے کنارے کھڑے ہو کر آگ اور عذاب کے فرشتوں کی طرف دیکھیں گے تو کہیں گے اے مالک ہمیں ایک گھڑی اجازت دو تا کہ ہم اپنی جانوں پر رولیں پس وہ انہیں اجازت دیگا تو وہ اس قدر روئیں گے کہ انسو ختم ہو جائیں گے پھر وہ خون کے آنسو بہائیں گے۔ پس مالک فرشتہ ان سے کہے گا کہ یہ رونا کیا ہی اچھا ہے تو اگر یہ رونا دنیا میں اللہ کے خوف سے ہوتا تو تمہیں آج آگ میں نہ جانے دیتا۔ باب نمبر۳۷ عذاب کے فرشتے کے بیان میں حضرت منصور بن عمار رضی اللہ عنہ سے ہے کہ مجھے نبی ﷺ سے روایت پہنچی ہے فرمایا کہ بے شک مالک کے لئے دوزخیوں کی تعداد برابر ہاتھ اور پاؤں ہیں اور ہر شخص کے ساتھ اس کا ایک ہاتھ رہتا ہے جس سے اسے وہ اٹھاتا اور بیٹھاتا اور اسے طوق اور زنجیر پہناتا ہے پس جب مالک فرشتہ آگ کی جانب دیکھتا ہے تو بعض اس کا بعض کو کھاتا ہے مالک کے ڈر سے (بسم اللہ شریف کی برکت) اور بسم اللہ کے انیس حروف ہیں اسی طرح عذاب کے فرشتے بھی انیس ہیں تو جس نے اخلاص کے ساتھ سچے دل سے بسم اللہ شریف کو پڑھا تو اللہ تعالیٰ روز قیامت اس کو عذاب کے فرشتوں سے خلاصی دے گا اس کی برکت سے

ببرکتہ و انما سمّوا الزّبانیة زبانیةً لانّهم یعملون بارجلهم کما یعملون بایدیهم فیاخذ واحد'' منهم عشرة الاف من الکفّار بیدٍ واحدٍ و عشرة الاف باحدیٰ رجلیه و عشرة الاف بالید الاُخریٰ و عشرة الاف بالرّجل الاُخری فیعذّب اربعین الف کافرٍ مرّةً

واحـدة لَـماِفيْـه مـنْ قُـوَّـةٍ وَشـدَة احدُهُمْ مَالكـ'' خازنُ النَار و ثـمـانية'' عشـر مثلُـه' وَ هُـمْ رُؤُسآءُ الملئكة تحت كُلَ مَنْهُمْ من الْـخـزَنة مَـا لا يُـحْـصَـى عـدَدُه' و اعْيُنهُمْ كـالْبرْق الْخـاطفِ و اَسْنَـانُهُمْ كَصَياصِيْ اَقْرَانِ الْبقرة و اشْفا هُهُمْ تمسُّ اَقْدامهُمْ و يـخْـرُجُ لهَبُ النَّارِ منْ اَفْوَاههِمْ مَا بيْن كتفيْ كُلَ واحدةٍ مسيْرة سنةٍ وَاحِـدَـةٍ وَ لـمْ يـخْلقِ اللّٰهُ منَ الرّحْمَةِ والرّافة مقْدارَ ذرّةٍ وَ لـوْمـكـث اَحـدُ هُـمْ فِيْ بِحَارِ النَّار اَرْبعيْنَ سنةً لَاّ يَضُرُّهُ النَّارُ لاَنَّ الْـملٰئكةَ خُلِقَتُ مِنَ النُّوْرِ وَالنُّوْرُ اَشَدُّ من النَّارِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنهَا ثُمَّ يـقُـوْلُ الْـمَالكُ لِلزَّبَانِيَةِ اَلْقُوْهُمْ فِيْ النَّارِ فَاِذَا اُلْقُوْا جَمِيْعُهُمْ فِيْ النَّارِ نَادَوْا بِاَجْمَعِهِمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّد'' رَسُوْلُ اللّٰهِ

اور عذاب کے فرشتوں کا نام زبانیہ اس لئے رکھا گیا ہے کہ وہ پاؤں کے ساتھ بھی اسی طرح کام کرتے ہیں جس طرح کہ ہاتھوں سے کرتے ہیں تو انمیں سے ایک دس ہزار کفار کو ایک ہی ہاتھ سے پکڑ لیتا ہے اور دس ہزار کو ایک پاؤں سے اور دس ہزار کو دوسرے ہاتھ سے اور دس ہزار کو دوسرے پاؤں سے تو چالیس ہزار کافر کو ایک پکڑ سے ہی عذاب دیتا ہے اس لئے کہ اس میں قوت وسختی ہے ۔ایک ان میں مالک ہے جو کہ خازن دوزخ ہے اور اٹھارہ فرشتے اور اس کی مثل ہیں اور وہ فرشتوں کے سردار ہیں اور ان میں سے ہر ایک کے نیچے کئی خازن ہیں جن کی گنتی ممکن نہیں اور آنکھیں انکی اچک لیجانے والی بجلی کی طرح ہیں اور زبان ان کی گائے کے سینگ کی طرح ہے اور ان کے

ہونٹ قدموں کو پہنچے ہونگے اوران کے منوں سے آگ کا شعلہ نکلتا ہوگا اور ہرایک
کے دونوں کندھوں کے درمیان ایک سال چلنے کی مسافت ہوگی ان میں اللہ نے
رحمت ومہربانی ایک ذرہ برابر پیدانہیں کی اوراگران سے کوئی فرشتہ آگ کے دریاؤں
میں چالیس سال بھی ٹھہرارہے تو اسے آگ نقصان نہیں دیتی اس لئے کہ فرشتے کو اللہ
نور سے پیدا کئے گئے ہیں اور نور آگ سے بھی سخت تر ہے۔ ہم لوگ آگ سے پناہ
مانگتے ہیں۔ پھر مالک فرشتہ عذاب کے فرشتوں سے کہے گا کہ انہیں دوزخ میں ڈالو
پس جب وہ ان سب کو آگ میں ڈالیں گے تو سب فریاد کریں گے۔ لا الہ الا اللہ محمد
رسول اللہ

فَتَرْ جِعُ عَنْهُمُ النَّارُ فَيَقُوْلُ الْمَالِكُ يَانَا رُخُذِيْهِمْ فَتَقُوْلُ النَّارُ
كَيْفَ اٰخُذُ هُمْ وَ هُمْ يَقُوْلُوْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّ سُوْلُ اللّٰهِ
فَيَقُوْلُ الْمَالِكُ نَعَمْ كَذَآ اَمَرَنِىْ رَبِّىْ فَلَمَّا سَكَتُوْا مِنْ قَوْلِ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللّٰهُ تَاْخُذُهُمُ النَّارُ فَمِنْهُمْ مَّنْ تَاْخُذُهٗ اِلٰى قَدَمَيْهِ وَ مِنْهُمْ مَّنْ
تَاْخُذُ اِلٰى رُكْبَتَيْهِ وَ مِنْهُمْ مَّنْ تَاْخُذُ اِلٰى سُرَّتِهٖ وَ مِنْهُمْ مَّنْ تَاْخُذُ
اِلٰى حَلْقِهٖ فَاِذَا قَصَدَتِ النَّارُ اِلَى الْوُجُوْهِ فَيَقُوْلُ الْمَالِكُ لَا
تُحْرِقْ وُجُوْهَهُمْ فَطَالَ مَاسَجَدُوْا لِلرَّحْمٰنِ وَ لَا تُحْرِقْ قُلُوْبُهُمْ
فَطَالَ مَا عَطَشُوْا مِنْ شِدَّةِ رَمَضَانَ فَيَبْقُوْنَ فِيْهَا مَاشَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى
بَابٌ فِىْ ذِكْرِ اَهْلِ النَّارِ وَ طَعَامِهِمْ وَ شَرَابِهِمْ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ اَهْلَ النَّارِ مُسْوَدَّةٌ الْوُجُوْهِ مُظْلِمَةٌ

**اَلاَبْصَار مُذْهَبَةُ الْعَقُوْل مُرْزَقَةُ الْعُيُوْن رُؤُسُهُمْ كَالْجِبَال اَبْدَانُهُمْ كَالْفَخَّار وَ عُيُوْنُهُمْ كَالطَّوْد وَ شُعُوْرُهُمْ كَاجَامِ الْقَصَب لَا مَوْتَ يَمُوْتُوْن وَ لَا حَيٰوةَ يُحْيُوْنَ وَ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ سَبْعُوْن جِلْدَةً وَ مِنْ جِلْدٍ اِلٰی جِلْدٍ سَبْعُوْنَ طَبَقًا مِّنَ النَّارِ وَ فِیْ اَجْوَافِهِمْ حَیَّات'' وَّ عَقَارِبُ مِنَ النَّارِ یَسْمَعُ صَوْتُهُمَا کَصَوْتِ**

پس آگ انہیں چھوڑ دی گی پھر مالک کہے گا کہ اے آگ انہیں پکڑ لے آگ کہے گی میں ان کو کیسے پکڑوں وہ تو پڑھتے ہیں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ پس مالک کہے گا ہاں ایسے ہی مجھے حکم دیا ہے میرے رب نے تو جب وہ کلمہ پڑھنے سے خاموش ہو جائیں گے تو آگ انہیں چمٹ جائے گی ان میں کسی کو ٹخنوں تک چمٹے گی اور کسی کو گھٹنوں تک اور کسی کو ناف تک اور کسی کو گلے تک پس جب آگ چہرہ تک جانا چاہے گی تو مالک فرشتہ کہے گا کہ ان کے چہرے نہ جلا پس انہوں نے بہت سجدے کئے ہیں اللہ کو اور ان کے دلوں کو نہ جلا یہ بہت پیاسے رہے رمضان میں تو باقی رہیں گے اتنی مدت آگ میں جتنی اللہ تعالیٰ چاہے۔ باب نمبر ۳۸ **(اہل دوزخ اور ان کے کھانے پینے کے بیان میں )** نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اہل جہنم کے چہرہ سیاہ تاریک آنکھیں اور عقلیں زائل نیلی آنکھیں اور سر ان کے پہاڑوں کی مانند اور بدن ان کے ٹھیکریوں کی مانند بجتے ہونگے اور انکھیں ان کی طود کی طرح اور بال ان کے بانس کے جھاڑ کی طرح اور نہ ان کے لئے موت کہ وہ مریں اور نہ حیات کہ وہ جئیں اور ان میں ہر ایک کی ستر کھالیں ہوں گی اور ایک کھال سے دوسری تک ستر طبق آگ ہونگے اور ان کے

چپٹوں میں آگ سے سانپ اور بچھو ہونگے انکی آوازیں وحشیوں اور گدھوں کی آواز کی طرح سنیں گا۔

الْوُحُوْشِ والْحَمِيْرِ وَالسَّلٰسِلَ وَالْاَغْلٰلِ يُغَلُّوْنَ وَ يُقَطَّعُوْنَ بِالْكَلَا لِيْبِ وَ يُضْرَبُوْنَ بِالْمَقَامِعِ وَ يُضْرَبُوْنَ عَلَى الْوَجْهِ وَ يُسْحَبُوْنَ فِى النَّارِ وَ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ اَهْلَ النَّارِ يُنَادُوْنَ يَارَبَّاهْ اَحَاطَ بِنَا الْعَذَابُ فَوَجَدْنَاهُ مُضِيْقَةً لَّا نُسْحَبُوْنَهَا مَغْلُوْلَةً بِاَغْلَالِهَا وَاِنْ شَكَوْا لَمْ يُرْحَمُوْا وَاِنْ صَبَرُوْا لَمْ يَجِدُوْا فَرِحًا وَّ اِنْ نَّا دَوْالَمْ يُجَابُوْا وَ يُنَادُوْنَ بِالْوَيْلِ وَالثُّبُوْرِ وَ فِى الْاَصْفَادِ مُقَرَّنِيْنَ وَ فِىْ سُجُوْنِ النَّارِ مُخَلَّدُوْنَ خُلُوْدًا وَّ يُنَادُوْنَ مِنْ طُوْلِ الْعَذَابِ وَ ضِيْقِ مَدْخَلِهِمْ وَسَآئِلٌ صَدِيْدُ هُمْ وَ مَكْشُوْفٌ عَوْرَاتُهُمْ وَ مُغْبَرَةٌ اَلْوَانُهُمْ وَ الْاَشْقِيَآءُ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَ كُنَّا قَوْماً ضَآلِّيْنَ. فَخَفِّفْ عَنَّا يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ اِنَّا مُؤْمِنُوْنَ قَالَ سَاكِنُوْا اَهْلِ النَّارِخَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى جَبَلاً وَّ يُقَالُ لَهُمْ اُصْعَدُوْا عَلَيْهِ فَيَصْعَدُوْنَ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ بِاَلْفِ سَنَةٍ حَتّٰى صَارُوْا عَلٰى رَاْسِ الْجَبَلِ ثُمَّ يَنْفُضُهُمْ الْجَبَلُ نَفْضَةً فَيُرُدُّهُمْ اِلٰى قَعْرِهَا خَاسِرِيْنَ وَقَالَ اِنَّ اَهْلَ النَّارِ يَسْتَغِيْثُوْنَ بِالْمَطَرِ فَيُرْفَعُ سَحَابَةٌ فِى النَّارِ سَوْدَآءَ فَيَقُوْلُوْنَ

اور انہیں زنجیر اور طوق ڈالے جائیں گے اور آروں سے چیرے جائیں گے اور گرز جوں

سے ماریں جائیں گے اور ان کی چہروں پر مارا جائے گا اور آگ میں گھسیٹا جائے گا۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بے شک اہل دوزخ فریاد کریں گے کہ اے ہمارے پروردگار ہمیں عذاب نے گھیر لیا پس ہم نے اسے بہت تنگ پایا ہمیں اس میں طوق ڈال کر گھسیٹا نہ جائے اور اگر وہ شکایت کریں تو ان پر رحم نہ کیا جائے گا اور اگر صبر کریں سکون نہ پائیں گے اور اگر وہ فریاد کریں سنی نہ جائے گی لیکن وہ عذاب اور ہلاکت کو ہی آوازیں دیں گے اور زنجیروں میں جکڑے جائیں گے اور وہ جہنم کی قیدوں میں ہمیشہ رہیں گے اور طول عذاب اور تنگی کا مکان کے سبب فریاد کریں گے اور ان سے پیپ بہتی ہوگی اور ان کی شرمگاہیں برہنہ ہونگی اور رنگ مغیر ہونگے اور وہ بد بخت کہیں گے اے ہمارے پروردگار اے ہمارے رب ہم پر ہماری بدبختی غالب آ گئی اور ہم بہکے ہوئے لوگ تھے پس ہم سے ایک دن عذاب میں تخفیف فرما بے شک ہم ایمان لانے والے ہیں حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے جہنم والوں کے لئے ایک پہاڑ پیدا کیا ہے وہ اس پر چڑہائے جائیں گے پس وہ اس پر ہزار برس تک منہ کے بل چڑھتے رہیں گے یہاں تک کہ پہاڑ کی چوٹی پر پہنچیں گے پھر پہاڑ ان کے نیچے سے کھسک جائے گا اور وہ نامراد ہو کر اس کی گہرائی میں گر جائیں گے اور حضور ﷺ نے فرمایا کہ اہل نار بارش مانگیں گے تو دوزخ میں سیاہ بادل نمودار ہوگا پس کہیں گے کہ

الْغَيْثُ مِنَ الرَّحْمةِ فَيَمْطُرُ عَلَيْهِمْ حِجارَةً مِنَ النَّارِ وَ تَقَعُ عَلٰى رُؤُسِهِمْ مِنْ فَوْقِهِمْ حَيَّات'' وَ عَقارِبُ ثُمَّ يَسْأَلُوْنَ اللّٰهَ تَعَالٰى اَلْفَ سَنَةٍ اَنْ يَرْزُقَهُمُ الْغَيْثُ فَيَظْهَرُ سَحابة'' اُخْرىٰ سَوْدَآءُ فَيَقُوْلُوْنَ

هٰذِهٖ سَحَابَةُ الْمَطَرِ فَیُرْسَلُ عَلَیْهِمْ حَیَّاتٍ کَاَمْثَالِ اَعْنَاقِ الْاِبِلِ فَلَمَّا عَضَّتْ وَ نَهَشَتْ لَا یَذْهَبُ وَجْعُهَا اَلْفَ سَنَةٍ وَّ هٰذَا مَعْنٰی قَوْلِهٖ تَعَالٰی زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا کَانُوْا یُفْسِدُوْنَ وَ قَالَ سٰکِنُوْا اَهْلِ النَّارِ یُنَادُوْنَ مَالِکًا سَبْعِیْنَ اَلْفَ سَنَةٍ فَلَا یَرُدُّ الْمَالِکُ عَلَی الْاَشْقِیَآءِ جَوَابًا فَیَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ مَا اَجَابَنَا الْمَالِکُ فَیَقُوْلُوْنَ یَامَالِکُ اسْقِ لَنَاشَرْبَةً مِّنْ مَّآءِ التَّسْنِیْمِ فَقَدْ اَکَلَتِ النَّارُ عِظَامَنَا وَ قَطَعَتِ النَّارُ قُلُوْبَنَا فَیَسْقِیْهِمْ شَرْبَةً مِّنْ مَّآءِ الْجَحِیْمِ فَاِذَا تَنَاوَلُوا بِالْیَدَیْنِ یَسْقُطُ الْاَصَابِعُ وَاِذَا بَلَغَتِ الْوُجُوْهَ تَتَنَاثَرُ الْوُجُوْهُ وَالْعُیُوْنُ وَالْجُلُوْدُ وَاِذَا دَخَلَتْ فِی الْبُطُوْنِ قَطَعَتِ الْاَمْعَآءَ وَالْکَبِدَ قَالَ اِنَّ سَاکِنِی اَهْلِ النَّارِ اِذَا اسْتَغَاثُوْا بِطَعَامِهِمْ یُجِیْءُ بِالزَّقُّوْمِ فَاِذَا اَکَلُوْا الزَّقُّوْمَ یُغْلٰی مَافِیْ بُطُوْنِهِمْ وَ یُغْلٰی دِمَاغُهُمْ وَ اَفْرَاسُهُمْ وَ یَخْرُجُ لَهَبُ النَّارِ مِنْ

رحمت کی بارش ہے تو وہ ان پر آگ کے پتھر برسائے گا اور ان کے سروں پر ان پر اوپر سے سانپ اور بچھو گریں گے پھر ہزار سال تک بارش مانگتے رہیں گے تو ایک سیاہ بادل نمودار ہوگا تو دیکھ کر کہیں گے کہ یہ بارش کا بادل ہے تو وہ ان پر اونٹ کے گردن کے برابر سانپ برسائے گا تو ہزار برس تک ان کا درد نہ جائے گا اور یہی مراد ہے اللہ تعالیٰ کے ارشاد کی کہ ہم ان کے عذاب پر عذاب زیادہ کریں گے بسبب اس کے کہ تھے وہ فساد کرتے اور آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اہل جہنم مالک فرشتے کو ستر ہزار سال فریاد

کرتے رہیں گے اور وہ ان بدبختوں کو کچھ جواب نہ دے گا پس جہنمی کہیں گے اے ہمارے پروردگار مالک نے ہمیں کچھ جواب نہیں دیا پھر وہ کہیں گے اے مالک ہمیں چشمہ تسنیم سے پانی دے دو ہماری تو آگ نے ہڈیاں کھالیں اور ہمارے دل آگ نے قطع کردیئے تو وہ انہیں جہنم کا کھولتا پانی دے گا جب وہ اسے ہاتھوں میں لیں گے تو ان کی انگلیاں گر جائیں گی اور جب پانی منہوں کو لگائیں گے تو ان کے منہ آنکھیں اور کھالیں جل جائیں گے اور جب پیٹوں میں داخل ہوگا تو ان کی انتڑیاں اور جگر کٹ جائیں گے۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جب اہل دوزخ کھانے کا سوال کریں گے تو انہیں جہنم کے درخت زقوم سے کھانے کو دیا جائے پس جب وہ زقوم کھالیں گے تو ان کے منہ سے آگ کے شعلے نکلیں گے۔

فمِهِمْ وَ تسقُطُ اَحْشَآؤُهُمْ مِنْ اقْدَامِهِمْ قَالَ اِنَّ سَاكِنِیْ اَهْلِ النَّارِ يَلْبسُوْنَ مِنْ قَطِرَانٍ فَاِذَا وَ ضعُوْا عَلَى الْاَبْدَانِ اِنْ سلَخَتِ الْجُلُوْدُ وَ انَّ الْاَشْقِيَآءَ فِی النَّارِ عُمْیٌ لَا يُبْصِرُوْنَ بُكْمٌ لَا يَنْطِقُوْنَ صُمٌّ لَا يَسْمَعُوْنَ وَ كُلُّ جَآئِعٍ يَشْتَهِی الطَّعَامَ اِلَّا اَهْلُ النَّارِ وَ كُلُّ مَيِّتٍ يَشْتَهِی الْحَيٰوةَ اِلَّا اَهْلُ النَّارِ فَاِنَّهُمْ يَتَمَنَّوْنَ الْمَوْةَ وَلَا يَمُوْتُوْنَ بَابٌ فِیْ ذِكْرِ الْوَانِ الْعَذَابِ عَلٰى قَدْرِ اَعْمَالِهِمْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آله وَسَلَّمَ يَنْجُوْا اُمَّةُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آله وَسَلَّم مِنَ النَّارِ مِنْ بَعْدِ سِتِّيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ وَ هٰؤُلَآءِ قَوْمٌ مِنْ اُمَّتِیْ سَامِنُوْنَ مِنَ اللُّحُوْمِ الْحرام مَهْزُوْلُوْنَ من الدِّيْنِ

كَاسُوْنَ مِنَ الثِّيَابِ عَارُوْنَ عَنِ الطَّاعَاتِ عَالِمُوْنَ لاَ يَعْمَلُوْنَ بِالْعِلْمِ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِراً مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ غٰفِلُوْنَ، جَاهِلُوْنَ مِنْ اَهْلِ السُّوْقِ يَكْسِبُوْنَ مِنْ اَيِّ مَالٍ شَآئُوْا وَ لاَ يُبَالُوْنَ مِنْ اَيِّ بَابٍ يَّدْخُلُوْنَ فِي النَّارِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى يٰمُوْسٰى لَوْرَاَيْتَ نَاقِضَ الْعَهْدِ وَالْاَمَانَةِ يُسْحَبَانِ عَلٰى وُجُوْهِهِمَا اِلَى النَّارِ وَ اِذَا طُرِحَا فِيْ جَهَنَّمَ

اوران کی انتڑیاں پگھل کران کے قدموں سے نکلیں گی اورفرمایا کہ اہل نارکوتانبے کا لباس پہنایا جائے گا جب اسے بدنوں پر رکھیں گے توان کی کھالیں اترجائیں گی اوروہ بدبخت جہنم میں اندھے ہوں گے کہ کچھ نہ دیکھیں گے اور گنگے ہوں گے کہ کچھ نہ بولیں گے بہرے ہونگے کہ کچھ نہ سنیں گے اوراہل دوزخ کے سواہر بھوکا کھانا چاہتا ہے اور ہر مرنے والا زندگی چاہتا ہے لیکن اہل جہنم موت چاہیں گے مگر وہ مریں گے نہیں باب نمبر ۳۹ (**بقدر اعمال عذاب کی اقسام کے بیان میں**) نبی کریم ﷺ نے فرمایا امت محمدﷺ کے لوگ ساٹھ ہزار سال بعد آگ سے نجات پائیں گے اور میری امت سے یہ وہ گروہ ہے۔ جو حرام گوشت سے فربہ ہوئے اوردین میں لاغر اور لباس پہنے مگر طاعت سے عاری رہے، عالم تھے لیکن علم پر عمل نہ کیا انہوں نے ظاہر دنیاوی زندگی سمجھی حالانکہ وہ آخرت سے کماتے تھے اوروہ اہل بازار میں سے غافل جاہل تھے بے دھڑک جو چاہتے مال حاصل کر لیتے اس کا خوف نہ کرتے کہ وہ دوزخ کے کونسے دروازے سے آگ میں داخل ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے موسیٰ اگر تو عہد

توڑنے اور خیانت کرنے والے کو دیکھے کہ جب وہ منہ کے بل گھسیٹ کر آگ کی طرف لائے جائیں گے اور جہنم میں پھینکے جائیں گے۔

صار کلُّ العضوِ مِنهُما فِیْ مکان وَ کُلُّ عِرقٍ فِیْ مکانٍ وَ قَلْبُهما فِیْ مکانٍ وَ ویْلٌ" لِکُلِّ ناقِضِ العهْدِ وَالامانَةِ وَ تراهُما مصْلُوبیْن علٰی شجرةِ الزَّقُّوْمِ وَالنَّارُ تدْخلُ فِیْ دُبرِ هِمَا و تخْرُجُ مِنْ فمِهما و اُذُنیْهما و اَعْیُنِهما وَ یُقارِنُ معهُما الشَّیْطٰنُ فِیْ السَّلٰسِلِ وَالْاَغلٰلِ معلّقیْن باسْنا نِهما وَلِسَانِهِما وَیسِیلُ دِمَا غُهُمَا مِنْ مَنْخرَ یْهِمَا وَلا یجدان رَاحةً طرْفة عیْنٍ وَاِنَّ الْکافِرِیْنَ یطْلُبُوْن الْاَمانَ مِنْ عَذَابِ ناقِضِ الْعَهْدِ والْامانةِ وَ ناقضُ الْعهْدِ وَالْامانةِ یطْلُبُ الْاَمانَ مِنْ عذابِ تارکِ الصَّلٰوةِ وتارکُ الصَّلٰوةِ یطْلُبُ الْاَمانَ مِنْ عَذَابِ الزَّانیْ والزَّانیْ یطْلُبُ الْاَمانَ مِنْ عذَابِ اٰکِلِ الرِّبٰوا وَناقِضُ الْعَهْدِ وِالْاَمانة والزَّانیْ وَاٰکِلُ الرِّبوا وَتارِکُ الصَّلٰوةِ یُعَذَّبُوْنَ فِیْ النَّارِ حُقُبًا الی اَرْبعیْن اَلْف سنهٍ قال النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ لوْکان مآءُ الْبحارِ مِدَادًا وَّالْاَشْجارُ اَقْلاَمًا وَّالْاِنْسُ وَالْجِنُّ یکْتُبُوْن نفِدت الْبحارُ کُلُّها ثُمَّ جاؤُا مِثْلَهَا سَبْعُوْنَ اَلْف ضِعْفٍ فینْفد ذٰلک کُلُّهٗ وَ فنت الانْسُ والْجِنُّ قَبْلَ اَنْ یَّکْتُبَ اَعْدادَ حُقب جهنَّم وذٰلک قَوْلُهٗ تعالٰی

ان کا ہر عضو اپنی جگہ سے جدا ہوگا اور ہر رگ اپنی جگہ سے جدا اور دل ان کا جدا اور ہلاکت ہے

عہد توڑنے اور خیانت کرنے والے کے لئے اور تو ان دونوں کو زقوم کے درخت پر سولی چڑھے دیکھے گا اور آگ ان کی شرم گاہوں سے داخل ہوگی اور کانوں اور آنکھوں سے نکلے گی اور وہ شیطان کے ساتھ زنجیروں سے جکڑے جائیں گے اور طوق ان کے دانتوں سے لٹکائے جائیں گے اور ان کے دماغ پگھل کر ناک کے سراخوں سے بہتے ہونگے اور پلک جھپکنے کا وقت بھی سکون نہیں پائیں گے اور بے شک کفار عہد توڑنے اور خیانت کرنے والے کے عذاب سے پناہ مانگیں گے اور عہد شکندہ اور خائن تارک نماز سے امان مانگیں گے اور تارک نماز زانی کے عذاب سے امان چاہے گا اور زانی سود خور کے عذاب سے پناہ مانگے گا اور عہد شکنی کرنے والا اور خائن اور زانی اور سود خور اور تارک نماز یہ سب جہنم میں چالیس ہزار برس مدت تک عذاب دیئے جائیں گے۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اگر سمندروں کا پانی سیاہی اور سب درخت قلمیں اور جن وانس لکھنے لگیں تو سمندر ختم ہو جائیں پھر اس کی مثل ستر ہزار اور سیاہی لائی جائے تو وہ سب سیاہی ختم ہو جائے گی اور سب جن وانس دوزخ کے حقب کے عدد لکھنے سے قبل فنا ہو جائیں گے اور یہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

لَا بِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا، قَالَ اَتَعْلَمُوْنَ مَا الْحَقَبُ قَالُوْا لَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَلْحَقَبُ اَرْبَعَةُ آلَافِ سَنَةٍ قَالُوا السَّنَةُ كَمْ شَهْرٍ قَالَ اَرْبَعَةُ الَافِ شَهْرٍ قَالُو الشُّهْرُ كَمْ يَوْمًا قَالَ اَرْبَعَةُ اَلَافِ يَوْمٍ قَالُوا الْيَوْمُ كَمْ سَاعَةً قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم سَبْعُوْنَ اَلْفَ سَاعَةٍ كُلُّ سَاعَةٍ سَنَةٌ" مِنْ سِنِيْنَ الدُّنْيَا وَ رُوِىَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ' قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ يَخْرُجُ مِنْ جَهَنَّمَ حَيَّةٌ" اِسْمُهُ' حَرِيْشٌ" وَّ يَتَوَلَّدُ

مِنْ جِنْسِ الْعَقْرَبِ وَرَاْسُه فِی السَّمآءِ السَّابِعَةِ و ذنُبُه اِلٰی تَحْتِ الثَّرٰی فَیُنَادِیْ کُلَّ سَنَةٍ اَلْف مرَّةٍ اَیْنَ قَاطِعُ الرَّحِمِ و اَیْنَ شَارِبُ الْخَمْرِ فَیَقُوْلُ جِبْرَآئِیْلُ مَاتُرِیْدُ یَاحَرِیْش فَیَقُوْلُ الْحَرِیْش اُرِیْدُ خَمْسَ نَفَرٍ اَیْنَ مَنْ تَرَکَ الصَّلٰوۃَ و اَیْنَ مَنْ مَّنَعَ الزَّکٰوۃَ وَ اَیْنَ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ وَاَیْنَ مَنْ اَکَلَ الرِّبٰوا و اَیْنَ مَنْ یُّحدِثُ بِحَدِیْثِ الدُّنْیَا فِی الْمَسَاجِدِ وَاَنَا اٰکُلُهُمْ وَ اُطْعَمُهُمْ فَیَجْمَعُهُمْ فِیْ فَمِهٖ وَ یَرْجِعُ اِلٰی جَهَنَّمَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّقَاوَةِ بَاب'' فِیْ ذِکْرِ شَارِبِ الْخَمْرِ رُوِیَ عَنْ اُبَیِّ بِنْ کَعْبٍ اَنَّه

کہ وہ جہنم میں کئی حقب رہیں گے۔ رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ حقب کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی نہیں فرمایا حقب چار ہزار سال کا ہے صحابہ نے پوچھا یارسول اللہ سال کتنے ماہ کا ہوگا فرمایا چار ہزار ماہ کا انہوں نے عرض کی دن کتنی ساعت کا ہوگا نبی کریم ﷺ نے فرمایا ستر ہزار ساعت کا اور ہر ساعت دنیا کے سالوں سے ایک سال کی ہوگی اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی کہ کہا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب قیامت ہوگی تو جہنم سے ایک سانپ نمودار ہوگا جس کا نام حریش ہے اور وہ بچھو کی جنس سے پیدا ہوگا اور اس کا سر ساتویں آسمان تک ہوگا اور اس کی دم ساتویں زمین کے نیچے تک اور وہ ہر سال میں ہزار بار ندا کریگا کہ قطع رحم کرنے والا کہاں ہے اور شراب پینے والا کہاں ہے تو حضرت جبرائیل کہے گا حریش تم کیا چاہتے ہو حریش کہگا میں پانچ شخصوں کو چاہتا ہوں کہاں ہے جس نے نماز کو چھوڑا اور

کہاں ہے جس نے زکوۃ کو روکا اور کہاں ہے جس نے شراب کو پیا اور کہاں ہے جس نے سود کھایا اور کہاں ہے جو مسجدوں میں دنیاوی باتیں کرتا میں ان کو کھاؤں گا پس ان سب کو وہ منہ میں لیگا اور جہنم کی طرف چلا جائے گا ہم اللہ کی پناہ مانگتے ہیں بدبختی سے ۔باب نمبر ۴۰ ( شرابی کے عذاب کے بیان میں ) حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ یُؤْتٰی شَارِبُ الْخَمْرِ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَالْكُوْزُ مُعَلَّقٌ فِیْ عُنُقِهٖ وَالطَّنْبُوْرُ فِیْ كَفِّیْهِ حَتّٰی یُصْلَبُ عَلٰی خَشْبَةٍ مِّنَ النَّارِ فَیُنَادِیْ مُنَادٍ هٰذَا فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ مِّنْ مَّوْضِعٍ كَذَا وَ یَخْرُجُ رَآئِحَةُ الْخَمْرِ مِنْ فَمِهٖ وَیَتَاذّٰی اَهْلُ النَّارِ وَ اَهْلُ الْمُوْقِفِ حَتّٰی یَسْتَغِیْثُوْا اِلَی اللّٰهِ مِنْ نَّتْنِ رَآحِةِ فَمِهٖ وَ یَكُوْنُ مَصِیْرُهٗ اِلَی النَّارِ فَاِذَا طُرِحَ فِی النَّارِ یُنَادِی اَلْفَ سَنَةٍ وَّا عَطْشَاهُ ثُمَّ یُنَادِیْ مَالِكاً فَلاَ یُجِیْبُهٗ مِقْدَارُ ثَمَانِیْنَ سَنَةً وَّ یَكُوْنُ عَرْقُهٗ مُنْتِنًا یُّوْذِیْ جِیْرَانَهٗ فَیُنَادِیْ یَارَبِّ ارْفَعْ عَنِّی الْعَرَقَ فَلاَ یَرْفَعُهٗ ثُمَّ یَجِیْءُ النَّارُ وَ تَاْكُلُهٗ حَتّٰی یَكُوْنَ رَمَادًا ثُمَّ یُعَادُ خَلْقًا جَدِیْدًا ثُمَّ تَجِیْءُ وَ تَحْرِقُهٗ مَغْلُوْلَةً فَیَبْكِیْ وَ تَاْخُذُهٗ مِنْ رِّجْلَیْهِ فَیُسْحَبُ فِیْهَا بِالسَّلاسِلِ عَلٰی وَجْهِهٖ فَاِذَا اسْتَغَاثَ بِالْمَآءِ جِیْءَ بِالْحَمِیْمِ اِذَا شَرِبَ تَقَطَّعَتْ اَمْعَآؤُهُمْ فَاِذَا اسْتَغَاثَ بِالطَّعَامِ جِیْءَ بِالزَّقُّوْمِ فَیَاْكُلُهٗ وَ یَغْلِیْ مَا فِیْ بَطْنِهٖ وَ مَا فِیْ دِمَاغِهٖ وَ یَخْرُجُ لَهَبُ النَّارِ مِنْ

فَمِہٖ وَ تَسَاقَطَتِ الْاَحْشَآءُ مِنْ قَدَمَیْہِ ثُمَّ یُجْعَلُ فِیْ تَابُوْتٍ مِّنْ نَّارٍ اَلْفَ عَامٍ ثُمَّ طُوِّلَ عَذَابُہٗ وَضُیِّقَ مُدْخَلُہٗ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ روز قیامت شرابی اس طرح لایا جائے گا کہ شراب کا کوزہ اس کی گردن سے لٹکا ہوگا اور طنبور اس کے ہاتھوں میں ہوگا یہاں تک کہ وہ آگ کی سولی دیا جائے گا پھر منادی ندا کرے گا کہ یہ فلاں بن فلاں فلاں جگہ کا رہنے والا ہے اور شراب کی بدبو اس کے منہ سے آتی ہوگی جس سے اہل دوزخ و اہل موقف کو ایذا پہنچے گی حتی کہ وہ اس کے منہ کی بدبو سے اللہ کی بارگاہ میں فریاد کریں گے اور اس کا ٹھکانہ دوزخ ہوگا تو جب وہ دوزخ میں پھینکا جائے گا اور ہزار سال وہ پیاس پیاس کی فریاد کرے گا پھر مالک فرشتہ کو پکارے گا تو وہ اسی سال تک اسے جواب نہ دے گا اور پسینہ اس کا اس قدر بدبودار ہوگا کہ ساتھ والے کو بھی تکلیف دے گا وہ فریاد کرے گا کہ اے رب مجھے سے پسینہ دور فرما مگر وہ دور نہ ہوگا پھر آگ لپک کر اسے جلائے گی حتی کہ وہ راکھ ہو جائے گا پھر اصل حالت پر لوٹا دیا جائے گا پھر آگ لپک کر طوق ڈالے کو جلا دے گی تو وہ گریہ زاری کرے گا اور اسے اس کے پاؤں سے پکڑ کر زنجیروں سے جکڑ کر جہنم میں منہ کے بل گھسیٹا جائے گا تو جب وہ پانی مانگے گا تو اسے کھولتا پانی دیا جائے گا جب پیئے گا تو اس کی انتڑیاں قطع ہو جائیں گی جب کھانے کو مانگے گا تو اسے زقوم درخت دیا جائے گا جب اس کو کھائیگا تو اس کا پیٹ اور دماغ ابلے گا اور اس کے منہ سے آگ کا شعلہ نکلے گا اور اس کی انتڑیاں گر کر قدموں کی طرف نکلیں گی پھر اسے تنگ جگہ طویل عرصہ عذاب دیا جائے گا۔

وَ تَغَيَّرَ اَلْوَانُه' ثُمَّ يَخْرُجُ مِنَ التَّابُوْتِ بَعْدَ اَلْفِ عَامٍ وَ يُجْعَلُ فِيْ سِجِّيْنٍ مِنَ النَّارِ وَيُغْلٰى فِيْهَا ثُمَّ يُنَادِيْ اَلْفَ عَامٍ فَلا يُرْحَمُ فِيْ السِّجِّيْنِ حَيَّاتٌ وَّ عَقَارِبُ مِثْلُ الْبُخْتِ يَاخُذُوْنَ بِقَدَمَيْهِ فَيَقْطَعُوْنَه' ثُمَّ يُوْضَعُ عَلٰى رَاْسِه تَاجٌ مِنَ النَّارِ فَيُجْعَلُ فِيْ مَفَاصِلِه الْحَدِيْدُ وَ فِيْ عُنُقِهِ السَّلٰسِلُ وَالْاَغْلٰلُ ثُمَّ يَخْرُجُ بَعْدَ اَلْفِ عَامٍ ثُمَّ يُجْعَلُ فِيْ وَيْلٍ وَّ هُوَ وَادٍ مِنْ اَوْدِيَةِ جَهَنَّمَ حَرُّهَا شَدِيْدٌ وَّ قَعْرُهَا بَعِيْدٌ وَّ السَّلٰسِلُ وَالْاَغْلٰلُ وَالْعَقَارِبُ وَالْحَيَّاتُ فِيْهَا كَثِيْرَةٌ وَّ يُبْقٰى فِيْ الْوَيْلِ قَدْرَ اَلْفَ عَامٍ ثُمَّ يُنَادِيْ يَا مُحَمَّدَاهُ فَيَسْمَعُ مُحَمَّدٌ صَوْتَهَ وَ يَقُوْلُ يَارَبِّ اَسْمَعُ صَوْتَ رَجُلٍ مِنْ اُمَّتِيْ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰذَا صَوْتُ الرَّجُلِ الَّذِيْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِيْ الدُّنْيَا وَ مَاتَ سَكْرَانُ فَبَعَثْتُه' فِيْ الْمَحْشَرِ وَهُوَ سَكْرَانُ فَيَقُوْلُ مُحَمَّدٌ يَارَبِّ اَخْرِجْهُ مِنَ النَّارِ فَيَخْرُجُ بِشَفَاعَةٍ وَ لَمْ يُبْقَ مُخَلَّداً فِيْ النَّارِ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَ هَبْتُه' لَکَ بَابٌ فِيْ ذِكْرِ الْخُرُوْجِ مِنَ النَّارِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا اَنَّه' قَالَ آخِرُ مَنْ يَخْرُجُ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ مَنْ يَبْقٰى تِسْعَةُ الآفِ سَنَةٍ فَيَصِيْحُ بَعْدَ اَرْبَعَةِ الآفِ سَنَةٍ يَا اَللّٰهُ اَلْفَ سَنَةٍ ثُمَّ يُنَادِيْ فِيْهَا يَاحَنَّانُ

رنگ بدل دیا جائے گا پھر ہزار سال کے بعد اسے تابوت سے نکال کر آگ کی قید میں کر دیا جائے گا اور اس میں اس کو ابالا جائے گا پھر وہ ہزار برس فریاد کرتا رہے گا تو اس

پر رحم نہ کیا جائے گا جہنم کے سانپ اور بچھو ہونگے اونٹ کی مانند وہ اسے پاؤں سے پکڑیں گے اور کاٹیں گے اور اسے آگ کی ٹوپی پہنائی جائے گی اور اس کے جوڑوں میں لوہا رکھا جائے گا اور اس کی گردن میں زنجیر اور طوق ڈالے جائیں گے پھر ہزار سال بعد اسے آگ کی قید میں زنجیر اور طوق ڈالے جائیں گے پھر ہزار سال بعد اسے آگ کی قید سے نکال کر جہنم کی وادی ویل میں ڈالا جائے گا جس کی گرمی سخت اور گہرائی بعید تک ہوگی زنجیر اور طوق اور سانپ و بچھو بہت ہونگے اور وادی میں ہزار سال تک رہے گا پھر فریاد کرے گا یا محمد پس محمد ﷺ اس کی آواز سنیں گے اور عرض کریں گے کہ اے پروردگار میں اپنی امت سے ایک شخص کی پکار سنتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا یہ اس شخص کی آواز ہے جو دنیا میں شراب پیتا تھا اور نشے کی حالت میں مرا تو جب میں نے محشر کو زندہ کیا تو وہ نشے میں تھا تو حضور ﷺ عرض گزار ہوں گے اے میرے رب اسے آگ سے نکال لے پس اللہ اسے آپ کی شفاعت سے نکال لے گا اور وہ دوزخ میں ہمیشہ نہیں رہے گا۔ اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ میں اسے آپ کو ھبہ کردیا

ہے باب نمبر ۱۴۱ **دوزخ سے نکلنے کے بیان میں** عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے کہ فرمایا جو اس امت کا سب سے بعد دوزخ سے نکالا جائے گا وہ شخص ہوگا جو دوزخ میں نو ہزار سال رہا پھر چار ہزار سال بعد فریاد کی یا اللہ ایک ہزار سال تک پھر پکارا یا حنان ہزار سال اور یا منان ہزار سال

**اَلْفَ عَامٍ وَ یَامَنَّانُ اَلْفَ عَامٍ وَ یَاقَیُّوْمُ اَلْفَ عَامٍ وَّ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ اَلْفَ عَامٍ فَاِذَا نَفَذَ اللّٰہُ حُکْمَہٗ فِیْھِمْ فَیَقُوْلُ یَاجِبْرَآئِیْلُ مَا فَعَلْتِ**

النَّارُ بِالْعَاصِيْنَ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِه وَسَلَّمَ يَقُوْلُ
اِلٰهِيْ اَنْتَ اَعْلَمُ بِهِمْ مِنِّيْ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنْطَلِقْ وَانْظُرْ مَاحَا لُهُمْ
فَيَنْطَلِقُ جِبْرَائِيْلُ اِلَى الْمَالِكِ وَ هُوَ عَلٰى مَنْبَرٍ مِّنَ النَّارِ فِيْ وَسَطَ
جَهَنَّمَ فَاِذَا نَظَرَ الْمَالِكُ اِلٰى جِبْرَآئِيْلَ قَامَ تَعْظِيْمًا لَّه' وَ يَقُوْلُ مَآ
اَدْخَلَكَ هٰذَا الْمَوْضِعَ يَقُوْلُ مَا فَعَلْتَ بِالْعُصَاةِ مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِه وَسَلَّمَ فَيَقُوْلُ الْمَالِكُ مَا اَسْوَءَ حَالُهُمْ
وَاَضْيَقَ مَكَانُهُمْ قَدِ احْتَرَقَتِ النَّارُ اَجْسَادَهُمْ وَ اَكَلَتْ لُحُوْمَهُمْ وَ
بَقِيَتْ وُجُوْهُهُمْ وَ قُلُوْبُهُمْ يَتَلاَ لَوْ فِيْهِمَا الْاِيْمَانُ فَيَقُوْلُ اِرْفَعِ
الطَّبَقَ عَنْهُمْ حَتّٰى اَنْظُرَ اِلَيْهِمْ فَيَامُرُ الْمَالِكُ لِلْخَزَنَةِ فَتَرْفَعُ
الطَّبَقَ عَنْهُمْ فَيَنْظُرُوْنَ جِبْرَآئِيْلَ وَ يَرَوْنَه' اَحْسَنَ خَلْقًا فَيَعْلَمُوْنَ
اَنَّه' لَيْسَ مِنْ مَلٰئِكَةِ الْعَذَابِ فَيَقُوْلُوْنَ يَا مَالِكُ مَنْ هٰذَا الْعَبْدُ
الَّذِيْ لَمْ تَرَشَيْئًا اَحْسَنَ مِنْهُ قَطُّ يَقُوْلُ الْمَالِكُ هٰذَا جِبْرَائِيْلُ
الْكَرِيْمُ اَمِيْنُ اللّٰهِ الَّذِيْ كَانَ يَاتِيْ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِالْوَحْيِ فَاِذَا سَمِعُوْا
ذِكْرُ مُحَمَّدٍ صَاحُوْا بِاَجْمَعِهِمْ وَ يَبْكُوْنَ وَ

اور ہزار سال یا قیوم اور ہزار سال یا رحمٰن یا رحیم پھر جب اللہ تعالیٰ ان کے بارے اپنے حکم جاری کرے گا تو فرمائے گا اے جبرائیل امت محمد ﷺ کے گنہگاروں کے ساتھ آگ نے کیا معاملہ کیا وہ عرض کرے گا الٰہی تو مجھ سے ان کا حال بہتر جانتا ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے جبرائیل جا کر دیکھو کہ ان کا کیا حال ہے پس جبرائیل چل کر

مالک فرشتہ کے پاس آئے گا تو وہ تعظیماً کھڑا ہو جائے گا اور کہے گا آپ کو یہاں کیا چیز لائی جبرائیل کہے گا تو نے امت محمد ﷺ کے گنہگاروں سے کیا معاملہ کیا ہے پس مالک کہے گا کیا ہی برا حال ہے ان کا اور تنگ جگہ تحقیق ان کے جسم آگ نے جلا دیئے اور گوشت کھا لئے اور ان کے چہرے اور دل باقی رہے کہ ان میں ایمان چمکتا ہے تو جبرائیل کہے گا ان سے پردہ اٹھاؤ تا کہ میں انہیں دیکھ لوں پس مالک دوزخ کے خازنوں کو حکم دے گا تو وہ پردہ اٹھا دیں گے تو وہ جبرائیل کو دیکھیں گے اور اسے اچھی صورت میں پائیں گے پس وہ جان لیں گے کہ جبرائیل علیہ السلام عذاب کے فرشتوں میں سے نہیں ہیں تو پوچھیں گے اے مالک یہ شخص کون ہے کہ ان سے زیادہ حسین ہم نے کوئی نہ دیکھا مالک کہے گا یہ جبریل کریم اللہ کا وہ فرشتہ ہے جو محمد ﷺ پر وحی لیکر آتے جب وہ محمد ﷺ کا نام سنیں گے تو سب فریاد کریں گے اور روئیں گے۔

يَقُوْلُوْنَ يَا جِبْرَائِيْلُ اِقْرَءْ مُحَمَّدًا مِنَّا السَّلَامَ وَ اَخْبِرْهُ لِسُوْءِ حَالِنَا وَ قُلْ لَهٗ قَدْ نَسِيْتَنَا وَ تَرَكْتَنَا فِي النَّارِ فَيَنْطَلِقُ جِبْرَآئِيْلُ حَتّٰى يَقُوْمَ بَيْنَ يَدَيِ اللّٰهِ تَعَالٰى فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى كَيْفَ رَاَيْتَ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ يَقُوْلُ يَارَبِّ اَنْتَ اَعْلَمُ بِاَسْوءِ حَالِهِمْ وَ اَضْيَقِ مَكَانِهِمْ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى هَلْ سَالُوْكَ شَيْئًا يَقُوْلُ نَعَمْ يَارَبِّ سَالُوْنِيْ اَنْ اَقْرَءَ نَبِيَّهُمُ السَّلَامَ وَ اُخْبِرَهٗ مِنْ سُوْءِ حَالِهِمْ فَيَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنْطَلِقْ اِلَيْهِ وَ بَلِّغْهُ فَيَنْطَلِقُ جِبْرَآئِيْلُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَاكِيًا لِيُخْبِرَهٗ عَنْ سُوْءِ حَالِهِمْ وَ هُوَ تَحْتَ شَجَرَةِ طُوْبٰى فِيْ خَيْمَةٍ مِنْ

دُرَّةٍ بَيْضَاءَ وَلَهَا اَرْبَعَةُ الاَفِ بَابٍ وَّ لَهَا مِصْرَا عَانِ مِنَ الذَّهَبِ الْاَحْمَرِ يَقُوْلُ مَا يُبْكِيْكَ يَا جِبْرَآئِيْلُ يَقُوْلُ يَامُحَمَّدُ لَوْرَاَيْتَ مَارَاَيْتُ لَبَكَيْتَ مِنْ بُكَآئِيْ قَدْ جِئْتُ مِنْ عِنْدِ عُصَاةِ اُمَّتِكَ الَّذِيْنَ يُعَذَّبُوْنَ فِي النَّارِ وَ هُمْ يَقْرَؤُنَ عَلَيْكَ السَّلاَمَ وَ يَقُوْلُوْنَ اَعْلَمْ مَا اَسْوَءَ حَالَنَا وَ اَضْيَقَ مَكَانَنَا وَ يَصِيْحُوْنَ يَا مُحَمَّدَاهُ وَ يُسْمِعُهُ اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْ تِلْكَ السَّاعَةِ صِيَاحَهُمْ وَ هُمْ يَقُوْلُوْنَ يَا مُحَمَّدَاهُ فَيَقُوْلُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم لَبَّيْكَ لَبَّيْكَ يَآ اُمَّتِيْ فَيَقُوْمُ بَاكِيًا

اور کہیں گے اے جبریل محمد ﷺ سے ہمارا اسلام عرض کرنا اور ان سے ہماری بد حالی بیان کرنا اور کہنا کہ آپ ہمیں بھول گئے ہیں اور ہمیں آگ میں بے مددگار چھوڑ دیا پس جبریل علیہ السلام چلیں گے یہاں تک کہ اللہ کے حضور آ کھڑے ہوں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے جبرائیل تو نے امت محمدیہ کو کس حال میں دیکھا تو وہ عرض کرے گا اے میرے پروردگار تو ان کی بدحالی کو خوب جانتا ہے اللہ تعالیٰ فرمائے گا کیا انہوں نے تجھ سے کچھ سوال کیا وہ کہے گا ہاں انہوں نے مجھے کہا کہ میں ان کے نبی کریم ﷺ سے ان کا سلام کہوں اور آپ سے ان کا برا حال بیان کروں تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ اس طرف جاؤ اور ان کا پیغام دو پس جبرائیل نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس روتے ہوئے آئیں گے اور آپ سے ان کا برا حال بیان کریں گے اور آپ اس وقت بلند درخت کے نیچے سفید موتی کے خیمہ میں تشریف فرما ہونگے جس کے چار ہزار

دروازے ہیں اور اس کی دو جانب سرخ سونا سے ہیں آپ پوچھیں گے اے جبرائیل آپ کو کس بات نے رولا دیا وہ عرض کریں گے حضور آپ دیکھتے جو کچھ میں نے دیکھا تو آپ بھی ضرور میری طرح روتے میں نے آپ کی گنہگار امت کے پاس سے آیا ہوں انہیں آگ میں عذاب دیا جا رہا ہے اور وہ آپ کو سلام عرض کرتے تھے اور کہتے تھے کہ انہیں ہمارا برا حال اور تنگ مکان بتانا اور فریاد کرتے تھے کہ یا محمد اور اللہ نے ان اس وقت آپ کو سنا دیگا کی فریادوں کو سنا تو نبی ﷺ فرمائیں گے لبیک لبیک اے میر ی امت پھر حضور روتے ہوئے اٹھیں گے

فَیَاتِیْ عِنْد الْعَرْش وَالْاَنْبِیَآءِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ فَیَخِرُّ ساجدًا لِلّٰہِ وَ یُثْنِیْہِ بمالَمْ یُثْنِ احد'' مَثْلُہٗ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَعالٰی ارْفَعْ رَاسک سلْ تُعْطَ وَ اشْفَعْ تُشَفَّعْ یَقُوْلُ یَارَبِّ اَشْقِیَآءُ اُمَّتِیْ قَدْ اَنْفَذْتَ حُکْمَکَ فِیْھِمْ وَ شَفَعْتَ فَاَشْفِعْنِیْ فِیْھِمْ فَیَقُوْلُ اللّٰہُ تَعَالٰی قَبِلْتُ شَفَاعَتَکَ فِیْھِمْ وَانْطَلِقْ وَاقْرَءْ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ وَ اَخْرِجْ مِنْھَا کُلَّ مَنْ کَانَ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّد'' رَّسُوْلُ اللّٰہِ فَیَنْطَلِقُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وسلّم مع الْاَنْبِیَآءِ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ الی جھنّم فاذا نظرَ الْمَالکُ الی مُحَمّدٍ صلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم یَقُوْمُ تَعْظِیْماً لَّہٗ فَیَقُوْلُ لِلْمالِکِ ماحَالُ اُمَّتِی الْاَشْقِیَآءِ یَقُوْلُ الْمَالکُ اَسْوَءُ حالُھُمْ وَ اَضْیقُ مکانُھُمْ فیَقُوْلُ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ اِفْتَحِ الْبَابَ وارفعِ الطَّبَقَ فَاِذَا نَظَرَ اَھْلُ النَّارِ اِلٰی مُحَمَدٍ صَاحُوْابِاَجْمَعِھِمْ یَا

مُحَمَّدَاہُ قَدْ اَحْرَقَتِ النَّارُ جُلُوْدَنَا وَ لُحُوْمَنَا وَ قَدْتَرَ كْتَنَا فِی النَّارِ وَ نَسِيْتَنَا فَيَعْتَذِ رُمِنْهُمْ وَ يَقُوْلُ مَا عَلِمْتُ حَالَكُمْ فَيُخْرِجُهُمْ مِنْهَا جَمِيْعًا وَ قَدْ صَارُوْا فَحْماً اَكَلَتْهُمُ النَّارُ فَيَنْطَلِقُ بِهِمْ اِلٰی بَابِ الْجَنَّةِ عِنْد

اورعرش کے پاس آئیں گے اور دوسرے انبیاء بھی تو آنحضورﷺ اللہ کی بارگاہ میں سجدہ میں گر جائیں گے اور اللہ کی وہ ثناء کریں گے جو کسی نہ کی تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا اے محبوب اپنا سر اٹھالو اور مانگو عطا کیا جائے گا اور شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی عرض کریں گے اے پروردگار میری کچھ بد بخت امت جن میں تو نے اپنا حکم جاری کر دیا میں شفاعت کرتا ہوں پس ان کے بارے میں میری شفاعت قبول فرما تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا میں نے ان کے بارے میں شفاعت قبول کی اور اب جاؤ اور ان کو میرا سلام دو اور دوزخ سے ان کو نکال لو جس نے کہا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پس نبی کریم مع الانبیاء علیہم السلام جہنم کی جانب چلیں گے تو مالک فرشتہ حضورﷺ کو دیکھ کر تعظیماً کھڑا ہو جائے گا تو آپ مالک فرشتہ سے پوچھیں گے میری امت کے اشقیاء کا کیا حال ہے مالک عرض کریں گے ان کا برا حال اور تنگ جگہ ہے تب فرمائیں گے نبی کریمﷺ کہ جہنم کا دروازہ کھولو ان سے پردہ اٹھاؤ پس جب اہل دوزخ حضور کو دیکھیں گے تو سب فریاد کریں گے یا محمدﷺ آگ نے ہماری کھالیں جلا ڈالیں اور ہمارے گوشت اور آپ ہمیں آگ میں بے یارو مددگار چھوڑ کر بھول گئے تو آپ ان سے معذرت چاہیں گے اور فرمائیں گے مجھے تمہارا حال معلوم نہ تھا پس آپ ان سب

کو دوزخ سے نکال لیں گے اور تحقیق آگ انہیں جلا کر کوئلہ کر دیا ہوگا پس آپ انہیں ساتھ لیکر باب جنت کی طرف نہر حیات کے پاس آئیں گے۔

نهر الحيوان فيغتسلون فيه و يخرجون منه شآبا جردا مردا مكحلين فيصير وجوههم كالقمر ليلة البدر و على جباههم مكتوب" هؤلاء جهنميون عتقاء الرحمن من النار فيدخلون الجنة و يعيرون بذلك فيدعون الله تعالى ان يمحو منهم فيمحوا الله تعالى ذلك عن جباههم و اذا راى الكفار ان المسلمين قد خرجوا من النار قالوا يليتنا كنا مسلمين فنحن ايضا نخرج من النار وذلك قوله تعالى ربما يود الذين كفروا لو كانوا مسلمين و روى عن النبي صلى الله عليه واله وسلم انه قال يؤتى الموت كانه كبش" املح و يقال لاهل الجنة اتعرفون الموت فينظرونه و يعرفونه و يقال لاهل النار ياهل النار اتعرفون الموة فينظرونه و يعرفونه فيذبح بين الجنة والنار ثم يقال ياهل الجنة خلود" لاموت فيها و ياهل النار خلود" لا موة فيها فذلك قوله تعالى و انذرهم يوم الحسرة اذ قضى الامر وفي الخبر اذا جيء بجهنم يوم القيمة تزفرت زفرة حتى صارت كل امة جاثية على ركبهم من

تو وہ سب اس میں نہائیں گے اس سے جوان ستھرے بدن بے شک ریش سرمیلی

آنکھیں ہو کر نکلیں گے اوران کے چہرے بدر منیر کی طرح چمکتے ہونگے اور ان کی پیشانیوں پر لکھا ہو گا کہ یہ وہ جہنمی ہیں جنہیں رحمٰن نے آگ سے آزاد کر دیا جب وہ جنت میں جائیں گے تو اس سے شرم محسوس کریں گے۔ پھر اللہ تعالیٰ سے دعا کریں گے کہ لکھا ہوا ان سے مٹا دے پس اللہ تعالیٰ اسے انکی پیشانیوں سے محو فرما دے گا اور جب کفار دیکھیں گے کہ تحقیق مسلمان جہنم سے نجات پا چکے ہیں تو کہیں گے کاشکہ ہم مسلمان ہوتے تو ہم بھی آگ سے نجات پاتے اور یہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ کافر تمنا کریں گے کاشکہ ہم بھی مسلمان ہوتے اور نبی کریم ﷺ سے مروی ہے کہ فرمایا موت کو سفید کلیجی رنگ دنبے کی مانند لایا جائے گا اور اہل جنت سے پوچھا جائے گا کیا تم اس موت کو پہچانتے ہو تب وہ اسے دیکھیں گے اور اسے پہچانیں گے اور دوزخیوں سے پوچھا جائے گا اے اہل دوزخ تم موت کو پہچانتے ہو تب وہ اسے دیکھیں گے اور پہچانے گے پھر اسے جنت اور دوزخ کے درمیان ذبح کر دیا جائے گا اور کہا جائے گا کہ اے اہل جنت یہ ہمیشہ کا گھر ہے جس میں موت نہیں اور اے اہل دوزخ ہمیشہ رہو اس میں موت نہیں ہے تو یہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے اے محبوب انہیں حسرت کے دن سے ڈراؤ جب فیصلہ ہو جائے گا اور حدیث میں ہے کہ روز قیامت جب جہنم کو لایا جائے گا تو آواز کرے گی اور آواز کرنا یہاں تک کہ ہر گروہ اس کے خوف سے زانو بل اپنے رب کے سامنے آئے گا

هَوْلِهَا كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَ تَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ تُدْعٰى اِلٰى كِتَابِهَا اَلْيَوْمَ تَجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ فَاِذَا نَظَرُوْا اِلٰى جَهَنَّمَ وَ يَسْمَعُوْنَ زَفِيْرَهَا كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا مِنْ مَّسِيْرَةِ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ يَقُوْلُ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ نَفْسِىْ نَفْسِىْ حَتّٰى الْخَلِيْلُ وَالْكَلِيْمُ اِلَّا الْحَبِيْبُ يَقُوْلُ اُمَّتِىْ اُمَّتِىْ فَاِذَا قَرُبَتِ النَّارُ يَقُوْلُ يَانَارُ بِحَقِّ الْمُصَلِّيْنَ وَ بِحَقِّ الْمُصَدِّقِيْنَ وَ الْخَاشِعِيْنَ وَالصَّآئِمِيْنَ اِرْجِعِىْ فَلَا

تَرْجِعُ النَّارُ فَيَقُوْلُ جِبْرَآئِيْلُ يَا مُحَمَّدُ قُلْ لَهَا بِحَقِّ التَّآئِبِيْنَ وَدُمُوْعِهِمْ وَبُكَآئِهِمْ عَنِ الذُّنُوْبِ اِرْجِعِيْ فَيَقُوْلُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ فَيَرْجِعُ النَّارُ وَيَجِيُّ جِبْرَآئِيْلُ بِدُمُوْعِ الْعُصَاةِ وَ يَرُشُّ عَلَيْهَا فَتَطْفِيُ النَّارَ كَنَارِ الدُّنْيَا تَطْفِيُ بِالْمَآءِ وَالتُّرَابِ وَفِيْ الْخَبَرِ اِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ يَحْشُرُ اللّٰهُ تَعَالٰى الْخَلَاقَ فِيْ وَادِيْ الْمَحْشَرِ يَجِيْءُ جَهَنَّمُ مُفْتُوْحَةً اَبْوَابُهَا وَتَأْخُذُ اَهْلَ الْمَحْشَرِ النَّارُ مِنْ تَحْتِهِمْ وَ عَنْ اَيْمَانِهِمْ وَ عَنْ شَمَآئِلِهِمْ فَيَسْتَغِثُوْنَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وَسَلَّمَ فَيَسْتَغِيْثُ النَّبِيُّ اِلٰى

جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔ اور تم ہر گروہ کو دیکھو گے زانو کے بل گرے ہوئے ہر گروہ اپنے نامہ اعمال کی طرف بلایا جائے گا آج تمہیں تمہارے کئے کا بدلہ دیا جائے گا۔ پھر جب وہ جہنم دیکھیں گے اور اس کی سخت آواز سنیں گے۔ جس طرح اللہ تعالیٰ نے فرمایا سنیں گے اس کی غضب ناک بھڑ کنے کی آواز پانچ سو سال کی مسافت سے ہر ایک نفسی نفسی پکارے گا حتی کہ خلیل و کلیم مگر حبیب امتی امتی کہے گا پس جب آگ قریب آئے گی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمائیں گے کہ اے آگ نمازیوں کے واسطے اور روزہ داروں کے واسطے لوٹ جا پس آگ نہ ہٹے گی تو جبریل کہیں گے اے اللہ کے رسول اسے کہو توبہ کرنے والوں اور ان کے آنسوؤں اور گناہوں پر رونے کے واسطے پس لوٹ جا تو نبی کریم ﷺ یہی فرمائیں گے پس آگ واپس ہو جائے گی اور جبریل علیہ السلام گنہگاروں کے آنسو لائیں گے اور آگ دوزخ پر چھڑک دیں گے تو وہ

بجھ جائے گی جس طرح دنیا کی آگ پانی ومٹی سے بجھتی ہے اور حدیث میں ہے کہ جب روز قیامت ہوگا تو اللہ تعالیٰ وادی محشر میں مخلوق کو جمع کرے گا اور ان کے پاس جہنم لائے گا کہ اس کے دروازے کھلے ہونگے اور اہل محشر کو آگ پکڑے گی ان کے نیچے سے اور ان کے دائیں جانب سے اور بائیں جانب سے تو نبی ﷺ کی بارگاہ میں فریاد کریں گے اور نبی ﷺ جبریل کو آواز دیں گے۔

جبرآئیل فَیَقُوْلُ لا تَخَفْ وَالفُضْ غُبارَ رَاْسِکَ فَیَنْفُضُ غُبارَ رَاْسِہٖ فَیَبْسُطُ اللّٰہُ مِنْ غُبارِ راْسِہٖ سَحاباً مِّثْلَ سَحابِ الْمَطَرِ فَیَقِفُ عَلٰی رَؤُسِ الْمُؤْمِنِیْنَ ثُمَّ یَقُوْلُ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُنْفُضْ غُبَارَ لِحْیَتِکَ فَیَنْفُضُ فَیَجْعَلُ االلّٰہُ غُبارَ لِحْیَتِہٖ سَتْرًا اَ بَیْنَھُمْ وَبَیْنَ النَّارِ ثُمَّ یَاْمُرُہ" اَنْ یَّنْفُضَ مِنْ نَّفْسِہٖ فَیَنْفُضُ فَیَصِیْرُ مِنْ غُبَارِ نَفْسِہٖ بِسَاطٌ" تَحْتَ اَقْدَامِھِمْ وَیَمْنَعُ مِنْھُمْ نَارُ جَھَنَّمَ بِبَرَکَتِہٖ وَفِیْ الْخَبَرِاِذَکَانَ یَوْمُ الْقِیٰمَۃِ یُؤْتٰی بِعَبْدٍ فَتَرْجَحُ سَیِّاٰتُہٗ فَیُؤْمَرُ لَہٗ اِلَی النَّارِ فَتَکَلَّمَ شَعْرٌ" مِّنْ شَعْرَاۃِ عَیْنِہٖ وَیَقُوْلُ یَارَبِّ رَسُوْلُکَ مُحَمَّدٌ" قَالَ مَنْ بَکٰی مِنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ حَرَّمَ اللّٰہُ تِلْکَ الْعَیْنَ عَلَی النَّارِ وَلَوْ بَکٰی بِقَدْرِ اَنْ یَّبُلَّ شَعْرَۃٌ" وَّاحِدہ" غَفَرَ اللّٰہُ لَہٗ بِبَرَکَتِہٖ فَاِنِّیْ بَبَیْتُ مِنْ خَشْیَتِکَ فَا نْزِعْنِیْ عَنْھَا وَیُقَالُ فَاتْرُکْنِی فَیَغْفِرُ اللّٰہُ لَہٗ وَیُخَلِّصُہٗ مِنَ النَّارِ بِبَرَکَۃِ شَعْرَۃٍ وَّاحِدَۃٍ کَانَتْ بَکَتْ مِنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی فِیْ الدُّنْیَا ثُمَّ یُنَادِیْ نَجٰی فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ بِبَرَکَۃِ شَعْرَۃٍوَاحِدَۃٍ بَاب" فِیْ

## ذکر الجنان قال وھب"

تو جبریل عرض کریں گے حضور آپ خوف نہ کیجئے اور اپنے سر سے غبار جھاڑئے پس آپ ﷺ اپنے سر سے غبار کو جھاڑیں گے تو اللہ تعالیٰ آپ کے سر کے غبار کو بادل کی صورت میں بدل دے گا جس طرح کہ ابر باراں پس وہ بادل مومنوں کے سروں پر ٹھہریگا پھر جبریل علیہ السلام حضور ﷺ سے داڑھی مبارک سے گرد جھاڑنے کو عرض کریں گے تو اللہ تعالیٰ آپ کے غبار کو مومنین اور آگ کے درمیان پردہ بنادے گا۔ پھر آپ کو بدن کا غبار جھاڑنے کو کہا جائے پس آپ جھاڑیں گے تو آپ کے بدن مبارک کا غباران کے پاؤں کے نیچے فرش بن جائے گا اور اس کی برکت سے جہنم کی آگ انہیں تکلیف نہ دے سکے گی اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ قیامت کے دن ایک آدمی لایا جائے گا جس کی بدیاں نیکیوں پر غالب ہونگی اور اسے آگ میں لیجانے کا حکم دیا جائے گا اور اس کی آنکھوں کے بالوں سے ایک بال کلام کرے گا اور عرض کرے گا کہ اے میرے پروردگار تیرے رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو اللہ کے خوف سے رویا اللہ اس کی آنکھوں کو آگ پر جلانا حرام کر دیتا ہے۔ اگرچہ بقدر ایک بال بھیگنے کے روئے اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اسے بخش دیتا ہے پس میں تیرے خوف سے رویا ہوں تو اب مجھے آگ سے بچا اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ کہے گا مجھے چھوڑ دے تو اللہ تعالیٰ اسے بخش دے گا اور اس کی برکت سے آگ سے نجات دے گا کیونکہ وہ دنیا میں اللہ کے خوف سے رویا تھا پھر ندا دی جائے گی کہ فلاں بن فلاں ایک بال کی برکت سے نجات پا گیا۔ باب نمبر۴۲ (جنت کے بیان

میں)

رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡہُ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی خَلَقَ الۡجَنَّۃَ یَوۡمَ خَلَقَھَا عَرۡضُھَا کَعَرۡضِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرَضِیۡنَ وَاَمَّا طُوۡلُھَا فَلَا یَعۡلَمُہٗ اَحَد" اِلَّا اللّٰہُ وَاِذَ کَانَ یَوۡمُ الۡقِیٰمَۃِ وَ بَطَلَتِ الۡاَرۡضُوۡنَ وَالسَّمٰوٰتُ وَسَعَھَا اللّٰہُ تَعَالٰی اِلٰی حَدٍّ یَتَّسَعُ اَھۡلُ الۡجَنَّۃِ وَ الجِنَانُ کُلُّھَا مِا ئَۃُ دَرَجَۃٍ وَّمَا بَیۡنَ دَرَجۃٍ مِیۡسَرَۃَ خَمۡسَمِائَۃِ عَامٍ وَّفِیۡھَا اَنۡھَار" مُّطَھَّرَۃ" جَارِیَۃ" وَّثِمَارُھَا مُتَدَانِیَۃ" مُتَدَالِیَۃ" عَلٰی مَا تَشۡتَھِیۡ الۡاَنۡفُسُ وَ فِیۡھَآ اَزۡوَاج" مُطَھَّرَۃ" مِّنۡ حُوۡرِ الۡعِیۡنَ خَلَقَھُنَّ اللّٰہُ مِنۡ اَنۡوَارِ کَاَنَّھُنَّ الۡیَاقُوۡتُ وَالۡمَرۡجَانُ قَامِرَاتُ الطَّرۡفِ لَا یَنۡظُرۡنَ غَیۡرًا اَزۡوَاجِھِنَّ لَمۡ یَطۡمِثۡھُنَّ اِنۡس" قَبۡلَھُمۡ وَّلَاجَآن" کُلَّمَآ اَصَابَھَازَوۡجُھَا وَجَدَھَا عَذۡرَآءَ وَعَلَیۡھَا سَبۡعُوۡنَ حُلَّۃً مُّخۡتَلَفَۃُ الۡاَلۡوَانَ وَحَمۡلُھَا عَلَیۡھَآ اَخَفُّ مِنۡ شَعۡرَۃٍ وَّاحِدَۃٍ فِیۡ بَدۡنِھَا وَیُرٰی سَاقَیۡھَا مِنۡ وَّرَآءِ لَحۡمِھَا وَعَظۡمِھَاوَجِلۡدِھَا وَحُلَلِھَا کَمَا تُرِیَ الشَّرَابُ الۡاَحۡمَرُ مِنَ الزَّجَاجِ الۡاَبۡیَضِ وَقُرُوۡنُھُنَّ مُکَلَّۃ" مُرَصَّعَۃ" بِالدُّرِّ وَالۡیَوَاقِیۡتِ اَللّٰھُمَّ ارۡزُقۡنَا آمِیۡنَ بَاب" فِیۡ ذِکۡرِ اَبۡوَابِ الۡجَنَانِ قَالَ

حضرت وہب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ بے شک اللہ تعالیٰ نے جنت کو پیدا کیا تخلیق کے دن اس کی چوڑائی آسمانوں اور زمینوں کے برابر تھی۔ اور بر حال لمبائی اس

کی اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا اور جب قیامت کا دن آئے گا تو سب آسمانوں و زمین فنا ہو جائیں گے اللہ تعالیٰ اسے اور کشادہ کر دے گا اس حد تک کہ اہل جنت اس میں سمائیں اور جنت کے کل سو درجے ہیں اور ہر دو درجوں کے درمیان پانچ سو سال چلنے کی راہ اور اس میں پاکیزہ نہریں جاری ہیں اور میوے اس کے قریب و مسلسل ملیں گے جو دل چاہیں اور اس میں پاکیزہ بیبیاں حور العین سے ہونگی انہیں اللہ نے انوار سے پیدا فرمایا گویا کہ وہ یاقوت و مرجان ہیں نظریں نیچیں رکھنے والیاں جو اپنے خاوند کے سوا غیر کو نہ دیکھیں گی خاوندوں سے پہلے ان کو کسی انس و جن نے نہ چھوا ہوگا جب بھی خاونداس کے پاس آئے اسے کنواری پائے گا اور اس کے بدن پر ستر مختلف رنگوں کے لباس ہونگے اور وزن ان لباسوں کا اس پر اس کے بدن کے ایک بال سے بھی کم ہوگا اور اس کی پنڈلیوں کی چربی کی چمک اسکے گوشت و ہڈیوں اور کھال اور لباسوں کی دوسری طرف سے دیکھائی دیتی ہوگی جس طرح کہ سرخ شراب سفید شیشہ سے اور ان کے گیسو موتیوں اور یاقوت سے مرصعہ ہونگے۔ اے اللہ تعالیٰ ہمیں بھی عطا کر آمین۔

باب نمبر ۴۳ (جنت کے دروازوں کے بیان میں)

ابنُ عبَّاسٍ لِلْجِنانَ ثَمانِيَةُ اَبْوابٍ مِنَ الذَّهَبِ الْمُرَصَّعِ بِالْجوَاهِرِ وَمكْتُوب'' عَلی بَابِ الْجَنَّةِ الْاَوَّلِ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ مُحَمَّد'' رَّسُوْلُ اللّٰهُ وهوَ بَابُ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرسَلِيْنَ وَالْعُلَمآءِ وَالشُّهَدآءِ وَالْاَسْخِيَاءِ وَالْبَابُ الثَّانِیْ بَابُ الْمَصَلِّيْنَ بِكَمَا لِهَا وَوُضُوْءِ هَاوَ اَرْكَانِهَا وَالْبَابُ الثَّالِثُ بَابُ الْمزَكِّيْنَ بِطِيْبِ اَنْفُسِهِمْ وَالْبَابُ الرَّابِعُ

بَـاب "اَلْاٰ مِـرِيْـنَ بَالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهِيْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْبَابُ الْخَامِسُ بَـابُ مَـنْ نَّهـٰـي نَفْسَهٗ عَنِ الشَّهَوٰتِ وَالْبَابُ السَّادِسُ بَابُ الْحُجَّاجِ وَالْـمُـعْـتَـمِرِيْنَ وَالْبَابُ السَّابِعُ بَابُ الْمُجَاهِدِيْنَ وَالْبَابُ الثَّامِنُ بَابُ الْـمُـوَحِّـدِيْـنَ الَّـذِيْـنَ يَـغُـضُّـوْنَ اَبْـصَـارَهُمْ عَنِ الْمَحَارِمِ وَيَعْمَلُوْنَ الْـخَيْـرَاتِ مِـنْ بِـرِّ الْـوَالِـدَيْـنِ وَصِـلَةِ الرَّحْمِ وَغَيْرَ ذٰلِکَ وَآسْمَاءُ الْـجِـنَانِ ثَمَانِيَة" اَوَّلُهَا دَارُ الْجِنَانِ وَهِيَ مِنَ اللُّؤْلُؤْءُ الْبِيْضَآءَ وَثَانِيْهَا دَارُالسَّلَامِ وَهِـيَ مِـنْ يَّـاقُوْتٍ حَمْرَآءَ وَثَالِثُهَا جَنَّةَ الْمَاْوٰی وَهِيَ مِنْ زَبَـرْ جَـدٍ خَـضْـرَآءَ وَرَابِـعُهَـا جَنَّةُ الْخُلْدِوَ هِيَ مِنْ مَّرْجَانَةٍ صَفْرَآءَ وَخَامِسُهَا جَنَّةُ االنَّعِيْمِ وَهِيَ مِنْ فِضَّةٍ بَيْضَآءَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جنت کے آٹھ باب ہیں جو جواہرات سے مرصعہ ہیں اور بہشت اول کے دروازے پر لکھا ہے۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ اور وہ انبیاء و مرسلین او علماء و شہداء و اسخیاء کا دروازہ ہے اور دوسرا دروازہ نمازیوں کا ہے جو کامل وضو اور پورے ارکان کے ساتھ اسے پڑھتے تھے اور تیسرا دروازہ خوش دلی سے زکوۃ دینے والوں کا ہے اور چوتھا دروازہ بھلائی کا حکم اور برائی سے روکنے والوں کے لئے اور پانچواں دروازہ ان کا ہے جنہوں نے اپنے نفس کو خواہشات سے روکا چھٹا حج و عمرہ ادا کرنے والوں کے لئے ساتواں مجاہدین کے لئے آٹھواں دروازہ توحید پر استقامت کرنے اور محارم سے

نظریں بچانے اور نیکی کرنے والوں اور والدین سے صلہ رحمی وغیرہ کا ہے اور جنت کے نام آٹھ ہیں اور اول کا نام دار الجنان اور وہ سفید موتیوں سے ہے دوسری کا نام دارلسلام اور وہ سرخ یاقوت سے ہے تیسری جنت الماوی اور وہ سبز زبرجد سے ہے اور چوتھی جنۃ الخلد اور وہ زرد مرجان سے ہے اور پانچویں جنۃ النعیم اور وہ سفید چاندی سے ہے۔

وَسَادِسُهَا جَنَّةُ الْفِرْدَوْسِ وَهِيَ مِنْ ذَهَبٍ حَمْرَآءَ وَسَابِعُهَا جَنَّةُ عَدْنٍ وَّهِيَ مِنْ دُرَّةٍ بَيْضَآءَ وَهِيَ مُشْرِفَةٌ عَلَى الْجِنَانِ كُلِّهَا وَثَامِنُهَا جَنَّةُ الْفِضَّةِ وَ هِيَ اَعْلَى الْجِنَانِ كُلِّهَا وَلَهُ بَابَانِ وَمِصْرَاعَانِ مِنَ الذَّهَبِ كُلُّ مِصْرَاعٍ مَّا بَيْنَهُ وَ بَيْنَ الْاُخْرٰى كَمَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ وَاَمَّا بِنَآءُ هَا فَلِبْنَةٌ مِّنْ ذَهَبٍ وَلِبْنَةٌ مِّنَ الْفِضَّةِ وَمِلَاطُهَا الْمِسْكُ وَتُرَابُهَا الْعَنْبَرُ وَالزَّعْفَرَانُ وَقُصُوْرُ هَا مِنَ اللُّؤْلُوءِ وَغُرَفَاتُهَا مِنَ الْيَوَاقِيْتِ وَاَبْوَابُهَا مِنَ الْجَوَاهِرِ وَفِيْهَا اَنْهَارٌ مِّنْ مَّآءِ الرَّحْمَةِ وهِيَ تَجْرِيْ فِيْ جَمِيْعِ الْجِنَانِ وَحُصَاتُهَا وَاَحْجَارُهَا اللَّاٰلِيُ وَمَآؤُهَا اَشَدُّ مِنَ الثَّلْجِ وَاَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَفِيْهَا نَهْرُ الْكَوْثَرِ وَهُوَ نَهْرُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ آلِهٖ وسَلَّمَ وَاَشْجَارُهَا الدُّرُّ وَالْيَاقُوْتُ وَفِيْهَا نَهْرُ الْكَافُوْرِ وَفِيْهَا نَهْرُ التَّسْنِيْمِ وَفِيْهَا نَهْرُ السَّلْسَبِيْلِ وَفِيْهَا نَهر الرَّحِيْقِ الْمَخْتُوْمِ وَمِنْ وَّرَآءِ ذٰلِكَ اَنْهَارٌ كَثِيْرَةٌ لَّا يُحْصٰى

عددُهَا وَفِي الْخَبَرِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّم اَنَّهُ قَالَ لَيْلَةَ الْمِعْرَاجِ اُسْرِيَ بِيْ اِلَى السَّمَآءِ

اور چھٹی جنۃ الفردوس ہے اور وہ سرخ سونا سے ہے اور ساتویں جنۃ عدن ہے اور وہ سفید موتی سے ہے اور یہ سب جنتوں سے اعلیٰ ہے اور اس کے دو دروازے ہیں ہر دروازہ کے دو کواڑے سونے کے ہیں اور ایک کواڑے سے دوسرے تک کی مسافت بقدر آسمان و زمین کے درمیان کے ہے اور بر حال بناء اس کی پس ایک سونے سے اینٹ اور دوسری چاندی سے اور گارہ اس کا کستوری سے اور مٹی اس کی عنبر و زعفران ہے اور محلات اس کے موتیوں سے اور الماریاں یاقوت سے اور دروازے اس کے جواہرات سے نہریں اس میں آب رحمت کی ہیں اور وہ سب موتیوں سے ہیں اور پانی اس کا برف سے ٹھنڈا اور شہد سے میٹھا ہے اور اس میں ایک نہر کوثر ہے اور وہ محمد ﷺ کی نہر ہے اور اس کے درخت موتی اور یاقوت کے ہیں اور اس میں ایک نہر کافور کی ہے اور ایک نہر اس میں تسنیم ہے اور ایک اس میں سلسبیل ہے اور ایک نہر اس میں رحیق المختوم ہے اور ان کے علاوہ اور بھی بہت سی نہریں ہیں جس کا شمار ممکن نہیں جنت کی نہروں کا بیان اور نبی کریم ﷺ سے حدیث مبارک میں آیا ہے کہ فرمایا معراج کی رات مجھے آسمانوں کی سیر کرائی گئی۔

وَعُرِضَ عَلَيَّ جَمِيْعُ الْجِنَانِ فَرَاَيْتُ فِيْهَا اَرْبَعَةَ اَنْهَارٍ نَهر'' مِّنْ مَّآءٍ مِّنْ لَّبَنٍ وَّنَهر'' مِّنْ خَمْرٍ وَّنَهر'' مِّنْ عَسَلٍ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْهَارٌ'' مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ وَاَنْهَارٌ'' مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهُ وَاَنْهَارٌ'' مِّنْ خَمْرٍ

لَـذَۃ لِـلْشَـربِیْـن و انہار ''مِّنْ عسل مُصفّے فقلْتُ لجبْرائیْل مَنْ ایْن یـجـیءُ ھـــذہ الا نُھـرْ والـی ایْـن تـذْھبُ قال جبْریلْ یذْھبُ الی الْـحـوُض الْکوْثرِ وَلَآ ادْرِیْ منْ ایْن یجیْءُ فاسْئلْ من اللّٰه تعالی انْ یُـعلّمکَ اوْیُرکَ فدعا رَبّہٗ فجآء ملکٌ'' وسلّم علی النبیّ صلّی اللّٰہُ عـلیْـہ وَ آلـہ وسـلّم وقال یا محمّدْ غمّضْ عیْنیْکَ فغمضْتُ عَیْـنـیْ ثُمّ قالَ افْتحْ عیْنیْکَ فاذا انا عِنْد شجرۃٍ وّرایْتُ فِیْہ قُبّۃً مّنْ دُرّۃ بیْـضـآءَ ولھـا بـاب'' مّـنْ یـاقُـوْتٍ اخْـضر وَقُفْلُھا مِن الذّھب الْاَحْـمـر ولوْ انّ جَمِیْع ما فِی الدّنْیا من الْجنّ والْانْسِ وُضِعُوْا علی تِـلْکَ الْقُبّۃ لکانُوْا مِثْلَ طآئِرٍ جالِسٍ علی الْجبَلِ وَکُوْزَۃً عَلَی الْقُبّۃِ فَـرَایْتُ ھٰذِہِ الْانْھرَ الْاَرْبَعَۃ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِ ھٰذِہ الْقُبّۃِ فَلَمّا اَرَدْتُ انْ اَرْجع قال لِی الْمَلکُ لِم لا تَدْخلْ فِیْ الْقُبّۃِ

اور تمام جنتیں میرے سامنے لائی گیں اور میں نے جنت میں چار نہریں دیکھیں ایک پانی کی ایک نہر دودھ کی اور ایک شراب طہور کی اور ایک شہد کی جیسے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ۔ اس میں جنت میں پانی کی نہریں ہیں کہ بدبودار و بدمزہ نہ ہوں گی اور دودھ کی نہریں ان کا ذائقہ کہ نہ بدلے گا اور شراب کی نہریں ہیں کہ پینے والوں کو لذیذ لگیں گی اور شہد مصفیٰ کی نہریں ہیں حضور فرماتے ہیں میں نے جبریل کو کہا یہ نہریں کہاں سے آتی ہیں اور کہاں جاتی ہیں جبریل نے کہا یہ حوض کوثر کو جاتی ہیں اور یہ میں نہیں جانتا کہ کہاں سے آتی ہیں پس آپ اللہ تعالیٰ سے پوچھیں کہ آپ کو بتادے یا آپ کو دکھا

دے تو آپ نے اپنے رب سے دعا کی پھر نبی کریم ﷺ کے پاس فرشتہ آیا اور عرض کی حضور آپ اپنی آنکھیں بند کریں اور میں نے آنکھیں بند کر لیں پھر کہا پس اب اپنی آنکھیں کھولو پس جبھی میں ایک درخت کے پاس تھا اور وہاں میں نے ایک قبہ دیکھا اور اس کا دروازہ سبز یاقوت کا تھا اور تالا اس کا سرخ سونے کا اور اگر دنیا کے تمام جن و انس اس قبہ پر رکھ دیے جائیں تو یوں لگیں جیسے پہاڑ پر پرندہ بیٹھا ہو یا قبہ پر کوزہ رکھا ہو تو پس میں نے ان چاروں نہروں کو دیکھا کہ اس قبہ کے نیچے سے جاری ہیں تو جب میں نے وہاں سے واپس ہونے کا قصد کیا تو فرشتے نے مجھے کہا آپ اس قبہ میں کیوں نہیں داخل ہوتے۔

قُلْتُ كَيْفَ اَدْخُلُ وَعَلٰى بَابِهَا قُفْل" قَالَ لِيْ افْتَحْ قُلْتُ كَيْفَ اَفْتَحُهٗ وَلاَ مِفْتَاحَ لَهٗ قَالَ مِفْتَاحُهٗ فِيْ يَدِكَ اِفْتَحْهُ قُلْتُ يَا مَلَكُ اَيْنَ مِفْتَاحُهٗ قَالَ مِفْتَاحُهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَلَمَّا دَنُوْتُ مِنَ الْقُفْلِ قُلْتُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ فَتَحَ الْقُفْلُ وَدَخَلْتُ فِيْ الْقُبَةِ فَرَاَيْتُ هٰذِهِ الْاَنْهَارَ الْاَرْبَعَةِ تَجْرِيْ اَرْبَعَةِ اَرْكَانَ الْقُبَّةِ فَلَمَّا اَرَدْتُ الْخُرُوْجَ عَنِ الْقُبَةِ قَالَ لِيْ الْمَلَكُ هَلْ نَظَرْتَ وَرَاَيْتَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ اَنْظُرْ ثَانِيًا اِلٰى اَرْكَنِهَا فَلَمَّا نَظَرْتُ رَاَيْتُ مَكْتُوْبًا عَلٰى اَرْبَعَةِ اَرْكَانِ الْقُبةِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَرَاَيْتُ نَهْرَ الْمَآءِ يَخْرُجُ مِنْ مِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ وَنَهْرُ اللَّبَنِ يَخْرُجُ مِنْ هَاءِ اللّٰهِ وَنَهْرُ الْخَمْرِ يَخْرُجُ مِنْ مِيْمِ الرَّحْمٰنِ وَنَهْرُ الْعَسَلِ يَخْرُجُ مِنْ مِيْمِ الرَّحِيْمِ فَعَلِمْتُ اَنَّ

**اَصْلَ هٰذِهِ الْاَ نْهارِ الْاَرْبَعَة من الْبَسْملة فقال اللّٰه تعالٰی یا مُحمّدُ مَنْ ذَکَرنِیْ بِهٰذِهِ الْاَسْمَاءِ مِنْ اُمَّتِکَ وَقالَ بِقَلْبٍ خَالِصٍ بِسْمِ اللّٰہ الرَّحمٰنِ الرَّحِیْمِ سَقَیْتُہٗ مِنْ ھٰذہِ الاَنْھارِ الْاَ رْبَۃِ یُسْقَوْنَ یَوْم السَّبْت مَآؤُ ھا وَیَوْمَ الْاَحدِ یَشْرِبُوْنَ**

میں نے کہا کیسے داخل ہوں حالانکہ اس کا دروازہ مقفل ہے اس نے مجھے کہا کہ اسے کھول دو میں نے کہا اسے کیسے کھولوں اس کی چابی نہیں اس نے کہا اس کی چابی تو آپ کے ہاتھ میں ہے میں نے کہا اے فرشتے اس کی چابی میرے ہاتھ میں کہاں ہے؟ اس نے عرض کی یارسول اللہ اس کی چابی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے پھر جب میں اس تالا سے قریب ہوا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو پڑھا تو تالا کھل گیا اور میں قبہ میں داخل ہوا تو ان چاروں نہروں کو دیکھا کہ وہ قبہ کے چاروں گوشوں سے جاری ہیں پھر جب میں نے قبہ سے نکلنے کا قصد کیا تو فرشتے نے مجھ سے کہا کیا آپ نے اپنی نظر کی اور دیکھا میں نے کہا ہاں اس نے کہا پھر دوبارہ اس کے گوشوں کو دیکھو پس جب میں نے نظر کی اور دیکھا کہ قبہ کی چاروں طرفوں بسم اللہ شریف لکھی ہے اور میں نے پانی کی نہر کو دیکھا وہ بسم اللہ کی میم سے نکلتی ہے اور دودھ کی نہر کو دیکھا کہ وہ اللہ کی ھاء سے نکلتی ہے اور شراب طہور کی نہر رحمٰن کی میم سے اور شہد کی نہر رحیم کی میم سے پس میں جان گیا کہ بلاشبہ ان چار نہروں کی اصل بسم اللہ ہے پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے محمد آپ کی امت میں سے جس نے مجھے ان ناموں سے یاد کیا اور خالص دل سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو پڑھا میں اسے ان چار نہروں سے پلاؤں گا اور شنبہ کو پانی پئیں گے اور ایک شنبہ کو شہد پئیں گے اور

دوشنبہ کو دودھ اور تین شنبہ کو شراب طہور

عَسَلَهَا وَيَوْمَ الْاِثْنَيْنِ يُسْقَوْنَ لَبَنَهَا وَيَوْمَ الثُّلَثَاءِ يَشْرَبُوْنَ خَمْرَهَا فَاِذَا شَرِبُوْهَا سَكِرُوْا وَاِذَا سَكِرُوْ اَطَارُوْا اَلْفَ عَامٍ حَتّٰى انْتَهَوْا اِلٰى جَبَلٍ عَظِيْمٍ مِنْ مِسْكٍ اَزْفَرَ فَيَخْرُجُ السَّلْسَبِيْلُ مِنْ تَحْتِهٖ فَيَشْرَبُوْنَ وَ ذٰلِكَ يَوْمَ الْاَرْبَعَاءِ ثُمَّ يَطِيْرُوْنَ اَلْفَ عَامٍ حَتّٰى انْتَهَوْ اِلٰى قَصْرٍ فَيَقِفُوْنَ وَفِيْهَا سُرُرٌ" مَرْفُوْعَةٌ" وَّاَكْوَابٌ" مَّوْضُوْعَةٌ" وَّ نَمَارِقُ مَصْفُوْرٍ مَصْفُوْفَةٌ" وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ" ط فَيَجْلِسُ كُلُّوَ احِدٍ مِّنْهُمْ عَلٰى سَرِيْرٍ فَيَنْزِلُ عَلَيْهِمْ شَرَابُ الزَّنْجَبِيْلِ فَيَشْرَبُوْنَ وَ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخَمِيْسِ ثُمَّ يُمْطِرُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِنْ غَيْمٍ اَبْيَضَ الَّذِيْ خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْ عَنْبَرٍ اَلْفَ عَامٍ حُلَلاً حَتّٰى اَلْفَ عَامٍ جَوَاهِراً فَتَعَلَّقَ بِكُلِّ جَوْهَرٍ حُوْرٌ" ثُمَّ يَطِيْرُوْنَ اَلْفَ عَامٍ حَتّٰى انْتَهَوْا اِلٰى مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ وَذٰلِكَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فَيَقْعُدُوْنَ عَلٰى مَآئِدَةِ الْخُلْدِ وَيَنْزِلُ عَلَيْهِمُ الرَّحِيْقُ الْمَخْتُوْمُ مِنْ مِسْكٍ فَيَشْرَبُوْنَهٗ وَقَالَ وَهُمُ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ وَيَجْتَنِبُوْنَ عَنِ الْمَعَاصِيْ قَالَ كَعْبٌ" سَاَلْتُ رَسُوْلَ

پس جب اسے پئیں گے تو مست ہو جائیں گے اور جب مست ہو جائیں گے تو ہزار سال اڑئیں گے حتی کہ خالص کستوری کے ایک بڑے پہاڑ کے پاس پہنچیں گے پس اس کے نیچے سے چشمہ سلسبیل نکلتا ہوگا تو وہ اس سے پئیں گے اور وہ چار شنبہ ہوگا، پھر

وہ ہزار برس اڑئیں گے یہاں تک ایک محل تک پہنچیں گے پس وہ یہاں ٹھہر جائیں گے اور اس میں بلند تخت ہوں گے اور کوزے رکھے ہونگے اور نمارق ایک دوسرے کے برابر اور نفیس فرش بچھے ہوئے پس ان کا ہر ایک تخت پر بیٹھے گا تو ان پر شراب زنجبیل اترے گی تو وہ پئیں گے اور وہ پانچ شنبہ کا دن ہوگا پھر اللہ تعالی ان پر سفید بادل سے بارش کرے گا وہ بادل جسے اللہ نے عنبر سے پیدا کیا ہزار سال حلے برسائے گا اور پھر ہزار سال جواہر اور ہر جوہر سے حور معلق ہوگی پھر وہ ہزار سال اڑیں گے یہاں تک نشست گاہ صدق بادشاہ قوی اللہ کی بارگاہ میں پہنچیں گے اور وہ جمعہ کا دن ہوگا پس وہ ہمیشہ کے دستر خوان پر بیٹھیں گے اور اترے گی ان پر کستوری کے ذنٹ سے مہر کی ہوئی شراب تو وہ اسے پئیں گے اور فرمایا یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے نیک عمل کئے اور برائی سے بچے اور حضرت کعب نے کہا میں نے رسول اللہ

اللّٰه صلّی اللّٰهُ علیهِ واٰلهٖ وسلّم عنْ اشْجارِ الْجنّة فقال لا ییْبسُ اغْصانُها ولا یتساقطُ اوْراقُها ولا یفْنیْ ثمارُها وانّ اکْبر اشْجار الْجنّة شجرة'' طُوْبی اقْلُها منْ درّة بیْضآء واعْلاها منْ ذهبٍ وّوسطُها منْ فضّةٍ وّاغْصانُها منْ زبرْجدٍ وّاوْراقُها من السُّنْدُوْس وعلیْها سبْعُوْن الْف غُصْنٍ وّاغْصانُها مُلْحقة'' بساق الْعرْش واذْنیْ اغْصانُها فی السّمآء ولیس فیْ الْجنّة غُرْفة'' ولا قُبّة'' ولا حُجْرة'' وفیْها غُصْن'' فیظلُّ علیْها وفیْها من الثّمار ما تشْتهیه الْانْفُسُ فنظیْرُها فیْ الدّنْیا شمْس'' اصْلُها فیْ السّمآءِ وقدْ یُضیْءُ ضوْءُ ها

marfat.com

فِیْ کُلِّ دَرَجَۃٍ وَّکُلِّ مَکَانٍ وَّقَالَ عَلِیٌّ اِنَّ اَشْجَارَ الْجَنَّۃِ تَکُوْنُ مِنَ الْفِضَّۃِ وَ اَوْرَاقُھَا بَعْضُھَا مِنْ فِضَّۃٍ وَّ بَعْضُھَا مِنْ ذَھَبٍ اِنْ کَانَ اَصْلُ الشَّجَرِ مِنْ ذَھَبٍ تَکُوْنُ اَغْصَانُھَا مِنْ فِضَّۃٍ وَاِنْ کَانَ اَصْلُھَا مِنْ فِضَّۃٍ تَکُوْنُ اَغْصَانُھَا مِنْ ذَھَبٍ وَ اَشْجَارُ الدُّنْیَا تَکُوْنُ اَصْلُھَا فِی الْاَرْضِ وَفُرُوْعُھَا فِی الْھَوَآءِ لِاَنَّھَا دَارُ التَّکْلِیْفِ وَ

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے جنت کے درختوں کے متعلق پوچھا تو فرمایا نہ ان کی ٹہنیاں خشک ہوں اور نہ ان کے پتے گریں اور نہ ان کا پھل ختم ہو اور بے شک جنت کے درختوں میں سب سے بڑا شجرہ طوبیٰ اس کی جڑیں سفید موتی کی اور اس کا بالائی حصہ سونے اور اس کا وسط چاندی سے اور شاخیں زبرجد سے اور پتے ان کے سندس سے اور اس پر ستر ہزار شاخیں ہیں اور اس کی شاخیں عرش کے کنارے پہنچی ہوئی ہیں۔ اور ادنیٰ شاخ اس کی آسمان تک ہے اور جنت میں نہ کوٹھری ہے نہ قبہ اور نہ حجرہ اور اس میں طوبیٰ درخت کی شاخ ہے جو اس میں سایہ کیئے ہوئے ہے اور اس میں میوے ہیں جو دل چاہیں اور طوبیٰ کی مثال دنیا میں آفتاب ہے کہ اس کی اصل آسمان میں ہے مگر روشنی اس کی ہر جگہ ہر مکان میں ہے اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جنت کے درخت چاندی سے ہیں اور پتے اس کے بعض چاندی سے اور بعض سونے سے اگر درخت طوبیٰ کی جڑیں سونا کی ہیں شاخیں اس کی چاندی سے ہیں اور اگر جڑیں اس کی چاندی سے ہیں تو شاخیں اس کی سونا کی ہیں اور دنیا کے درختوں کی جڑیں زمین میں ہوتی ہیں اور ٹہنیاں اس کی فضاء میں یہ اس لئے کہ دنیا تکلیف کی جگہ ہے اور

لیس کذلک اشجار الجنۃ فان اصلھا فی الھوآء واغصانھا فی الارض کما قال اللہ تعالی قطوفھا دانیۃ" ای ثمارھا قریبۃ" وتراب ارضھا مسک" وعنبر" وکافور" وانھارھا ماء" ولبن" وعسل" وخمر" واذا ھبت الریح فی الجنۃ وتضرب الاوراق بعضھا ببعض یسمع منہ صوت" ماسمع مثلہ فی الحسن والملئکۃ فی الجنۃ یبنون القصور ویغرسون الغرس لاھل الجنۃ اذا اشتغلوا بالتسبیح والاستغفار وذکر اللہ وقرآءۃ القرآن اشتغلنا بالبنیان وغیر ذلک ببرکۃ ذکر اللہ عزوجل فلما کفوا عن ذکر اللہ تعالی کففنا عن بنیانہ و فی الخبر ما من عبد یصوم شھر رمضان الا یزوجہ اللہ من حور العین فی خیمۃ من درۃ مجوفۃ بیضآء کما قال اللہ تعالی حور" مقصورات" فی الخیام لکل امراۃ منھن سبعون سریرا من یاقوت حمرآء علی کل سریر سبعون فراشا الف ولکل امرءۃ منھن الف وصیفۃ ومع کل وصیفۃ من ذھب ویعطی زوجھا

جنتی درخت اس طرح نہیں ہیں پس بے شک اس کی جڑیں فضا میں اور شاخیں اس کی زمین میں ہیں جس طرح کہ اللہ تعالی نے فرمایا کہ اس کے میوے قریب ہیں اور جنتی زمین کی مٹی کستوری وعنبر وکافور ہے اور نہریں اس کی پانی ودودھ وشہد اور شراب طہور کی ہیں اور جب جنت میں ہوا چلتی ہے تو بعض پتے اس کے بعض سے ٹکراتے ہیں جس

marfat,com

سے آواز پیدا ہوتی ہے کہ حسن میں اس سے کوئی آواز اچھی نہ سنی گئی اور ملائکہ جنت میں محلات بناتے ہیں اور درخت لگاتے ہیں جنتیوں کے لئے اور جب وہ تسبیح اور استغفار اور اللہ کے ذکر اور قرأت قرآن میں مشغول ہوتے ہیں تو ہم تعمیرات مکانات وغیرہ میں مشغول ہوتے ہیں اللہ عزوجل کے ذکر کی برکت ہے جب ملائکہ اللہ کے ذکر سے رک جاتے ہیں تو ہم تعمیرات سے رک جاتے ہیں **(ماہ رمضان کے روزہ کی فضیلت)** اور حدیث میں ہے کہ نہیں کوئی بندہ جو ماہ رمضان کے روزے رکھے مگر اللہ اس کا نکاح حورالعین سے کر دیتا ہے کشادہ سفید موتی کے خیمہ میں جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا حوریں خیموں میں بند ہیں اور ان میں ہر حور کے لئے ستر تخت ہیں سرخ یاقوت سے اور ہر تخت پر ستر بچھونے اور ان میں ہر حور کے لئے ہزار خدمت گار ہیں اور ہر خدمتگار کے پاس سونا ہے جو اس کے شوہر کو دیا جائے گا۔

**مِثْلُ ذٰلِکَ وَهٰذَ کُلُّهٗ لِمَنْ صَامَ رَمَضَانَ سِوٰی مَا عَمِلَ مِنَ الْحَسَنَاتِ بَاب" فِیْ ذِکْرِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فِی الْخَبْرِ اَنَّ وَرَآءِ الصِّرَاطِ صَحَارِیْ فِیْهَآ اَشْجَار" طِیْبَة" وَ تَحْتَ کُلِّ شَجَرَةٍ عَیْنَانِ مَآؤُهُمَا اِنْفَجَرَتْ مِنَ الْجَنَّةِ اِحْدَهُمَا عَنِ الْیَمِیْنِ وَالْاُخْرٰی عَنِ الشِّمَالِ وَالْمُؤْمِنُوْنَ یُجَوَّزُوْنَ مِنَ الصِّرَاطِ وَقَدْ قَامُوْا مِنَ الْقُبُوْرِ وَقَامُوْا فِی الْحِسَابِ وَ قِفُوْا فِیْ حَرِّ الشَّمْسِ فَیَجِیُوْنَ وَیَشْرَبُوْنَ مِنْ اِحْدٰی الْعَیْنَیْنِ فَاذَا اَبْلَغَ الْمَآءُ صُدُوْرَهُمْ یَزُوْلُ مِنْهُ کُلُّ مَا کَانَ فِیْهَا مِنْ غِلٍّ وَّخِیَانَةٍ وَّ حَسَدٍ وَّاذَ اَبْلَغَ الْمَآءُ فِیْ بُطُوْنِهِمْ یَزُوْلُ مِنْهُ کُلُّ مِنْهُ**

كُلُّ مَا كَانَ فِيْهَا مِنْ قَذْرٍ وَّدم وَّبوْلٍ فيظْهرُ ظَاهرُ هُمْ وباطنُهُمْ ثُمَّ
يَجِيْئُوْنَ اِلٰى حوْضٍ اٰخرَ فَيغْسلُوْن فيْه رؤُوْسهُمْ ونُفُوْسهُمْ فَيصيْرُ
وُجُوْهُهُمْ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ وتلين نُفُوْسُهُمْ كالْحريْرِ وتطيْبُ
اجْسَادُهُمْ كَالْمِسْكِ فَيَنْتَهُوْنَ الَى باب الْجَنَّه واذ راى الْمُؤْ
مِنُوْنَ لِلْجَنَّةِ حَلْقَةً مِنْ يَاقُوْتِهٖ حمْرآءٍ فيضْربُوْنها بِصَفْقَتِهِمْ فَيَسْمَعُ
مِنْهُ الطَّنِيْنُ فَبَلَغَ كُلَّ حُوْرٍ اِنَّ

اور یہ سب ہر اس کو عطا کیا جائے گا جو رمضان کے روزے رکھے سوائے اس کے جو باقی نیک عمل کے لئے باب نمبر۴۴ (اہل جنت کے بیان میں) حدیث میں ہے کہ پل صراط کے پیچھے صحرائیں ہیں جس میں اشجار کثیرہ پاکیزہ ہیں اور ہر درخت کے نیچے دو پانی کے چشمے ہیں۔ جو جنت سے جاری ہیں ایک جنت کے دائیں اور دوسرا اس کے بائیں جانب سے اور مومنین گزریں گے صراط سے اور تحقیق کھڑے ہوئے وہ قبروں سے اور کھڑے ہوئے وہ حساب میں اور رکے وہ سورج کی گرمی میں تو جب وہ آئیں گے اور پئیں گے وہ دو چشموں میں ایک سے پس جب پانی ان کے سینوں تک پہنچے گا زائل ہو جائے گا سب جو اس میں کھوٹ خیانت اور حسد تھا اور جب پانی ان کے پیٹوں میں پہنچے گا تو خارج ہو جائے گا سب جو اس میں قذر اور خون اور پیشاب تھا پس پاک ہو جائے گا ان کا ظاہر و باطن پھر دوسرے چشمے کے پاس آئیں گے تو اس میں اپنے سر اور بدن دھوئیں گے تو ان کے چہرے چودھویں رات کے چاند کی طرح روشن ہو جائیں گے اور بدن ان کے ریشم کی طرح اور ان کے اجساد کی خوشبو

کستوری کی مانند ہوگئی پھر جب وہ باب جنت کے پاس آئیں گے اور مومنین جب دیکھیں گے کہ جنت کے لئے سرخ یاقوت سے حلقہ ہے تو اسے وہ اپنی ہتھیلیوں سے ماریں گے پس اس حلقہ سے باریک آواز سنیں گے تو وہ آواز ہر حور کو پہنچے گی جس سے وہ جان لیگی کہ اس کا شوہر آیا ہے۔

زَوْجَهَا قَدْ اَقْبَلَ فَيَخْرُجُ الْحُوْرُ وَتُعَانِقُ زَوْجَهَا وَتَقُوْلُ لَهُ اَنْتَ حَبِيْبِيْ وَاَنَا رَاضِيَةٌ" عَنْكَ لَا اَسْخَطُ اَبَدًا وَّيَدْ خُلُوْنَ فِي الْجَنَّةِ بَيْتَهُمَا وَكَانَ فِي الْبَيْتِ سَبْعُوْنَ سَرِيْرًا وَّعَلٰى كُلِّ سَرِيْرٍ سَبْعُوْنَ فِرَاشًا وَّعَلٰى كُلِّ فِرَاشٍ سَبْعُوْنَ زَوْجَةً وَّعَلٰى كُلِّ زَوْجَةٍ سَبْعُوْنَ حُلَّةً يُرٰى مُخَّ سَاقَيْهَا مِنْ وَّرَآءِ الْحُلَلِ وَفِي الْخَبْرِ لَوْ اَنَّ شَعْرَةً مِّنْ شَعْرَاتِ نِسَآءِ اَهْلِ الْجَنَّةِ سَقَطَتْ اِلَى الْاَرْضِ لَاَضَاءَتْ اَهْلَ الْاَرْضِ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ الْجَنَّةُ بَيْضَآءُ يَتَلَالَؤُ لَا يَنَامُ اَهْلُهَا وَلَا شَمْسَ وَلَا قَمَرَ وَلَا يَوْمَ وَلَا لَيْلَةَ وَلَا نَوْمَ فِيْهَا لِاَنَّ النَّوْمَ اَخُ الْمَوْتِ وَوَرَآءُ الْجَنَّةِ سَبْعُ حَوَائِطَ مُحِيْطَةٌ" بِالْجِنَانِ كُلِّهَا فَالْاَوَّلُ مِنْ فِضَّةٍ وَّالثَّانِيْ مِنْ ذَهَبٍ وَّالثَّالِثُ مِنْ يَّاقُوْتٍ وَالرَّابِعُ مِنْ لُؤْلُؤٍ وَّالْخَامِسُ مِنْ دُرٍّ وَّالسَّادِسُ مِنْ زَبَرْجَدٍ وَّالسَّابِعُ مِنْ نُّوْرٍ يَتَلَالَؤُ وَمَا بَيْنَ كُلِّ حَائِطَيْنِ مَسِيْرَةُ خَمْسِمِائَةِ عَامٍ وَّاَمَّا اَهْلُ الْجَنَّةِ فَجُرْدٌ" مُرْدٌ" مُكَحَّلُوْنَ وَلِلرِّجَالِ شَوَارِبُ خَضْرَآءُ وَهُوَ اَمْلَحُ مَايَكُوْنُ عَلٰى

تو حور نکل کر اپنے شوہر سے بغلگیر ہوگئی اور اسے کہے گی کہ تو میرا محبوب ہے اور میں تجھ سے خوش ہوں اور کبھی غصہ نہیں کروں گی اور وہ جنت میں اپنے گھر داخل ہو جائیں گے جس گھر میں ستر تخت اور ہر تخت پر ستر بچھونے اور ہر بچھونے پر ستر بیبیاں اور ہر بی بی پر ستر لباس اور ان کی پنڈلی کی چمک لباسوں سے پار دکھائی دے گی اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ اگر جنتی عورتوں کے بالوں سے ایک بال زمین پر گر جائے تو تمام زمین روشن ہو جائے اور نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جنت سفید روشن ہے اور اہل جنت سوئیں گے نہیں اور نہ اس میں آفتاب و ماہتاب اور نہ رات و دن اور نہ اس میں نیند کیونکہ نیند موت کی بہن ہے اور جنت کے پیچھے سات دیواریں ہیں کہ سب جنتوں کا احاطہ کئے ہوئے ہیں پس پہلی دیوار چاندی سے ہے اور دوسری سونے سے اور تیسری یاقوت سے اور چوتھی مروارید سے اور پانچویں موتیوں سے اور چھٹی زبرجد سے اور ساتویں درخشاں نور سے اور ہر دو دیواروں کے درمیان پانچسو سال چلنے کی راہ ہے اور بر حال اہل جنت بے ریش سرمیلی آنکھوں والے اور مردوں کے لئے ابروئیں ہوگی سبز رنگ کی اور وہ کلیجی رنگ ہے جو کہ بے ریش کو ہوتی ہیں۔

الامرد وذلک لتمیز الرجال من النسآء وفی الخبر عن النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان اھل الجنۃ یکون علی کل واحد سبعون حلۃ ینقلب کل حلۃ فی کل ساعۃ سبعون لونا ویری وجھہ فی وجھھا وصدرھا وساقیھا وتری وجھھا فی وجھہ وصدرہ وساقیہ ولا یبزقون ولا یمخطون ولا یکون لھم شعر الا

بُطِ وَالْعَانَةِ اِلَّا الْحَاجَبَيْنِ وَشَعْرُ الرَّاسِ وَالْعَيْنِ ثُمَّ يَزْدَا دُوْنَ كُلَّ يَوْمٍ جَمَالاً وَّحُسْناً كَمَايَزْدَادُوْنَ كُلُّ يَوْمٍ هُوَ مَا فِيْ الدُّنْيَا وَيُعْطِى لِلرَّجُلِ قُوَّةُ مِائَةِ رَجُلٍ فِىْ الْاَ كْلِ وَالشُّرْبِ وَالْجَمَاعِ وَيُجَامِعُوْنَ كَمَا يُجَامِعُ اَهْلُ الدُّنْيَا مِنَ الرَّجُلِ وَالْمَرْاَةِ الْحُقْباً وَّالْحُقْبُ ثَمَانُوْنَ سَنَةً وَّلَا نَمْلَ وَلَا قَمَّلَةَ عَلٰى ذٰلِکَ الْفِرَاشِ فَاِذَا جَامَعَ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ وَّجَدَهَا عَذْرَآءَ وَقَالَ اِبْنُ عَبَّاسٍؓ مَا سُمِعَ مِثْلُهَا فِىْ الْحُسْنِ وَ عَنْ عَلِيٍّؓ اَنَّهُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ فِىْ الْجَنَّةِ شَجَرَةً تَخْرُجُ اَعْلاَهَا الْحُلَلُ وَ مِنْ اَسْفَلِهَا الْخَيْلُ ذَوَاتُ اَجْنِحَةٍ

اور یہ سبزابرو عورتوں سے مردوں کے امتیاز کے لئے ہیں اور نبی کریم ﷺ سے حدیث مبارکہ میں آیا ہے کہ بلاشبہ اہل جنت میں ہر ایک پر ستر لباس ہونگے اور ہر لباس ہر گھڑی رنگ بدلے گا اور شوہر اپنا چہرہ اس کے چہرہ اور سینے اور پنڈلیوں میں دیکھے گا اور زوجہ اپنا چہرہ شوہر کے چہرے اور سینے اور پنڈلیوں میں دیکھے گی اور نہ جنتیوں کو آب دھن آئے اور نہ آب ناک اور نہ ان کی بغلوں کے بال اور نہ زیر ناف بال سوائے ابرو اور سر کے اور آنکھوں کے بالوں کے پھر ہر دن ان کا حسن و جمال بڑھتا رہے گا جس طرح کہ زیادہ ہوتے ہیں ہر دن دنیا میں اور ہر جنتی کو دنیا کے سو مردوں کے برابر قوت دی جائے گی کھانے پینے اور جماع کرنے میں اور جنتی بیویوں سے جماع کریں گے جیسے کہ اہل دنیا عورتوں سے جماع کرتے ہیں ایک حقب اور حقب ایک سال کا ہوگا اور اس بستر پر نہ چونٹی اور نہ جوں ہوگی جب ہر دن اس سے جماع کرے گا اسے

کنواری پائے گا اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا کہ حور کی مثل حسن کبھی نہیں سنا گیا اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک جنت میں ایک درخت ہے جس کے بالائی حصہ میں حلہ جات اور زیرین حصہ سے پروں والے گھوڑے اور ان کی زینیں مرصع ہیں موتیوں اور یاقوت سے

سُرُجها مُرصَعة" مُكَلَّلة" بالدر والياقوت ولا تروث ولا تبول فيركب عليها اولياءُ اللّه فتطيربهم في الجنة فيقول الذين اسفل منهم يارب بما بلغ عبادك هؤلاءِ بهذه الكرامة يقول لهم انكم كنتم تنامون وهم يصلون و كانوا يصومون وانتم تفطرون وانهم كانوا ينفقون اموالهم وانتم تمسكون و تبخلون وكانوا يجاهدون وانتم تجبنون و عن ابي هريرةؓ انه قال انّ في الجنة شجرة لو يسير الراكب في ظلها مائة عام ما يقطعها قال اللّه تعالىٰ وظلٍ ممدودٍ ونظيره في الدنيا الوقت الذي قبل طلوع الشمس وبعد غروبها الى ان يدخل سواد الّيل قال اللّه تعالىٰ الم تر الى ربك كيف مدّ الظلّ يعني قبل طلوع الشمش وبعد غروبها وروى عن النبي صلى اللّه عليه وآله وسلم قال آلا انبئكم ساعة هي اشبه بساعات الجنة وهي الساعة التي قبل طلوع الشمس وبعد غروب ظلها دائم"

تو نہ وہ گھوڑے لید کریں گے اور نہ پیشاب پس ان پر اولیاء اللہ سوار ہونگے تو وہ انہیں

لیکر جنت میں اڑیں گے پس کہیں گے وہ جوان سے نیچے ہونگے اے پروردگار کس سبب سے تیرے ان بندوں نے یہ کرامت پائی اللہ فرمائے گا تحقیق تم سوتے تھے اور وہ نماز پڑھتے تھے اور روزہ رکھتے تھے اور تم کھاتے تھے اور پیتے تھے اور بے شک وہ اپنے مال خرچ کرتے تھے اور تم روکے رکھتے اور بخل کرتے تھے اور وہ جہاد کرتے تھے اور تم بزدلی کرتے تھے اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے کہ فرمایا جنت میں درخت ہے کہ اگر سوار اس کے سایہ میں سو سال بھی سیر کرتا ہے پھر بھی اس کا سایہ عبور نہ کر پائے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا سایہ پھیلا ہوا ہے اور اس کی مثال دنیا میں وہ وقت جو طلوع آفتاب سے پہلے رات کی سیاہی آنے تک اللہ تعالیٰ نے فرمایا کیا آپ نے نہ دیکھا کہ تیرے رب نے سایہ کس طرح پھیلا دیا یعنی طلوع آفتاب سے پہلے اور اس کے غروب کے بعد۔ اور نبی ﷺ سے مروی ہے کہ کیا میں تمہیں وہ وقت نہ بتاؤں جو جنت کے وقتوں کے مشابہ ہے اور وہ وقت طلوع آفتاب سے پہلے کا اور اس کے غروب سے بعد کا کہ اس وقت میں سایہ مسلسل ہوتا ہے۔

وَرَاحَتُهَا بَاسِطَةٌ'' وَبَرَكَتُهَا كَثِيرَةٌ''وَّرُوِیَ اَيْضاً اَنَّ فِی الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ'' ثَمَرُهَا اَلْيَنُ مِنَ الزَّبَدِ وَاَحْلٰی مِنَ الْعَسَلِ وَاَطْيَبُ مِنَ الْمِسْكِ وَلَا يَأْكُلُهَا اِلَّا لْمُصَلُّوْنَ بَاب'' فِیْ ذِكْرِ حُوْرِ الْعِيْنِ فِی الْخَبَرِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ خَلَقَ اللّٰهُ وَجْهَ الْحُوْرِ مِنْ اَرْبَعَةِ اَلْوَانٍ اَبْيَضَ وَاَخْضَرَ وَاَصْفَرَ وَاَحْمَرَ وَ خَلَقَ بَدَنَهَا مِنَ الزَّعْفَرَانِ وَالْمِسْكِ وَالْعَنْبَرِ وَالْكَافُوْرِ وَخَلَقَ شُعُوْرَ هُنَّ مِنَ

الْقَرَ نُفَلِ وَمِنْ اَصَابِعِ رِجْلِهَا اِلٰى رُكْبَتِهَا مِنَ الزَّعْفَرَانِ الْاَطْيَبِ وَمِنَ رُكْبَتِهَا اِلٰى ثَدْيَيْهَا مِنَ الْمِسْكِ وَمِنْ ثَدْيَيْهَا الْعَنبرِ وَمِنْ عُنُقِهَا اِلٰى رَأْسِهَا مِنَ الْكَافُوْرِ وَلَوْ بزقت بَزْقَةً فِى الدُّنْيَا لصارتْ كُلُّهَا مِسْكاً مَكْتُوْبٌ عَلٰى صَدْرِهَا اسْمُ زَوْجِهَا وَاسْمُ اللّٰهِ تَعَالٰى وَمَا بَيْنَ مَنْكِبَيْهَا فَرْسَخٌ وَّ فِىْ كُلِّ يَدٍ مِّنْ يَدَيْهَا عَشْرَةُ اَسْوِرَةٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّفِىْ اَصَابِعِهَا عَشْرَةٌ خَوَاتِيْمَ وَفِىْ رِجْلَيْهَا عَشْرُ خَلْخَالٍ مِّنَ الْجَوَاهِرِ وَاللُّؤْلُؤِ لُؤْوَرُوِىَ

اور راحت اس کی فراخ ہے اور برکت اس کی بہت ہے اور اسی طرح مروی ہے کہ بے شک جنت میں درخت ہے کہ پھل اس کا مکھن سے نرم تر شہد سے میٹھا اور کستوری سے بڑھ کر خوشبودار اور اسے نمازیوں کے سوا کوئی نہ کھائے گا باب نمبر ۴۵ حور العین کے بیان میں۔ حدیث شریف میں نبی کریم ﷺ سے منقول ہے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے حور کا چہرہ چار رنگوں میں بنایا سفید سبز زرد اور سرخ اور اس کا جسم زعفران کستوری عنبر اور کافور سے پیدا کیا اور ان کے بال قرنفل سے اور ان کے پاؤں کی انگلیوں سے گھٹنوں تک خوشبودار زعفران سے اور ان کے گھٹنوں سے پستانوں تک کستوری سے اور پستانوں سے گردنوں تک عنبر سے اور گردنوں سے ان کے سروں تک کافور سے پیدا کیا اور حور دنیا میں لعاب دھن پھینک دے تو سب دنیا خوشبو سے معطر ہو جائے اور اس کے سینہ پر اس کے شوہر کا نام اور اللہ کے ناموں سے ایک نام لکھا ہوا ہے اور اس کے دونوں ہاتھوں میں سے ہر ہاتھ میں دس سونے کے کنگن ہونگے اور ان کی انگلیوں

میں دس انگوٹھیاں اور اس کے پاؤں میں دس پازیباں جواہرات اور موتیوں سے ہونگی

اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ۔

عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ حُوْرًا يُقَالُ لَهَا لُعْبَة" خَلَقَهَا اللّٰهُ تَعَالٰى مِنْ اَرْبَعَةِ اَشْيَآءَ مِنَ الْمِسْكِ وَالْكَافُوْرِ وَالْعَنْبَرِ وَالزَّاعْفَرَانِ وَعُجِنَتْ طِيْنُهَا بِمَاءِ الْحَيْوَانِ وَ جَمِيْعَ الْحُوْرَآءِ لَهَا عُشَّاق" وَّلَوْبَزَقَتْ فِي الْبَحْرِ بَزْقَةً لَعَذَبَ مَآءُ الْبَحْرِ مِنْ رِيْقِهَا مَكْتُوْب" عَلٰى صَدْرِهَا مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهُ مِثْلِي فَلْيَعْمَلْ بِطَاعَةِ رَبِّيْ وَرُوِيَ عَنْ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى لَمَّا خَلَقَ جَنَّاتِ عَدْنٍ دَعَا جِبْرَآئِيْلَ وَقَالَ لَهُ انْطَلِقْ وَانْظُرْ اِلٰى مَا ذَا خَلَقْتُ لِعِبَادِيْ وَاَوْلِيَادِيْ فَذَهَبَ جِبْرَآئِيْلُ وَطَافَ فِيْ ذٰلِكَ الْجِنَانِ فَاشْرَفَتْ اِلَيْهِ جَارِيَة" مِّنْ حُوْرِ الْعِيْنِ مِنْ بَعْضِ تِلْكَ الْقُصُوْرِ وَتَبَسَّمَتْ اِلٰى جِبْرِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَصَارَتْ جَنَّاتُ عَدْنٍ مِّنْ ضَوْءِ ثَنَايَاهَا مُنَوَّرَةً فَخَرَّ جِبْرَآئِيْلُ سَاجِدً رَبَّهُ وَظَنَّ اَنَّهُ مِنْ نُّوْرِ رَبِّ الْعِزَّةِ فَنَادَتِ الْجَارِيَةُ يَا اَمِيْنَ اللّٰهِ اِرْفَعْ رَاْسَكَ فَرَفَعَ رَاْسَهُ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک جنت میں حور ہے۔ اسے لعبہ کہا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اسے چار چیزوں سے پیدا کیا ہے کستوری وکافور وعنبر اور زعفران سے اور اس کی مٹی آبحیات سے خمیرہ کی گئی ہے اور تمام حوریں اس کی عشاق ہیں اور اگر وہ سمندر

میں تھوک ڈال دے تو اس کی تھوک سے سمندر کا سب پانی میٹھا ہو جائے اس کے سینہ پر لکھا ہے کہ جو چاہتا ہے کہ اس کے پاس میری مثل ہو پس اسے چاہیے کہ اپنے رب کی فرمانبرداری کرے اور ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تحقیق اللہ تعالیٰ نے جب جنت عدن کو پیدا کیا تو جبریل کو بلایا اور اسے فرمایا کہ جاؤ اور دیکھو جو میں نے نیک بندوں اور اپنے ولیوں کے لئے پیدا کیا پس جبریل گئے اور اس جنت میں گھومے تو جنتی محلات سے حور العین میں سے ایک نے سر اٹھا کر مسکراتے ہوئے جبریل علیہ السلام کی طرف دیکھا تو سب جنت عدن اس کے دانتوں کی روشنی سے روشن ہو گئی پس جبریل علیہ السلام اپنے رب کی بارگاہ میں سجدہ ریز ہو گئے اور گمان کیا کہ یہ نور رب العزت کے نور سے ہے تب حور نے آواز دی کہ اے اللہ کے امین اپنا سر اٹھا پھر جبریل نے اپنا سر اٹھایا۔

ونظر اِلَيهَا وَقَالَ سُبْحَانَ الَّذِىْ خلقَ فَنادَتِ الْجَارِيَةُ يَآ اَمِيْنَ اللّٰهِ اتـدْرِى لِمَنْ خُلِقْتُ قَالَ لَا فقالتِ الْجَارِيَةُ اِنَّ اللّٰهُ خَلَقَنِي لِمَنْ اَثرَ رضآءَ اللّٰه تعَالى علٰى هوَا نفسه وَعَل هذاَ جَاءَ فِىْ الْخَبرِ عَنِ النَّبِىِّ صلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَآلِهِ وَسَلَّم انَّهُ قَالَ رَايْتُ فِىْ الْجَنَّةِ مَلٰئِكَةً يَّبْنُوْنَ قصرا لبنةً مِّنْ ذَهَبٍ وَّلَبِنَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّيَبْنُوْنَ كَذٰلِكَ فَاِذَا كَفُّوْا عَنِ لبنآءِ فقُلْتُ لَهُمْ لِم كَففْتُمْ عَنِ الْبنآءِ قَالُوْا قَدْ تَمَّتْ نَفَقَتُنَا قُلْتُ مَا نفقتكُمْ قَالُوْا اَنَّ صَاحِبَ الْقصرِ يذْكُرُ اللّٰهَ تَعَالٰى فَلَمَّا كَفَّ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ كففنا عَنْ بنائِهٖ قال ابْنُ عبَّاسٍ فاِذا اكل وَلِىُّ اللّٰهِ مِنْ فَواكه الْجنَّة ما شَآءَ يشْتَاقُ الى الطَّعام فيَامُرُ اللّٰهُ تعالٰى انْ يُّقدِّمُوْا صَحْفة اليه الطَّعام فيَاتُوْن بِسبْعِيْن الْف وصِيْفِ الْف مائدةٍ مِّنْ دُرٍّ

يَا قُوْتٍ وَّعَلٰى كُلِّ مَآئِدَةٍ اَلْفُ صَحِفَةٍ مِّنْ ذَهَبٍ كَمَا قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ وَّاَكْوَابٍ وَّفِيْهَا مَا

اور اس کی طرف دیکھا اور کہا پاک ہے اس ذات کو جس نے تجھے پیدا کیا تو حور نے کہا اے اللہ کے امین کیا آپ جانتے ہیں کہ میں کس کے لئے پیدا کی گئی جبرائیل علیہ اسلام نے کہا نہیں پس حور بولی بے شک اللہ نے مجھے اس شخص کے لئے پیدا کیا جس نے اپنی نفسانی خواہشوں پر اللہ تعالیٰ کی رضا کو اختیار کیا اور اسی بناء پر نبی ﷺ سے حدیث مبارکہ میں آیا ہے کہ فرمایا میں نے جنت میں ملائکہ کو محلات بناتے دیکھا کہ سونے کی اینٹ کے ساتھ چاندی کی اینٹ لگاتے ہیں اور ایسے ہی وہ بناتے رہے پس اچانک تعمیر سے رک گئے تو میں نے انہیں کہا تم تعمیر سے کیوں رکے وہ بولے ہمارا خرچہ ختم ہو گیا ہے میں نے ان سے پوچھا تمہارا کیا خرچہ ہے وہ بولے بے شک صاحب محل اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا رہا تھا جب وہ اللہ کے ذکر سے رکا تو ہم اس کی تعمیر سے رک گئے۔ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ جب اللہ کا ولی اپنی تمنا بھر جنتی میوے کھائے گا اور پھر طعام کا مشتاق ہو گا تو اللہ تعالیٰ حکم دے گا کہ اس کے سامنے کھانا پیش کرو تو اس کے پاس ستر ہزار خدمتگار آئیں گے اور ہر خدمت گار کے پاس ستر ہزار دستر خوان ہونگے۔ موتی اور یاقوت سے اور ہر دستر خوان پر ایک ہزار سونے کے بڑے پیالے ہونگے جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان پر سونے کے پیالوں اور جاموں کا دور چلے گا اور اس میں ملیگا جو تمہارا جی چاہے اور آنکھیں لذت پائیں۔

تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ وَاَنْتُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ وَفِيْ كُلِّ صُحْفَةٍ سَبْعُوْنَ اَلْفَ اَلْفَ لَوْنٍ مِّنَ الطَّعَامِ لَمْ تَنَلْهُ النَّارُ وَلَمْ يَطْبِخْهُ الطَّبَّاخُ وَلَمْ يَغْلِ فِيْ قِدْرِ نُحَاسٍ وَّلَا غَيْرِهٖ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ بِلَا تَعَبٍ فَيَاْكُلُ وَلِيُّ اللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ تِلْكَ الصِّحَافِ مَا يَشَآءُ وَزَوْجَتُهٗ مَعَهٗ فَاِذَا شَبِعَا تَنْزِلُ طُيُوْرٌ مِّنْ طُيُوْرِ جَنَّةٍ عِظَمُهَا

كعظم البُخت فتقفُوْنَ بِاَجْنِحَتِهِمْ عَلى رَاْسِ وَلِيِّ اللهِ تَعَالى وَتقُوْلُ كُلْ لَحْمِي طَرِيًّا يَا وَلِيُّ اللهِ اَنَا طَائِر'' كَذَاوَكَذَا وَشَرِبْتُ مِنْ مَاءِ السَّلْسَبِيْلِ وَالْكَافُوْرِ كَذَا وَكَذَا وَارْتَعْتُ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَاَكَلْتُ مِنْهَا فَيَشْتَاقُ وَلِيُّ اللهِ اِلى تِلْكَ الطُّيُوْرِ فَيَأْمُرُ اللهُ تَعَالى لَهَا اَنْ يَّقَعَ عَلَى الْمَآئِدَةِ مِنْ اَيِّ لَوْنٍ شَآءَ فَيَكُوْنُ مَشْوِيَّةً فَيَاكُلُ وَلِيُّ اللهِ مَا شَآءَ مِنْ لُحُوْمِهَا ثُمَّ يَرْجِعُ الطَّاهِرُ بِاذْنِ اللهِ تَعَالى وَلَا يَنْفَدُ طَعَامُ الْجَنَّةِ وَاِنْ اَكَلَ مِنْهَا لَا يَنْقُصُ شَيْءٌ'' وَنَظِيْرُهُ فِي الدُّنْيَا الْقُرْآنَ يَتَعَلَّمُهُ النَّاسُ وَ

اورتم اس میں ہمیشہ رہو گے اور پیالہ میں ستر ہزار ہزار رنگ کا کھانا ہوگا جیسے نہ آگ نے چھوا اور نہ باورچی نے پکایا اور نہ تانبے وغیرہ کی دیگ میں جوش دلایا لیکن اللہ تعالیٰ نے اسے فرمایا ہو جا تو وہ بلا مشقت ہو گیا۔ پس اللہ کا ولی ان پیالوں سے جو چاہے کھائے گا اور اس کی زوجہ بھی اس کے ساتھ تو جب دونوں سیر ہو جائینگے پرندے اتریں گے جنتی پرندوں سے ان کا عظم اونٹ کے عظم کے برابر ہوگا پس وہ اپنے پروں کے ساتھ ولی اللہ کے سر پر ٹھہر جائیں گے اور ہر پرندہ کہے گا اے اللہ کے ولی میرا تازہ گوشت کھا کہ میں ایسا ایسا پرندہ ہوں اور میں نے سلسبیل کے چشمہ اور کافور سے پانی پیا ہے اور میں جنت کے باغوں سے اور اس سے کھایا ہے پس اللہ کا ولی کھانے کا مشتاق ہوگا تو اللہ تعالیٰ اسے حکم دیگا کہ واقع ہو ان کے دستر خوان پر کہ جس قسم و رنگ میں وہ چاہتا ہے پس وہ ہو جائے گا بھنا ہوا تو اللہ کا ولی جس قدر چاہے گا اس کا گوشت کھائے گا پھر اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ پرندہ لوٹ جائے گا اور جنتی کھانا ختم نہ ہوگا اگر چہ اس میں سے کوئی جتنا چاہے کھائے اس سے کچھ کم نہ ہوگا اور اس کی مثال دنیا میں قرآن ہے کہ لوگ اسے سیکھتے اور دوسروں کو سکھاتے ہیں۔

يُعَلِّمُوْنَ الْغَيْرِ وَهُوَ عَلى حَالِهِ لَا يَنْقُصُ مِنْهُ شَيْءٌ'' وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم اِنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ يَاْ كُلُوْنَ وَيَشْرَبُوْنَ وَيَتَفَكَّهُوْنَ لَذَّةً ثُمَّ يَصِيْرُ طَعَامُهُمْ وَشَرَابُهُمْ رِيْحًا كَرِيْحِ الْمِسْكِ وَالْكَافُوْرِ وَنَظِيْرُه" فِيْ الدُّنْيَا اَلْوَلَدُ فِيْ بَطْنِ الْاُمِّ لَايَبُوْلُ وَلَا يَتَغَوَّطُ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا بِحُرْمَةِ النَّبِيِّ وَاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْن.

اور وہ اپنے حال پر ہے کہ اس سے کچھ کم نہیں ہوتا۔ اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بے شک اہل جنت کھائیں اور پئیں گے اور برائے لذت میوے کھائیں گے پھر ان کا کھانا پینا خوشبو ہو جائے گا کستوری کی خوشبو کے مانند اور اس کی مثال دنیا میں ماں پیٹ میں بچہ ہے کہ وہ پیشاب کرے اور نہ پاخانہ اے خدا ہمیں بھی بطفیل نبی کریم ﷺ اور آپ کی آل پاک کے صدقے عطا فرما آمین والحمد للہ رب العالمین

بفضلہ تعالی کتاب مستطاب دقائق الاخبار للامام ابوالحامد محمد بن محمد غزالی رحمتہ اللہ علیہ کا اردو ترجمہ قُرَّةُ الْاَبْصَار اختتام کو پہنچا۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْم

بِحُرْمَةِ رَسُوْلِكَ الْكَرِيْمِ الْاَمِيْنِ.

تاریخ اختتام ۱۶، ذوالحجہ ۱۴۳۲ھ مطابق یکم مارچ ۲۰۰۲ء بروز جمعۃ المبارک

فقیر محمد محبت علی قادری

# ترغیب الاذکار

المعروف بہ

# فضائلِ ذکر


تصنیف

عبدِ مصطفےٰ غلام رضا محمد محبت علی قادری

از تلامذہ سید السادات سند العلماء پیر طریقت رہبر شریعت

سید اعجاز علی شاہ گیلانی

زیبِ سجادہ آستانہ عالیہ حجرہ شاہ مقیم ضلع اوکاڑہ




ناشر:

مکتبہ قادریہ سکندریہ

حزب الاحناف گنج بخش روڈ۔ لاہور

# مصنف کی دیگر تصانیف




## الکوکبۃ الشہابیۃ

غیر مقلد وہابیہ کے رد میں ایک مسکت تحریر

## الدلائل القاطعۃ

غیر مقلدوں کی طرف سے اہل سنت پر اعتراضات کا علمی و تحقیقی محاسبہ

## الریحانین

امام کے پیچھے قرأت اور رفع یدین کی مخالفت کا ثبوت

ملنے کا پتہ مکتبہ قادریہ سکندریہ

حزب الاحناف گنج بخش روڈ لاہور